Mr. Speaker : Now we pass on to the next item on the Orders of the Day, item No. 6; Resumption of discussion on the motion moved by the Minister of Revenue that the West Pakistan Land Revenue Bill, 1965, as reported by the Select Committee, be taken into consideration.

Mr. Mahmood Azam Farooqi was in possession of the House. He is not present in the House. Any other member who wants to speak? (No one rose to speak) I would put the motion to the vote of the House. The question is—

That the West Pakistan Land Revenue Bill, 1965, as reported by the Select Committee, be taken into consideration.

The motion was carried.

Mr. Speaker: Now we will take up the bill clause by clause.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, the Agenda placed on the Tables of the Members is not complete. There is no set of amendments which have been moved on the Revenue Bill.

Mr. Speaker: All the amendments have already been circulated.

Malik Muhammad Akhtar: But they should be on the desk as well.

Mr. Speaker: They will be supplied to the Member.

Minister of Law: I will not raise objection to any amendments even, if moved today.

Malik Muhammad Akhtar: Let the agenda be with us and then we can discuss.

Mr. Speaker: Now, we come to clause 2 of the Bill and there is a notice of amendment from Malik Muhammad Akhtar. As the amendments are to be provided to the movers of the amendments, I think, we should adjourn the House at 10.30 a.m.for 20 minutes for tea break.

Minister of Revenue: Sir, we should meet again at 11.00 because we have to break for tea and also have to come to your Chamber for discussion.

Malik Muhammad Akhtar: We refuse to discuss anything with these gentlemen in the Chamber.

Mr. Speaker: The House is adjourned till 11·00 a.m.

The Assembly then adjourned till 11-00 *a.m.*

The Assembly met at 11-00 *a.m. Mr. Senior Deputy Speaker (Syed Yusuf Ali Shah) in the Chair.*

Mr. Senior Deputy Speaker: Order, please.

Mr. Mahmood Azam Farooqi: The House is not in quorum Sir.

Mr. Senior Deputy Speaker: The House is not in quorum, let the bells be rung. (*bells were rung for five minutes*). Five minutes are already over let the names of the members present be recorded. (*Names of the Members present were recorded*)*. There are 38 members present in the House now. The House is adjourned for fifteen minutes.

The Assembly then adjourned for fifteen minutes.

The Assembly met at 11-23 *a.m. Mr. Senior Deputy Speaker in the Chair.*

Mr. Senior Deputy Speaker: Let there be a count. (*Count was taken*) The House is in quorum. We will take up Clause 2 of the Bill.

CLAUSE 2

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I move that Clause 2 of the Bill....

*Please see Appedix III at the end.

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ کہ محمد اختر صاحب کی تقریر کے لئے آپ وقت مقرر کر دیں ۔ کیونکہ مجھے یہ اندیشہ ہے ۔ کہ ان کی تقریر شروع ہونے کے بعد پھر کورم ٹوٹ جائیگا ۔

مسٹر سپیشیکر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اس مسئلے پر بحث کرکے آپ اپنا فیصلہ دیں ۔ کہ آیا اس قانون میں کوئی کلاز ایسی ہے ۔ جس کے متعلق بحث کرنے کے لئے وقت کا تعین کیا جا سکتا ہے تا کہ اس کے بعد ہی میں اپنی بحث کا آغاز کر سکوں ۔ کیونکہ میری نظر میں اس قانون کی کوئی دفعہ اور کوئی کلاز ایسی نہیں ہے کہ جس پر سیر حاصل بحث نہ کی جا سکتی ہو ۔ کیونکہ کسی بل پر عام بحث کرتے وقت ہی وقت کا تعین کیا جا سکتا ہے تو اس لئے میرا خیال یہ ہے کہ اس بارے میں آپ کی طرف سے practice میں coincide اور clear cut رولنگ آ جائے اس کے بعد ہم اس کے مطابق آپ کے حکم کی تابعداری کریں گے ۔

Mr. Ahmed Mian Soomro: May I respectfully submit a few words. I submit Sir, that apart from the Rules of Procedure under Rule 53, a speech during the debate shall not exceed 15 minutes duration. That is the maximum prescribed under the rule .....

Malik Muhammad Akhtar: Sad; Sad Sir.

Mr. Ahmed Mian Soomro: I would appeal to Malik Muhammad Akhtar that this Bill has been brought by Government on the persistent demand of the people of Sind. To him and to the rest of the members of the Opposition I would also appeal Sir, to please not unnecessarily try to delay the passage of this bill because we know that the time at the disposal of this House is very limited and on behalf of the people of Sind, I would appeal to them to please co-ordinate with the Government and see that this Bill is passed in the interest of those lacs of agriculturists who have been suffering since so long and clammering for this Bill Sir.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں میرو صاحب کی تقریر کے بعض الفاظ پر شدید اعتراض اور احتجاج کرتا ہوں ۔ کیونکہ انہوں نے فرمایا ہے ۔ کہ حزب اختلاف غیر ضروری باتوں کا بہانہ لے کر بل کی منظوری میں تاخیر کرتی ہے ۔ یہ ان کی طرف سے ہم پر ایک aspersion ہے ۔ کہ گویا ہم کسی دوسرے موقع پر اس قسم کی تاخیر کراتے رہے ہیں ۔ حالانکہ ہمارے پاس قانون سازی کی جو دستاویزات آتی ہیں ۔ تو ہمارا

یہ فرض ہوتا ہے کہ ہم اس پر سیر حاصل بحث کر سکیں ۔ میں چونکہ کراچی کا رہنے والا ہوں ۔ اس لحاظ سے میں بھی سندھی ہی ہوں ۔ اور مجھے بھی سندھ کے مفادات عزیز ہیں ۔ اور مجھے سندھ کے زمینداروں اور ہاریوں کے مفادات اتنے ہی عزیز ہیں ۔ جتنے کہ ہونے چاہیئں ۔ اور اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ اس بل میں جس قدر خامیاں ہیں ان کو رفع کیا جا سکے ۔ اور اسی لئے ہم چاہتے ہیں ۔ کہ اس بل پر پوری طرح گفتگو کی جائے ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں ۔ کہ آپ سومرو صاحب سے کہیں کہ وہ اپنے یہ الفاظ واپس لیں ۔ کہ حزب اختلاف غیر ضروری تاخیر کرتی ہے ۔

Mr. Ahmed Mian Soomro : I said I appeal to them not to unnecessarily delay it.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : You have said that we are unnecessarily delaying it.

مسٹر سپینکر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔ انہوں نے وضاحت کر دی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ ان کو کسی ممبر کے بات کرنے سے پہلے کیسے پتہ چل سکتا ہے کہ وہ غیر ضروری تاخیر کرنا چاہتے ہیں ۔ جب تک کہ ان کو اس کا تجربہ پہلے سے نہ ہو ۔ (قطع کلامیاں) ۔

وزیر قانون ۔ ہم اس پوائنٹ پر حاجی صاحب کو بھی سننا چاہتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے کہا ہے ۔ کہ سندھیوں کا مفاد اس بل کی منظوری میں ہے ۔ میں ان سے کہتا ہوں ۔ کہ آپ سارے کے سارے سندھ کی نمائندگی تو نہیں کر رہے ہیں ۔ یہاں پر تو ساری قوم کے مفاد کو مد نظر رکھنا چاہیئے ۔ یہ ٹھیک ہے کہ .....

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ بڑے افسوس کی بات ہے ۔ کہ حمزہ صاحب جو کہ ایک بہت پرانے اور تجربہ کار رکن ہیں ۔ وہ اس طرح سے ڈائریکٹ بات سومرو صاحب سے کر

رہے ہیں - ان کو چاہیئے کہ وہ سپیکر صاحب کی وساطت سے ان سے بات کریں - آپ انہیں بتائیں کہ وہ ہم پر اتنا زیادہ رعب نہ ڈالیں - ہم تو پہلے ہی ان سے ڈرتے ہیں - میں نے تو یہ کہا ہے کہ ملک اختر صاحب بے شک تقریر کریں وہ میرے عزیز ہیں - میرے بھائی ہیں - لیکن میرا مقصد تو صرف یہ تھا - کہ وہ اتنی لمبی تقریر نہ کریں - کہ ایوان کے اراکین بور ہو جائیں - اور کورم ٹوٹ جائے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - آپ تشریف رکھیں -

ملک محمد اختر - میں رول نمبر ۵۳ کا حوالہ دوں گا جس کا حوالہ ہمارے معزز رکن اور معزز ڈپٹی سپیکر نے دیا ہے اور جن کی knowledge .....

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - آپ میری بات تو سن لیں -

ملک محمد اختر - جناب والا - آپ کی بات سن لینے کے بعد تو میں بات ہی نہیں کر سکتا -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - میں اس چیز کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے کیا یہ reading دی ہے - انہوں نے یہ پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا ہے - کہ اس کو consider کیا جا رہا ہے - کوئی ٹائم limit نہیں ہوگی -

ملک محمد اختر - جناب والا - procedure یہ ہے کہ آپ اپنا فیصلہ صادر فرمانے سے پہلے ہر شخص کو موقع دیں کہ وہ قانون کے نکات کی وضاحت کر سکیں -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - جب ان کی بات مانی ہی نہیں جا رہی تو پھر آپ کو ان کی وضاحت کی ضرورت ہی کیا ہے اور پھر جو پوائنٹ آف آرڈر انہوں نے اٹھایا ہے اس کا فیصلہ پہلے ہو جانا چاہیئے یا .....

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I want to exercise that right to reply and I want to explain legal position of it.

Mr. Senior Deputy Speaker: I know better than you.

Malik Muhammad Akhtar : After all we have got certain rights. We have been here as Elected Members and we are going to exercise our rights. We are going to stan d like a rock as far as our rights are concerned. Our privileges cannot be breached. You let me explain the position. What a pity that our worthy Deputy Speaker has taken a stand by quoting Rule 53 under the heading adjournment motions. It is so sad. Rather, I beg to say that we except a better expression of opinion from our worthy learned Deputy Speaker for whom I have all the love, respect and reverence. He should at least make a correct reference as this is concerned with adjournment motions which is in the Chapter 8 and it reads—"Time limit for speeches—A speech during the debate shall not exceed fifteen minutes in duration."

This is regarding the adjournment motions and not general debate. My contention is that there is no rule, there is no such law to stop us from saying anything unless and until we are irrelevant.

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)—صدر محترم Tea Break سے proceed ذرا پہلے ہاؤس میں جو مسئلہ چھڑ گیا تھا کہ ہمیں کیسے کرنا چاہیئے ۔ میرے خیال میں جو کچھ میں نے کہا اس سے کچھ غلط فہمی ہوئی ہے اور ہو رہی ہے ۔ ملک صاحب نے کہا تھا کہ ہم آرڈیننس کو oppose نہیں کریں گے اور ان کو ہم پاس کرنے دیتے ہیں ۔ اس کے بعد میں نے کہا کہ اگر آپ ایسا کرنا چاہتے ہیں تو پھر We will proceed with the Order of the day اور میں نے یہ بھی کہہ دیا We are very anxious to have the Land Revenue Bill passed پریس والوں نے in this Session because I am already committeed to this. بار بار پوچھا ہے ، ممبران نے پوچھا ہے ، اسمبلی میں مجھ کو کہلوایا I had given a promise that to the best of our efforts this Bill گیا ہے ۔ اور We are going میرا مطلب یہ نہیں تھا کہ gets through this Assembly کو پہلے Land Revenue Bill کہ ہم to change the Order of the day کر لیں اور Working Journalist Bill کو پیچھے لائیں ۔ میرا مطلب یہ We are anxious to have the نہیں تھا ۔ میں نے یہ الفاظ کہے تھے کہ Land Revenue Bill passed. When they did not oppose the Ordinances then کو Order of the day اور we proceeded with the Order of the day. change نہ کیا جائے ۔ اس لئے کہ پہلے آرڈیننس بے آئیں اور پھر Working Journalist Bill پیش ہو گا ۔ جس کی پہلی ریڈنگ ہو چکی ہے ۔ ہمارا خیال تھا کہ اب وہ اسے oppose نہیں کریں گے Because it is our Bill and we want to get it through ہم اسے پاس کرنا چاہتے ہیں understanding یہی بھی تھی کہ وہ اسے oppose نہیں کریں گے "opposed" کہ اسے move کرتے ہی oppose کر دیا اور کہہ دیا کہ

I thought it is a non-controversial Bill but it is very sad. حالانکہ یہ introduction کی stage پر کبھی نہیں ہوا یہ کونسا طریقہ ہے اب سوائے اس کے اور کوئی بات نہیں کہ We get down to the Land اور وہ بلا وجہ Working Journalist Bill کے متعلق یہ کہتے ہیں کہ ہم اسے oppose کرتے ہیں۔

ہمارا اندازہ تھا کہ جب ہم Working Journalists کے بل کو لیتے جو Non-controversial بل ہے۔ اسے نصف گھنٹہ یا ایک گھنٹہ میں پاس کر لیتے۔ اور اس کے بعد لینڈ ریونیو بل لے آتے . . . we are چونکہ ۳۰ اور یکم کو پرائیویٹ ممبران کے بل آئیں گے ہم نے یہ سوچا کہ سپیکر صاحب کی چیمبر میں فیصلہ کر لیں گے۔ یہ تو تشریف نہ لائے۔

میں آپ سے عرض کرتا ہوں۔ ہمارا خیال ہے کہ جتنے بل ہیں خواہ ورکنگ جرنلسٹ کے متعلق ہیں یا لینڈ ریونیو کے متعلق یہ تمام پاس ہو جائیں۔ آرڈیننس تو پاس ہو گئے ہیں اگر اب نہ ہوتے تو وہ lapse ہو جاتے Now we have come to the Bills اب ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ۳۰ جون اور یکم جولائی کو جو Non-official Days تھے وہ گورنمنٹ کو دیئے جائیں۔ جب تک Working Journalist Bill کے متعلق رپورٹ بھی آ جائے گی اور پھر یہ تمام بل ۳۰ جون یکم چار اور پانچ یا چھ تاریخ تک چلتے رہیں گے۔ Land Revenue Bill along with other Bills ان کو ہم ۷-۸-۹ اور ۱۱ Non-official days دے دیں گے۔ میری یہ تجویز ہے اور مجھے امید ہے کہ سب صاحبان اس کو منظور کرینگے۔

ملک محمد اختر۔ میں کبھی کوشش نہ کرتا کہ قائد ایوان کی باتوں کا جواب دیتا کیونکہ وہ میرے بزرگ ہیں اور عمر کے لحاظ سے بھی عزت کرتا ہوں لیکن آج جو کچھ کیا گیا ہے اس لئے اس کے متعلق ضرور عرض کروں گا۔

وہ یہ کہ جب جناب وزیر خزانہ تشریف لائے تو انہوں نے کہا کہ اگر compromise کی بات ہو سکے گی تو لینڈ ریونیو بل کے متعلق بات کر لیں گے اس سے قبل تین آرڈیننس اور دوسرے بل بھی پیش ہونے ہیں (قطع کلامیاں—شور)

Sir, the House is not in order. Disorderly Members may be turned out from the House.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Malik Akhtar has converted the House into disorder. We can't help it.

Malik Muhammad Akhtar: I don't want to say anything when you are in the Chair. Kindly look to the affairs of the House at least.

وزیر مال۔ جناب والا ۔ ہم کیا کریں کہ ۔
Working Journalist Bill .....

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں اپنے بزرگ قائد ایوان کی خدمت اقدس میں دست بستہ گذارش کر رہا تھا کہ ہمارا جو بھی فیصلہ ہوا اور جس پر ہم نے فنانس بل کے متعلق عمل کیا تھا وہ یہ تھا جیسا کہ ان کا ارشاد تھا کہ آج تین آرڈیننس اور چوتھا Working Journalist بل ہو جائیگا ۔ اب ہم سے یہ توقع کرنا کہ gross negligence کو جس کے ذریعے ہمارے جو بھی ڈیپارٹمنٹ concerned امن کے ذمہ دار ہیں ہم نے Working Journalist کے بل کے متعلق آج سے صدیوں قبل مہینوں قبل اور ہفتوں قبل جو متعلقہ قانون پاس کرنا تھا وہ اسے delay کرکے لائے تو وہ ہم سے یہ حق بھی چھیننا چاہتے ہیں کہ نصف یا ایک گھنٹہ میں کوئی بات بھی نہ کریں ۔ ہمارا بالکل یہ پروگرام تھا کہ ہم نے تین آرڈیننس پر بحث کرنی ہے ۔ میرے پاس اس پر مکمل discussion تیار ہے لیکن میں نے اپنا حق forego کیا کیونکہ اس بل میں ایک مظلوم اور ستم رسیدہ کلاز ہے جس کے ذریعہ ان کو حقوق دئے جا رہے ہیں ۔ ان کی implementation کی مشینری جنوری ۱۹۶۱ء میں کرنی تھی ۔ یہ ۵ سال کی delay کے بعد آج اسے کر رہے ہیں ۔ اس سلسلہ میں ہم ذرا request کرنا چاہتے تھے اور میری ایک ترمیم تھی پھر میں قائد ایوان کو ignorance (مجھے معافکریں اگر میں ایسا کہتا ہوں) ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ جناب والا ۔ کیا یہ اجازت ہے جس ممبر صاحب نے اس بل کی مخالفت کی ہے اب وہی اس کے favour میں بول رہے ہیں ، جب وہ ایجنڈا پر بھی نہیں ہیں تو وہ اس کے متعلق کیوں کہہ رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ ignorance کے کچھ غلط معنی بھی لئے جا سکتے ہیں میں ان کی شان میں نہیں کہنا چاہتا میں ان کی لا علمی کی داد دیتا ہوں کہ آج جو Working Journalist Bill

پیش ہونا تھا اس میں میری ایک ترمیم تھی - وہ کیسے توقع کر سکتے تھے کہ جو ترمیم آج سے دس پندرہ روز پہلے دی تھی میں اسے oppose نہ کروں گا - وہ ترمیم یہ تھی کہ Working Journalist Bill کے لئے آپ کا فوری طور پر تعین کر دیں -

وزیر مال - صدر محترم — میں عرض کرتا ہوں کہ میں مجبور ہوں کہ confidence کی باتیں بھی عرض کر رہا ہوں - ہمارے درمیان یہی understanding تھی کہ آرڈیننس کو ختم کر دیں کیونکہ وہ lapse ہو جائیگے اور پھر ہم Working Journalists Bill لے لیں اور ان کی طرف سے کوئی opposition نہیں ہو گی - اب جو لا علمی کا الزام اس طرف لگاتے ہیں کبھی یہ ہوا ہے کہ آپ اگر ترمیم لاتے ہیں تو اس کو زیر غور نہ لائیں -

آپ کو تو غصہ میں پتہ بھی نہیں تھا کہ کونسا بل ہو رہا ہے اور آپ نے کہہ دیا کہ opposed اب ہم کیا کریں جب کہ introduction کی stage پر آپکو پتہ نہیں چلا - اگر آپ نے ترمیم پیش کرنی تھی That you could do on the second reading stage لا منسٹر صاحب نے اٹھ کر کہا I introduce the Bill اس پر تو opposition نہیں ہونی چاہیئے تھی - That was the understanding آپ introduction stage پر کس طرح oppose کر سکتے ہیں Second Reading پر oppose کر سکتے ہیں جب وہ پیش کریں -

You left no other alternative except to get down to Land Revenue Bill.

یہ ہماری لا علمی ہے یا آپ کی لا علمی ہے

Are you opposed to the principles of the Working Jaurnalists' Bill ?

اگر آپ Working Journalists کو انکا حق نہیں دینا چاہتے

Then you have every right to get up at the first reading stage.

جب introduction ہو تو آپ کہتے

No, it should not be introduced.

لیکن آپ کہتے کچھ ہیں اور کرتے کچھ ہیں

We are not going to oppose this Working Journalists Bill and you are with us on this issue.

اگر یہ ہے تو آپ جب سیکنڈ سٹیج پر یعنی clause by clause پر یہ بل پہونچتا تو آپ کوئی امنڈمنٹ move کرتے اسطرح سے تو آپ نے ہمارے لئے کوئی راستہ ہی نہیں چھوڑا - آپ سے جو غلطی ہوئی ہے آپ اب اس پر پشیمان ہیں یا کسی کو راضی کرنے کیلئے ایسا کہتے ہیں اور الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے آپ ہم پر الزام لگاتے ہیں ہم سے تو کسی نے یہ بھی کہا تھا کہ آپ آرڈر آف دی day کو بدل دیں اور لینڈ ریونیو بل کو پہلے لے آئیں اور اس کو بعد میں رکھ دیں مگر میں نے کہا نہیں -

No, I won't agree to that. We will go by the Orders of the day.

آپ نے الٹا ہمارے برخلاف یہ کام کیا اور یہ غلط فہمی پیدا ہو گئی -

I refused to change the Orders of the Day

یہ بالکل غلط بات ہے - غلطی آپ سے ہوئی ہے اور ہم پر الزام لگاتے ہیں کہ

Probably the Government party or, for that matter, the leader or the Law Minister or any other gentlemen from this side of the House is against the Working Journalists Bill.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر - عرض یہ ہے کہ .....

ملک محمد اختر - پوائنٹ آف آرڈر - چونکہ یہ سب میرے متعلق کہا جا رہا ہے اس لئے میں پرسنل explanation دینا چاہتا ہوں....

وزیر مال - اگر ان کو جلدی ہے تو ہم کو ان سے زیادہ جلدی ہے آپ اگر آج لینڈ ریونیو بل پاس کر دیں تو ہم شام کو اسکو پاس کو دینگے -

مسٹر حمزہ - عرض یہ ہے کہ اب اس ایوان میں اس قسم کی باتیں ہو رہی ہیں اور اس ایوان سے یہ توقع کی جارہی ہے کہ جس کی بابت کبھی وہم و گمان بھی نہیں ہو سکتا اگر ہم کسی بل کی مخالفت کرتے ہیں تو جناب قائد ایوان فرماتے ہیں کہ چونکہ انہیں اصولی طور پر اعتراض ہے اس لئے اس کو وہ ملتوی کرتے ہیں - اس التوا کی ذمہداری ہم پر نہیں ہے اگر آپ ہمارے اصولی اختلافات کو مان لیں تو پھر ہمارے اور آپ کے درمیان اتنی بڑی خلیج نہ ہو - جناب سپیکر - اگر آپ ایک بل لے آئیں اور ہمیں اس سے اختلاف ہو تو

ہمارا یہ حق ہے کہ ہم اس کے بارے میں واشگاف الفاظ میں مخالفت کا اظہار کریں اور اگر اس کو پاس کرنے میں دو چار یا دس دن لگتے ہیں تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اس بل کو ملتوی کر دیں یا سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس بھیج دیں ۔ اور اس کی ذمہداری حزب اختلاف پر ڈالی جائے ۔ جناب سپیکر ۔ حکومت کا منشا یہ ہے کہ اس کو آرڈیننس کی شکل میں لائے ۔ ہمارا یہ حق ہے کہ جس سٹیج پر بھی چاہیں اپنے خیالات کا اظہار کریں ۔ جنرلسٹ بل کو ملتوی کر دینے کی ذمہداری حکومت پر ہے ۔ ہم پر نہیں ہے ۔

Minister of Revenue: Why did you oppose the introduction of the Bill ?

مسٹر حمزہ ۔ ہمیں اس میں اصولی اختلاف ہے ۔ اصول اور اصول میں فرق ہے ۔ ہم بل چاہتے ہیں اس حکومت نے پریس کو تباہ کر دیا ہے اور یہ پریس کو آزادی دینے کیلئے تیار نہیں ہے محض نعرہ بازی سے سستی شہرت کیلئے بل لا رہی ہے ۔ یہ محض سستی شہرت سے لوگوں کی آنکھوں میں دھول ڈال کر بل لا رہی ہے ۔ ہمیں اس کا عملی طور پر پتہ تھا کہ .....

Mr. Senior Deputy Speaker: Order please ; please resume your seat.

Mr. Ahmedmian Soomro: On a point of order Sir. We are discussing the Revenue Bill and Mr. Hamza is talking of the previous bill, which is irrelevant Sir.

Malik Muhammad Akhtar: I am going to exercise my right to submit my personal explanation, as most of the discussion referred to me.

Mr. Senior Deputy Speaker: Please take your seat, Mr. Soomro is on a point of order.

Mr. Ahmedmian Soomro: My point of order, Sir is that we are now discussing the Revenue Bill, while my worthy friend, Mr. Hamza, is talking of the previous bill, which is irrelevant.

مسٹر حمزہ ۔ یہ آپ قائد ایوان کے بارے میں کہہ رہے ہیں کیونکہ وہ غلط impression دینا چاہتے تھے ۔

ملک معراج خالد ۔ پوائنٹ آف آرڈر personal explanation کیلئے یہ لازمی ہے کہ جس فاضل ممبر کو پرسنل explanation دینا ہو وہ صرف اپنا سٹیٹمنٹ دیکر کسی بحث میں نہ پڑے لیکن یہاں پرسنل بحث و تمحیص بن گیا ہے I am on that point of order

Mr. Senior Deputy Speaker : No more discussion please. We will take up clause 2 of the Revenue Bill.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I have been deprived of my privilege. My privilege has been breached. I have got a right to submit my personal explanation?

Mr. Senior Deputy Speaker : I have said that there will be no more discussion.

Malik Muhammad Akhtar : Alright, Sir; if you consider that it is befitting I don't object.

Haji Syed Muhammad Murad Shah : Sir, if he has any amendment, he should move that amendment, but he should not discuss every point. He has been discussing every clause. Has he any amendment on this clause ? if he has, then he should only discuss this clause, and why should he discuss all the other clauses on which there is no amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Everybody in this House has assumed the role of the Speaker, Sir. Let the procedure be first set up. I will move my amendment, and then I will have a right to discuss it till eternity.

Mr. Senior Deputy Speaker : The position is that the amendment cannot be moved. You can oppose the clause as a whole.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, the amendment will not be moved?

Mr. Senior Deputy Speaker: The amendment cannot be moved.

Malik Muhammad Akhtar : How will it be discussed if it is not moved? Let the relevant rule be quoted, Sir.

Minister of Law : I am on a point of order, Sir. My point of order is that the members may be directed to withdraw what they said. I will elaborate my point of order, Sir. I am reading notice of amendments moved by Mr. Mahmood Azam Farooqi, Mr. Hamza and Sahibzada Noor Hassan. The first one is about this very Working Journalists Wage Board Bill. The first one is "that the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Bill, 1966, be circulated for eliciting public opinion thereon upto 31st July 1966." The second one is moved by Mr. Mahmood Azam Farooqi, Mr. Hamza and Sahibzada Noor Hassan. It is to this effect: "That the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Bill, 1966 be referred to a Select Committee consisting of the following Members, namely;". Then the names are given.

My submission, therefore, is that it has been asserted by Mr. Farooqi and by Mr. Hamza that they never opposed the passage of this bill, and that they were anxious to finish it today.

Mr. Hamza : Not today.

Minister of Law : These are the two amendments moved by the members themselves, which show that they were never anxious to have this bill finished today. They may now turn round and say that. These amendments suggest that they never wanted this bill to be passed today, and never wanted this bill to be taken up before the 16th of July. This is your conduct. You cannot change them; these are the amendments to my motion which is on the Orders of the Day, that rule 58 be suspended and this bill to be taken up immediately for consideration and Mr. Akhtar opposed it. This is your performance. Please refresh your memory, and now get up to say that you have opposed this bill.

Malik Muhammad Akhtar : Are you befooling the Press? They are intelligent enough and they cannot be befooled.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی-۸)۔ جناب والا۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وزیر قانون نے بڑی معصومیت سے اس ایوان کو پریس کو اور دنیا کو یہ مغالطہ دینے کی کوشش کی ہے کہ ہم اس ورکنگ جرنلسٹ بل کو discuss کرنے پر تیار نہیں تھے یعنی آپوزیشن نہیں چاہتی تھی اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپوزیشن کے اعتراضات کا آپ کو اتنا احترام ہے۔ ہمیشہ ہر کام میں آپ ہماری مخالفت کو پیش نظر رکھتے ہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو آج تک جتنے قوانین پیش ہوئے ہوں، فائنینس بل پیش ہوا بجٹ پیش ہوا ان میں آپ نے کبھی آپوزیشن کی کوئی بات مانی ہے اس کے علاوہ اس ایوان میں جتنے قوانین پیش ہوئے یا پیش ہوتے رہتے ہیں ان پر آپوزیشن کی اپیلوں اور درخواستوں کے باوجود آج تک آپ کے کان پر جوں تک نہیں رینگی۔ اب آپ یہ مغالطہ دینا چاہتے ہیں کہ آپ نے آپوزیشن کے احترام میں اس بل پر غور ملتوی کر دیا ہے آپ کو یہ چیز جاننا چاہئے آپ ایک اچھے parliamentarian ہیں اور آپ کو سمجھنا چاہئے کہ ایک موشن اس وقت تک discuss نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ move نہ ہو جائے۔ تو آپ یہ کیسے کہتے ہیں کہ پبلک opinion معلوم کرنے کے لئے چونکہ امنڈمنٹ دی گئی تھی اس لئے ہمیں اس کو ملتوی کرنا پڑا۔ ہمارا ارادہ تھا کہ ہم اس امنڈمنٹ کو move نہ کرتے اور وہ نوٹس بھی دو دن پہلے کا نہیں تھا اور وہ اس لحاظ سے بھی غلط تھا۔ لہذا میں عرض کروں گا کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے کارناموں کے سیاہ دھبے آپوزیشن کی طرف منتقل ہو جائیں تو دنیا اور پریس اس کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہے اگر آپ دنیا کے سامنے اپنے چہرے کو بے نقاب کرنا نہیں چاہتے تو دنیا خود آپ کے چہرے سے نقاب الٹ دے گی۔ اور وہ آپ کا چہرہ ضرور دیکھیں گے اور اس کے اندر جو برائیاں ہوں گی وہ ضرور نظر آئیں گی۔

وزیر قانون - ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا۔

خان محمد یوسف خان - میں گزارش کرتا ہوں کہ ملک اختر صاحب نے نہایت متانت سے کوشش کی اور پھر اس چیز کو ظاہر کرنے کی کرشش بھی کی۔ حقیقت میں یوں معلوم ہوتا ہے کہ ان سے غلطی ہوئی ہے کہ جس کا وہ اب ازالہ نہیں کر سکتے۔ جیسا کہ لاء منسٹر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے میرا ایک سادہ سا

سوال ہے کہ دو ترمیمیں انہوں نے پیش کی ہیں - اس کے تحت رائے عامہ طلب کی ہے اور سیلیکٹ کمیٹی میں اس چیز کو refer کیا گیا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ پریس والے بھی اس کو اچھی طرح سمجھتے ہوں گے - (قطع کلامی) مسٹر سپیکر - میں نے کسی کی تقریر میں interfere نہیں کیا - یہ سیدھی سی بات ہے تو میں بھی حق رکھتا ہوں کہ وہ میری بات میں interfere نہ کریں ، لیکن اگر آپ نے یہ ترمیم اس لئے نہیں دی کہ محض دنیا کو دکھانا ہے بلکہ فی الواقعہ آپ چاہتے ہیں کہ اس کو زیر بحث لایا جائے تب تو ٹھیک ہے - مثلاً آپ جانتے ہیں کہ جب کسی بل کو سیلیکٹ کمیٹی کے پاس بھیجا جائے تو اس وقت بالخصوص یہ ارادہ ہوتا ہے کہ اس کی جتنی خامیاں ہیں وہ اس کمیٹی میں غور و خوض کے بعد دور ہو جائیں - سیلیکٹ کمیٹی کی ایک تھوڑی سی تعداد ہوتی ہے اور وہ بل کو اچھی طرح سے دیکھتی ہے اور اس پر غور و خوض کرنے کے بعد اسے ایوان میں پیش کرتی ہے اور اس کی در اصل غرض و غایت بھی یہی ہوتی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اس غرض و غایت کو پورا کرنے کے لئے فاروقی صاحب اور ملک اختر صاحب نے نیک نیتی سے کام لیا خواہ انہوں نے یہ چیز دکھاوے کے لئے کی تو میرا خیال ہے کہ انہوں نے نیک نیتی سے یہ ترمیم دی تھی کہ وہ سیلیکٹ کمیٹی کے پاس جائے اور وہ یہ چاہتے تھے کہ یہ پاس ہو جائے - اس میں ان کی نیک نیتی تھی اور اگر ہم انکار کر دیتے تو الزام ہم پر آتا کہ واقعی یہ سیلیکٹ کمیٹی میں نہیں بھیجنا چاہتے اور یہ چاہتے ہیں کہ قانون کو صحیح طور پر پاس نہ کیا جائے تو اب جب کہ اس بل کو سیلیکٹ کمیٹی میں بھیجنے کی خواہش کا اظہار کیا گیا ہے تو یہ ایک نہایت اچھی بات ہے اور واضح بات ہے - میں عرض کرتا ہوں کہ ان حالات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان سے سہواً ایسی چیز ہوئی ہے لیکن غلطی انہوں نے ضرور کی ہے - اب اپنی غلطی ہمارے ذمہ تھوپ کر ممبران سے خراج تحسین حاصل کرنا بھی درست نہیں اور مجھے پورا یقین ہے جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ پریس بخوبی جانتا ہے - عقلمند ہے سمجھ دار ہے اور اس چیز کا ان کو بھی علم ہے اور وہ کہیں گے کہ فاروقی صاحب نے غلطی کی ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - سوال یہ ہے کہ آپ خود کیا چاہتے تھے -

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) : جناب عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ جب کوئی ممبر چاہے اس کا تعلق اس طرف سے ہو چاہے اس طرف سے ہو جب وہ پکڑا جائے تو وہ کوشش کرتا ہے کہ وہ اس بات کا جواب نہ دے اور وہ دوسری طرف سے back door سے نکل جانے کی کوشش کرتا ہے - پریس کے ساتھ ہماری ہمدردی ہے کسی کو زیادہ کسی کو کم - اس چیز کو چھوڑ دیجئے That is not the issue -

ملک محمد اختر - تو ابھی بل لے آئیے -

Bring a Bill just now and let us discuss it.

مسٹر سپیکر - آپ تشریف رکھئے -

وزیر مال - آپ نے یہ بات چھیڑ دی اور یہ سمجھا گیا جیسے کہ ہمیں علم نہیں یا یہ کہ ہم ان جان ہیں یوسف خان نے آپ کو پوائنٹ آؤٹ کیا - ماشاءاللہ آپ ایوان کے ممبر رہ چکے ہیں - نو اموز اور نو وارد نہیں ہیں اور اس میدان کے پرانے کھلاڑی ہیں - اب آپ لوگ فاروقی صاحب، حمزہ صاحب اور نور حسن صاحب کہتے ہیں -

This Bill should be circulated for eliciting public opinion thereon up to 31st July, 1966.

اب یہ اظہر من الشمس ہے کہ ۳۱ جولائی کو رائے عامہ مانگی گئی ہے جس کا مطلب ہے کہ یہ بل دوسرے سیشن میں جائے گا - خدا جانے وہ اکتوبر میں ہو، نومبر میں ہو، دسمبر میں ہو - اب آپ دوسری ترمیم کی تحریک کرتے ہیں کہ اسے سیلیکٹ کمیٹی کے حوالے کیا جائے - آپ نے کوئی تاریخ بھی نہیں بتائی حالانکہ طریقہ یہ ہے کہ بتایا جائے کہ سیلیکٹ کمیٹی رپورٹ کل کرے یا پرسوں کرے یا دوسرے سیشن تک کرے - تو آپ نے یہ بھی نہیں کیا اور اب آپ چونکہ اس کو ٹالنا چاہتے تھے کہ یہ بل اس سیشن میں نہ آئے تو اسی اصول کے ماتحت ملک اختر اٹھے اور انہوں نے کہا کہ وہ اس کی introduction کی مخالفت کرتے ہیں - جب یہ ان سے غلطی ہوئی اور انہیں معلوم ہوا کہ ہم سے تو بہت سخت غلطی ہوئی ہے اور پریس والوں کو ناراض کر دیا ہے

ہم نے ان کو betray کر دیا ہے اور اس کے ساتھ اس قسم کی یہ غداری کر رہے ہیں دھوکا دے رہے ہیں تو انہوں نے الٹی بات یہ کہی کہ لیڈر آف دی ہاؤس اور گورنمنٹ پارٹی اس پر بحث کرنا نہیں چاہتی - ہم آپ کو کہتے ہیں کہ ہم اس پر بحث کرنا چاہتے تھے اور یہ بھی چاہتے تھے کہ یہ پاس ہو جائے اور اس لئے آرڈرز آف دی ڈے کو چیلنج کرنا نہیں چاہا

And we proceeded directly with the Working Journalists Bill آپ کی طرف سے مخالفت ہوئی کیونکہ آپ خود اس کو نہیں چاہتے تھے -

مسٹر حمزہ — وہ آپ کو بے نقاب کر رہے ہیں -

وزیر مال — آپ پریس کو دھوکہ نہیں دے سکتے - آپ اپنے آپ کو غلط فہمی میں مبتلا کر رہے ہیں -

Minister of Law: Sir, I am on a point of order (*interruptions and uproar*).

مسٹر حمزہ - ''خوئے بد را بہانہ بسیار'' -

Minister of Law: My point of order is that Mr. Mahmud Azam Farooqi and Mr. Hamza have very kindly volunteered to withdraw their amendments because now they find that they have been exposed. If the rules permit and if they are prepared to withdraw these amendments, I am prepared to go ahead with this Bill and have it cleared within two days by the Standing Committee but if the Standing Committee does not co-operate and this Bill is not cleared I will issue an Ordinance much against their wishes.

مسٹر حمزہ - آرڈیننسوں کے لانے کا آپ کو شوق ہے -

Mr. Ahmad Mian Soomro: Has the discussion on the Revenue Bill been suspended ! Are we discussing the Working Journalists Bill in the Revenue Bill ?

Mr. Senior Deputy Speaker: We will start the discussion on Revenue Bill.

ملک محمد اختر - جناب والا - You stopped this discussion یہ crockodile tears ہیں -

Minister of Revenue: What about my proposal which was before the House?

میں نے موشن کی تحریک کی تھی - آپ کو یاد رہے کہ ہماوا لینڈ ریونیو بل ہے ، ورکنگ جرنلسٹس بل ہے جو ہم چاہتے تھے کہ کل آ جائے پرسوں آ جائے ہم تو ان کو لینا چاہتے ہیں -

ملک محمد اختر ۔ اس کے لئے آپ allergic ہیں اور ان پر discussion ہو کر ہی رہے گی ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Deputy Speaker: Order please.....

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ اب ملک اختر صاحب پشیمان ہو جائیں تو دوسری بات ہے ۔ اگر آپ کا یہ رویہ ہے کہ ہم ایک مہینہ اس کو رگڑیں گے ۔ ایک مہینہ تک اس کو لمبا کریں گے ۔

ملک محمد اختر ۔ میں نے تو کہا ہے کہ discuss کرینگے ۔

وزیر مال ۔ ابھی سے آپ نے فیصلہ کر لیا ہے ۔ آپ نے پہلے سے یہ ضد کر لی ہے کہ آپ ایک مہینہ اس کو لمبا کرینگے ۔

ملک محمد اختر ۔ اگر آپ ہماری ترامیم مان جائیں تو ابھی پاس ہو جائیگا ۔

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ میں نے آپ کے سامنے ایک موشن رکھا تھا اور ملک اختر صاحب نے فرمایا کہ ہم ایک مہینہ اس کو discuss کرینگے ۔ ان کا یہ رویہ ہے ہمارے Rules of Procedure موجود ہیں ۔

He is deliberately and willfully obstructing the business of the House.....

میں مجبور ہوں کہ جناب سے درخواست کروں قاعدہ نمبر ۱۵۹ کے تحتی قاعدہ ۶ میں ہے ۔

"The Speaker may if he deems it necessary name a member who disregards the authority of the Speaker or abuses the Rules of the Assembly by persistently and willfully obstructing the business thereof."

اب خود انہوں نے تسلیم کر لیا ہے ۔ کہ وہ ایک مہینہ تک اس کو لمبا کرینگے ۔ حالانکہ ان کو پتہ بھی نہیں کہ انکی ترامیم کو مانتے بھی ہیں یا نہیں، ممکن ہے یہ بل ایک گھنٹہ میں یا ایک دن میں یا ایک ہفتہ میں پاس ہو جائے ۔ ان کا یہ ارادہ ہے کہ وہ ایک مہینہ تک اسے لمبا کرینگے ۔

Thus he is willfully deliberately and intentionally obstructing the business of the House and therefore, I request that he must be named.

ملک محمد اختر ۔ میں ہرگز مصر نہیں نہ obstruct کیا ہے نہ کرینگے ۔ اگر آپ ہماری ترامیم کو مان جائیں تو یہ بل آدھ گھنٹے میں ختم ہو سکتا ہے ۔ ہم کوئی غیر ضروری

بحث نہیں کرینگے - جیسے رولز ہیں ویسے کرینگے - اگر ہماری ترامیم مانی گئیں تو بل آج ختم ہو سکتا ہے -

Minister for Revenue : He said that he would speak on this Bill till eternity.....

Malik Muhammad Akhtar : If I am relevant.....

Minister for Revenue : He is deliberately obstructing the business of the House.....

Mr. Hamza : Point of Order, Sir.

Minister for Revenue : I am already on a Point of Order.....
(interruptions).

I am not giving the floor to you, I am on a Point of Order.
(interruptions).

I have raised the Point of Order and before I finish, he should be asked to resume his seat.

مسٹر حمزہ - انہوں نے ایوان میں پوائنٹ آف آرڈر raise کیا ہے اس کے بعد آپ میری ضرور سنیں -

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر—حمزہ صاحب آپ تشریف رکھیں -

Minister for Revenue: I will welcome your Point of Order but let me finish first.

I was Sir, already on a point of order and unless my point of order is discussed, there cannot be another point of order at the same time. I raised this point that Malik Muhammad Akhtar allowed himself to make an observation before I came in. He said that he would continue to discuss this Bill till eternity so let him say he has said this.

Mr. Senior Deputy Speaker: Yes, Mr. Hamza.....

مسٹر حمزہ — عرض یہ ہے کہ اگر جیسا کہ قائد ایوان نے یہاں فرمایا ہے - انکے نزدیک رولز ضابطہ کے خلاف ہے - بلکہ اس حد تک خلاف ہے - کہ ممبر جس نے کہ اس قسم کے ریمارکس پاس کئے ہیں اسے ایوان سے باہر بھیج دیا جائے انہوں نے سب سے پہلے یہ کہا ہے - کہ ہم ایک ماہ تک اس بل پر بحث کرتے رہیں گے- میں آپکی اطلاع کے لئے اور آپکی وساطت سے ایوان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ پچھلی اسمبلی میں جب یہ مسودہ قانون تیار ہوا - ان دنوں شیخ مسعود صادق قائد ایوان تھے - انہوں نے یہ بتایا تھا کہ اگر یہ بل زیر بحث آیا تو اس کے لئے کم از کم دو ماہ درکار ہوں گے- بل کی نوعیت اس قسم کی ہے - اس بل کی اہمیت کے پیش نظر جناب مالک محمد اختر صاحب نے فرمایا ہے - کہ ایک ماہ تک اس پر بحث ہو گی ، حالانکہ اس سے پہلے جناب شیخ مسعود صادق صاحب جب قائد ایوان تھے فرما چکے ہیں کہ اس کے لئے کم از کم دو ماہ درکار ہوں گے یہی اسمبلی تھی ، یہی حکومت تھی، جب انہوں نے یہ فرمایا تھا - جناب قائد ایوان آج بڑے خوشی

کے موڈ میں ہیں ۔ شاید اس لئے کہ بنوچی کا مقابلہ بنوچی سے نہیں ہے ۔ جناب ملک اختر صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے اس سے کسی رول کی خلاف ورزی نہیں ہوتی ، کسی شخص کو باہر نکالنے کی کیا ضرورت ہے ۔ سرکاری پارٹی کی اتنی بڑی تعداد ہے ۔ کہ انہوں نے آرڈیننس کی بحث کے دوران ہمیں عملی طور پر اٹھا کر باہر پھینک دیا تھا ۔

Khan Muhammad Yusaf Khan: I am making my contribution towards the Point of Order and I can do it Sir.....

میری گزارش یہ ہے ۔ کہ جناب لیڈر آف دی ہاؤس نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ چونکہ انہوں نے کہا ہے کہ ہم ایک مہینہ تک اس پر بحث کریں گے ۔ اس لئے ان کو Name کر دیا جائے ۔ میں نہایت ادب سے جناب لیڈر آف دی ہاؤس سے عرض کرتا ہوں کہ قانون کے اندر کسی جرم کے ارتکاب کے تین مرحلے ہوتے ہیں ۔ پہلے preparation پھر attempt ہوتی ہے اس کے بعد جرم سرزد ہوتا ہے ۔ preparation کی کوئی سزا نہیں ہوتی ۔ تو میرے اپنے اندازہ کے مطابق انہوں نے صرف preparation کی ہے کہ ہم ایک مہینہ تک ایسا کریں گے ۔ اس سے ان کی خواہش یہ تھی کہ اخبارات میں ہماری لمبی لمبی تقاریر بھی آ جائیں اور فوٹو بھی آ جائیں ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر— انہوں نے اپنے الفاظ واپس لے لئے ہیں اس لئے یہ مسئلہ ختم ہو چکا ہے ۔

خان محمد یوسف خان— جناب والا ۔ اخبارات کو ہم بھی اسی قدر و منزلت سے دیکھتے ہیں جتنی قدر و منزلت سے وہ دیکھتے ہیں ۔ اگر گورنمنٹ اخبارات کا کبھی گلا گھونٹنا چاہے تو ہم کبھی ان کا ساتھ نہیں دیتے ۔ اگر قانون کے مطابق چلے تو ٹھیک ہے ۔ اگر یہ اپنے الفاظ واپس نہیں لیتے ہیں تو میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ کہ preparation کی سٹیج پر.....

Minister of Revenue: Where is the line of demarcation between preparation and attempt. You know it.

میرے خیال میں تو انہوں نے attempt کیا اور آپ کہتے ہیں That was simple preparation لیکن اگر وہ اپنے الفاظ واپس لے لیں تو پھر I won't press my motion.

ملک محمد اختر— جناب والا ۔ میں اپنے الفاظ واپس لے چکا ہوں ۔ (قطع کلامیاں) اب میں اپنا ذاتی explanation دینا چاہتا ہوں جس کے متعلق انہوں نے فرمایا ہے ..... (قطع کلامیاں اور شور) ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: No more discussion.

ملک محمد اختر— جناب والا ۔ انہوں نے کہا تھا کہ Orders of the day میں Working Journalists Bill, 1966 کو immediately Finance Bill کے بعد رکھا ہے ۔ اب اس میں تبدیلی کر دی ہے ۔ منگل کا Orders of the day میرے پاس ہے ۔ انہوں نے دو روز قبل اس میں تبدیلی کی ہے ۔ ان کا تبدیل کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ہنگامی قوانین پہلے آ جائیں ۔ اب میں ہنگامی قوانین کو چھوڑ دیتا ہوں ۔ انہوں نے اب یہ بات میرے نام منسوب کی ہے کہ مجھے Working Journalists Bill کو oppose نہیں کرنا چاہئے تھا یہ بل as it is پاس ہو جاتا ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: Now, we will take up clause '2' of the Bill. Malik Akhtar as far as your Amendment is concerned I would invite your attention to Rule 146 (3) which reads:

> "An amendment shall not be moved which has merely the effect of a negative vote".

So, if you are allowed to move this amendment this would mean that we would have to delete the entire clause. Your amendment says that clause '2' of the Bill as reported by the Select Committee be deleted and the subsequent clauses be renumbered accordingly.

ملک محمد اختر— میں کلاز ۲ کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔

Minister of Revenue: What about my motion? Let us now expedite the disposal of these two Bills.

اس لئے میں نے کہا ہے کہ کل کا دن بھی ہمیں دے دیں ۔ یکم جولائی کا دن بھی ہمیں دے دیں ۔ دو تین تاریخ کو چھٹی ہے ۔ چار پانچ تاریخ کو ہم اسے ختم کر دیں گے ۔ ۶ اور ۷ تاریخ کے دن ان کو دے دیں گے ۔

This motion I move and you can take the sense of the House, and decide the issue.

یہ پہلے فیصلہ کیا تھا ۔ اب جو ہاؤس کو منظور ہو وہی ہو گا ۔ (قطع کلامیاں)

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر — آرڈر ۔ آرڈر ۔

Minister of Revenue: The sense of the House has to be taken.

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر — جہاں تک اس بات کا تعلق ہے ۔ اس میں ہاؤس کی sense لینے کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔ یہ سپیکر کی پاور میں ہوتا ہے وہی اس کے متعلق فیصلہ کرتے ہیں اور میں یہ فیصلہ دیتا ہوں کہ یہ

بات سپیکر صاحب پر چھوڑ دی جائے کہ وہ اس کے متعلق فیصلہ کریں ۔

ملک محمد اختر — جناب والا ۔ یہ فیصلہ جلد ہونا چاہیئے ۔ تاکہ ہمیں کل کے لئے تیاری کرنی ہو گی ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر — آج ہی آپ کو Orders of the day مل جائے گا ۔

ملک محمد اختر — جناب سپیکر ۔ میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ مغربی پاکستان لینڈ ریونیو بل جس پر ۱۹۶۵ء print کیا ہوا ہے .....

Mr. Ahmad Mian Soomro: On a point of order. You have not permitted him to move the amendment.

Mr. Senior Deputy Speaker: He can oppose the clause and he is opposing the clause as a whole.

Mr. Ahmad Mian Soomro: Those amendments have not been allowed by you.

Mr. Senior Deputy Speaker: But he can oppose the entire clause.

ملک محمد اختر — جناب والا ۔ پہلے یہ آپ نے فیصلہ فرمایا تھا کہ second reading کی stage پر پہلی کلاز کو پیش کیا جائے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ — جناب والا ۔ پہلی کلاز ہمیشہ سارے بل کے پاس ہو جانے کے بعد ہوا کرتی ہے ۔

Malik Muhammad Akhtar: Well then somebody should move clause '2' of the Bill and then I will oppose it.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ — جناب والا ۔ ہر روز میرے فاضل دوست preparation-preparation کا ذکر فرماتے رہتے ہیں وہ اس معمولی سی بات کی طرف توجہ نہیں فرماتے ۔

Malik Muhammad Akhtar: Let somebody move clause '2' and then we will oppose it.

Mr. Senior Deputy Speaker: There is no question of moving the clause.

ملک محمد اختر — clause-wise لینا ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: There is no question of moving the clause.

ملک محمد اختر — آپ نے ہی کہا ہے کہ clause-wise لینا ہے - جو طریقہ ہے وہی اختیار کریں -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر — clause-wise الگ الگ بحث ہو گی - اب ہم کلاز نمبر ۲ کو لے رہے ہیں -

Malik Muhammad Akhtar: Then I take it that clause '2' has been placed before the House and subsequently clause '3' would be placed before the House.

جناب سپیکر - میں نے مغربی پاکستان لینڈ ریونیو بل ۱۹۶۵ء کی کلاز ۲ پر یہ amendment دی ہے کہ کلاز نمبر ۲ جیسا کہ سیلیکٹ کمیٹی نے اس کو recommend کیا ہے اس کلاز کو حذف کر دیا جائے اور جو اس کے بعد کی کلاززز ہوں ان کو re-number کر دیا جائے -

(اس مرحلے پر مسٹر سپیکر کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب والا - پیشتر اس کے کہ یہ معزز ایوان اس کے متعلق اپنا فیصلہ صادر فرمائے کہ اس کلاز نمبر ۲ میں کیا کیا جانا چاہئے اور اس امنڈمنٹ کے متعلق کیا فیصلہ ہونا چاہئے میرے لئے یہ ضروری ہو گیا ہے کہ کلاز ۲ میں جو وجوہات درج ہیں وہ میں ہاؤس کے سامنے پیش کروں -

جناب سپیکر - کلاز ۲ ایک نہایت ہی اہم کلاز ہے اور یہ ضروری ہے کہ معزز اراکین کو اس کے متعلق جو بھی contents ہوں ان سے با خبر کیا جائے - چونکہ میں نے اس کلاز کو حذف کرنے کے لئے ترمیم دی ہے اس لئے یہ ضروری ہے کہ تمام کی تمام کلاز ہاؤس کے سامنے پیش کی جائے - جناب یہ کلاز ایسے read کرتی ہے -

"2 (1) Should the circumstances of any area in which the Act, or any specified provision thereof, has been brought into force be such that, in the opinion of Government, that provision, or any other provision of the Act, is unsuited thereto, Government may, by notification, except that area from the operation of such provisions, and thereupon those provisions shall not apply to such area until the notification is rescinded."

جناب سپیکر - جیسا کہ اس معزز ایوان کے معزز رکن اور ہمارے معزز قائد ایوان جو لینڈ ریونیو بل کے پاس ہونے سے اگر کوئی credit ہوگا - تو وہ بھی ان کی ذات کو ہو گا -

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) - اگر آپ یہ بل پاس کر دیں - تو میں اس کا credit آپ کو دے دوں گا -

ملک محمد اختر — اور اگر اس کے پاس کرنے میں کوئی discredit آئیگا - تو اس میں جہاں ہم سب شامل ہوں گے - وہاں پر وہ سر فہرست ہوں گے - کیونکہ وہ ہمارے لیڈر ہیں - اور ان کی قیادت میں یہ ایوان اس بل کو پاس کر رہا ہے -

جناب والا - مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ ہمارے ہاں پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ اور سندھ لینڈ ریونیو کوڈ جن کا نفاذ کم و بیش اسی (۸۰) سال قبل کیا گیا - ان میں بھی جو provision متعلقہ provisions تھی - ان میں ایسی کوئی موجود نہیں تھی - میرے لئے یہ ضروری ہے کہ میں جو provision پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ ۱۸۸۷ء کی متعلقہ enforcement کے متعلق تھی - اس کو مقابلے کے لئے اس معزز ایوان میں پیش کروں - تاکہ یہ ظاہر ہو سکے کہ اس وقت بھی یہ خیال ظاہر کیا گیا تھا کہ اس بل کو فوری طور پر نافذ کر دیا جائے - اس کی دفعہ نمبر ۲ - جو تھی اس کا مطلب یہ ہے کہ

"It extends to the :—

(a) Districts of Campbellpur, Dera Ghazi Khan, Gujranwala, Gujrat, Jhelum, Jhang, Lahore, Lyallpur, Mianwali, Montgomery, Multan, Muzaffargarh, Rawalpindi, Shahpur, Sheikhupura, Sialkot, Kalat, Kharan, Las Bela and Makran; and

(b) the leased areas of the former Province of Baluchistan being the Areas defined in the Leased Areas (Laws) Order, 1950 Governor-General's Order No. 3 of 1950), except the Nasirabad Sub-Division of Sibi District. (West Pakistan Act No. III of 1958)."

جناب والا - اسی سال گزرنے کے بعد جبکہ دور غلامی کی ایک یادگار وہ حاکم (میں موجودہ حاکموں کو ان سے تشبیہ نہیں دیتا - لیکن وہ حکام) جو چنگیز خان اور ہلاکو

کے جانشین تھے - جنھوں نے ہمارے برصغیر کی اسوقت کی پچیس تیس کروڑ کی آبادی کو غلام بنانے کے لئے اس قانون کو رائج کیا تھا اور اس قانون کے تحت یہ کر دیا تھا کہ وہ زمیندار محض غلاموں کی حیثیت سے کام کریں -

Mr. Ahmad Mian Soomro: Point of Order Sir. We are only discussing clause 2 of the bill. He can only be relevant as far as clause 2 is concerned Changez Khan does not come in clause 2, Sir.

Malik Muhammad Akhtar: He is coming in.

Mr. Speaker: Let us see how he is relevant.

وزیر بنیادی جمہوریت — کیا وہ وسط ایشیا سے ہو کر لاہور واپس آئیں گے -

ملک محمد اختر — جناب سپیکر - میں یہ کہہ رہا تھا کہ جس وقت دور غلامی میں ہمارے حاکموں نے وہ ایک بدنام قانون (لینڈ ریوینیو ایکٹ) کاشتکاروں کو غلام بنانے کیلئے آج سے اسی سال قبل ہماری اسی فیصد آبادی کو غلام رکھنے کے لئے بنایا تھا تو اسوقت بھی انھوں نے یہ کر دیا تھا کہ جو تمام علاقہ جات تھے ان تمام میں بلا امتیاز اس قانون کا نفاذ فوری طور پر کر دیا تھا - تو اب اگر یہ قانون اچھا ہی ہے اور اگر یہ ایک بہتر قانون ہے ، اگر اس قانون پر ہمارے قائد ایوان کو ناز ہے ، اگر وہ اس قانون پر فخر کرتے ہیں کہ وہ ایک اچھا قانون لائے ہیں - تو میں ان سے براہ راست یہ سوال کرتا ہوں کہ اس قانون کا نفاذ یک لخت تمام مغربی پاکستان میں کیوں نہیں کر دیا گیا ہے - مجھے خدشہ ہے کہ وہ پھر تحریک استحقاق لے آئیں گے ، اگر وہ برا نہ منائیں ، تو میں عرض کرونگا کہ "A bad workman always quarrels with his tools" کہیں ایسا نہ ہو ، کہ وہ مجھے پھر نکالنے کے لئے کوئی جواز تلاش کریں - اس لئے میں یہ الفاظ کہتے ہوئے ان سے معافی مانگتا ہوں اور یہ فقرہ میں نے محاورے کے طور پر ہی استعمال کیا ہے - میں ان کی شان اقدس میں گستاخی نہیں کرنا چاہتا ہوں - وہ واجب الاحترام ہیں ، لیکن وہ ایک نیا طریقہ، بیوروکریسی کا ایک نیا ہتھیار اپنے ہاتھ میں محفوظ رکھنا چاہتے ہیں - یعنی میری مراد یہ ہے کہ وہ جس علاقہ میں چاہیں اس قانون کو نافذ کریں - اور جس علاقے کو چاہیں - اسکو اس provision

سے مستثنےٰ قرار دیں - میں نہیں سمجھتا کہ اسکی کیا وجوہات ہیں - میں مؤدبانہ گزارش کرونگا کہ یہ حکومت جو ہر بات کے لئے کوئی نہ کوئی قانون لے آتی ہے - اور آرڈیننسوں کے ذریعے حکومت کرنا چاہتی ہے - جب یہ بل اب لے ہی آئی ہے - تو پھر اب اس بل پر بحث کرنے سے وہ کیوں گھبراتے ہیں - اور میرے خدشات اور بھی مضبوط ہو جاتے ہیں اگر اس بل کو جوں کا توں پاس کر دیا جائے ، اگر اس کلاز میں ترمیم نہ کی جائے - اگر وہ اس کلاز میں ترمیم کر لیتے - تو پھر میں نہ یہ بات کہتا اور نہ ہی اپنی ترمیم دیتا - کیونکہ اس قانون کے جوں کے توں پاس ہو جانے سے ایک طبقے کو ،کاشتکار طبقے کو ، سندھ کے علاقے کے کاشتکاروں کو، اور جب اب سندھ کا لفظ آیا ہے - تو میں اس بات کی وضاحت کر دوں کہ مجھے اپنے سندھی نمائندوں، کاشتکاروں اور زمینداروں سے اسی قدر ہمدردی ہے - جسقدر کہ سندھ کے نمائندوں کو ہے - اور یہ اسکا واضح ثبوت ہے - کہ یہ بل شاید سیلیکٹ کمیٹی میں مہینوں چلتا رہتا -

Sahibzada Noor Hassan : Point of Order, Sir, The House is not in quorum.

Mr. Speaker : Let there be a count. *(count was taken).*
The House is not in quorum. Let the bells be rung. *(bells were rung).*
The House is now in quorum. Yes, Malik Muhammad Akhtar.

ملک محمد اختر — جناب والا - میں مؤدبانہ گزارش کر رہا تھا کہ یہ قانونی دفعات وہی ۱۹۰ یا ۱۹۷ یا ۱۹۸ جتنی بھی دفعات ہیں -

Mr. Ahmed Mian Soomro : On a point of order again, Sir. He is talking of 190 clauses but we are at clause 2, and are not discussing the the bill as a whole.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I do not want to be interrupted at every stage.

Mr. Ahmed Mian Soomro : I have every right to point out to the Speaker.

Mr. Speaker : Yes, Malik Akhtar.

ملک محمد اختر — جناب سپیکر - میں یہ گزارش کر رہا تھا - کہ یہ وہی دفعات یا تو—— میں اپنی ترمیم واپس لینے کے لئے تیار ہوں - اگر قائد ایوان اس بات کی جرأت فرمائیں

کہ وہ اس بات کی تردید کر دیں ۔ کہ یہ دفعات جو اسی سال پہلے تھیں ان ہی کو دھرایا جا رہا ہے ۔

Mr. Speaker : Please be specific and discuss clause 2. Do not discuss the Land Revenue Bill as a whole.

ملک محمد اختر — بہت اچھا جناب ۔ تو یہ استثنے کرنا کہ جس علاقے میں یہ چاہیں ۔ اس قانون کو نافذ کر دیں اور جس جگہ چاہیں اسکو نافذ نہ کریں ۔ اسکی یہ ۱۹۷ دفعات جس سے کہ میرے معزز رکن کو کافی اضطراب پیدا ہوا ۔ اسی سال سے یہ دفعات in operation ہیں ۔ اور ہمارے جو ممبر بورڈ آف ریونیو ہیں ۔ ہمارے جو ریونیو افسران ہیں ، ہمارے کمشنر ، ہمارے منسٹر ، بلکہ ہمارے تحصیلدار، نائب تحصیلدار اور ہمارے پٹواری تک اس قانون سے واقف ہیں ۔ تو بتائیے کہ ایک قانون جو اسی سال سے اس یونٹ کے ایک سابقہ سب سے بڑے صوبے میں چل رہا تھا ۔ اور جس میں وقتاً فوقتاً ہم نے بیسیوں ترامیم کرنے کے بعد اسے upto standard اور upto the mark کر دیا تھا ۔ اس میں ایسی دفعہ رکھنا جس سے کہ اس قانون کو کسی علاقے میں نافذ کرنا اور کسی علاقے کو مستثنے قرار دینے کا اختیار لے رہے ہیں کس حد تک درست ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اگر میں کہوں اور اپنے خدشات کا اظہار کروں کہ چونکہ اس سے مالیہ میں کمی واقع ہونی ہے ۔ حکومت اپنے عزائم کے لئے لوگوں کو اپنا آلہ کار بنانے کے لئے اور political ends کو حاصل کرنے کے لئے اس بات کا خدشہ ہے ۔ کہ اسے بعض علاقہ جات میں نافذ کرے گی اور بعض علاقہ جات میں نافذ نہیں کرے گی ۔ یہی میرے خدشات کی بنیاد اور اساس ہے اور میں اس میں حق بجانب ہوں ۔ میں اپنے ان دوستوں سے معافی مانگوں گا اور سندھ کے نادان دوستوں کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اس قانون کو بغیر دیکھے اور بغیر سمجھے جیسا بھی ہے کس طرح قبول کریں گے ۔

Haji Syed Muhammad Murad Shah : Will you please withdraw these words.

ملک محمد اختر — میں یہ الفاظ واپس لیتا ہوں ۔

جناب سپیکر — میں گزارش کر رہا تھا کہ یہ ایسے اختیارات ہیں کہ ان کے ذریعہ لوگوں پر pressure ڈالا جائے گا ۔

Mr. Speaker : Please be relevant to the clause.

ملک محمد اختر — میں حکومت کو ہر گز حق بجانب قرار نہیں دیتا ۸۰ سال کے بعد ایک آزمودہ قانون کو جو اچھا ہے یا برا ۔ نافذ کر رہے ہیں ۔ یہ ایک Tried قانون ہے ۔ اس میں بھی آپ exceptions کر رہے ہیں ۔

جناب سپیکر — اس کے بعد میں یہ گزارش کروں گا کہ یہ جو کلاز ۲ (۲) ہے ۔ یہ بھی نہایت سنگین نتائج کی حامل ہے ۔ اس کلاز کے مطابق ۔

"(2) While such exception as aforesaid remains in force, Government may frame rules for the regulation of the matters so excepted. So far as may be, the rules shall be consistent with the provisions of this Act and shall specify the period for which such exception shall remain in force."

جناب سپیکر — اس میں تین قانون کے تضاد پائے جاتے ہیں سب سے پہلے وہ یہ کہتے ہیں کہ یہ قانون ناقص ہے کہ اسے استعمال نہیں کیا جائے گا ۔ اس کے بعد ہمارے Board of Revenue کے فاضل ممبر فوری طور پر یہ کہتے ہیں کہ جہاں پر اس بل کا نفاذ نہیں کیا جائے گا وہاں پر ہم یہ کر دیں گے کہ اس قانون کے تحت اور اس قانون کے مطابق جو inconsistent نہ ہو رولز بنا کر حکومت کریں گے ۔

جناب والا — یہ تضاد ہے ۔ اسکو یہ کہنا کہ یہ defect نہیں اور کوئی تضاد نہیں غلط ہے ۔ اور یہ اگر یہ کہیں کہ اس contradictory قانون کو آنکھیں بند کر کے منظور کرو اور انگوٹھا لگا دو ورنہ بصورت دیگر کان سے پکڑ کر نکالے جانے کے لئے تیار رہو ۔ یہ dictatory نہیں تو اور کیا ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو)— کیا یہ کلاز ۲ میں آئی ہے ۔

ملک محمد اختر —یہ کلاز ۲ میں آتی ہے ۔ پھر وہ فرماتے ہیں ۔ کہ میں نے discussion کے لئے ایک ماہ کہہ دیا ہے ۔

Mr. Speaker : The Member should not discuss that thing.

ملک محمد اختر —جناب والا ۔ اگر یہ کہا جاتا ہے تو مجھے قابل قبول ہوتا کہ یہ عوام کے لئے مفید نہیں ہے ۔ اب تو مجھے اس سے بھی آگے جانا پڑا تو جاؤں گا ۔

Mr. Speaker : The member may please be relevant to the clause.

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر یہ بات ہوتی ۔ کہ جس جگہ دوسرے قوانین کو repeal کیا جا رہا ہے وہ تب repeal ہوتے جب نیا West Pakistan Land Revenue Act بن جاتا تو یہ چیز قابل قبول ہوتی ۔

اب جناب میں نہائیت relevant بات کرونگا ۔ آپ جیسے دانشمند سپیکر کرسی پر بیٹھے ہیں ۔ اور مجھے توقع ہے کہ آپ میری بات کو مان لیں گے ۔

جناب والا — دفعہ ۱۹۶ کے تحت جو قوانین repeal ہوں گے یہ ہیں ۔

The Punjab Land Revenue (Amendment) Act, 192.
The Punjab Land Revenue (Amendment) Act, 1928.
The Punjab Land Revenue (Amendment) Act, 1929.
The Punjab Land Revenue (Amendment) Act, 1934.
The Punjab Land Revenue (N..W. F. P.) Amendment Act, 1935.
The Punjab Land Revenue (Amendment) Act, 1950.
The Punjab Land Revenue (Second Amendment) Act, 1950.

مسٹر سپیکر —یہ تمام لسٹ میں ہیں ۔

That is there we know it.

ملک محمد اختر — میں مودبانہ گذارش کر رہا تھا ۔

مسٹر حمزہ— پوائنٹ آف آرڈر ۔ دوسرے ممبران سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ ان کو سب کچھ معلوم ہو ۔ جب کہ ہمارا یہ اعتراض ہے ۔ کہ سیلیکٹ کمیٹی جس کے سامنے یہ بل پیش کیا گیا تھا ۔ اس نے بھی اسے نہیں پڑھا ۔

مسٹر سپیکر —جب ہم ایک بل پر بحث کر رہے ہیں ۔ بل کی کاپیاں circulate ہو چکی ہیں ۔ تو آپ کو

presume کرنا چاہیے کہ ہر ممبر اس کے contents کو جانتا ہے ۔

رانا پھول محمد خان — پوائنٹ آف آرڈر ۔ مسٹر حمزہ نے کہا ہے ۔ اور دوسرے ممبران نے اس بل کو نہیں پڑھا انہوں نے ہمیں اندھے اور بیوقوف قرار دیا ہے ۔ کیا انہیں اپنی قابلیت کی بد ہضمی ہے ۔ میں ان سے درخواست کروں گا ۔ کہ وہ یہ الفاظ واپس لیں ۔ ان سے ہماری بے عزتی ہوتی ہے ۔

مسٹر حمزہ —ان الفاظ کو اگر وہ اپنی طرف منسوب کر لیں ۔ تو یہ میرے بس کا روگ نہیں ۔

ملک محمد اختر — جناب سپیکر ۔ میں عرض کروں گا ۔ کہ شیڈول نمبر ۱ میں ۱۶ قوانین ہیں ۔ اور Part II میں کم از کم چھ سات ہیں ۔

Mr. Ahmad Mian Soomro: The Schedules have relevance to clause 196 and not clause 2 of the Bill.

Mr. Speaker: May I know from the Member how is it relevant?

ملک محمد اختر— یہ اس طرح relevant ہے ۔ کہ تمام کے تمام قوانین کو ہم نے یکدم repeal کر دیا ہے ۔ اس کے بعد نیا قانون آئے گا ۔

There will be no Revenue Laws in certain areas, which will be excepted.

جہاں پر exception کے بعد نئے قانون کا نفاذ تو نہیں ہو سکے گا ۔ لیکن تمام قوانین repeal ہو جائیں گے ۔ وہاں پر حکومت کیا طریق کار اختیار کرے گی ۔ اب اس کے لئے آپ powers مانگ رہے ہیں تاکہ رولز بنائیں ۔ میں اسی exception کی provision کو oppose کر رہا ہوں ۔ So I am relevant.

مسٹر حمزہ — پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سمرو صاحب anxious تھے ۔ کہ یہ بل جلد از جلد پاس ہو جائے ۔ لیکن جب وہ اعتراض کرتے ہیں تو نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بحث لمبی ہو جاتی ہے ۔ میں ان سے التجا کروں گا ۔ کہ اس طرح ان کی anxiety ان کو غلط راستہ پر لے جائے گی ۔

Mr. Speaker: This is no point of order.

ملک محمد اختر— میں پوری کاز کو نہیں پڑھتا - کیونکہ مجھے اجازت نہیں - صفحہ ۸۳ پر ۱۶ قانون ہیں - اور صفحہ ۸۴ پر Part II کے سات قوانین ہیں - جو سندھ کے متعلق ہیں ان کو refer کرتا ہوں - وہ Sind Revenue Code میں ہیں -

1. The Sind Revenue Jurisdiction Act, 1876.
2. The Bombay Land Revenue Code, 1879.
3. The Sind Land Revenue Code, 1879.
4. The Sind Village Officers Act, 1881.

ان کے علاوہ یہ قوانین ہیں -

5. The Punjab Land Revenue Act, 1887.
6. The Punjab Land Revenue Act, 1887 (for N.-W. F. P.).
7. The Punjab Land Revenue Act, 1887 (for Baluchistan, etc).

وہ ۱۶ اور یہ سات قوانین ہیں - اس طرح کل ۲۳ قوانین ہیں - جن کی jurisdiction کو رواز replace کر دیں گے - جناب والا - آپ ہم سے تعاون چاہتے ہیں - خدا کی قسم - ہم تعاون کرنے کو تیار ہیں لیکن آپ کی جو غلطی ہے - آپ اس غلطی کو تسلیم کر کے ترمیم کریں - جس وقت یہ بل پاس ہو کر ایکٹ بنے گا تو یہ ۲۳ قوانین repeal کرتا ہوں گے -

These 23 Laws will stand repealed.

اور اس کے بعد جو نیا بل لینڈ ریونیو ایکٹ آف ویسٹ پاکستان enforce ہوگا - اور وہ جب enforce ہو گا تو آپ کی پاورز یہ ہوں گی کہ کسی جگہ آپ exception کر دیں تو جب آپ exception کر دیں گے تو یہ vacuum کیسے پورا ہو گا - وہ vacuum اس طرح سے پورا ہوگا -

"(2) While such exception as aforesaid remains in force, Government may frame rules for the regulation of the matters so excepted. So far as may be, the rules shall be consistent with the provisions of this Act and shall specify the period for which such exception shall remain in force".

اب جناب والا - تین باتیں ہیں ایک تو آپ exception کر دیں گے دوسرے ان ۲۳ قوانین کا subsitute لا رہے ہیں اور وہ substitute لا رہے ہیں جو گورنمنٹ رولز بنائے گی - میں کہتا ہوں کہ آپ کے جو اختیارات ہیں یہ کانسٹی ٹیوشن کی دفعہ ۷۷ ،۷۸ اور ۷۹ کے منافی ہیں اور یہ اختیارات fundamental right کے منافی ہیں - کہ آپ ملک میں کسی جگہ بھی دو قوانین نہیں رکھ سکتے آپ کے پاس اس کا کوئی justification نہیں ہے - آپ ایسا پہلے بھی کئے ہوئے ہیں اور یہ کوئی

نیا قانون نہیں ہو گا، لیکن یہ بے انصافی ہے اور آپ ملک کے کسی حصہ کے ساتھ ایسا کرنے میں حق بجانب نہیں ہیں - نمبر (۲) سب کلاز کے سلسلے میں ہے چلئے میں اپنے بڑے لائق ریونیو منسٹر جو فرما دیں مانتا ہوں کہ ۱۰—دن یا بیس دن کے period کا تعین کیا جائے گا یعنی exception کرتے وقت بتایا جائے گا اور specify کیا جائے گا کہ کتنے period کے لئے کیا گیا ہے، مگر یہ یار کی زلف دراز کی طرح لمبا بھی ہو سکتا ہے اور ہمارے قائد ایوان یار کی زلف دراز کو کھولتے رہیں -

مسٹر حمزہ— یا اس میں پھنس جائیں -

ملک محمد اختر— اگر اس میں پھنس گئے تو اس علاقہ کا بیڑا غرق ہو جائے گا - جناب سپیکر - چلئے میں یہ بھی مانے لیتا ہوں کہ اگر ہمارے منسٹر صاحب کے پاس اتنا ٹائم ہو کہ وہ period کا تعین کریں اور ۲۳ - قوانین کا substitute لائیں اور وہ رولز بنائیں گے، لیکن نہیں وہ غیر جمہوری رولز کون بنائیں گے وہ تو ہماری گورنمنٹ کے لفٹیننٹ گورنر ریونیو بورڈ کے ممبر ہوں گے - جناب والا - مجھے اس پر شدید احتجاج ہے، شدید اعتراض ہے اور شدید protest کرتا ہوں اس exception کلاز سے انہیں سندھ کے علاقہ کے لوگوں کی victimisation اور ان پر ظلم و ستم روا رکھنے کا موقع ملے گا - حکومت اس کلاز کو اپنے پولیٹیکل ends کے لئے استعمال کرے گی اور اسبات کا بھی خدشہ ہے کہ یہ پراویژن پہلے ہی ہمارے fundamental rights اور constitution کے منافی ہے -

جناب سپیکر - میرا تیسرا نکتہ یہ ہے کہ ہمارا یہ قانون غلط ہے اور جو آپ رول بنائیں گے وہ آپ کے الہامی ہوں گے مگر معلوم نہیں کہ وہ کس nature کے ہوں گے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - اس بل کے کلاز نمبر ۲ پر ملک اختر صاحب نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے میں اس سے پورا اتفاق کرتا ہوں اور چند باتوں کا اس میں اضافہ کرنا چاہتا ہوں -

جناب والا - اس بل کے آنے سے پہلے ہم بہت شور مچ رہے تھے کہ ریونیو کے قوانین یکساں کئے جائیں گے اور سارے ملک میں ایک قانون نافذ کیا جائیگا اور بڑے طمطراق

کیساتھ یہ ۱۹۷—کلاز کا بل جو زیر بحث ہے پیش کیا گیا تھا - میں سمجھتا ہوں کہ اس کا کلاز نمبر ۲ - اس پوری کتاب قانون کی نفی ہے - اس سے نہ صرف یہ کہ حکومت کے پیش نظر جو اس کا اصل مقصد "Consolidation" تھا اس کلاز سے نہ صرف یہ کہ وہ مقصد پورا نہیں ہوتا ، بلکہ اس کے سارے کلاز اور اس ساری دستاویز کی نفی کرتا ہے -

جب آپ یہ کہتے ہیں کہ اس قانون کے جس حصہ کو یا پورے قانون کو ملک کے جس حصہ پر یا پورے ملک پر نافذ کرنے سے مستثنیٰ کر سکتے ہیں تو میں وہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ جس قانون میں یہ دفعہ موجود ہو تو پھر اس کے بارے میں یہ کہا جاتا کہ ملک کے گوشے گوشے میں ایک ہی قانون کے تمام تقاضوں کو آپ پورا کرنا چاہتے ہیں اور ان دونوں باتوں میں اس تضاد کو آپ کس طرح رفع کریں گے - آپ کے سامنے اس وقت سندھ میں پنجاب میں سرحد کے علاقوں میں لینڈ ریونیو کے جو قوانین ہیں اور جو قوانین موجود ہیں اور جو مسائل ان علاقوں کے ہیں وہ آپ کے سامنے ہیں آپ ان سے با خبر ہیں ، لوگوں کی مشکلات آپ کے سامنے ہیں ، آپ ان کو سامنے رکھ کر قانون بنانا چاہتے ہیں اور پھر اس قانون کو معرض وجود میں لائے ہیں ، تو میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو بھی ان کے مسائل اور ان کی مشکلات ہیں یا جو آپ کو معلوم ہیں ، آپ اس قانون کے بناتے وقت اسے حل کیوں نہیں کر دیتے اور حل کرکے اس کو ہمارے سامنے کیوں نہیں لاتے - آخر یہ کسی علاقہ کا مسئلہ ہے - جناب جب ایک قانون ملک کے مختلف صوبوں میں ۸۰—۹۰ سال سے چلا آ رہا ہو اور ملک کے تمام صوبوں میں موجود ہو تو جب اس کی بجگہ آپ دوسرا قانون نافذ کریں گے اور جب یہ تضاد ہوگا تو ملک کے اصل تقاضوں کو پورا کرنا تو کیا آپ مساوات ہی کیسے قائم کریں گے ، ظاہر ہے کہ ریونیو کا یہ قانون سارے ملک پر نافذ ہوگا تو پھر اس کے معنی یہ ہیں کہ اس بل کو بناتے وقت آپ کو پوری اطلاعات پہنچی نہیں

تھیں یا آپ ملک کے حالات سے با خبر نہ تھے اور آپ کو یہ نہیں معلوم تھا کہ کس علاقہ میں کیا شکایت ہے اور قانون کا کونسا حصہ کہاں اور کس طرح نافذ کیا جائے گا - اور وہاں کن مشکلات کا پیش خیمہ ثابت ہوگا - اور اگر یہ حالات آپکو معلوم ہیں تو آپ اس ایوان سے چھپانا چاہتے ہیں اور اس ایوان کو confidence میں نہیں لینا چاہتے اور ملک کو اور ملک کے لوگوں کو مغالطہ میں رکھنا چاہتے ہیں اور اس طرح یہ اختیار کو حاصل کرنا چاہتے ہیں ، شاید اس میں کوئی ذاتی مفاد ہے جسکی وجہ سے آپ قانون کے کسی حصہ کو ملک کے کسی حصہ پر نافذ کرنا چاہتے ہیں اور آپ اس اختیار سے یہ بھی چاہتے ہیں کہ ملک کے کسی حصہ کو اس قانون کی برکت سے محروم کر دیں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ اختیار سراسر سیاسی اختیار ہے آپ ریونیو بل جو لائے ہیں یہ عوام کے مفاد کے نام پر اور consolidation کے نعرے کی بنیاد پر اسے ایوان میں پیش کر رہے ہیں اور آپ سیاسی اختیارات اس طرح حاصل کرنا چاہتے ہیں اور آپ یہ چاہتے ہیں کہ ملک کے جس حصہ کو چاہیں اس سے محروم کر دیں اور جس حصہ کو چاہیں اس بنیاد پر اپنے سابقہ تعاون کرنے پر مجبور کر دیں - یا جو لوگ آپ کی مخالفت کرتے ہیں تو یہ ان کے خلاف استعمال کرنے کا ایک حربہ ہی - اس کلاز نمبر ۲ میں اس قسم کا زہر موجود ہے پھر آگے چلکر فرماتے ہیں آپ اس کلاز میں -

"So far as may be the rules shall be consistent with the provisions of this Act".

یعنی جس علاقہ کو اس قانون کے استفادہ سے محروم کر دیں گے - تو اس کے لئے بورڈ آف ریونیو قوانین و قواعد بنائیگا - پہلے تو میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ ریونیو کے وہ قوانین جو اس ملک میں ۹۰،۸۰ سال سے نافذ ہیں ان کو بھی لوگوں نے ہی سوچ سمجھ کر بنایا تھا اور اس میں تبدیلی کرنے کے لئے آپ نے اس بات کو ضروری سمجھا کہ آپ ریونیو بل لے آئے اور اس ریونیو بل کو مرتب کرنے میں آپ کو کئی مہینے لگے اور وزیر مال کئی مہینوں سے اس میں لگے رہے ظاہر ہے کہ یہ سارا عرصہ ضائع نہیں کیا گیا ، بلکہ اس کی تیاری میں صرف کیا گیا ہوگا -

پھر اس کے بعد جب ایوان میں یہ بل پیش ہوا تو آپ نے اسے سٹینڈنگ کمیٹی کے سپرد نہیں کیا جو کہ یہاں کی منتخب شدہ مجلس قائمہ ہے ۔ آپ نے اس کی بجائے سیلیکٹ کمیٹی کے سپرد کیا اور اس نے درجنوں میٹنگوں میں غور و خوض کے بعد بھی ترامیم اور اضافے پیش کئے ۔ پھر دوسری سیلیکٹ کمیٹی بنی اس نے سر مارا ۔ اس نے اپنے نتیجہ فکر سے ایوان کو مطلع کیا ۔ اور اب آج یہ بل آپ ایوان میں لائے ہیں تو اس پر سیر حاصل گفتگو کی جائے گی اور مسعود صادق صاحب کے قول کے مطابق اس پر کم از کم دو مہینے لگنے چاہئیں ۔ یہ بل بہت اہمیت کا حامل ہے اور جس کو رائج کرنے کے لئے اس ایوان کے معزز ممبروں نے ہفتوں مہینوں اپنا سر کھپایا ہے اور محنت صرف کر کے اس ایوان میں بھیج دیا ہے ۔ پھر یہاں ایوان کے ۱۰۰ ارکان ہیں جو مختلف جگہوں سے آئے ہوئے ہیں انہیں پتہ نہیں کتنی راتیں صرف کر کے اور دماغ سوزی کر کے کئی ترامیم پیش کی ہیں اور آپ یہ بھی فرماتے ہیں کہ یہ بل بہت اہم ہے کیونکہ اتنے لوگوں کا دماغ قانون سازی پر خرچ ہو رہا ہے ۔ جب آپ اس قانون کو کسی خاص علاقے پر نافذ نہیں کریں گے تو اس کے متبادل قانون کے بنانے کا اختیار سنٹرل بورڈ آف ریونیو کے چند افسران کے پاس ہوگا ۔ میں پوچھتا ہوں کہ یہ قانون سازی اور کسی علاقے پر قانون کا اطلاق ہونا اور کسی پر نہ ہونا یہ نہایت ہی نا منصفانہ اور نہایت ہی غیر عادلانہ طریق کار ہے کہ ملک کے ایک حصے پر قانون کا اطلاق ہو اور اس کے دوسرے حصے پر نہ ہو اور جس قانون کی ترتیب میں اور جس کے پاس کرنے میں جس کے غور و خوض کرنے میں ملک کے ۱۰۰ نمائندے شامل ہیں اور پھر وہ لوگ وہ ہیں ۔ جو زمیندار ہیں ، کسان ہیں ، جنہوں نے مہینوں بیٹھ کر اور دن رات کی محنت اور کاوش کے بعد ایک قانون وضع کیا قانون مرتب کیا اور وہ قانون جو ہر لحاظ سے غلطیوں سے پاک سمجھا جانا چاہئیے ، وہ ملک کے ایک حصہ پر نافذ ہوتا ہے اور دوسرے حصہ کو آپ اس قانون کی برکات سے محروم کرنا چاہتے ہیں ، پھر دوسرے حصہ میں جب قانون نافذ ہوتا ہے تو اسے سنٹرل بورڈ آف ریونیو کے چند ملازم جو کہ قوم کے نمائندے نہیں ہیں اور جن کو ملک کے حالات کی خبر نہیں ، لوگوں

کی مشکلات کا علم نہیں ، لوگوں کے مسائل سے واقفیت نہیں، وہ اپنے چیمبر یا کمرے میں بیٹھ کر قانون بناتے ہیں اور ملک کے باقی حصوں میں وہ قانون نافذ کر دیا جاتا ہے ۔ پھر آپ نے غضب یہ کیا جب آپ یہ فرماتے ہیں کہ So far as may be the Rules shall be consistent with the provisions of this Act. یعنی سنٹرل بورڈ آف ریونیو کے افسران پر لازم نہیں ہیں ، بلکہ آپ ان کو چھٹی دیتے ہیں اس بات کی کہ وہ قانون بناتے وقت اس بات کے پابند نہیں ہیں کہ اس نئے قانون کو اس بل کے منشا کے مطابق اس میں یکسانیت پیدا کریں ، بلکہ ان کو آپ اس بات کا اختیار دیتے ہیں کہ جہاں تک ممکن ہو سکے وہ اپنی مرضی اختیار کریں اور کوشش کریں کہ قانون سے مطابقت رکھے ، ان کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے کہ نیا set of laws اس بل کے مطابق ہو ۔ یہ اختیار اس اسمبلی سے لیکر ، اس ایوان سے لیکر آپ چند افسران کو دیتے ہیں کہ وہ ملک کے کروڑوں عوام کے لئے یا ملک کے کروڑوں عوام کے ایک طبقہ اور ایک حصہ کے لئے اپنی مرضی کے مطابق اپنے ذہن کی رسائی کے مطابق جو آگے دیکھنے کی صلاحیت نہیں رکھتے وہ ایسے قانون بنائیں جو اس قانون سے مطابقت بھی نہ رکھیں ۔ یہ طریق کار غیر منصفانہ اور غیر عادلانہ ہے ۔ ملک کے کروڑوں عوام اور ملک کے ایک حصہ کے اوپر آپ اس قانون کو پورے زور کیساتھ نافذ کر دیں اور دوسرے حصہ کو آپ اس قانون کی برکات سے محروم رکھیں تو یہ کہاں کا انصاف ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ دفعہ نہ صرف یہ کہ پورے قانون کی نفی ہے ، بلکہ دستور کی ان provisions کی نفی ہے جو اس ملک کے لوگوں کو انصاف کی ضمانت دیتا ہے اور جو دستور لوگوں کو اس بات کا حق دیتا ہے کہ وہ اپنے مفادات کیلئے مساوی طور پر تحفظ حاصل کر سکیں اور یہ کہ ملک کے ہر ضلع کے لوگ قانون کی نظر میں برابر ہونگے اور ان کو حقوق یکساں ملیں گے اور ان کے اختیار یکساں ہونگے ان کا مفاد بھی یکساں ہوگا ۔ ملک کا دستور اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ ملک کے ہر گوشے میں بسنے والے لوگوں کی حقوق کی نگہداشت کیجائیگی

چاہے وہ لوگ دیہات میں رہتے ہوں ۔ چاہے وہ کوئٹہ کی پہاڑی میں بستے ہوں یا پنجاب کے کھیتوں میں بستے ہوں دستور اس بات کا ان کو حق دیتا ہے کہ قانون کی provisions سے انصاف کے ایک ہی مقرر کئے ہوئے تقاضوں سے ان کے ساتھ معاملہ کیا جائیگا تو پھر آپکو کیا حق حاصل ہے کہ آپ ایک ایسا قانون بنائیں جس سے نہ صرف یہ کہ آپ ان کے حق کو چھین لیں اور قانون بنانے کے اختیارات کو آپ چند ہاتھوں میں دیدیں۔ جو اپنی مجبوریوں کے باعث اس بات کے اہل نہیں ہیں اور نہ اس بات کے مکلف ہیں کہ وہ لوگوں کے حالات کو جان سکیں ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا اس قانون کا یہ کلاز آپ کو یہ ناجائز اختیار دیتا ہے ، غیر منصفانہ اختیار دیتا ہے کہ آپ جن لوگوں کو چاہیں فائدہ پہنچائیں اور جن کو چاہیں آپ انہیں نقصان اٹھانے پر مجبور کر دیں ، اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ ملک میں ایسے حالات موجود ہیں یا ملک میں کوئی ایسا حصہ ہے جہاں پر یہ پورے کا پورا قانون نافذ نہیں کیا جا سکتا تو پھر میں یہ پوچھتا ہوں کہ آپ یہ لا محدود اختیارات کیوں لینا چاہتے ہیں اور یہ غیر محدود اختیارات جنکی کوئی حد ہی نہیں ۔ تو میں پوچھتا ہوں کہ آپ اس قدر لا محدود اختیارات کیوں لینا چاہتے ہیں جس حصہ میں چاہیں اس قانون کا اطلاق کریں اور جس حصہ میں آپ نہ چاہیں وہاں اس کا اطلاق نہ کریں یا اس کے اطلاق کو روک دیں۔ آخر آپ یہ کیوں نہیں کر سکتے تھے کہ آپ واضح طور پر اس بات کو اس قانون میں رکھ دیتے کہ فلاں علاقے میں قانون کا فلاں فلاں حصہ فلاں وقت تک نافذ نہیں ہو سکتا ۔ کیا یہی آپ کے ذہن کی پیداوار ہے اور اگر آپ کے ذہن کی یہی پیداوار ہے تو اس کو قانون کی کتاب میں نہیں ہونا چاہیئے ۔ اگر واقعی آپ چند مشکلات محسوس کر رہے ہیں کہ ملک کے بعض حصے جیسا کہ آپ سوچتے ہیں کسی وجہ سے کسی کو تاہی کیوجہ سے اس قانون کو برداشت کرنے کے لئے یا اس قانون کی provisions کو ہضم کرنے لئے بھی تیار نہیں اور

ابھی ان کا معدہ اس قابل نہیں ہے کہ وہ اس ثقیل قانون کو ہضم کر سکیں تو آپ کے لئے لازم تھا کہ اس کا کوئی آپ متبادل حل سوچتے اور پھر آپ ان علاقوں کی نشاندھی کرتے کہ فلاں فلاں علاقے ہیں ، جہاں اس قانون کا اطلاق فلاں فلاں مدت تک نہیں ہو سکتا پھر میں آپ کو سچا سمجھتا اور مجھے آپ کی نیک نیتی پر اس وقت یقین ہوتا جب آپ واضح طریقے سے ہمیں بتاتے - ایک مدت کا تعین کرتے کہ فلاں مدت تک قانون کا فلاں حصہ فلاں علاقے پر فلاں مشکلات کے باعث نافذ نہیں کیا جا سکتا تو اس وقت ہم اس پوزیشن میں ہوتے کہ ہم اس پر گفتگو کرتے اس وقت ہم یہ بتاتے کہ یہ مشکلات جو آپ نے بتائی ہیں یہ واقعی ٹھیک ہیں یا آپ کے ذہن کی پیداوار ہیں - ہم ان کا حل تلاش کرتے ہم ان کے خلا کو دور کرنے کی کوشش کرتے اور ہم آپ کے ممد اور معاون ہوتے ، لیکن میں دیکھ رہا ہوں کہ اس کلاز کے ذریعے سے جو آپ لا محدود اختیارات لے رہے ہیں آپ ان کے لینے کے مجاز نہیں ہیں - آپ کو اس بات کا حق نہیں ہے - میں یہ شبہ نہیں کرتا ، لیکن آپ کا طرز عمل اس ملک میں ایسا ہی رہا ہے اور میں مطمئن ہوں کہ آپ ان اختیارات کا غلط استعمال کریں گے - کچھ لوگوں کو فائدہ پہنچانے کے لئے اور کچھ لوگوں کو اس قانون کے فوائد سے محروم کرنے کے لئے آپ ان اختیارات کو حاصل کرنا چاہتے ہیں - اس لئے جناب والا - میں اس کلاز کی مخالفت کرتا ہوں بلکہ مطالبہ کرتا ہوں قائد ایوان سے کہ آپ اس کلاز کو اس بل سے خارج کر دیں اور اگر قانون کے راستہ میں کوئی مشکلات ہوں تو ان کے حل کے لئے کوئی واضح کلاز رکھیں جس سے کہ یہ مشکلات دور ہو سکیں -

وزیر مال - جناب والا - جو خطرہ ، خدشہ یا شبہ ان کے دل میں ہے وہ بیجا ہے اور اس میں کوئی حقیقت نہیں ہے میں عرض کر چکا ہوں -

مسٹر سپیکر - خانصاحب کیا آپ اس کا جواب دے رہے ہیں ؟

وزیر مال - جی ہاں - جواب دے رہا ہوں -

مسٹر سپیکر - آپ تشریف رکھیں - میری عدم موجودگی میں ایوان میں تحریک پیش ہوئی کہ کل اور پرسوں جو پرائیویٹ ممبرز ڈے ہوں ان کی بجائے سات،آٹھ، نو اور گیارہ تاریخ کو پرائیویٹ ممبرز ڈے رکھے جائیں اور کل کے دونوں دن سرکاری کام کے لئے وقف کئے جائیں ، چونکہ اس وقت ڈپٹی سپیکر صاحب یہاں تشریف فرما تھے اور انہوں نے یہ فیصلہ دیا کہ سپیکر نے اس کا فیصلہ کرنا ہے تو پیشتر اس کے کہ میں فیصلہ کروں میں اس تجویز کے متعلق قائد ایوان سے معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا یہی تجویز تھی جو میں نے دوہرائی ہے -

وزیر مال - تجویز یہی تھی— سات، آٹھ، نو اور گیارہ — دس کو اتوار ہے اور یہ چار دن نان آفیشل بلوں کے لئے رکھے جائیں اور اس سے پیشتر جو تین دن ہیں ان پر سرکاری کام کیا جائے -

مسٹر سپیکر - اس کے متعلق آپوزیشن کی کیا رائے تھی ؟

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - میری سوچی سمجھی رائے یہ ہے کہ ایوان کی کارروائی اس طور پر چلائی جائے کہ پرائیویٹ ممبران کے لئے موقع مہیا ہو سکے کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں - باقی جو بل آچکا ہے وہ دو دن بعد بھی آ سکتا ہے - اس میں کوئی ایسا مسئلہ نہیں - اس بل کو سالوں سے آپ تیار کر رہے ہیں، اگر دو دن اس میں التوا ہو جائے تو نہ آسمان ٹوٹ پڑے گا اور نہ زمین پھٹ جائیگی -

مسٹر سپیکر - چونکہ یہ معاملہ ایوان کے سامنے آیا ہے ہمیں ایوان کی رائے معلوم کرنی چاہیئے جو حضرات چاہتے ہیں کہ کل Private Members' Days نہ ہو اور ۷ ، ۸ ، ۹ اور ۱۱ کو Private Members' Days ہوں - وہ اپنی نشستوں پر کھڑے ہو جائیں (۹ ممبر کھڑے ہوئے)

اب وہ صاحبان جو یہ چاہتے ہیں کہ کل اور پرسوں Private Members' Day ہوں وہ اپنی نشستوں پر کھڑے ہو جائیں -(۵ ممبر کھڑے ہوئے)

چونکہ اکثریت کی رائے یہ ہے کہ کل اور پرسوں کی بجائے ۷، ۸، ۹ اور ۱۱ کو Private Members Days' ہوں اس لئے کل اور پرسوں

Private Members, Days نہیں ہونگے - ۷، ۸، ۹ اور ۱۱ کو Private Members, Days ہونگے -

اب اسمبلی کا اجلاس کل ساڑھے آٹھ بجے صبح تک ملتوی کیا جاتا ہے -

The Assembly then adjourned till 8·30 a.m. on Thursday, the 30th June, 1966.

APPENDIX I

(Ref : Starred Question No. 2135)

STATEMENT SHOWING INFORMATION IN RESPECT OF NEW AND ON-GOING SCHEMES IN CHAGAI IRRIGATION DIVISION DURING THE YEAR 1964-65 AND 1965-66

(*i*) As per Column Nos. 1, 2 and 3 of Statement 'A' for 1964-65 and Column Nos. 1, 2 and 3 of Statement 'B' for 1965-66.

(*ii*) As per Column Nos. 4 and 5 of Statement 'A' for 1964-65 and Column Nos. 4 and 5 of Statement 'B' for 1965-66.

(*iii*) As per Column Nos. 6 of Statement 'A' and 'B'.

(*iv*) As per Column No. 7 of Statement 'A' and 'B'.

(*v*) As per Column Nos. 8 and 9 of Statement 'A' and 'B'.

(*vi*) As per Column Nos. 10 and 11 of Statement 'A' and 'B'.

(*vii*) As per Column Nos. 12, 13, 14—, of Statement 'A' for 1964-65 and Column Nos. 12, 13 and 14 of Statement 'B' for 1965-66.

(*viii*) As per Column Nos. 15, 16, 17 and 18 of Statement 'A' for 1964-65 and Column Nos. 15, 16, 17 and 18 of Statement 'B' for 1965-66.

IRRIGATION SCHEMES IN CHAGAI

Serial No.	Name of Scheme	Estimated Cost	Date on which tenders were invited
1	2	3	4
1	Reconditioning and Improvement of Lidgi Karez ..	18,770	13-5-64
2	Reconditioning and Improvement of Padgi Karez ..	17,320	13-5-64
3	Lining of Ahmadwal Karez	19,509	11-3-65
4	Extension of Right Side Guide Bund of Bore Nullah ..	19,607	26-4-65
5	Lining of Sardar Wal Karez	10,791	11-3-65
6	Excavation of Nokjo Karez	46,520	24-3-65
7	Excavation of Shamowal Karez	49,522	24-3-65
8	Excavation of Haroonwal Karez	30,717	26-4-65
9	Excavation and Improvement of Badal Karez ..	22,075	11-3-65
10	Extension and Improvement of Qaimkhanwal Karez ..	27,840	24-3-65
11	Shahrab Spring Irrigation Scheme	26,250	24-3-65
12	Lining of Dad Karim Wal Karez	24,154	11-3-65
13	Lining of Bibi Basowal Karez	14,950	11-3-65
14	Lining of Purj Ali Wal Karez	31,970	11-3-65
15	Construction of 2 No. T-Spurs along thal bund in Zangi Nawar Area.	11,351	26-4-65

DISTRICT FOR THE YEAR 1964-65

Name of contractor and rate allowed	Date of Start	DATE OF COMPLETION SCHEDULED	TOTAL OUSECS WATER AVAILABLE	
		Actual date of completion	Before commencement	After completion for which scheme designed
5	6	7	8	9
Mir Atta Muhammad, 99% ..	20-6-64	30-9-64	0·3	0·50
		30-6-65		
Mir Atta Muhammad, 99%	20-6-64	30-9-64	0·3	0·60
		30-6-65		
Haji Khuda-e-Nazar, 97% ..	20-3-65	30-6-65	0·5	0·75
		30, 6-65		
Khawaja Sajad, 98% ..	20-5-65	20-7-65	..	..
		In Progress		
Abdul Hamid Mengal, 98% ..	20-3-65	30-6-65	0·2	0·50
		30-6-65		
Haji Khuda-e-Nazar, 98% ..	5-4-65	30-6-66	..	0·40
		In Progress		
Haji Khuda-e-Nazar, 85% ..	5-4-65	20-7-66	..	0·50
		In Progress		
Rais Fiaz Muhammad Baluch, 75%	20-6-65	31-8-66	..	0·50
		In Progress		
Mir Abdul Khalique, 85% ..	1-4-65	31-8-66	0·2	0·40
		In Progress		
Mir Abdul Khalique, 85% ..	10-4-65	31-8-66	0·1	0·40
		In Progress		
Mir Azad Khan Mengal, 90% ..	20-3-65	31-8-66	0·33	0·75
		In Progress		
Mir Atta Muhammad Mengal, 99%	30-3-65	31-3-66	0·25	0·50
		In Progress		
Mir Azad Khan Mengal, 97% ..	30-3-65	31-3-66	0·30	0·50
		In Progress		
Mir Atta Muhammad Mengal, 99%	20-3-65	31-8-66	0·30	0·60
		In Progress		
Khawaja Sajjad, 78% ..	20-6-65	31-8-65	..	..

IRRIGATION SCHEMES IN CHAGAI

Serial No.	Name of Scheme	ACREAGE UNDER CULTIVATION	
		Before commencement	After completion
1	2	10	11
1	Reconditioning and Improvement of Lidgi Karez	.. Record not available.	60
2	Reconditioning and Improvement of Padgi Karez	.. Ditto.	60
3	Lining of Ahmadwal Karez	Ditto	100
4	Extension of Right Side Guide Bund of Bore Nullah ..	Flood Protection scheme.	..
5	Lining of Sardar Wal Karez	Record not available.	50
6	Excavation of Nokjo Karez	Ditto.	40
7	Excavation of Shamowal Karez	Ditto.	50
8	Excavation of Harooniwal Karez	Ditto	160
9	Excavation and Improvement of Badal Karez ..	Ditto.	40
10	Extension and Improvement of Qaimkhanwal Karez	Ditto.	40
11	Shahrab Spring Irrigation Scheme	Ditto.	80
12	Lining of Dad Karim Wal Karez	Ditto.	50
13	Lining of Bibi Basowal Karez	Ditto.	50
14	Lining of Purj Ali Wal Karez	Ditto.	70
15	Construction of 2 No. T-Spurs along Thal Bund in Zangi Nawar Area.	Flood protection scheme.	..

DISTRICT FOR THE YEAR 1964-65—*contd.*

BUDGET ALLOTMENT 1964-65			Expenditure upto 30-6-65	EXCESSES AND SURRENDERS, PRESUMING THAT FUNDS DEMANDED UNDER COL No. 14 ARE ALLOTTED		Reasons
Original grant	1st List	2nd List as demanded		Excess	Surrender	
12	13	14	15	16	17	18
18,740	18,740	18,740	7,970	..	—10,774	Only the necessary portion of work completed, unnecessary portion deleted.
17,320	17,320	17,320	2,663	..	—14,657	Ditto.
19,110	19,110	19,110	19,220	110	..	Minor Variation.
19,780	19,780	19,780	19,685	95	..	Ditto.
10,660	10,660	10,660	9,061	..	—1,599	Due to late start of work and slow progress by local contractor nominated by Political Agent.
21,000	21,000	21,000	12,375	..	—8,625	Ditto.
25,000	25,000	25,000	21,968	..	—3,032	Ditto.
30,000	30,000	30,000	7,497	..	—22,503	Ditto.
20,000	20,000	20,000	12,445	..	—7,555	Ditto.
20,000	20,000	20,000	16,846	..	—3,154	Ditto.
26,400	26,400	26,400	19,982	..	—6,418	Ditto.
24,000	24,000	24,000	21,282	..	—2,718	Ditto.
15,000	15,000	15,000	9,850	..	—5,150	Ditto.
32,000	32,000	32,000	14,913	..	—17,087	Ditto.
11,360	11,360	11,360	90	..	—11,270	As water was standing at site, the work could not be started till the end of the year.

IRRIGATION SCHEMES IN CHAGAI

Serial No.	Name of Scheme	Estimated Cost	Date on which tenders were invited
1	2	3	4
1	Reconditioning and Improvement of Lidgi Karez ..	18,770	13-5-64
2	Reconditioning and Improvement of Padgi Krarez ..	17,320	13-5-65
3	Lining of Ahmadwal Karez	19,509	11-3-65
4	Lining of Sardarwal Karez	10,791	11-3-65
5	Excavation of Nokjo Karez	46,520	24-3-65
6	Excavation of Shamowal Karez	49,522	24-3-65
7	Excavation of Haroonwal Karez	30,717	26-4-65
8	Excavation and Improvement of Badal Karez ..	22,075	11-3-65
9	Extension and Improvement of Qaim wal Karez ..	27,340	24-3-65
10	Shakrab Spring Irrigation Scheme	26,250	24-3-65
11	Lining of Dad Karimwal Karez	24,154	11-3-65
12	Lining of Bibi Basowal Karez	14,950	11-3-65
13	Lining of Burj Ali wal Karez	31,970	11-3-65
14	Construction of 2 No. T-Spurs along Thal Bunds in Zangi Nawar Area.	11,951	26-4-65

DISTRICT FOR THE YEAR 1965-66

Name of contractor and rate allowed	Date of Start	DATE OF COMPLETION SCHEDULED	TOTAL CUSECS WATER AVAILABLE	
		Actual date of completion	Before commencement	After completion for which scheme designed
5	6	7	8	9
Mir Atta Muhammad, 99% .. above M.E.S. Schedule	20-6-64	30-9-64	0·3	0·50
Ditto	20-6-64	30-6-65 30-9-64	0·2	0·60
Haji Khuda-e-Nazar, 97% ..	20-3-65	30-6-65 30-6-65	0·5	0·75
Abdul Hamid Mengal, 98% ..	20-3-65	30-6-65 30-6-65	0·2	0·50
Haji Khuda-e-Nazar, 98% ..	5-4-65	30-6-65 30-6-66	..	0·40
Haji Khuda-e-Nazar, 85% ..	5-4-65	31-12-65 30-7-66	..	0·50
Rais Faiz Muhammad Baluch, 75%.	5-5-65	31-12-66 31-8-66	..	0·50
Mir Abdul Khalique, 95% ..	20-3-65	In Progress 31-8-66	0·2	0·40
Mir Abdul Khalique, 85% ..	10-4-65	In Progress 31-8-66	0·1	0·40
Mir Ahmad Khan Mengal, 90%	20-3-65	In Progress 31-3-66	0·33	0·75
Mir Atta Muhammad Mengal, 99%	20-3-65	In Progress 31-3-66	0·25	0·50
Mir Azad Khan Mengal, 97% ..	20-3-65	31-3-66 31-3-66	0·30	0·50
Mir Atta Muhammad Mengal, 99%	20-3-65	31-3-66 31-8-66	0·20	0·60
Khawaja Sajjad, 73% ..	20-6-65	In Progress 31-6-65 31-8-65	..	

IRRIGATION SCHEMES IN CHARSADDA

Serial No.	Name of Scheme	ACREAGE UNDER CULTIVATION	
		Before commencement	After completion (Projected)
1	2	10	11
1	Reconditioning and Improvement of Lidgi Karez ..	Record not available.	60
2	Reconditioning and Improvement of Padgi Karez ..	Ditto.	80
3	Lining of Ahmad wal Karez	Ditto.	100
4	Lining of Sardarwal Karez	Ditto.	50
5	Excavation of Nokjo Karez	Ditto.	40
6	Excavation of Shamowal Karez	Ditto.	50
7	Excavation of Harooniwal Karez	Ditto.	100
8	Extension and Improvement of Badal Karez ..	Ditto.	40
9	Extension and Improvement of Qaimwal Karez ..	Ditto.	40
10	Shakrab Spring Irrigation Scheme	Ditto.	80
11	Lining of Dad Karim wal Karez	Ditto.	50
12	Lining of Bibi Basowal Karez	Ditto.	50
13	Lining of Burj Aliwal Karez	Ditto.	70
14	Construction of 2 No. T-Spurs along Thal Bund in Zangi Nawar Area.	Flood Protection Scheme.	..

DISTRICT FOR THE YEAR 1965-66—*contd.*

BUDGET ALLOTMENT			Actual expenditure up to 30-4-66.	EXCESSES AND SURRENDERS, PRESUMING THAT FUNDS AS DEMANDED UNDER COL. NO. 14 ARE ALLOTTED		Reasons
Original grant	1st List	2nd List as demanded		Excesses (+)	Surrenders (—)	
12	13	14	15	16	17	18
1,000	1,000	4,000	..	..	4,000	Work completed. No amount required.
1,000	1,000	6,000	..	..	6,000	Ditto.
210	210	500	..	..	140	Ditto.
1,500	1,500	2,500	813	..	1,687	Work near completion. Bala Funds will be utilized if List figures are communicated in time
34,000	34,000	34,000	28,170	..	5,830	Ditto.
15,000	15,000	27,500	19,213	..	8,287	Work near completion Excesses to clearance of previous years liabilities against which insufficient funds allotted.
10,000	10,000	28,500	9,500	..	14,000	Work suspended as funds demanded under 2nd List not yet finalised.
9,600	9,600	9,600	6,750	..	2,840	Work completed. Liabilities under clearance.
11,000	11,000	11,000	8,310	..	2,690	Ditto.
6,000	6,000	6,000	3,760	..	2,240	Ditto.
2,500	2,500	2,500	1,530	..	970	Ditto.
1,000	1,000	5,000	5,600	..	600	Work completed. Minor excess to clearance of previous liabilities.
2,000	2,000	17,000	210	..	16,790	Funds will be utilized if record of 2nd List is communicated in time.
10,000	10,000	11,800	11,800	..	..	Work completed.

Appendix II

(Ref: Starred Question No. 3283)

EMPLOYMENT OF LOCAL INHABITANTS

There are five posts of non-technical officers in the Project at present.

Serial No.	Name of post	Prescribed qualifications
1	Senior Officer Personnel ..	Preferably Graduate, should have wide experience in Administrative and Establishment matters of large Government or Semi-Government Organisations.
2	Camp Officer ..	Preferably be an *Ex*-Army/Air Force/Navy Officer
3	Administration Commandant ..	Should be a senior officer of wide experience
4	Security Officer ..	(*a*) *Ex*-Army Officer with experience in Army intelligence or Security, or passed from Army School of intelligence or experience as a staff officer in a unit or formation of the Army. (*b*) Or *ex*-Police Officer as Group Officer with adequate experience as security/intelligence Officer in Criminal Investigation Department.
5	Senior Officer Administration with Consultants.	Should be an *Ex*-Army officer of wide experience in administrative matters.

INTARBELA DAM PROJECT.

the details of the incumbents are given below:—

PRESENT INCUMBENT		
Name	Domicile	Qualification and experience
Lal Hussain Shah ..	Tehsil Haripur ..	On deputation from Pak. Navy, Graduate. Has 24 years experience in Administration and Establishment.
Rafiq Ahmad Khan ..	Tehsil Haripur ..	Retired Flying Officer of P. A. F.
Lt.-Col. Nasrullah Khan ..	Refugee from Jammu and Kashmir State. Owns landed property in Tehsil Haripur.	Retired Lt.-Col. of Pakistan Army.
Major Said Ghaffar Khan ..	Malakand Agency ..	Reservist of Pak. Army presently again on active service and the post is kept vacant.
Lt.-Col. M.A. Ansari ..	Refugee from U. P. settled at Peshawar.	Retired Lt.-Col. of Pak. Army served as Secretary and Officer on Special Duty (constitution drafting of East Pakistan WAPDA from 1961 to 1966.

APPENDIX III

(NAMES OF MEMBERS PRESENT IN THE ASSEMBLY ON 29TH JUNE, 1966 AT 11.05 A.M.)

Abdul Khaliq Allahwala, Mr.

Abdul Qayum Qureshi, Mr.

Ahmedmian Soomro, Mr.

Allah Yar Khan Langarjal, Malik.

Anwar Aziz, Chaudhri.

Arif Hussain, Mr.

Atta Muhammad Lund, Sardar Haji.

Atta Muhammad Khan Mari Baloch, Rais.

Darya Khan Jalbani, Rais Haji.

Ghulab Khan Shinwari, Haji.

Ghulam Akbar Khan Khakwani, Haji.

Ghulam Ali, Malik.

Imtiaz Ahmed Gill, Chaudhri.

Jalal-ud-Din Khan, Mr.

Mahmood Azam Farooqi, Mr.

Mansab Ali Khan Kharal, Rai

Manzoor Hussain, Mr.

Miraj Din, Mian.

Muhammad Afreen Khan, Khan.

Muhammad Akbar Khan, Khan.

Muhammad Ali, Major Malik.

Muhammad Aslam Jan, Major.

Muhammad Azam, Qazi.

Muhammad Hayat Kalyar, Mian.

Muhammad Iqbal Khan Hiraj Sial, Mr.

Muhammad Iqbal Khan Jadoon, Khan.

Muhammad Muzaffar Khan, Malik.

Muhammad Qasim Mela, Chaudhri.

Munawar Khan, Mr.

Noor Hassan, Sahibzada.

Qurban Ali, Pir.

Rahim Dil Khan, Nawabzada.

Rahim Shah, Syed.

Saifoor Khan, Khan.

Sarmast Khan Afridi, Malik.

Sheikh Umar, Nawabzada.

Sher Ali Shah, Syed.

Wahidullah Khan, Mr.

99 P. L. A.—535—7-1-66.—SGPWP Lahore.

THIRD SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Thursday, the 30th June, 1966.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا
عَلِيْمًا ۝ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ۝
اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ
وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ
يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۝ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا
لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا
بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰۗىِٕكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ۭ وَكَانَ
اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

اللہ اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ کوئی کسی کو علانیہ برا کہے سوائے جو مظلوم ہو۔ اور اللہ سب کچھ سنتا اور جانتا ہے۔ اگر تم لوگ کھلم کھلا بھلائی کرو گے یا چھپا کر برائی سے درگذر کرو گے تو اللہ بھی معاف کرنیوالا صاحب قدرت ہے۔ جو لوگ اللہ سے اور پیغمبروں سے کفر کرتے ہیں اور اللہ اور اس کے پیغمبروں میں فرق کرنا چاہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم بعض کو مانتے ہیں اور بعض کو نہیں مانتے اور ایمان و کفر کے درمیان ایک راہ نکالنی چاہتے ہیں وہ بلاشبہ کافر ہیں اور کافروں کے لئے ہم نے ذلت آمیز عذاب تیار کر رکھا ہے اور جو لوگ اللہ اور اس کے پیغمبروں پر ایمان لائے ہیں اور ان میں سے کسی میں فرق نہیں کیا ایسے لوگوں کو ہم عنقریب اجر عطا فرمائیں گے اور اللہ تو بخشنے والا مہربان ہے۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Mr. Hamza.

DEPARTMENTAL INQUIRY INSTITUTED AGAINST MR. USMAN KHAN, HEAD TRAIN EXAMINER GR. IV, LAHORE RAILWAY STATION.

*1208. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that departmental inquiry was instituted against Mr. Usman Khan, Head Train Examiner, Gr. IV, Lahore Railway Station for mismanagement of railway stores on the basis of Stock Verification Report 1964-65 duly endorsed by Chief Mechanical Engineer, Pakistan Western Railway ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether any action was taken against the said official ; if not, reasons therefor ;

(*c*) whether it is a fact that after the receipt of the said Report the transfer of the said official was ordered from Lahore to Quetta Division in January, 1965 ;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative whether it is a fact that the said transfer was not actually affected ; if so, reasons therefor ;

(*e*) whether it is also a fact that in June, 1965 the transfer of the above named official was ordered from Lahore to Peshawar ;

(*f*) if answer to (*e*) above be in the affirmative, whether it is a fact that the said transfer was not actually affected, if so, reasons therefor ;

(*g*) whether it is a fact that the said official has now been promoted as Carriage and Wagon Inspector, Lahore ; if so, the basis on which his promotion has been made and whether Government would lay a copy of the seniority list of Head Train Examiners, Gr. IV, with the stations of their postings on the Table of the Assembly ?

Minister for Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman):

(*a*) No.

(*b*) Does not arise in view of the reply to (*a*) above.

(*c*) Mr. Muhammad Usman was ordered to be transferred from Lahore to Quetta Division in January 1965. This was, however, a routine transfer and was not connected with an enquiry against him.

(*d*) and (*e*) He submitted a representations against the transfer on medical grounds in support of which he furnished a medical certificate. Arising out of his representation his station of posting was changed from Quetta to Peshawar Cantt.

(*f*) The transfer to Peshawar was not affected as it was pended in consideration of Mr. Usman, s daughter's marriage which had been fixed at that time.

(*g*) Mr. Muhammad Usman, officiated locally as Carriage and Wagon Inspector from 24th April 1965 to 1st September 1965, as a purely temporary measures and as a matter of administrative convenience. He was the only suitable supervisor locally available for promotion as Carriage and Wagon Inspector. He has since been reverted as Head Train Examiner, Grade IV.

This list of Head Train Examiners Grade IV in the order of seniority is given in the attached statement at Annexure 'A.'

ANNEXURE A

LIST OF HEAD TRAIN EXAMINERS GRADE, IV IN ORDER OF SENIORITY

Serial No.	Name	Station of posting	Remarks
1.	Mr. Shamas-ud-Din	Samasatta.	

1	2	3
2.	Mr. Abdul Subhan	... Lalamusa.
3.	Mr. S. Ramzan Ali	... Karachi Cantt.
4.	Mr. H. Jahan	... Lahore.
5.	Mr. Abdul Hamid Qureshi ...	... Rawalpindi.
6.	Mr. N. M. Niazi	... Lahore.
7.	Mr. Nazir Ahmad Khan ...	... Peshawar Cantt.
8.	Mr. Muhammad Bashir Bhatti	... Karachi City.
9.	Mr. Muhammad Usman ...	... Lahore.
10.	Mr. Khurshid Ahmed	... Rawalpindi.
11.	Mr. Sultan Muhammad ...	... Quetta.
12.	Mr. Muhammad Hanif ...	... Sukkur/Karachi.
13.	Mr. Muhammad Abdul Hassan	.. Mari-Indus.
14.	Mr. Abdul Rashid	... Sibi.

مسٹر حمزہ ۔ کیا ۱۹۶۵ء میں اس کی لڑکی کی شادی ہو گئی تھی۔ یا اب تک نہیں ہوئی ؟ آپ نے فرمایا ہے ۔ کہ ان کا تبادلہ محض ان کی لڑکی کی شادی کی وجہ سے روک دیا گیا تھا ۔

وزیر ریلوے ۔ میں نے عرض کیا ہے ۔ کہ ان کا تبادلہ روک دیا گیا

تھا ۔ اور پھر اس کے بعد وہ یہیں رہے ۔ اس کے بعد ان کا تبادلہ ایمرجنسی کی وجہ سے روکا گیا تھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ ویسے تو آپ کو معلوم نہیں ہوگا ۔ کہ یہ ایمرجنسی کب ہمارے گلے سے اترے گی ۔

Mr. Speaker : Next question.

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے سوال کے جواب میں یہ فرمایا ہے ۔ کہ اب مسٹر ایچ ۔ جہان کو انسپکٹر کی آسامی پر لگا دیا ہے ۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی فرمایا ہے ۔ کہ ۶۵ء میں ان سے زیادہ موزوں آدمی موجود نہیں تھا ۔ لیکن چونکہ منسلک لسٹ مجھے دی گئی ہے ۔ اس کے مطابق مسٹر ایچ ۔ جہان اس وقت بھی لاہور میں ہی تھے ۔ تو کیا آپ کی یہ اطلاع غلط نہیں ہے ۔

وزیر ریلوے ۔ پہلے تو سوال یہ ہے ۔ کہ سپیکر صاحب کے 'Next question' پکارنے کے بعد کوئی ضمنی سوال ہو سکتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میرا مطلب next supplementary question تھا ۔

وزیر ریلوے ۔ I am sorry, Sir ۔ تو پھر اس کے متعلق عرض یہ ہے ۔ کہ یہ جو عارضی انتظام ہوتا ہے ۔ یہ بالکل ہی عارضی طور پر کیا جاتا ہے ۔ اور آسامی کے خالی ہونے پر جس آدمی کو زیادہ موزوں سمجھا جائے اسی کو لگا دیا جاتا ہے ۔ اس کی آئندہ ترقی یا سینیارٹی پر یا کسی اور چیز پر اثر نہیں پڑتا ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا عارضی یا مستقل ترقی دیتے وقت امیدواروں کی seniority کو مدنظر رکھا جاتا ہے ۔

وزیر ریلوے ۔ یہ make shift arrangement ہوتا ہے ۔ اگر کہیں ایک دو ماہ کے لیے کوئی جگہ نکل آئے تو وہاں کے cadre کو disturb نہیں کیا جاتا ۔ اور جو آدمی اس کام کے لیے موزوں ہوتا ہے اس کو لگا دیا جاتا ہے ۔ پندرہ بیس روز یا ایک آدھ مہینہ immaterial چیز ہے ۔ اور کسی کی seniority اور pay scale پر اثر انداز نہیں ہوتا ۔

مسٹر حمزہ ۔ محکمہ کی طرف سے جو فہرست مہیا کی گئی ہے ۔ اس میں مسٹر ایچ جہان لاہور میں موجود تھے ۔ ان حقائق کے پیش نظر میں یہ نہیں سمجھتا کہ discretionary powers کو کیوں استعمال کیا گیا ہے اور آپ ذمہ دار اہل کاروں کے خلاف کیا اقدامات لیں گے ؟

وزیر ریلوے ۔ اگر کوئی specific change ہو تو بتائیں ۔ آپ فہرست دیکھیں کہ مسٹر ایچ جہان نمبر ۳ پر ہے اور محمد عثمان نمبر ۹ پر ہے یہ تو ایک make shift arrangement ہے ان چیزوں کو کوئی اہمیت نہیں دی جاتی ۔ اور آئندہ سروس پر یا seniority پر کوئی اثر نہیں پڑتا ۔

مسٹر حمزہ ۔ چلتے چلتے ایک اور سوال کا جواب بھی ارشاد فرمائیں وہ یہ کہ کیا آپ ان کی وکالت کرتے ہیں یا آپ اس بات کا خیال رکھتے ہیں کہ محکمہ ٹھیک طریقہ سے چل رہا ہے یا نہیں ؟

SUPERVISION OF FURNACE IN RAILWAY STEEL SHOP, MOGHALPURA

*1209. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Furnace in the Railway Steel Shop, Moghalpura, is worked in 3 shifts ;

(*b*) whether it is a fact that the day's shift of the said Furnace is supervised by one Foreman of grade III, one Foreman of grade II and one Senior Chargeman and 2 heats are obtained from this shift ;

(*c*) whether it is a fact that the other two shifts of the said Furnace are supervised only by one Junior Chargeman and four heats are obtained from these two shifts ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, reasons for appointing so much staff for supervising the shifts mentioned in (*b*) above ?

Minister for Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) Yes. The Furnance is worked round the clock in three shifts, each of 8 hours on all days of the week including Sundays.

(*b*) No. The factual position is that working of the furnace in the three shifts is directly supervised by Chargemen who are fully qualified to perform these duties. The Foreman, who are on duty during the day, have the overall charge of the Furnace Shop, comprising 8 sections one of which is steel furnace, Work in each section is conducted under the direct supervising of a chargemen. These are the normal arrangements for supervising the work of shops.

In the day shifts as well as in each of the other two shifts of the steel furnace section two heats are produced.

(*c*) As stated in reply to part (*b*) above each shifts is directly supervised by a chargeman, and normally, two heats are obtained from each of the three shifts.

(*d*) In view of the position as explained in the reply to (*b*) above, this question does not arise.

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے فرمایا ہے کہ ۸ سیکشن ہیں ۔ ہر سیکشن میں ایک چارج مین ہوتا ہے وہ تین شفٹوں میں کام کرتے ہیں کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آیا واقعی ۲۴ چارج مین کام کر رہے ہیں ؟

وزیر ریلوے ۔ آپ حساب لگا لیں یہ بڑی آسان چیز ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا آپ اس بات کی تصدیق کریں گے کہ واقعی وہاں ۲۴ چارج مین ہیں ۔ میری اطلاع کے مطابق وہاں ۲۴ چارج مین کام نہیں کر رہے ہیں ۔

وزیر ریلوے ۔ آپ مجھے fresh notice دے دیں ۔ میں ان کے نام اور seniority list اور ہر چیز پیش کر دوں گا ۔

HEAD CLERK (P and B) OF RAILWAYS STEEL WORKSHOP

1220. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Head Clerk (P and B) of the Railways Steel Workshop has been absent from his duty for the last six months ;

(*b*) whether it is a fact that the said official has been drawing his pay even for the period of his absence from duty ;

(*c*) whether it is a fact that the work assigned to the said Head Clerk is done by the clerks grade III of the said Steel Shop ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, reasons therefor ?

Minister for Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) No. The Head Clerks (Personnel and Budget), was not absent from duty. The factual position is that he proceeded on leave on average pay on 29th September 1965 and on expiry of the leave resumed duty on 15th January 1966.

(*b*) The question does not arise as he did not remain absent from work. He was duly paid his leave salary, for the period he was on leave.

(*c*) No. The correct position is that in January 1965, it was found necessary to recast seniority lists of Steel Shop Staff. This being a very important work was entrusted to the Head Clerk, (Personnel and Budget), on a whole time basis, and in this connection certain adjustment of his routine and other supervisory, duties became necessary. His routine work was, therefore, distributed between other clerks in the office, under the direct supervision of the officers.

(*d*) In view of the above replies, the question does not arise.

مسٹر حمزہ ۔ آپ ۔ میرے سوال کے حصہ (ج) کے جواب میں فرمایا ہے ۔ کہ سٹیل شاپ سٹاف کی seniority list کو recast کرکے ان کا تعین کیا گیا ہے ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا آپ کی سٹیل شاپ کے سٹاف کی سروس کے رولز مرتب ہوگئے ہیں ۔

وزیر ریلوے ۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ جب تک رولز نہ ہوں seniority list نہیں بن سکتی ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس حقیقت کے پیش نظر کہ ابھی تک seniority list مرتب نہیں ہوئی کیا آپ کا جواب درست ہوگا ؟

وزیر ریلوے ۔ آپ کو جو رولز چاہئیں میں پیش کردوں گا ۔ لسٹ کی ضرورت ہو تو وہ بھی پیش کر دوں گا ۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ ایسی لسٹ کسی اصول کے ماتحت بنتی ہے بغیر کسی اصول کے کسی بات پر عمل نہیں ہو سکتا ۔ ہمیشہ پہلے کوئی principle ہوتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کہ فی الواقع کوئی لسٹ بنائی گئی ہے کیا آپ ascertain کرنا چاہتے ہیں اور کیا آپ اس کے لیے fresh notice چاہتے ہیں ۔

وزیر ریلوے ۔ جی ہاں ۔ وہ fresh notice دے دیں میں ان کی خدمت میں seniority list پیش کر دوں گا ۔ یہ کہنا درست نہیں کہ وہ بھاگ گیا تھا یا غیر حاضر تھا یا ڈیوٹی پر نہیں تھا حقیقت یہ ہے کہ وہ چھ ماہ کی چھٹی پر تھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں مانتا ہوں کہ وہ لوگ کام کرتے ہیں مگر وہ کام افسران کا ذاتی کام ہوتا ہے کیا وزیر صاحب اس بات کی طرف توجہ فرمائیں گے کہ ایسے معاملات میں گاڑی بغیر انجن کے نہیں چل سکتی ۔ میری اطلاع یہ ہے کہ seniority کے رولز ہی نہیں بنائے گئے ۔ کیا آپ نے اپنے رولز کو گیزٹ یا سرکولیٹ کیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ انھوں نے کہہ دیا ہے کہ fresh notice دیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ وزیر صاحب لائق ہیں تجربہ کار ہیں ان کو

کم از کم ایسے معاملات کا علم ہوگا ۔ ذرا اپنے ذہن پر زور دے کر بتا دیں ۔

وزیر ریلوے ۔ ہر محکمہ میں رولز ہزاروں کی تعداد میں ہوتے ہیں ۔ اور کوئی شخص تمام رولز سے پوری طرح واقف نہیں ہو سکتا ۔ اگر آپ پوری معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ fresh notice دیں میں seniority list کی مکمل کاپی آپ کو دے دوں گا ۔بہتر یہ ہے کہ آپ سوال بھیج دیں میں مکمل تفصیلات آپ کی خدمت میں پیش کردوں گا اب یہ کہنا کہ seniority list رولز کے تحت frame کی گئی ہے یا نہیں درست نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا آپ چاہتے ہیں کہ اگر معزز ممبر seniority list مانگتے ہیں تو آپ کو fresh notice دیا جائے ۔

وزیر ریلوے ۔ جی ہاں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں وزیر صاحب کا مداح ہوں ان کی ذہانت قابلیت اور ان کے حافظہ کا مجھے اعتراف ہے ۔

Mr. Speaker : No personal remarks please.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں ۔ تو ان کی تعریف کی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ تعریف بھی تو personal remarks میں شامل ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ حلقہ بندی کرتے وقت انہیں مغربی

پاکستان کا ۔ ہر یونین کونسل کا پتہ تھا ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں اور ملک صاحب کی باتوں کا جواب دینا چاہتا ہوں کہ وہ شخص راولپنڈی میں ٹیکنیکل انجنیئر کی کوٹھی کی نگرانی کر رہا تھا ۔ اور سوال نمبر ۱۲۰۸ کے جواب میں جو انہوں نے فرمایا ہے میں آپ کو بتا دوں کہ اس لڑکی کی شادی نہیں ہوئی اور وہ ابھی چھٹی جماعت میں پڑھ رہی ہے ۔ اس لیے ان کی انفارمیشن درست نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔ البتہ یہ جواب الجواب ضرور ہے ۔

INTRODUCTION OF PIECE WORK SYSTEM IN PRODUCTION SECTIONS AND ROLLING MILLS OF RAILWAY STEEL SHOP

*1211. **Mr. Hamza** : Will the Minister for Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Piece Work System is in vogue in all the production sections of the workshops of the Mechanical Divisions of the Pakistan Western Railways ;

(*b*) whether it is a fact that the production sections and rolling mills in the Railway Steel Shop are entirely the Production shops ;

(*c*) whether it is a fact that Piece work System has not been introduced in the production sections and rolling mills of the Railway Steel Shop ; if so, reasons therefor ;

(*d*) the present number of employees in the production sections and rolling mills, separately of the Railway Steel Shop ?

Minister for Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) No piece work system has been made applicable to some and not all production sections of the Mechnical Workshops, Moghalpura.

(*b*) Yes.

(*c*) Piece work system has not yet been introduced in the Railway Steel Shop. Presently, the production sections of the Steel Shop are under going large scale renovations and modernization so that manufacturing and production techniques are constantly changing. Under these changing conditions piece work system cannot work satisfactorily. As soon as production conditions stabilise, the question of introducing the piece work system will be examined.

(*d*) The number of employees engaged on production work in the Rolling Mills and other production sections is 408 and 720, respectively.

مسٹر حمزہ ۔ کیا وزیر صاحب مجھے یہ بتائیں گے کہ آیا piece work سسٹم کا خاص طور سے یہ فائدہ ہے کہ جو اہل کار کام کرتے ہیں اور جتنا جتنا کام کرتے ہیں اس کے مطابق ان کو معاوضہ مل جاتا ہے اور وہ مطمئن ہو جاتے ہیں دوسرے کام کی کوالٹی اور معیار بلند ہوتا ہے ان فوائد کے پیش نظر آپ نے piece work سسٹم اب تک کیوں نافذ نہیں کیا اور جیسا کہ آپ نے یہ فرمایا ہے کہ کام کرنے کے جو طریقے ہیں وہ مسلسل تبدیل ہورہے ہیں کوئی بھی تنظیم ہو اور کوئی بھی صنعتی کاروبار ہو اس میں کام کرنے کے سلسلے میں تبدیلیاں ہوتی ہی رہتی ہیں ۔

وزیر ریلوے ۔ piece work سسٹم جو ہے اس کے متعلق اگر یہ کہا جائے کہ وہ ہر کام کے لیے موزوں ہے اور ہر کام میں اس کا production

اور کوالٹی میں فائدہ ہوتا ہے یا اس میں ترقی ہوتی ہے تو یہ غلط ہے - یہ مختلف نوعیت کے کام ہوتے ہیں کہیں پر piece work سسٹم کامیاب ہے اور کہیں پر piece work سسٹم کامیاب نہیں ہے - مثلاً مشینری کی repairs ہیں - تو یہ سسٹم وہاں کامیاب نہیں ہے وہاں آپ کام کا کوئی تعین نہیں کر سکتے - یا اس کے لیے وقت کا تعین نہیں کر سکتے کہ اتنے وقت میں یہ کام کر لیں گے جہاں تک سٹیل شاپ کا تعلق ہے اور ان بھٹیوں کا تعلق ہے وہاں piece work سسٹم نافذ کریں یا نہ کریں - جتنی ان میں capacity ہے اتنا ان سے کام لیا جارہا ہے - باقی کام کی جو کوالٹی ہے اس کے متعلق رائے نہیں دی جا سکتی کیوں کہ piece work سسٹم کی کوالٹی کہیں گھٹ جاتی ہے کہیں اس کی کوالٹی اچھی ہو جاتی ہے - کیوں کہ ہر آدمی کوشش کرتا ہے کہ اس کا پروڈکشن زیادہ ہوتا ہے کہ معاوضہ زیادہ ملے -

خان محمد یوسف - جناب وزیر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ piece work system اس لیے introduce نہیں کیا کہ اس کا modernization اور renovation ہو رہا ہے تو modernization اور renovation کے سلسلے میں آپ مشینری technicians لا رہے ہیں یا ان کو ٹریننگ دینی ہے کیا یہ سب درست ہے ؟

وزیر ریلوے - ہم کوئی - technicians نہیں لا رہے ہیں لیکن یہ ضرور عرض کروں گا کہ یہ evacuee property تھی یہ مختلف ہاتھوں سے نکلی اور بری حالت میں ہم کو ملی اس کے لیے مشین نصب کی گئی اس کے لیے

آدمیوں کو ٹریننگ دی گئی اور ان سے کام لیا جارہا ہے اور ابھی اسی سال ایک furnace بھی لگ گئی ہے جیسا کہ میں نے عرض کیا جہاں تک furnace کا تعلق ہے اس سے maximum capacity میں کام لیا جارہا ہے وہاں piece work سسٹم نافذ کریں یا نہ کریں کوئی فرق نہیں پڑتا ان کے پاس جتنے کام ہیں وہ مختلف نوعیت کے ہوتے ہیں جب یہ ساری شاپ set ہو جائے گی تو ہو سکتا ہے کہ یہ piece work سسٹم کارآمد ثابت ہو سود مند ثابت ہو فائدہ مند ثابت ہو لیکن ابھی یہ کہنا کہ یہ سسٹم فائدہ مند ہے یہ بات غلط ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر ریلوے نے بڑے پر مغز جوابات دئے ہیں میں ان کا بڑا ممنون ہوں اب میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ سٹیل شاپ آپ کو ۱۹۵۲ء میں الاٹ ہوئی تھی اور ۱۹۵۷ء میں آپ نے اس کو باضابطہ acquire کر لیا تھا آپ یہ بتائیں کہ تقریباً ۱۳—۱۵ سال سے یہ مل آپ کے محکمہ کی تحویل میں ہے اور اب تک آپ اس کو صحیح طریقے سے کیوں نہیں چلا سکے ۔ جب آپ یہ کہتے ہیں کہ renovation کا کام ابھی تک جاری ہے اس کے لیے آپ نے اتنا عرصہ کیوں صرف کیا ہے ؟

وزیر ریلوے ۔ جناب ہر پرانی چیز کی renovation اور اس کی modernization یا ماڈرن طریقہ پر لانے کے لیے خاصا وقت درکار ہوتا ہے ۔ یہ کوئی پرائیوٹ ادارہ نہیں ہے کہ جو کچھ اس کا اثاثہ ہو وہ بینک سے لے کر یا ساری کی ساری رقم بینک سے نکال کر اس کام پر لگا دے ۔ یہاں تو یہ ہے کہ جتنی گنجائش ہو سکتی ہے جتنا invest کر سکتے ہیں کرتے ہیں ۔ This is a continuing process and it takes time.

over halling خواہ وہ آپ کی over halling ہو یا میری ہو یا کسی چیز کی ہو it takes time ۔

ملک محمد اختر ۔ اگر کوئی پرانی چیز نا قابل اصلاح ہو جائے تو اس کا کیا علاج کیا جاتا ہے ؟

وزیر ریلوے ۔ اگر کوئی پرانی چیز ناقابل اصلاح ہو جائے تو پھر سوائے اس کے کہ اس کو پھینک دیا جائے اور کوئی طریقہ کار نہیں ہے ۔ اور کوئی چارہ کار نہیں ہے ۔ جیسے کوئی بوڑھا ہو جائے تو وہ گھر میں پڑا رہتا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ آپ افسروں کے خلاف سخت remarks پاس کر رہے ہیں ۔

خان محمد یوسف ۔ میں جناب وزیر صاحب سے یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا آپ نے اس بھٹی کو modernize کیا ہے ۔

وزیر ریلوے ۔ جناب بھٹی نئی لگائی ہے اور electric furnace لگایا ہے جس کے متعلق میں نے اپنی بجٹ کی تقریر میں عرض کیا تھا اور اس کے بعد بھی یہ عرض کردوں کہ اس سے ریلوے کی جو سٹیل کی ضروریات ہیں وہ ہم Scrap سے پوری کریں گے اور اس سے خاصا فائدہ ہوگا ۔

NON-PROVISION OF INTER CLASS COMPARTMENT IN CHENAB EXPRESS ORIGINATING FROM KARACHI ON 18TH JULY 1965

*1217. **Mr. Hamza**: Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Chenab Express originating from Karachi on 18th July 1965 had no Inter Class Compartment ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) reasons therefor and (*ii*) whether the Station Masters concerned all along the route were informed of the said fact and asked not to issue inter-class tickets ; if not, reasons therefor ?

Minister for Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) Yes.

(*b*) (*i*) On 18th July 1965 the inter class carriage normally attached to Chenab Express was damaged and it could not be replaced as at that time no other suitable inter class carriage was readily available at Karachi City Station. The train was, therefore, run without inter class accommodation.

(*ii*) In accordance with the orders in force, the station staff of Karachi City station should have advised the stations *en route* of the non availability of inter class accommodation on this train, but they failed to do so. This failure on the part of the staff has been taken up suitably.

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ کیا ملک صاحب بتائیں گے کہ جن لوگوں نے انٹر کلاس کا ٹکٹ خرید لیا ہے ان کو اب پیسے واپس کر دئے جائیں گے ؟

وزیر ریلوے ۔ جناب والا ۔ اس کے لئے وہ apply کریں اور اس کا طریقہ کار یہ ہوتا ہے کہ اگر کسی شخص نے ٹکٹ خریدا ہے اور

اس کے بعد ڈبہ یا compartment نہیں ہے تو گارڈ سے ایک سرٹیفیکیٹ لے لیا جاتا ہے اس کے بعد refund کے لئے apply کیا جاتا ہے اگر آپ کی نظر میں کوئی صاحب ایسے ہیں تو وہ refund کے لئے apply کر دیں ان کو refund کر دیا جائے گا ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ جب آپ خود بتا رہے ہیں کہ وہاں ڈبہ نہیں تھا تو سرٹیفیکیٹ کی کیا ضرورت ہے ۔

وزیر ریلوے ۔ اگر آپ کی نظر میں کوئی case ہو تو وہ apply کر دیں ان کا refund کا case consider کیا جائے گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر صاحب کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ یہ صورت حال میرے اس سوال سے ظاہر ہوئی ہے ۔ سیالکوٹ سے روانہ ہونے والی شاہین ایکسپریس میں بھی اسی قسم کے واقعات پیش آتے رہے ہیں اور آپ نے اس سلسلے میں جو آج جواب دیا ہے ویسا ہی اس سے قبل بھی دیا تھا تو کیا آپ اس صورت حال کے پیش نظر ریلوے کے محکمہ کی کارکردگی سے مطمئن ہیں ؟

The facts, Sir, as gathered from the official records are these :

Sardar Shaukat Hayat Khan was provided maximum possible facilities in the District Jail, Lahore. He was examined and treated by the best medical specialist in Lahore, namely, Dr. Saga, MD, of the United Christian Hospital, Khan Bahadur Muhammad Yusuf, MD, Heart Specialist, and Dr. Rauf Yusuf, Cardiologist of the Mayo Hospital. He was given a separate room in the District Jail, Lahore, which was provided with Khas Khas Chicks. Ice blocks were placed in his room during the whole day to keep the chamber cool. He was granted special diet consisting of meat, chicken, fruits, jelly, cream, marmalade, etc. His private doctors and family members were allowed to visit him frequently. He was a detenu and he had to be kept in jail. Every possible medical facilities was given to him. The Jail doctors were attending on him during all the 24 hours. An expenditure of about Rs. 25 was incurred on his daily treatment and other necessities, whereas the sanctioned expenditure for Class One detenu is Rs. 6 daily. It is incorrect that the High Court passed an order for his transfer to the Mayo hospital on 27th June. The order was passed by the High Court on the 28th June at about 10.00 a.m. and it was communicated direct to the Supdt., District Jail, Lahore. On the 28th afternoon, the Supdt., Mayo Hospital reported to the Supdt., District

Jail, Lahore, that no room was available and Sardar Shaukat Hayat Khan may be shifted to the Albert Victor Hospital Ward. However, Sardar Shaukat Hayat Khan refused to go to the Mayo Hospital unless he was provided with an air-conditioned room and said that he was not prepared to go to the Ward under any circumstances. On the 29th June, 1966, somehow or the other, the Supdt. Mayo Hopital managed to get a room vacated and Sardar Shaukat Hayat Khan was shifted to the Mayo Hospital. His son Sardar Sikandar Hayat Khan is already in the Mayo Hospital since more than a month. His condition is satisfactory and any member of this House, including the mover himself can go and see him in the Hospital and find out for himself how he feels.

My submission, therefore, is that in view of the facts which I have placed before the House, the facts are totally denied ; his condition is satisfactory. No order has been defied, much less any order of the High Court. All possible precaution and care was taken to comply with the order of the High Court and shift him to the hospital where he is receiving his treatment. If the member has still any doubt, let him leave aside his lip sympathy and shedding of crocodile tears and go over there to see for himself. If he wants any help, I am prepared to take him to the detenu so that he should find out for himself what is his condition.

Under these circumstances, I think, he will have the courtesy not to press the motion.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ جناب وزیر قانون و اطلاعات نے اس تحریک التوا کا جواب دیتے ہوئے مجھ پر بہت سے الزامات عائد کئے ہیں ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کر دوں کہ آج سے سولہ سترہ دن پہلے جب میں خواجہ محمد صفدر صاحب کو جیل میں ملنے کے لئے گیا تو انہوں نے بتایا کہ دو تین دن پہلے جب وہ اور سردار شوکت حیات خان نماز عشا ادا کر رہے تھے تو سردار صاحب کو دل کا دورہ

پڑا وہ نصف گھنٹہ بے ہوش رہے اور پھر کہیں جا کر جیل کے ڈاکٹر کو بلایا گیا ۔ ان کی حالت بیس پچیس روز سے نہایت مخدوش ہے ۔ یہ چیز تو وزیر صاحب کے جواب سے بھی ظاہر ہوتی ہے کہ ہائی کورٹ سے احکامات جاری ہونے پر انہیں میو ہسپتال منتقل کیا گیا ۔ اس سے پہلے انہیں ہسپتال منتقل کرکے مناسب کمرہ دینے کے لئے کوئی اقدامات نہیں کئے گئے تھے ۔ جب انہیں ہسپتال بھیجا گیا تو ان کے لڑکے کا کمرہ خالی کراکے ان کو وہاں رکھا گیا ۔

مسٹر سپیکر — جس طرح وزیر صاحب نے بتایا ہے کہ اب ان کی پوری دیکھ بھال ہو رہی ہے ۔

In view of this does the Member press the motion ?

مسٹر حمزہ — یہ تو وزیر صاحب کی انتہائی ذرہ نوازی ہے لیکن جس طریقہ سے عوام کو تباہ کیا جا رہا ہے ۔ بلکہ کند چھری سے ذبح کیا جا رہا ہے اگر یہی حالت رہی تو لوگ جیلوں میں سڑ سڑ کر مر جائیں گے ۔ ۲۸ تاریخ کو دس بجے ہائی کورٹ نے حکم دیا لیکن پھر بھی حکومت البرٹ وکٹر ہسپتال میں سردار صاحب کو کمرہ نہ دلا سکی ۔ آپ ہی بتائیں کہ ایسی خطرناک حالت میں مریض پر کیا گذری ہوگی ۔

Mr. Speaker : Does the Member press the motion ?

مسٹر حمزہ ــ میں سمجھتا ہوں کہ اس تحریک التوا کا نتیجہ کیا ہوگا ۔ اور یہ وزیر صاحب کی عنایات سے ظاہر ہوتا ہے اس لئے میں مزید کچھ نہیں کہتا اور اسے press نہیں کرتا ۔

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

Next motion is from Haji Atta Muhammad Lund. So far as this motion is concerned, the matter proposed to be discussed in this motion is in the continuing process. I withhold my consent under rule 47 of the Rules of Procedure.

حاجی صاحب جو تحریک التوا آپ نے پیش کی ہے یہ ایک جاری کارروائی کے سلسلے میں ہے اور یہ ایک روز مرہ کا فعل ہے جو آپ اس تحریک التوا کے ذریعہ پیش کرنا چاہتے ہیں اور discuss کرنا چاہتے ہیں ۔ چونکہ یہ ایک روز مرہ کا فعل ہے اور اسے تحریک التوا کی صورت میں پیش نہیں کیا جا سکتا اس لئے میں اس کی اجازت نہیں دیتا ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ــ جناب سپیکر صاحب ۔ اگر آپ اسے پیش کرنے کی اجازت نہیں دیتے ہیں تو پھر آپ سندھ والوں کے لئے انتظام کریں کہ وہ پنجاب میں آ کر بس جائیں ہمارے وہاں سونے کے لئے کوئی انتظام نہیں ہے ہمارے راستہ چلنے کی وہاں کوئی ضمانت نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ــ حاجی صاحب آپ اپنی بجٹ کی تقریر میں یہ سب فرما چکے ہیں ۔

SCHEDULES OF AUTHORISED EXPENDITURE FOR THE YEAR 1966-67 (RAILWAY)

(*Laid on the Table*)

Mr. Speaker : Now, we will take up the Orders of the Day. The first motion is from the Finance Minister and he is not present. The second motion is also from the Finance Minister.

Minister of Law : Sir, unfortunately, he has been called away.

Mr. Speaker : Let him come.

Minister of Law : He will not be available today.

Mr. Speaker : Doesn't matter. The Minister of Railway to lay on the Table the Schedule of Authorized Expenditure for the year 1966-67.

Minister of Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : Sir, as required under Article 43(3), read with Article 89, of the Constitution I lay on the Table the Schedule of Authorized Expenditure for the year 1966-67 (Railway) authenticated by the Governor.

Mr. Speaker : The Schedule of Authorized Expenditure for the year 1966-67 (Railway) is laid on the Table of the House. Next motion please.

SUPPLEMENTARY SCHEDULES OF AUTHORISED EXPENDITURE FOR THE YEAR 1965-66 (RAILWAY)

(*Laid on the Table*)

Minister of Railways : Sir, as required under Article 44(3), read with Article 89, of the Constitution, I lay on the Table the Supplementary Schedule of Authorized Expenditure for the year 1965-66 (Railway) authenticated by the Governor.

Mr. Speaker : The Supplementary Schedule of Authorized Expenditure for the year 1965-66 (Railway) is laid on the Table of the House.

THE WEST PAKISTAN LAND REVENUE BILL, 1965

(resumption of consideration clause by clause)

Mr. Speaker : Next item on the Orders of the Day is the resumption of consideration of the West Pakistan Land Revenue Bill, 1965, as reported by the Select Committee, clause by clause. Yes, Mr. Hamza.

(CLAUSE 2)

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) - جناب سپیکر - پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ آج سے تقریباً ٨٠ سال پہلے انگریزوں کے زمانے میں پاس کیا گیا تھا اور اس کو انگریزوں کے زمانے میں جس مقصد کے لیے استعمال کیا جاتا رہا اس کے بارے میں ملک اختر صاحب نے کل سیر حاصل بحث کی تھی لیکن مجھے افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ مغربی پاکستان کی اس معزز حکومت نے اس دفعہ کو اس مسودہ قانون میں شامل کرکے ہمیں یہ تاثر دیا ہے کہ یہ ذہنی نقطہ نظر سے یا ذہنی لحاظ سے ابھی سن بلوغت کو نہیں پہونچی ہے - جناب سپیکر - اختیارات اس حد تک وسیع ہیں کہ ان اختیارات کو بعض لوگوں کو نواز نے کے لیے اور بعض لوگوں کو نقصان پہونچانے کے لیے استعمال کرنے کے خطرات موجود ہیں اور میرے ان

خدشات کو تقویت پہونچتی ہے حکومت کی اس کارروائیوں سے جو پچھلے ۸ سال سے دیکھنے میں آرہی ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ حکومت کے ہاتھوں اکثر اوقات اختیارات کا استعمال ان لوگوں کے لیے جن پر قانون نافذ کیا جاتا ہے اور بعض اوقات ان لوگوں کے لیے جو قانون کا نفاذ کرتے ہیں خطرناک ثابت ہوتا ہے حکومت کو چاہئے یہ تھا کہ اگر وہ نیک نیتی سے اس قانون کو سابق سندھ میں نافذ کرنا چاہتی ہے تو بجائے اس کے کہ بورڈ آف ریونیو کے ممبران کی صوابدید پر اس کو چھوڑ دیا جاتا مسودہ قانون ہی میں واضح طور پر کہہ دیا جاتا کہ کون سے علاقہ جات ہیں جہاں حکومت اس قانون کو نافذ کرنا نہیں چاہتی ۔ محض علاقوں کی نشاندھی ضروری نہیں تھی اس کے ساتھ ساتھ یہ بتانا بھی ضروری تھا کہ حکومت کتنے عرصہ کے لیے ان علاقوں کو اس قانون کے نفاذ سے مستثنیٰ قرار دینا چاہتی ہے اور اسکے ساتھ ساتھ اسکی وجوہات بھی بیان کر دی جاتیں پھر ہم یہ جائزہ لیتے کہ حکومت کس حد تک ان علاقوں کو مستثنیٰ قرار دینے میں حق بجانب ہے اور کتنے عرصہ کے لیے مستثنیٰ قرار دیتی ہے لیکن یہ مسودہ قانون اس معاملہ میں خاموش ہے اور یہ حکومت کی مجرمانہ خاموشی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ افسروں کے پاس اس قسم کے اختیارات چھوڑ دینا اور خاص کر جب اس قسم کی حکومت برسراقتدار ہو جو ہماری قسمت میں آئی ہے یہ بہت ہی زیادتی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یسین خاں وٹو) ۔ بڑے ہی خوش قسمت ہیں آپ ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس مسودہ قانون میں دفعہ (۱) کے سب سیکشن (۲) میں یہ بتایا گیا ہے کہ یہ قانون تمام مغربی پاکستان پر نافذ ہوگا ماسوائے قبائلی علاقہ جات کے ۔ حکومت کو چاہیے تھا کہ اس سب سیکشن میں ان تمام علاقوں کا جہاں حکومت اس کو نافذ کرنا نہیں چاہتی ذکر کر دیتی ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ پچھلی اسمبلی میں وقتاً فوقتاً ہمارے بھائی اور اس اسمبلی کے معزز رکن عبدالباقی بلوچ ضلع مکران یا سابق بلوچستان کے بعض علاقوں کے بارے میں یہ عرض کرتے رہے ہیں کہ وہاں اب تک مالکانہ حقوق کے ریکارڈ کا اہتمام نہیں کیا گیا اس لیے مالیہ کے قوانین سے متعلق جو قوانین سابق سندھ سابق پنجاب یا فرنٹیر میں نافذ تھے ان علاقوں میں نافذ کرنا ناممکن ہے کیونکہ اس کے لیے تیاری ہی نہیں کی گئی ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے یہ اعتراف ہے کہ بلوچستان کے بعض علاقوں میں سماجی معاشی اور اقتصادی صورت حال بعینہ وہی ہے جو قبائلی علاقہ میں ہے اور حکومت کو ان علاقوں کے لوگوں کو وہی مراعات دینی چاہئیں ۔ جو ہماری حکومت پچھلے ۱۸ سالوں سے ٹرائبل ایریا کے لوگوں کو دیتی آئی

ہے ۔ جناب سپیکر ۔ ان مراعات کے نہ دینے کا اور افسران کو بے تحاشا اختیارات دینے کا نتیجہ یہ نکلا کہ مغربی پاکستان کے اس حصہ کی آبادی حکومت سے سخت نالاں ہے اور عام آبادی کی خواہشات کو دبانے بلکہ ان کے اعتراضات کو ختم کرنے کے لیے حکومت نے طاقت کا استعمال مناسب سمجھا ۔ میرے نزدیک اگر جناب وزیر موصوف اس مسودہ قانون میں واضح طور پر بتا دیتے کہ بلوچستان کے فلاں فلاں علاقے ایسے ہیں کہ جہاں فوری طور پر اس قانون کو نافذ کرنا بالکل نا ممکن ہے اس لیے وہ اس کو اتنے عرصے کے لیے قانون کے نفاذ سے مستثنیٰ قرار دیتے ہیں تو موجودہ صورت حال کے مقابلہ میں یہ ایک بہتر اقدام ہوتا ۔ لیکن بجائے اس کے کہ واضح طور پر علاقوں کی نشان دھی کر دی جاتی ۔ اس کے برعکس اتنے وسیع اختیارات افسران کو دیدینا زیادتی ہے اور اس سے حکومت کی نیک نامی نہیں ہوگی اور اس کی بدنامی کے امکانات بہت زیادہ ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو یہ علم ہے کہ اس مسودہ قانون کو تیار کیے تقریباً ۲ سال گزر چکے ہیں اور ایک یونٹ کو معرض وجود میں آئے تقریباً ۱۰ سال گزر چکے ہیں ۔ حکومت کا ایک بڑا مقبول نعرہ ہے جو لوگوں کو خوش کرنے کے لیے وہ لگاتی ہے کہ تمام کے تمام مغربی پاکستان میں ایک ہی قسم کا قانون نافذ کیا جائے گا ۔ تو حکومت کا فرض اولین یہ بھی ہے اور اس کو چاہیے تھا کہ اس قسم کا قانون نافذ کرنے کے لیے زمین ہموار نہیں تھی اور پچھلے دس سالوں

میں اسے زمین کو ہموار کرنا چاہئے تھا ۔ اب یہ حکومت ہم سے توقع کرتی ہے کہ پچھلے دس سال میں وہ علاقے جو کہ اس قانون کے نفاذ کے لیے پورے طور پر تیار نہیں تھے اور دس سالوں میں تیار نہیں کئے گئے ۔ حکومت کی اس کارگزاری کے پیش نظر افسران کو اتنے وسیع اختیارات دے کر مغربی پاکستان کی تمام کی تمام آبادی کو ظلم کا تختہ مشق بننے کی اجازت کس طرح دیں ۔ جناب سپیکر ۔ حقیقتاً اگر واضح طور پر ان علاقوں کی نشان دھی کی جاتی تو وہ تمام خدشات اور شکوک جن کا اظہار اس ایوان میں کیا جاتا ہے قطعاً نہ کیا جاتا ۔ حقیقتاً ایک علاقہ یا چند ایسے محدود علاقے جہاں محدود وقفہ کے لیے اس قانون کا نفاذ کرنا مشکل ہے یا بقول ان کے نا ممکن ہے حکومت نے اس چیز کا سہارا لے کر اور بطور بہانہ کے اس تمام کے تمام قانون کو انتظامیہ کے ہاتھ میں بطور ایک ہتھیار کے دے دیا ۔ جناب سپیکر۔ یہ خدشہ ہے جیسا کہ آپ کو علم ہے اور آپ نے بھی اس کو شدید طور پر محسوس کیا ہوگا کہ وہ حکومت جو روٹ پرمٹ دیتے وقت انصاف سے کام نہیں لے سکتی وہ حکومت جو اضافی بستیوں کے پلاٹوں کی الاٹمنٹ میں لا قانونیت کا مظاہرہ کرتی ہے ہم ایسی حکومت کو یہ وسیع اختیارات کس طرح سے سونپ دیں کہ وہ جس علاقے میں جس وقت چاہے اس قانون کا نفاذ کردے اور جتنے عرصہ کے لیے نہ چاہے اس کا نفاذ نہ کرے اور اس علاقے کو نفاذ سے مستثنیٰ قرار دے دے ۔

بڑے ہی افسوس کا مقام ہے کہ یہ قانون جس کے بارے میں یہ کہا جاتا تھا کہ جہاں تک اس کی زبان یا اس کی دفعات کا تعلق ہے یہ بہترین مسودہ قانون تھا ۔ یہ بہترین قانون تھا جو ہمیں انگریزوں کے زمانہ سے ورثے میں ملا تھا لیکن بجا ۔ اس کے کہ اس قانون کو بہتر شکل دیتے اور بجائے اس کے کہ اس ملک کی آزادی کے بعد حکومت پر جو ذمہ داریاں عاید ہوتی تھیں ان کو پورا کرتے آپ کوئی بہتر قسم کی ترمیم لاتے آپ نے اس قانون کو ایک لا قانونیت کا مظہر بنا دیا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ کسی بھی ایسے قانون کو جس میں اس قسم کی دفعات ہوں اور جو انتظامیہ کو بے پناہ اور وسیع اختیارات دیتا ہو ۔ قانون نہیں کہا جاسکتا ان معروضات کے پیش نظر میں اس حکومت کو کہوں گا کہ وہ جو انقلابی حکومت کہلانا چاہتی ہے وہ اپنے انقلابی حکومت ہونے کا ثبوت مہیا کرے ۔ وہ قانون جو پہلے بالکل واضح تھا اس کو لا قانونیت کی شکل دے کر اس حکومت کے پاس کیا جواز ہے کہ وہ اس ملک پر مزید عرصہ کے لیے حکومت کرے ۔

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is :

That Clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

(CLAUSE 3)

Mr. Speaker : The question is :

That Clause 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

(CLAUSE 4)

Mr. Speaker : Now we come to clause 4 :

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Mr. Speaker : There is an amendment from Malik Muhammad Akhtar. He may please move his amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I move :

That in sub-clause (7) of clause 4 of the Bill, as reported by the Select Committee, mittee, for the comma occurring after the words "land revenue" in line 2, a semi-colon be substituted and the rest of the sub-clause be deleted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in sub-clause (7) of clause 4 of the Bill as reported by the Select Committee, for the comma occurring after the words "land-revenue" in line 2, a semicolon be substituted and the rest of the sub-clause be deleted.

Is it opposed ?

Ministerfor Revenue : Yes Sir, it is opposed.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - متعلقہ کلاز نمبر ۴ کی آٹھم نمبر ۷ پر یہ میری ترمیم ہے اور اس ترمیم سے یہ مطلوب ہے کہ defaulter کی جو definition ہے وہ موجودہ شکل میں اس طرح سے ہے -

"Defaulter" means a person liable for an arrear of land revenue, and includes a person who is responsible as surety for payment of the arrear ;"

جناب والا ۔ موجودہ لفظ کی definition میں defaulter کی term میں surety کو ایسے طریق پر رکھ دیا گیا ہے جیسے کہ اس نے خود default کیا ہو ۔ اس کے consequences نہایت ہی grave ہیں اور ان consequences سے آپ کو روشناس کرانے سے قبل مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ میں نے یہ تجویز کی ہے کہ defulter کی term کو اس طرح سے رہنے دیا جائے اگر میری ترمیم ہاؤس کو قابل قبول ہو ۔

"Defaulter means a person liable for an arrears of land revenue"

جناب والا ۔ اس کلاز میں یعنی defaulter کے ساتھ انہی تینوں دفعات کا مستوجب ضامن کو بھی گردانا جانا مناسب نہیں ۔ جناب والا ۔ کم و بیش یہ اسی سال پرانا قانون جس کو unification of laws . . . . .

Mr. Hamza : Point of order. There is no quorum in the House.

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*) There is no quorum in the House. Let the bells be rung (*bells were rung*) The House is in quorum. Yes, Malik Muhammad Akhtar.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں مودبانہ گزارش کر رہا تھا ۔ کہ اگر یہ unification of laws یا قانون میں ترمیم Foreign Rulers کے عہد حکومت میں ہوتی ۔ تو میں سمجھتا کہ اس قسم کی harsh دفعات کا ہونا ضروری ہے ۔ کیوں کہ ملک غلامی کے دور سے گذر رہا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں ایک دکھے ہوئے دل کی فریاد عوام کے حالات ظاہر کرنے کے لیے اس ایوان

میں پیش کرتا ہوں ۔ لیکن آج اور کل میں اس سے پہلے جو گذارشات کر چکا ہوں ۔ انہیں اب دہراؤں گا نہیں ۔ میں آپ کو اس سے قبل ۱۸۸۰ء میں لے جاؤں گا ۔ جب کہ یہاں سکھوں کا عہد حکومت تھا ۔ اور وہ کم و بیش پیداوار کا ۸۰ ۔ ۹۰ فیصد حصہ جبری مالیہ کے طور پر لے جاتے تھے۔ انہوں نے ایک بھاری پتھر بنایا ہوتا تھا اور مالیہ کے جو defaulters ہوتے تھے ان کو پابہ زنجیر کرکے ان پتھروں سے باندھ دیا جاتا تھا ۔ انگریز ایک مہذب قوم تھے انہوں نے ان کو یہ رعایت دی کہ چھوٹی چھوٹی کوٹھڑیاں بنا دیں ۔ ریوینو افسروں کے پاس اور ریوینو افسروں کو جیلر بنا دیا ۔ ان کا یہ کام ہوتا ہے کہ جب کوئی defaulter ہو ۔ تو وہ اس کو پکڑ کر اس کوٹھڑی میں کچھ عرصہ کے لیے بند کر دیتے ہیں ۔

حتیٰ کہ وہ اپنے بقایا جات ادا کریں ۔ جناب والا ۔ انگریز نے اپنے مالیہ کی وصولی کو زیادہ موثر بنانے کے لیے یہ بھی کر دیا تھا ۔ کہ کسی defaulter کا جو ضامن ہو اس کو بھی پابا سلاسل کر دیا جائے defaulter ہونا کوئی ایسی اچھی بات نہیں ۔ نہ لوگ خود بخود defaulter ہوتے ہیں اس ایوان میں کاشت کاروں کی اقتصادی حالت بہتر کرنے کے متعلق جو بلند بانگ دعوے دوسرے اور تیسرے پنج سالہ منصوبوں کے مطابق کئے جاتے ہیں ۔ ان کے اعداد و شمار کی روشنی میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ گندم جو ہمارے ملک میں سب سے زیادہ وافر ہوتی ہے ۔ اس کی اوسط

پیداوار فی ایکڑ دس من کے قریب بیٹھتی ہے ۔ جناب والا ۔ اندازہ فرمائیے کہ چند ایکڑوں کا مالک جو زمیندار ہے ۔ آبادی کا جو بڑھتا ہوا رجحان ہے ۔ اس کے خاندان کے افراد کی جو بڑی بڑھتی ہوئی ضروریات ہیں ۔ کوئی بچارا کسی کی شادی کر بیٹھتا ہے ۔ کہیں اسے کسی کی بیماری پر خرچ کرنا پڑتا ہے ۔ وزیر صحت بھی بیٹھے ہیں ۔ وہ برا نہ مانیں تو عرض کروں ۔ کہ اس ملک میں دوائیوں کا نقدان ہے ۔ ہسپتال نہیں ہیں ۔

Mr. Speaker : The Member may please be relevant.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس اقتصادی بدحالی کے شکار ملک میں کسی وجہ سے اگر کوئی لینڈ ریونیو کی ادائیگی میں defaulter ہو جاتا ہے ۔ میرے بھائی کل ناراض ہو گئے تھے ۔ میں ان کی خدمت میں مودبانہ عرض کروں گا کہ ان کے پاس ایک اتھارٹی ہے مالیہ کے بقایا جات کی وصولی کی ۔ اس میں وہ گرفتار کرلیتے ہیں ۔ اور اس میں ضامن بھی آ جاتا ہے ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ defaulter کی term میں ضامن کو رکھنے سے نہایت ہی سنگین نتائج برآمد ہوں گے جو ضامن کو بھی بھگتنے ہوں گے ۔ جناب والا ۔ مثال کے طور پر آپ کے پاس اس وقت کم و بیش سات طریقے ہیں ریونیو وصول کرنے کے ۔ اور وہ سات کے سات penalty دفعات ہیں اور ان کا براہ راست اثر پڑتا ہے defaulter پر اور وہ ضامن پر بھی عائد ہو سکتا ہے ۔ اب میں جیسا کہ

عرض کر رہا تھا ایسی دفعہ اس قانون میں موجود ہے جس کے تحت defaulter نہ صرف defaulter بلکہ اس کا ضامن بھی ۔ میں defaulter کو چھوڑ دیتا ہوں ۔ کیونکہ اگلے باب میں اس پر بحث کرنی ہوگی۔گرفتار کر لیا جائے گا ۔ اور اس کا طریقہ یہ ہوگا کہ اُسے دس دن کے قریب ریونیو افسر جیل میں رکھے گا اس کے بعد اسے تیس دن کے قریب جیل میں رکھنے کے اختیارات Collector کو ہوں گے ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے عرض کرنا ہے کہ اگر کسی نے آپ کو پچاس روپے دینے ہوں گے اور اس کے لیے کسی نے ضمانت دی ہوگی تو اسے آپ ایک ماہ قید میں رکھ سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ کوئی ایسی دفعات ہمارے Penal Code میں موجود نہیں ہیں کہ اگر قاتل کو ضمانت پر رہا کیا جائے اور وہ حاضر نہ ہو تو اس کا جو ضامن ہو اسے تختہ دار پر چڑھا دیا جائے ۔ جناب والا ۔ میں اس کے لیے کوئی اصول ، کوئی جواز کوئی بات ،کوئی دلیل ،کوئی وجہ نہیں سمجھتا ماسوائے اس کے کہ وہ کہتے ہیں کہ وہ سندھ والوں کو مالیہ کی رعایت دے رہے ہیں ۔ اور دراصل وہ انہیں غلامی کی زنجیروں میں جکڑ رہے ہیں ۔ پرانی زنجیریں جو کمزور ہو کر ٹوٹنے کے قریب تھیں آج وہ انہیں ایک نئے طریقہ سے مضبوط بنا کر مغربی پاکستان کے ان کاشت کاروں کی اسی فیصد آبادی کو آئندہ سو سال کے لئے پابند سلاسل کر رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ آپ کے آئین پاکستان کی ایسی دفعات ہیں جن میں بنیادی

حقوق کو بھی شامل کر دیا گیا ہے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ یہ کب اوپر کیسے ہوگا ۔ یہ غریبوں کی آہ و پکار یہ نالہ و شیون جن کو سن سن کر ان کے کان بھی بہرے ہو چکے ہیں ۔ ان کا کیا اثر ہوگا ؟ یہ قدرت کا کب فیصلہ ہوگا کہ آپ کے دلوں میں رعایا کے لیے رحم پیدا ہو ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ملک اختر صاحب نے جب یہ کہا ہے کہ لوگوں کی آہ و پکار کو سن سن کر ان کے کان بہرے ہو گئے ہیں تو میاں محمد یاسین وٹو صاحب نے کانوں میں انگلیاں ڈالنی شروع کر دی ہیں ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ معزز قائد ایوان جو بزرگ بھی ہیں وہ اس لینڈ ریونیو ایکٹ کے نفاذ کا credit لینا چاہتے ہیں ۔ میں عوام کی آہ و پکار ۔ اور نالہ شیون ان تک پہنچانا چاہتا ہوں جو بے سود ہے کیوں کہ میں جانتا ہوں کہ علامہ اقبال رح ۔ ان کے متعلق ہی کہا ہے کہ :

فلک نے ان کو عطا کی ہے خواجگی کہ جنہیں
خبر نہیں روش بندہ پروری کیا ہے

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ ملک اختر

صاحب نے جو شعر ارشاد فرمایا ہے کیا علامہ صاحب کو یہ معلوم تھا کہ یہ برسراقتدار آئیں گے ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ کیا ہی اچھا ہوتا کہ اگر ہمارے قائد ایوان کا نام سنہری حروف میں پاکستان کی تاریخ میں لکھا جاتا ۔

Mr. Speaker : The Member is not relevant.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ جو دوسرا طریقہ ہے وہ یہ ہے کہ ضامن کی جو immovable property ہوگی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک اختر صاحب جن دفعات کا آپ حوالہ دے رہے ہیں وہ ہاؤس کے سامنے نہیں آئیں ہیں جس وقت وہ پیش ہوں گی اس وقت ان کے متعلق بات کریں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اس وقت ضامن کا قصہ نہیں ہوگا ۔ defaulter کی دفعہ میں surety نہیں ہوگی ۔ میں اپنی تقریر بڑی edit کرکے بولتا ہوں مجھے پتہ ہے کہ جب میں irrelevant ہوں گا اس وقت مجھے بولنے نہیں دیا جائے گا defaulter کا ضامن ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ اپنا argument اس حد تک confine کریں کہ defaulter کے سلسلے میں surety نہیں ہونی چاہیے ۔ جہاں تک defaulter کے متعلق کسی قانون میں کوئی شق موجود ہے اس کے متعلق اس کو discuss کریں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اس سے confusion ہو جائے گا ۔ میں اس کو refer کروں گا اس سے زیادہ نہیں کہوں گا ۔

جناب والا ۔ میں اختصار کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ جو surety ہوگا اولا اس کی جائیداد کو اس طرح سے قرق کیا جائے گا اور اس کی تمام جو movale and immovable property ہوگی اس کو فروخت کیا جائے گا اور اس کے بعد اگلا قدم جو ہوگا وہ یہ ہوگا کہ اس defaulter کو جیل میں دے دیا جائے گا جس کے متعلق میں نے ابھی عرض کیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد وہ holding ۔ اس میں ذرا سا فرق ہے ۔ I will be in a position to express myself now. اس کے بعد اس بڑی قانون کی کتاب میں ایسی بھی دفعات موجود ہیں جن کے تحت جو defaulter ہوگا اس کی زمین پر بھی قبضہ کر لیا جائے گا ۔ حالانکہ اصول اور قانون کی بات یہ ہے کہ آپ اس defaulter کو پکڑیں جس holding کے اوپر کسی قسم کا default ہو ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے یہ بھی گزارش کرنی ہے کہ یہاں ایسی بھی دفعات اس قانون میں موجود ہیں جس کے تحت اس surety کی زمین کو حاصل کرکے آپ کا کلکٹر اسے پٹہ پر دے دے ۔ جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں اور میری یہ تجویز ہے کہ یہ جائز بات ہوتی اگر ہم یہ پیمانہ مقرر کرتے کہ جب کوئی defaulter یا surety اس پوزیشن میں ہو کہ اس سے مواخذہ کیا جا سکے گا اور اس کے financial circumstances کو سامنے رکھتے ہوئے آپ اپنے کلکٹر کو اختیارات دیتے کہ اس کو وہ مالیہ معاف کر دیا جائے ۔ remission اور individual remission کی کہیں بھی کوئی provision نہیں ہے جناب والا ۔ متمدن ممالک میں . . . . .

مسٹر سپیکر ۔ اگر کوئی provision نہیں ہے تو آپ اس کے متعلق Third Reading میں فرمائیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ یہ arrest اور detention کی جو provision ہے اور اس کی پراپرٹی کے attach کرنے کی provision ہے اور بالخصوص قید کی جو provision ہے آپ ان پروویژنوں کو رکھنے میں حق بجانب نہیں ہیں ۔

جناب والا ۔ ہمیں ایک اچھے ملک میں اور ایک آزاد ملک میں زیادہ سہولتیں دستیاب اور درکار ہیں ۔ میں حکومت کی مشکلات کو بھی

سمجھتا ہوں کہ انہیں بھی ملک میں ایسے حالات پیدا کرنے ہیں جس کے باعث default نہ ہوں ۔ لیکن جو طریقہ اختیار کیا گیا ہے یہ نہیں ہونا چاہئے کہ جو surety ہے اور اس کا جو original defaulter ہے اس کو بھی بے سرو سامان کر دیا جائے اور اس کے پاس اس قدر سامان چھوڑ دیا جائے کہ وہ آئندہ کے لئے صرف اپنی فصل کاشت کرے ۔ دراصل میں اس نقطہ نظر اور اس نقطہ نگاہ کو دھراتا ہوں اور دھراتا رہوں گا ۔ یہ وہ ذہنیت ہے جو آج سے صدیوں قبل غلاموں کو خریدنے اور ان کو غلام رکھنے کی ذہنیت تھی ۔ جناب والا ۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اس ملک میں آزادی کہاں ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House. The question is :

> That in sub-clause (7) of clause 4 of the Bill, as reported by the Select Committee, for the comma occurring after the words "land-revenue" in line 2, a semi-colon be substituted and the rest of the sub-clause be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment is from Mr. Mahmood Azam Farooqi.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : I won't move this amendment Sir.

Mr. Speaker : Yes, Mr. Hamza.

Mr. Hamza : Sir I beg to move—

That in sub-clause (15) of clause 4 of the Bill, as reported by the Select Committee, for the words, figures and brackets "Legal Practitioners Act, 1879 (XVIII of 1879), except a Muhktar" occurring in lines 2-4, the words, figures and brackets "Legal Practitioners and Bar Council Act, 1965 (III of 1965)" be substituted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That in sub-clause (15) of clause 4 of the Bill, as reported by the Select Committee, for the words, figures and brackets "Legal Practitioners Act, 1879 (XVIII of 1879), except a Mukhtar," occurring in lines 2-4, the words, figures and brackets "Legal Practitioners and Bar Council Act, 1965 (III of 1965)" be substituted.

Minister of Revenue : Opposed Sir.

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ آپ کو علم ہے کہ مجھے قانون دان ہونے کا فخر نہیں ہے اور نہ میں اپنے آپ کو قانون دان کہہ سکتا ہوں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ــ آپ ہمہ دان ہیں ۔

مسٹر حمزہ ــ لیکن قانون common sense پر مبنی ہے ۔ اس common sense کے پیش نظر جو میں سمجھا ہوں وہ یہ ہے کہ یہ تحریک ترمیم جو میں ۔ پیش کی تھی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Revenue : This common sense is very uncommon.

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ آپ کو بھی یہ علم ہوگا کہ

Legal Practitioners and Bar Councils' Act, 1965. ۱۹۶۵ء میں پاس ہوا۔

جس کا heading یہ ہے۔

"An Act to amend and consolidate the law relating to Legal Practitioners and to provide for the Constitution of Bar Councils."

آگے اس کی غرض و غایت کے بارے میں فرماتے ہیں۔

"Whereas it is expedient to amend and consolidate the laws relating to legal practitioners and to provide for the Constitution of Bar Councils and for matters incidental or ancillary thereto."

اور اس کے ساتھ ساتھ اس قانون میں جو دفعہ ۵۱ ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے۔

"The following laws shall stand repealed to the extent specified in respect thereof :—

(1) The whole of the Legal Practitioners Act, 1879, (XVIII of 1879) except Sections 1, 3 and 36."

جناب سپیکر۔ جہاں تک سیکشن ۱ کا تعلق ہے۔ یعنی اس میں Short Title and Commencement کے بارے میں جو سیکشن نمبر ۱ ہے۔

مسٹر سپیکر — آپ Legal Practitioners and Bar Councils Act میں سے پڑھ رہے ہیں۔

مسٹر حمزہ — اس Legal Practitioners Act کا جو سیکشن نمبر ۳ ہے۔ اس میں یہ گنجائش رکھی گئی ہے کہ

"Legal Practitioners means any legal practitioner described in the Legal Practitioners Act, 1879".

تو جو legal practitioners ہیں ۔ ان کا تمام کنٹرول اور وہ جس طریقے سے بھی کام کرتے ہیں ۔ اس کو Legal Practitioners Act, 1879 کے تحت کنٹرول نہیں کیا جاتا ہے ۔ اور ان پر یہ قانون لاگو نہیں ہوتا ۔ یہ مردہ قانون ہے ۔ اور اس قانون کے معرض وجود میں آنے کے بعد ماسوائے سیکشن نمبر ۱ ، نمبر ۳ اور نمبر ۳۶ کے اور کوئی دفعہ موجود نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ــ Legal Practitioners Act میں جو define ہیں ۔ وہ کونسا ایکٹ ہے ؟

مسٹر حمزہ ــ یہ تو سیکشن نمبر ۱ میں ہے ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ــ میرا خیال ہے کہ میں اس کے متعلق کچھ ذرا سا عرض کر دوں ۔ تو شاید اس کی وضاحت ہو جائے ۔ اور اس کے بعد بھی اگر حمزہ صاحب بولنا چاہیں تو بیشک بولیں ۔ عرض یہ ہے کہ یہ قانون جس کی طرف حمزہ صاحب اشارہ کیا ہے ۔

Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1965.

اس کے سیکشن نمبر ۵۱ میں یہ رکھا گیا ہے ۔

"Repeal of certain laws."

I hope Mr. Hamza will be attentive.

"The following laws shall stand repealed to the extent specified in respect thereof:—

(1) The whole of the Legal Practitioners Act, 1879, (XVIII of 1879) except Sections 1, 3 and 36."

تو Legal Practitioners Act منسوخ ہو چکا ہے ۔ سوائے دفعہ نمبر ۱ ، نمبر ۳ اور نمبر ۳۶ کے ۔ دفعہ نمبر ۳ جو ہے ۔ وہ بار کونسل نے رہنے دیا ہے ۔ اور وہ یہی ہے ۔ جو کہ اس میں موجود ہے ۔ اور وہ Legal Practitioners and Bar Councils Act کا ایک حصہ بن گیا ہے ۔ اور وہ سیکشن نمبر۳ یہ ہے ۔

" 'Legal Practitioner' means an Advocate, Vakil or Attorney of any High Court, a Pleader, a Mukhtiar or a Revenue Agent."

جس کے معنی یہ ہوئے کہ Legal Practitioners and Bar Councils Act کے آنے سے اس کے نافذ ہونے سے تو Legal Practitioners Act منسوخ ہو چکا ہے ۔ سوائے دفعہ نمبر۱ ، نمبر۳ اور نمبر۳۶ کے ۔ اور دفعہ نمبر۳ کو اسی طرح رہنے دیا گیا ہے ۔ اور یہ definition ہے ۔ اور ہم نے اس definition of legal practitioners کو adopt کیا ہے ۔ اور بار کونسلز ایکٹ میں اسے یونہی رہنے دیا ہے ۔ اور یہ دفعہ نمبر ۳ بار کونسلز ایکٹ کا ایک حصہ بن چکی ہے ۔ کیونکہ اسے اسی طرح رہنے دیا گیا ہے ۔ اور یہ اس لئے

کیا ہے کہ legal practitioners کے معنی وہی ہوں گے ۔ جو Legal Practitioners Act 1879 میں تھے ۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ جو ہار کونسل ایکٹ میں دیئے ہوئے ہیں ۔ کیونکہ اس میں کہیں بھی موجود نہیں ہے ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ۔ ہم نے اسے Legal Practitioners Act, 1879 سے adopt کیا ہوا ہے ۔ میں نے ابھی کہا ہے کہ دفعہ نمبر۳ موجود ہے اور legal practitioners کی definition وہی رہنے دی ہے ۔ جو کہ Legal Practitioners Act, 1879 کے تحت ہے ۔ اور یہ ٹھیک ہے کہ ''بختار،، کو نکال دیا گیا ہے کیونکہ وہ اب ختم ہو چکے ہیں ۔ اب اگر اس کے بعد بھی وہ اپنی تقریر اس موضوع پر کرنا چاہتے ہیں ۔ تو فبہا ۔ آپ کر لیں ۔

This is the correct position and I don't think any body can challenge it. Mr. Hamza keep your power in the reserve for some other occasion. Don't waste it.

مسٹر حمزہ ۔ جناب قائد ایوان اور وزیر مال کی اس وضاحت کے پیش نظر اب میں اپنی اس ترمیم کو press نہیں کرتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب ۔ اپنی ترمیم واپس لینے کے لئے آپ کو ایوان سے اجازت لینی پڑے گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ آیا میں اسے پڑھ بھی دوں یا صرف اس کو واپس لینے کی درخواست کروں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ اسے واپس لینے کی درخواست کریں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں نے جو ترمیم اس ایوان کے سامنے پیش کی تھی ۔ میں جناب وزیر مال اور قائد ایوان کی اس وضاحت کے پیش نظر اسے واپس لینے کی اجازت چاہتا ہوں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ تم نے کہا تو ہم مان گئے ۔

Mr. Hamza is becoming very responsible.

Mr. Speaker : Has the Member leave of the House to withdraw his motion ?

The motion was, by leave, withdrawn.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ آج اس ایوان میں سب کچھ الٹا ہو رہا ہے ۔ حمزہ صاحب unlike حمزہ صاحب اپنی ترمیم واپس لے رہے ہیں اور ایوان نے unlike ایوان اسے واپس لینے کی اجازت بھی دے دی ۔

وزیر قانون ۔ میں اپنی طرف سے حمزہ صاحب کو تمام ترمیم واپس لینے کی اجازت دیتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Next amendment is from Mr. Munawar Khan.

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ حمزہ صاحب

جب قائد ایوان سے خوش ہو جاتے ہیں ۔ تو پھر عتاب بلوچیوں پر کرتے ہیں ۔ جیسا کہ اخبار میں ہے کہ بلوچی کا بلوچی کے ساتھ کیا مقابلہ ہے کیا وہ اس کی وضاحت کریں گے کہ اس سے ان کا کیا مطلب ہے ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

On a point of personal explanation. ــ مسٹر حمزہ

جناب سپیکر ۔ مجھے پچھلے دنوں معلوم ہوا کہ بنوں میں رہنے والوں کو بنوچی کہتے ہیں ۔ تو میں نے کل یہ کہا تھا کہ میں بنوں کا رہنے والا نہیں ہوں ۔ ۔ ۔ اور اس معزز ایوان کے دو بوڑھے معزز ممبروں کے بارے میں کہا تھا کہ یہ ان کا آپس میں مقابلہ ہے ۔ کیونکہ میں بنوچی نہیں ہوں ۔ اس لئے میں مقابلہ نہیں کر سکتا ــ تو یہ لفظ بنوچی ہے ۔ بلوچی نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : The Member may please take his seat.

Mr. Munawar Khan : I beg to move—

That in clause 4 of the Bill, as reported by the Select Committee,—

(a) sub-clause (6) be deleted and subsequent sub-clause re-numbered accordingly ;

(b) in sub-clause (14)—

(i) para. (i) be deleted and subsequent paras. (ii) and (iii) re-numbered as paras. (i) and (ii) respectively ; and

(ii) for para. (ii), as re-numbered, the following be substituted, namely :—

"(ii) any sum payable to Government in respect of land by way of quit-rent ;";

(c) in sub-clause (16), between the words "or" and "group", occurring twice in lines 1 and 3, the article "a" be inserted ;

(d) after sub-clause (19), the following be added as sub-clause (20) and the existing sub-clause (20) and subsequent sub-clause re-numbered accordingly :—

"(20) 'Rating Area' means area as defined in the West Pakistan Urban Immovable Property Tax Act ;";

(e) in sub-clause (21), for the word "money", occurring in line 2, the word "cash" be substituted ; and

(f) in sub-clause (28), the words and commas "Tapedars, Peons,", occurring in lines 5-6, be deleted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 4 of the Bill, as reported by the Select Committee,—

(a) sub-clause (6) be deleted and subsequent sub-clause re-numbered accordingly ;

(b) in sub-clause (14)—

(i) para (i) be deleted and subsequent paras. (ii) and (iii) re-numbered as paras. (i) and (ii) respectively ; and

(ii) for para. (ii), as re-numbered, the following be substituted, namely :—

"(ii) any sum payable to Government in respect of land by way of quit-rent ;";

(c) in sub-clause (16), between the words "or" and "group", occurring twice in lines 1 and 3, the article "a" be inserted ;

(d) after sub-clause (19), the following be added as sub-clause (20) and the existing sub-clause (20) and subsequent sub-clause re-numbered accordingly.

"(20) 'Rating Area' means area as defined in the West Pakistan Urban Immovable Property Tax Act ;";

(e) in sub-clause (21), for the word "money", occurring in line 2, the word "cash" be substituted ; and

(f) in sub-clause (28), the words and commas "Tapedars, Peons,", occurring in lines 5-6, be deleted.

The House is now adjourned for twenty minutes for Tea Break.

The Assembly then adjourned for twenty minutes.

The Assembly met at 11.00 a.m. Mr. Deputy Speaker, Mr. Amadmian Soomro, in the Chair.

Mr. Deputy Speaker : Order please. Yes, Mr. Munawar Khan.

Mr. Munawar Khan : Now, Sir.....

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Sir there is no quorum in the House.

Mr. Deputy Speaker : Let there be a count. (*count was taken*)

The House is not in quorum ; let the bells be rung. (*bells were rung*) The House is in quorum. Yes, Mr. Munawar Khan.

Mr. Munawar Khan (Bannu - I) : The first amendment Sir, which I moved is that in clause 4, sub-clause (6) be deleted. Sub-clause (6) of clause 4 gives the definition of 'commencement' Sir. It means—

> "commencement" shall mean the day on which this Act or any provision thereof, as the case may be, comes into operation.

I am of the opinion Sir that this clause is absolutely redundant and I invite your attention to clause I, sub-clause (3), which reads :

> "It or any specified provision thereof shall come into operation in such area or areas and on such date or dates as Government may, by notification, appoint in this behalf."

Now, the definition of 'commencement' in view of this sub-clause becomes redundant. When it comes into force through a notification on date or dates, in area or areas, so the retention of the definition of commencement I think is unnecessary.

That is my submission regarding the omission of this clause.

Minister of Revenue : Sir this is a very lengthy amendment, and there are so many things. My suggestion is that if we discuss this amendment point by point, it would be easier. If he wants to continue, I have no objection to his speaking. But the moment he finishes, then I will reply to the 'commencement' clause.

Mr. Mukhtar Khan : I have finished with 'commencement'.

Minister of Revenue : Sir, it might have been noticed that in the short title.....

Mr. Deputy Speaker : Does not the Minister think that it would be better to put the amendment as a whole to the House ?

Minister of Revenue : That should be put as a whole Sir. The whole amendment is to be put and not piece-meal. But my suggestion was that the reply would be given piece-meal to his points No. 2, 3 and 4.

Mr. Mukhtar Khan : Let me finish my submissions, Sir, regarding the entire amendment, and if you want, Mr. Akhtar also wanted to speak on this clause. He is coming. After he speaks and if you agree, Sir, then the reply can be given from that side and the matter can be decided.

Mr. Deputy Speaker : Malik Akhtar wants to speak on this sub-clause but he is not here.

Minister of Revenue : The question of 'commencement' is very simple. He should be allowed to continue.

Mr. Deputy Speaker : Does the Minister want to reply ?

Minister of Revenue : Only to the point of 'commencement'. As I have already said, Sir, it must have been noticed that in the Short Title, clause I, sub-clause (2), it reads--

> "It (It means the Act) extends to the whole of the Province of West Pakistan, except the Tribal Areas."

Now this sub-clause (2) of clause 1 is also extended to West Pakistan area ; that is all.

Mr. Deputy Speaker : He is talking of sub-clause (3) of clause 1.

Minister of Revenue : I am coming to that. But in this word 'commencement ;

Mr. Deputy Speaker : Sub-clause (3) refers to particular areas.

Mr. Munawar Khan : My respectful submission is that this Act, as has already been expressed by my friends, is not a law which can be classed as a unified law because the discretion rests with the Government to extend it or to rescind it.

Mr. Deputy Speaker : Sub-clause (3) of clause I says that it could be applied to different areas on different dates. The 'commencement' says that whenever the whole or part of it would apply to any area that would be the commencement.

Mr. Munawar Khan : When it is extended to a particular area it commences there.

Mr. Deputy Speaker : Commencement would mean when the Act commences not to a particular area.

Mr. Munawar Khan : The Act would apply to all.

Mr. Deputy Speaker : When it starts applying that would be the commencement to a small area or part of it.

Mr. Munawar Khan : The discretion is with the Government. It might with-hold commencement of the Act in a particular areas.

Malik Muhammad Akhtar : Point of order.

My submission is that by keeping this word 'commencement' in this Bill there are apprehensions that the entire Bill may not be enforced in West Pakistan because they may take shelter of this word 'commencement' and they may say that it is the discretion of the Government to enforce it. In that case those areas for which we are striving so hard that these laws may be enforced immediately might be deprived. Not only they are reserving this right to except any areas but, in my humble opinion, there is ambiguity in this clause because they may not enforce these unified laws in the entire West Pakistan at all for a long period. This 'commencement' should not be there.

Minister of Revenue : I was submitting that in sub-clause (2) the word 'commencement' has been used. The question arises as to what is the definition of the word 'commencement'? The term 'commencement'

has to be defined somewhere and it is defined in clause 4, sub-clause (6). Now, we have defined that " 'commencement' shall mean the day on which this Act or any provision thereof, as the case may be, comes into operation". You must have marked the difference between 'coming into force' and 'coming into operation'. There are two things. A law which comes into force does not necessarily come into operation. There is a lot of difference between the 'coming into force' and 'coming into operation'. A law may be applicable and yet it may not come into operation at once. For the 'coming into operation' a certain date has to be fixed and this is based on the ruling of the Supreme Court in Muhammad Afzal versus State. The Supreme Court held that 'coming into force' did not necessarily mean 'coming into operation' and they have distinguished between the two. I will just read out a few lines from the judgment of the Supreme Court. This is in the case of Muhammad Afzal versus the Commissioner, Lahore Division, P L.D. 1963, page 401. The Supreme Court held that "for a law to be in force it does not necessarily mean that it must also be in actual operation. The operation of the law is something different from the legal existence of the law itself." In view of the above decision of the Supreme Court, the Law Department have issued the definition of the term 'commencement'. So, according to this decision of the Supreme Court we have tried to define the word 'commencement' which means that although the law is in force, yet it will come into operation only when it is commenced. This is a simple thing and in view of the decision of the Supreme Court which I have just quoted it will be hardly necessary.....

Mr. Munawar Khan : In sub-clause (3) of clause 1 it is very clear that "it or any specified provision thereof shall come into operation in such area or areas and on such date or dates as Government may, by notification, appoint in this behalf". Now, the word 'operation' is there and as soon as this Bill is enacted.....

Mr. Deputy Speaker : Please go on to part (b).

Minister of Revenue : Operation is different from enforcement.

Mr. Deputy Speaker : Mr. Munawar Khan, please, go on to part (b).

Mr. Munawar Khan : In sub-clause (14) para (*i*) be deleted and sub-

sequent paras (*ii*) and (*iii*) renumbered as para (*i*) and (*ii*) respectively. Sir, we see that in this clause the definition of 'assigned land-revenue' has not been given. What is the definition of assigned land-revenue' ? It should be deleted from there and a legal definition should be given somewhere so that the courts or the advocates, we would be appearing and interpretting the words, should be in a position to know as to what is the meaning of 'assigned land-revenue'. The definition of 'assigned land-revenue' might be there in other Acts but those Acts are being repealed. If this becomes an Act, then those Acts would be repealed. Since the definition of 'assigned land-revenue' is not there, this clause be deleted and the other two re-numbered accordingly. This should be shown as a separate sub-clause and legally defined so that it should become easy for the abvocates and the Revenue Courts or Civil Courts to appreciate it correctly.

Mr. Deputy Speaker : Have you finished ?

Mr. Munawar Khan : No, Sir. In sub-clause (14) of clause 4, for para (*ii*), as re-numbered, the following be substituted, namely :—

> '(ii) any sum payable to Government in respect of land by way of quit-rent ;'
> Here it reads, "any sum payable to Government, or to a person to whom Government has assigned the right to receive the payment, in respect of land, by way of quit-rent or commutation for service". Now, this sub-clause is so lengthy that it should be cofined only in these legal words, "any sum payable to Government in respect of land by way of quit-rent".

Mr. Deputy Speaker : You want to amend it just because it is lengthy ?

Mr. Munawar Khan : It is very lengthy and, at the same time, it gives 'commutation for service'. Now, 'commutation for service', it is always open to misuse particularly in these days when we are having so many difficulties and complications to move about and to organize ourselves. Everywhere we find a hitch or a complication for political organization and so on and so forth.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - میں معزز رکن کی

ترمیم کی تائید کرتے ہوئے یہ مودبانہ عرض کروں گا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker : Please discuss part (*b*) of the amendment.

Malik Muhammad Akhtar : I would be speaking on amendment No. 4 which was moved at length.

Mr. Deputy Speaker : I have already said that we are taking this amendment part by part and both the mover and the Minister have agreed to it. Part (*a*) of the amendment has been disposed off and now we are at part (*b*).

Mr. Munawar Khan : Sir, let me finish it and then the reply should be given.

Mr. Deputy Speaker : You have already agreed to deal with it part by part.

That will be a lengthy way. ۔ ملک محمد اختر

جناب والا ۔ سب کلاز ۱۳ میں جو نہایت ہی اہم سب کلاز ہے وہ definition نمبر ۱۳ کلاز (iv) I am sorry. اس میں سب سے اول Assigned Land Revenue کو delete کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے ۔ اور اس کے بعد جو کلاز تین ہے اس میں یہ کیا گیا ہے quit-rent ۔ تو اس کو اس طریقہ سے درست کیا جائے۔

"any sum payable to Government in respect of land by way of quit-rent."

جناب سپیکر ۔ میں مودبانہ گذارش کرتا ہوں کہ یہ Assigned Land اور Revenue کی جو quit-rent ہے ان سے کیا مراد ہے ۔ (جناب ملک

خدا بخش صاحب اس طرف توجہ فرمائیں میں نے ان سے بات کرنی ہے) میرا ہرگز یہ منشا نہیں ہے کہ میں کسی طریقے سے بحث کو لمبا کروں بلکہ ان کلاززز میں جو ضروری بات ہے اس کے متعلق مجبوری ہے کہ اس کو explain کیا جائے۔

جناب والا ۔ ملک خدا بخش صاحب مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ Assigned Land Revenue کا سسٹم برٹش گورنمنٹ سے پہلے کا سسٹم ہے ۔ اور برٹش گورنمنٹ نے بھی Assigned Land Revenue کے سسٹم کو جاری رکھا ۔ جناب سپیکر ۔ اگر آپ برا نہ مانیں تو میں مودبانہ گذارش کرتا ہوں کہ مجھے یہ بات کہنے دیجئے ۔ بلکہ وزرا حضرات بھی اس طرف توجہ فرمائیں یہ Assigned Land Revenue مغلوں کے زمانہ میں پنج ہزاری ہفت ہزاری کی term ہوتی تھی سکھوں کے عہد حکومت میں جب انہوں نے یہ علاقہ جات فتح کیے تو وہاں کی ملکیت انہوں نے سرداروں کو ۔ اپنے فوجیوں کو اپنے افسران کو transfer کردیں ۔ میں کسی کے نام اس بات کو منسوب نہیں کرنا چاہتا ۔ اس معزز ہاؤس میں تمام محب الوطن اور اعلیٰ قسم کے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں ۔ انگریزوں نے اس کو غداروں کے لیے استعمال کیا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker : Does the Member want that the 'assigned land revenue' should be excluded from the Bill ?

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I must argue.

Mr. Deputy Speaker : He should reply to what I am asking from him.

Malik Muhammad Akhtar : Certainly, I will come to that.

Mr. Deputy Speaker : Does the Member think that he is relevant ? I am not going to allow him to talk irrelevantly.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I have not been irrelevant in my life.

Mr. Deputy Speaker : I want to know whether he is relevant. He should please reply to my question.

Malik Muhammad Akhtar : Why are you presuming that I am irrelevant ?

Mr. Deputy Speaker : I am not presuming. I am asking him whether he wants the words "assigned land revenue" to be excluded from the Bill ?

Malik Muhammad Akhtar : Sir, may I question am I supposing that it should be over there ?

Mr. Munawar Khan : Point of order : Sir, the Speaker has to submit his reasons and arguments for your consideration and then, if you intend, put a question.

Mr. Deputy Speaker : I can put a question at any time whether he is relevant or not.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ آپ نے بذات خود یہ فرمایا ہے کہ جو ترمیم پیش کی گئی ہے اس کے حصہ ''بی'' پر وہ بول سکتے ہیں ۔ اس میں یہ دیا ہے کہ سب کلاز ۱۴ (i) جو ہے وہ یہ ہے ۔

"in sub-clause (14), para (i) be deleted and subsequent paras (ii) & (iii) be re-numbered as paras (i) and (ii) respectively."

اس سے صاف ظاہر ہے کہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس کلاز کو حذف کیا جائے ۔ جب ایک چیز طے ہوچکی ہے اور پھر وہ آسے move بھی کرچکے ہیں تو کم از کم آپ کو یہ پتہ ہونا چاہیے ۔ آپ بحث کو لمبا کرنا چاہتے ہیں ۔ آپ سپیکر کی کرسی پر بیٹھے ہوئے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : I have a right to ask a Member to know whether he is relevant or not. And the Member cannot question me like this. He may please sit down.

مسٹر حمزہ ۔ ہم Assigned Land Revenue کو حذف کرنا چاہتے ہیں اور یہ زیر بحث ہے ۔ آپ کو اس کا علم ہے ۔ مجھے اگر علم نہ ہو تو وہ دوسری بات ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Malik Akhtar may please go on with his speech.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اگر آپ کا حکم ہے تو میں مودبانہ طور پر اس کی تعمیل کرتا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ Assigned Land Revenue کی term دو صورتوں کو برقرار رکھنے کے لیے وجہ جواز ہوسکتی تھی ۔ ایک وہ صورت ہے کہ عوام کو پیسنے کے لیے ایک سرداروں کا یا ٹرائبل کے طریقہ کار کا نفاذ کر دیا جائے یا پانچ ہزاری سسٹم ۔ سکھوں کے عہد حکومت کا سسٹم یا انگریز نے غداروں کی پرورش کرنے کے لیے بعض علاقہ جات کو

مراعات دی ہوئی تھی ۔ آج جب کہ پاکستان آزاد ہوچکا ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ Assigned Land Revenue جب کہ ہمارے پاس اچھی communications ہیں ۔ مالیہ اکٹھا کرنے کا بہتر طریقہ یہ تھا کہ آپ کے پاس بورڈ آف ریونیو کی مشینری ہے ۔ آپ کے پاس کمشنر ہیں ۔ آپ کے پاس کلکٹرز ہیں ۔ آپ کے پاس اسسٹنٹ کلکٹر کلاس فسٹ اور کلاس سیکنڈ ہیں ۔ تحصیل دار ہیں ۔ نائب تحصیل دار ہیں پٹواری ہیں ۔ اس صورت میں جناب ملک خدا بخش صاحب مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کاش وہ اس سے اتفاق ہی کر جائیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ Assigned Land Revenue کی دراصل میں نے پوری منزل بیان کر دی ہے ۔

گاہے گاہے باز خوان این قصہ پارینہ را

انگریزوں کے وقت کے غداروں اور سکھوں کے وقت کے تشدد کے متعلق ہمارے وزرا صاحبان لا علم ہیں ۔ اور یہ Assigned Land Revenue کے متعلق لکیر کے فقیر ہیں ۔ میں چاہتا ہوں کہ ان کو سکھوں کا دور حکومت یاد دلاؤں ۔ یہ پرویژن un-necessary ہے ۔ یہ دور غلامی کا ایک ظالم سسٹم ہے ۔ یہ استبداد کی نشانیاں ہیں ۔ اب مجھے quit-rent کے متعلق عرض کرنا ہے ۔

"any sum payable to Government, or to a person to whom Government has assigned the right to receive the payment, in respect of land, by way of quit-rent or commutation for service "

جناب والا ۔ آپ اندازہ فرمائیں ۔ آپ بھی ایک اچھے زمیندار اور بڑے محب الوطن ہیں۔ میں آپ کے خاندان سے واقف ہوں لیکن آپ کے خاندان کی بھی اس میں خدمات ہیں جس کی وجہ سے پاکستان قائم ہوا ۔ (مداخلت) آپ اندازہ فرمائیں کہ

"any sum payable to Government to a person to whom Government has assigned the right to receive the payment."

یعنی پھر اسی چیز کو دھرایا جا رہا ہے ۔ پس یہ assignment کا مسئلہ . . . گورنمنٹ کسی کو کیوں collection کا رائٹ assign کرے ۔

Mr. Deputy Speaker : No repetition please.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا quit-rent کا جو مسئلہ ہے اس میں جیسا کہ خان منور خان صاحب نے ترمیم دی ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خاں ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ quit-rent کس کو کہتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ یہی difficulty ہے جس کے متعلق میں ہاؤس کو سمجھا دوں quit-rent کی میرے پاس definition یہ ہے ۔

"It is really an annual 'nazarana' of a fixed amount which an assignee has right or preparatory of the right to receive the revenue or tax of land as to pay to the Government."

یہ quite-rent وہ ہے جو Assigned Land Revenue کے بعد گورنمنٹ کو payable ہوگی ۔ یہ بڑی اچھی amendment تھی ۔ دراصل یہ خواجہ محمد صفدر صاحب کی

amendment تھی اور اب خان منور خان کی بھی یہی amendment ہے ۔ میں عرض کروں گا کہ یہ بڑی اچھی amendment ہے ۔

"any sum payable to Government in respect of land by way of quit-rent...."

یعنی وہ کہتے ہیں کہ بیچ کے دلالوں کو ختم کر دیا جائے ۔ جو ایجنٹ ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker : Malik Sahib, do you want this to be put there ?

Malik Muhammad Akhtar : As quit rent payable to Government.

اس میں جناب والا ۔ درمیان میں ایجنٹ ہیں ۔ کمشنر ایجنٹ ہے ۔ کلکٹر ایجنٹ ہے اور اس میں ایسے لوگ ہیں جن کو نسل در نسل غداری کے طور پر عوضانہ دیا جارہا ہے ۔

رانا پھول محمد خاں ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ کلکٹر کوئی ایجنٹی نہیں کرتا ہے ۔ ملک اختر صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے یہ غلط ہے ۔ نمبردار کے علاوہ کوئی ایجنٹی نہیں کرتا ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

میاں محمد شفیع ۔ جناب والا ۔ ملک اختر صاحب اس بات کی وضاحت کریں کہ ایجنٹ در ایجنٹ سے ان کا مقصد کیا ہے ۔ یہ کس کو کہتے ہیں ۔ ایجنٹ در ایجنٹ کی وضاحت کریں ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ اس ایوان میں دیکھا گیا ہے ۔ کہ جب کوئی ممبر پوائنٹ آف آرڈر اٹھائے ۔ ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خاں ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ حمزہ صاحب سے پہلے ایک ممبر ۔ پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا ہے ۔ جب تک اس پوائنٹ آف آرڈر پر آپ رولنگ نہ دیں ۔ دوسرا پوائنٹ آف آرڈر نہیں اٹھایا جا سکتا ۔ آپ پہلے میاں محمد شفیع صاحب کے پوائنٹ آف آرڈر کا جواب تو دیں ۔

Mr. Deputy Speaker : Let me first dispose of Mian Shafi's point of order, I did 'nt understand his point of order. Will he please repeat it.

میاں محمد شفیع ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ تھا ۔ کہ ملک اختر صاحب کی طرف سے یہ مطالبہ ہو رہا تھا ۔ کہ ان ایجنٹ در ایجنٹ کو یہاں سے نکال دیں ۔ اس بات سے ان کا مقصد کیا تھا ۔ اس سے ان کی مراد کیا تھی ۔

Mr. Deputy Speaker : That is no po'nt of order. Yes, Mr. Hamza,

مسٹر حمزہ ۔ ایجنٹ نہ آپ ہیں ۔ نہ ہم ۔ نہ اس ایوان کا کوئی ممبر ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ابھی چند لمحے گذرے ۔ کہ پھول خاں صاحب ۔

ایک پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا تھا ۔ افسوس کا مقام یہ ہے ۔ کہ انہیں پوائنٹ آف آرڈر اٹھانے کی بیماری اس حد تک ہو گئی ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member may please mention his point of order.

مسٹر حمزہ ۔ جب انہوں نے پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا تھا ۔ تو آپ پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ آپ اس پر رولنگ دیں کہ یہ پوائنٹ آف آرڈر ہے ۔ یا نہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : I have not allowed that.

مسٹر حمزہ ۔ انہوں نے اسے باقاعدہ move کیا تھا ۔

Mr. Deputy Speaker : First the Member raised a point of order. Then there was another point of order from a Member of the House. There must be one point of order at one time. Now the Member may please raise his point of order.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ عرض تو سنیئے انہوں ۔ تو پوائنٹ آف آرڈر کی صورت میں جو کچھ کہنا تھا وہ کہہ چکے ہیں ۔ لیکن جب انہوں نے پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا تھا ۔ تو مناسب یہ تھا کہ آپ ان کو کہہ دیتے کہ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : I have taken no notice of it. Nor is his a point of order. He may please take his seat.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو بلا زحمت دیتے ہوئے میں یہ عرض کروں گا کہ Assigned Land Revenue کی کوئی ضرورت نہیں

ہے ۔ اس quite-rent کی طرف اس قدر ضرورت ہے ۔ کہ حکومت کے جو واجبات ہوں ۔ اس کی collection کے لیے درمیان میں جو لوگ ہیں ۔ ان کو ختم کرکے حکومت کو خود recovery کا procedure کرنا چاہئے ۔ اور یہ جو دور غلامی کی یادگار ہے ۔ اسے ختم کر دینا چاہیے ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور ۔ ٦) ــ جناب سپیکر ۔ ابھی چند دن گزرے کہ اس ایوان میں زرعی اصلاحات کے متعلق ایک سوال کا جواب دیا جا رہا تھا ۔ تو جناب ملک خدا بخش بچہ صاحب جو کہ لینڈ ریوینو اور لینڈ ریوینو لاز پر ایک اتھارٹی سمجھے جاتے ہیں ۔ اور جو کہ وہ ہیں بھی ۔ اور زرعی اصلاحات کے متعلق جتنے بھی سوالات پیش کئے جاتے ہیں ۔ ان کے جوابات کے لئے بجا طور پر انہیں مامور کیا گیا ہے کہ وہ اس کا جواب دیں ۔

وزیر مال ــ کیونکہ یہ محکمہ ان کے پاس ہے ۔

مسٹر حمزہ ــ اسی لئے میں نے عرض کیا ہے کہ بجا طور پر انہیں اس کا ذمہ دار ٹھہرایا گیا ہے ۔ اور وہ وزیر جو وزیر مال کہلاتے ہیں ۔ ان کے بارے میں تو پورے طور پر یہ خیال ہے کہ وہ مال کے متعلق قانون کو نہیں سمجھتے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ــ یہ بات کہہ کر آپ کا جی خوش ہو گیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ملک خدا بخش صاحب نے فرمایا تھا کہ اب زرعی اصلاحات کے بعد ملک سے جاگیرداری نظام کو بالکل ختم کر دیا گیا ہے ۔ اور میری نظر میں وہ زمیندار یا وہ افراد جن کو حکومت بعض خدمات کے صلہ میں یا خدمات کے علاوہ اپنی صوابدید کے مطابق مالیہ اکٹھا کرنے یا اور کسی دوسرے کام کے لئے بعض علاقے دے دیتی ہے ۔ اور ان سے ایک مخصوص رقم وصول کرتی ہے ۔ تو اب زرعی اصلاحات کے بعد اس قسم کے Assignees of Land Revenue کی کوئی گنجائش نہیں رہی ۔

جناب سپیکر ۔ Assignee of Land Revenue سے جاگیرداری کے نظام کی بو ہی نہیں بلکہ بدبو آتی ہے ۔ اور خاص طور پر جناب محمد یوسف خان فرماتے ہیں کہ اس سے تعفن محسوس ہو رہا ہے ۔ چونکہ حکومت زرعی اصلاحات نافذ کر چکی ہے میرے نزدیک خدمات کا صلہ دینے کا یہ طریق کار پرانا ہے ۔ اور یہ بھی مسلمہ امر ہے کہ یہ طریق کار پرانے زمانے کی ایک بری یاد ہے ۔ جسے غلامی کے زمانے کی یاد کہئے ۔ یا اسے بادشاہوں کے زمانے کی یاد کہئے ۔ میں نے وقتاً فوقتاً جب کبھی موجودہ حکومت کا کسی بادشاہی دور سے موازنہ کیا ۔ تو اس پر حکومت کی طرف سے بہت ہی خفگی اور ناراضگی کا اظہار کیا گیا ۔ لیکن جب تک ہمارے ملک میں اس قسم کے قانون موجود ہیں اس قسم کے قوانین

کی موجودگی کا جواز موجود ہے ۔ یا ان کی موجودگی کی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ بلا یہ مصیبت یہ طبقہ یہ ملک دشمن عنصر اس وقت تک بھی موجود ہے ۔ لیکن جناب ملک خدا بخش بچہ صاحب نے فرمایا تھا کہ ہم ان سے ہمیشہ کے لئے نجات حاصل کر چکے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اور آپ کو اسی بات سے تکلیف ہوئی تھی ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس بات کے متعلق میرے خیال میں مغربی پاکستان میں دو رائیں نہیں ہیں کہ Assigned Land Revenue مغلوں کے ایام میں اکثر اوقات وہ لوگ ہوتے تھے ۔ جو کہ اپنے قبیلے کے سردار ہوتے تھے ۔ اور یہ عہدہ یا یہ ذمہداری یا یہ فرض ان کو اسی لئے سونپا جاتا تھا ۔ ورنہ ان کے Assigned Land Revenue ہونے کا اور کوئی جواز نہ تھا ۔ ان کے پاس طاقت ہوتی تھی ۔ اور ایک قبیلہ ان کے ماتحت ہوتا تھا ۔ اور وہ زبردستی ایک قبیلے کو اپنی غلامی میں جکڑ لیتے تھے ۔ بادشاہت کا نظریہ تو بہت پرانا ہے ۔ اور اسلام کے نظریے سے بہت دور ہے ۔ وہ لوگ جو عام طور پر کہتے ہیں کہ اسلامی بادشاہت ۔ وہ اسلام کی توہین کرتے ہیں ۔ کیونکہ اسلام میں بادشاہت کا کوئی تصور ہی نہیں ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : How is it relevant ?

مسٹر حمزہ ۔ یہ بادشاہت کے زمانے کی یاد ہے کہ بادشاہ ملک کو اپنی ذاتی ملکیت تصور کرتا تھا ۔ چونکہ وہ خود غاصب ہوتا تھا ۔ وہ دوسروں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker : Please be relevant.

مسٹر حمزہ ۔ یہ Assigned Land Revenue کون ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں ۔ کہ بادشاہوں کا بھی حکومت کرنے کا یہی طریقہ تھا ۔ کہ وہ تمام آبادی کو اپنی ذاتی ملکیت اور غلام سمجھتے تھے ۔ اور تمام زمین کو اپنی ذاتی ملکیت سمجھتے تھے ۔ اور جس شخص کو چاہتے ۔ اسے زمین دے دیتے ۔ جس شخص سے چاہتے زمین لے لیتے ۔ جس شخص سے چاہتے ٹیکس وصول کر لیتے ۔ اور جس شخص کو چاہتے ۔ ٹیکس معاف کر دیتے ۔ اور یہی طریقہ اور حربہ انگریزوں ۔ بھی اختیار کر رکھا تھا ۔ اور ہمارے بادشاہ جن کو مسلمان بادشاہ کہا جاتا ہے ۔ یا جن کے مسلمان ہونے پر فخر کیا جاتا ہے ۔ انہوں نے جو طریقہ اختیار کیا تھا ۔ ہماری حکومت بھی وہی طریقہ اختیار کرنا چاہتی ہے ۔ لیکن جناب سپیکر ۔ جب حکومت جاگیردارانہ نظام ختم کر چکی ہے ۔ جاگیرداروں کو جو مراعات دی گئی تھیں اس کا مقصد محض حکومت انگلشیہ کے یہی خواہوں کو نوازنا تھا ۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ جب بقول وزیر صاحب ملک میں جاگیردارانہ

موجود ھی نہیں تو پھر اس کی گنجائش اس قانون میں کیوں رکھی گئی ھے ۔

جناب سپیکر ۔ میں نے اس دن بھی ملک صاحب سے دریافت کیا تھا کہ آیا زمینداروں کو ان سے حاصل کی ھوئی زمینوں کا جو معاوضہ یا رقومات دی جاتی ھیں کیا معاوضہ دینے سے پہلے یہ جانچ پڑتال کی گئی تھی کہ زمینداروں کو جس زمین کا معاوضہ دیا گیا ھے انھوں نے اپنی محنت و مشقت سے پیدا کی تھی یا کسی غداری کی بنا پر حاصل کی تھیں ۔

Mr. Deputy Speaker : How is that relevant here ? I will draw the Member's attention to rule 149. He persists in being irrelevant.

مسٹر حمزہ ــ Acquisition of Land Revenue کے سلسلہ میں میں عرض کروں گا کہ جب ملک آزاد ھوتا ھے اور افراد جنھوں نے آزادی حاصل کرنے میں قوم اور ملک کی خدمات کیں ھوں انھیں صلہ میں انعام و اکرام سے نوازا جاتا ھے اور جو قوم کو غلامی میں جکڑنے کے لئے غیروں کی مدد کرتے ھیں ان کو غاصبوں نے جو انعام و اکرام سے نوازا ھوتا ھے اور مراعات دی ھوتی ھیں وہ ان سے واپس لی جاتی ھیں ۔ اس قسم کی بے شمار مثالیں موجود ھیں کہ جن لوگوں نے اپنے ملکی بھائیوں کو غلام بنانے میں مدد دی ھوتی ھے انھیں سزائیں دی جاتی ھیں ۔ آج جب کہ پاکستان کو آزاد ھوئے ۱۸ سال گذر چکے ھیں ۔

اس میں Acquisition of Land Revenue کی گنجائش رکھنے کا تصور آزادی کے تقاضوں کے بالکل منافی ہے۔

ان معروضات کے پیش نظر میں سمجھتا ہوں کہ جو گنجائش رکھی گئی ہے اور قوم اور اس ملک کے مفاد کے منافی ہے حکومت کی اعلان کردہ پالیسی کے منافی ہے۔ چونکہ حکومت زرعی اصلاحات نافذ کر چکی ہے اور جاگیرداری نظام قطعی طور پر ختم کر دیا گیا ہے اس لئے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) — جناب والا - میں ان لوگوں کو قابل مبارکباد سمجھتا ہوں کہ جن لوگوں نے یہ ترمیم پیش کی ہے اور قانونی وضاحت سے یہ بتایا ہے کہ Acquisition of Land Revenue کے الفاظ کو کتاب سے خارج کیا جائے۔ دراصل یہ Acquisition of Land Revenue کیا چیز ہے اس کے لئے میں آپ کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراؤں گا - کہ یہ Acquisition of Land Revenue اس دور غلامی اور دور غلامی سے پیشتر اس تاریک زمانہ کی یادگار ہے جب ریونیو کا تصور یہ تھا کہ زمین کا مالک ملک کا حاکم اعلیٰ ہے - اور اس کو یہ حق تھا کہ اپنی زمین جس کو استعمال کے لئے دے تو اس سے اس کا کرایہ وصول کرے اب وہی کرایہ ریونیو کے نام یا شکل میں ہے - جب وہ مالک تھا تو آپ سے آپ اسے اپنے کرایہ میں سے یہ اختیار تھا کہ جس کو

چاہے معاف دے دے جس کو چاہے جاگیرداری کا حصہ دے دے ۔ یا اس کا سارا لینڈ ریونیو معاف کر دے ۔ یا جس طرح چاہے کرے اس کا وہی مالک مطلق تھا ۔ تصور یہ تھا کہ وہی ملک کا حاکم تھا ۔ وہ زمین سے کرایہ کے طور پر لے اور جس طرح چاہے اسے استعمال کرے جب تاریکی کا دور ختم ہوا اور ملک آزاد ہوا تو وہ تصور بھی ختم ہوگیا ۔ اور اس کی جگہ اس بات نے لے لی کہ زمین کی مالک ساری بنی نوع انسان ہے جو خلیفۃ اللہ ہے اور زمین کا مالک وہی ہے جو اس کے سینہ کو چیر کر اس سے فصل اگاتا ہے ۔

Mr. Hamza : Sir, there is no quorum in the House.

Mr. Deputy Speaker : Let there be a count. (*count was taken*).

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے کورم نہ ہونے کا اعلان تو نہیں کیا ۔

Mr. Deputy Speaker : The member cannot expect me to count. Unless the count is taken, how can I announce ?

مسٹر حمزہ ۔ میں نے دیکھا ہے کہ آپ نے گن لیا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : The Assistant Secretary is counting. Does the Member want that I should announce without counting the members ?

مسٹر حمزہ ۔ ابھی ہمارے سامنے گن لیا ہے اس لئے کورم نہ ہونے کا اعلان کرنا چاہئے ۔

Mr. Deputy Speaker : I had not been informed. Now the House is in quorum. Please go ahead.

مسٹر حمزہ ــ اگر آپ کہتے ہیں تو میں بحث نہیں کرتا ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member cannot cast aspersions against the Chair.

مسٹر حمزہ ــ میں نے آپ کے خلاف تو کچھ نہیں کہا ۔

Mr. Deputy Speaker : What did the Member mean by saying that he wanted that there should be an announcement ? Until the count is taken how could I announce it. Didn't the member intend to cast aspersions on the Chair ?

مسٹر حمزہ ــ جی نہیں میرا مقصد یہ نہیں تھا ۔

Mr. Deputy Speaker : Will the Member please apologise for what he said ?

مسٹر حمزہ ــ آپ کرسی پر بیٹھے ہیں ۔ اب جس طرح آپ کہتے ہیں میں مان لیتا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : I had not been informed, and until I am informed, the Member cannot expect me to announce. Is the Member going to withdraw his words or not ?

مسٹر حمزہ ــ میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں ۔

خواجہ جمال محمد کوریجہ ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ حمزہ صاحب نے جو پوائنٹ آف آرڈر raise کیا ہے کہ ہاؤس میں کورم نہیں

جس وقت کورم نہیں تھا کیا ان کو معلوم ہے کہ ہاؤس میں کتنے ممبران تھے ۔

Mr. Deputy Speaker : That is not a point of order.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جب ہم کسی زمین کے مالک کا تصور کرتے ہیں تو وہی ہے جو ملک کا حاکم ہے ۔

Sahibzada Noor Hassan : Point of order, Sir. Mr. Kureja was not in his seat when he was raising the point of order.

Mr. Deputy Speaker : You cannot raise a point of order unless you are in your own seat.

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ معزز ممبر کو غالباً یہ معلوم نہیں کہ میری نشست تبدیل ہو چکی ہے ۔ اور میں اپنی نشست سے بول رہا ہوں ۔ ان کو چاہئے کہ وہ اپنے الفاظ واپس لیں ۔

Mr. Deputy Speaker : His point of order has already been ruled out of order.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ ملکیت زمین کا تصور تب یہ تھا کہ ملک کا حاکم مطلق جو حکومت کر رہا ہو اسے اپنی ملکیت کی بنیاد پر زمین سے استفادہ کرنے والے سے کرایہ وصول کرنے کا حق ہے خواہ وہ لینڈ ریونیو کے نام سے وصول کیا جا رہا ہو اس تصور کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ مالک کو حق پہنچتا ہے کہ اپنی کرایہ کی رقم سے

جس کو چاہے دے جس کو چاہے معاف کر دے جس شخص سے چاہے نصف کرایہ وصول کرے یا پورا معاف کر دے ۔ لیکن آزادی کے تصور کے ساتھ ساتھ وہ تصور بدل گیا اور اس تصور نے جگہ لی کہ زمین کا مالک اس دنیا میں اللہ تعالیٰ ہے اور زمین میں نظام قائم رکھنے کے لئے عارضی مالک اس شخص کو بنا دیا گیا ہے جو زمین کا سینہ چیر کر فصل اگاتا ہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں اپنے محترم دوست کی اطلاع کے لئے عرض کر دیتا ہوں کہ حکومت کی طرف سے مالکان اراضی سے یہ لینڈ ریونیو بطور کرایہ وصول نہیں کیا جاتا بلکہ وہ ان زمینداروں کی بہبودی کے لئے ان کی سڑکوں ، سکولوں اور ہسپتالوں کے لئے ہوتا ہے اور ان کا نظام چلانے کے لئے وصول کیا جاتا ہے جیسا کہ جماعت اسلامی والے جماعت کو چلانے کے لئے چندہ وصول کرتے ہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member may please resume his seat. This is no point of order.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں یہی بات کہنے جا رہا ہوں اور وہ میری تائید کر رہے ہیں کہ زمین کا مالک وہ شخص ہے جو اس کا سینہ چیر کر اس میں سے فصل اگاتا ہے ۔

خان محمد یوسف خان ــ پوائنٹ آف آرڈر ۔ اگر مولانا اسلامک لاء پر فرما رہے ہیں تو میں پوائنٹ آف آرڈر کر سکتا ہوں کہ یہ غلط کہہ رہے ہیں قرآن میں ہے

ولکم ما فی الارض جمیعا

جو کچھ زمین میں ہے کیا تم سب کا نہیں ہے ۔ اس میں کسی ہل چلا " والے کا سوال نہیں ہے نہ کسی دوسرے مالک کا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ــ میں یہی بات کہہ رہا ہوں کہ اسلامک تصور اور کسی آزاد ملک کا جو اشتراکی نہ ہو وہاں زمین کا تصور یہ ہے کہ بنیادی حیثیت سے زمین کا مالک وہ شخص ہے جو اس کا سینہ چیر کر فصل اگاتا ہے یا وہ لوگ جو فصل اگانے کے لئے کچھ لوگوں کو ملازم رکھ کر کام لیتے ہیں ۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: I think, Mr. Farooqi, is wrongly quoting the Islamic version of the 'Milkiat' of land. Milkiat belongs to God only and not to any individual.

مسٹر ڈپٹی سپیکر ــ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

Mr. Farooqi may please go ahead. No repetition.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ــ جناب بیچ میں یہ لوگ مداخلت کرتے ہیں اور مجھے پھر واپس جانا پڑتا ہے ۔ میرے خیال میں ان حضرات

نے توجہ نہیں فرمائی میں عرض کر رہا تھا کہ اسلامی تصور یہ ہے کہ زمین کا مالک اس دنیا کا مالک اعلیٰ یعنی اللہ تعالیٰ ہے اور دنیا کا نظام چلانے کے لئے عارضی ملکیت اس کے خلیفہ یا اس کے نائب کی حیثیت سے زمین پر اس شخص یا ان افراد یا مجموعہ افراد کو حاصل ہے نمبر(۱) جو زمین کا سینہ چیر کر فصل اگاتا ہے نمبر (۲) وہ جو ۔۔۔۔

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ فاروقی صاحب کہہ رہے ہیں کہ زمین کا سینہ چیر کر جو فصل اگاتا ہے اس کی ملکیت ہوتی ہے ۔ تو ایک زمیندار جو اس کا مالک ہے وہ مالک نہیں اور ایک مزارع جو اس میں ہل چلاتا ہے وہ اس کا مالک ہے یہ فاروقی صاحب کیا فرما رہے ہیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ نمبر (۲) وہ لوگ جو انفرادی حیثیت سے زمین کا سینہ چیر کر فصل اگاتے ہیں یا ان کے حق کو خرید کر یا کسی طریقہ سے ان کو ملازم رکھتے ہیں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ کیا باغات کے متعلق بھی کچھ مولانا صاحب فرما رہے ہیں باغات کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے آپ تشریف رکھیئے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں رانا صاحب کی خدمت میں سلام بھیجتا ہوں ۔ (قہقہہ)

Mr. Deputy Speaker : Order, order.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : I would like to know what this "Salam" indicates ?

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جاہلون سلاما ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ زمین کی ملکیت کس کی ہے ؟ اب دوسری بات جو میں کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جب یہ تصور زمین کی ملکیت کا بدلا اور جو لوگ زمین سے استفادہ کرتے ہیں حکومت نے ان سے جس طرح سے کہ ملک کے سارے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان ۔ میں نہایت ادب کے ساتھ فاروقی صاحب سے گزارش کروں گا ۔ کہ جب ان کو زمینداری کے متعلق علم نہیں ہے اور نہ ان کے حلقہ کا کوئی ووٹر زمیندار ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ ان کو معلوم نہیں ہے میں زمیندار ابن زمیندار ابن زمیندار اور ابن زمیندار ہوں ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ ان کے معنوں میں ہی رانا صاحب کو سمجھانا پڑے گا ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ بیچارے وہ لوگ جو زمین کی رقم ریونیو کی شکل میں ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ جمال محمد کوریجہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب یہ لفظ ''بیچارے،، جو فرما رہے ہیں تو انہوں نے کیا سمجھا ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ لفظ ''بیچارے،، کہہ کر یہ سارے ممبران کی عزتی کی گئی ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ بیچارہ کا مطلب یہ ہے کہ جو چارہ نہ کھاتا ہو بلکہ غذا کھاتا ہو ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member may please go ahead with his speech.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ـ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ زمین کا پہلے مالکانہ تصور مختلف تھا اس کے مالک اس کے حکمران ہوا کرتے تھے اور یہ تصور تھا کہ جو زمین سے استفادہ کرتا ہے اس سے وہ کرایہ وصول کرتا ہے اور اس کو حق تھا کہ وہ کرایہ اس سے لے یا اس کو چھوٹ دے دے یا معاف کر دے ۔ اب یہ تصور ہے کہ زمین کے دراصل وہ مالک ہیں جو خواہ کاشتکار ہوں یا زمیندار ہوں ہم ان کو مالک تصور کرتے ہیں لیکن گو حکومت مالک نہیں ہے وہ مالک کو دوسری سہولتیں مہیا کرتی ہے اور سہولتیں مہیا کرتی ہے اس لئے مالک کو دوسری آبادی کی طرح ملک کے خزانے میں اپنا حصہ ادا کرنا چاہئے اور چنانچہ وہ زمین کے استعمال کی وجہ سے وہ رقم ادا کرتے ہیں اور وہ کرایہ نہیں ہے بلکہ ایک ٹیکس ہے جس طرح سارے ملک کی آبادی ٹیکس ادا کرتی ہے ایک صنعت کار ٹیکس ادا کرتا ہے ایک سرکاری ملازم ٹیکس ادا کرتا ہے ایک سکول کا ماسٹر ٹیکس ادا کرتا ہے یہ وزراء حضرات ٹیکس ادا کرتے ہیں اسی طرح کاشتکار اور زمیندار طبقہ بھی جو اس ملک اور اس حکومت کی فراہم کی ہوئی سہولتوں سے استفادہ کرتا ہے اس کو بھی ٹیکس ادا کرنا چاہئے ۔ مثلاً حکومت کی فراہم کردہ سڑکوں

سے ڈسپنسریوں سے اور بجلی وغیرہ سے عام لوگ استفادہ کرتے ہیں ان سے ٹیکس لیا جاتا ہے لہذا یہ لوگ بھی اس کا ٹیکس ادا کریں ۔ تو میرے علم کی حد تک جو اسلام کا تصور ہے ، ہو سکتا ہے کہ میں غلطی پر ہوں ، زمین کی ملکیت کا یہ تصور ہے کہ لینڈ ریونیو کرایہ نہیں ہے بلکہ ایک ٹیکس ہے جو کہ ایک کاشتکار حکومت کو ادا کرتا ہے اور ان سہولتوں کے عوض میں ادا کرتا ہے جو حکومت اس کو مہیا کر رہی ہے ۔ پھر اس کے بعد حکومت کا یہ اختیار آپ سے آپ ختم ہو جاتا ہے کہ وہ کسی شخص کو اس کی معافی دے دے یا اس ٹیکس پر چھوٹ دیدے یا اس ٹیکس کے وصول کرنے کا اختیار کسی خاص فرد یا افراد کے مجموعہ کو دیدے کہ تم اس علاقہ کے لوگوں سے ٹیکس وصول کرو اور اس میں سے اتنا حصہ رکھ لو اور اتنا حکومت کو دے دو ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں ٹیکسوں میں ایکسائز ڈیوٹی ہے اور اسی طرح حکومت کے خزانے میں آنے والے دوسرے ٹیکس ہیں اور ان کی خاص رقومات کے سلسلے میں کہیں کوئی ایسا نظام نہیں ہے کہ assigned ایکسائز ڈیوٹی ہو یا assigned sale ٹیکس ہو تو پھر یہاں آپ ایسا کیوں کر رہے ہیں ۔ کیا آپ نے کراچی sea پورٹ پر sea کسٹم وصول کرنے کے لئے کسی کو ٹھیکہ دیا ہے کہ وہاں سے رقم وصول کرکے اتنی تم رکھ لینا اور اتنا حکومت کے خزانے میں جمع کر دینا ۔ میں سمجھتا ہوں

کہ حکومت کی طرف سے کسی شعبہ ٹیکس میں ایسا نظام رائج نہیں ہے اس سلسلے میں صوبائی حکومت نے اور نہ مرکزی حکومت نے کوئی نظام رائج کیا ہے جب کہیں ایسا کوئی نظام نہیں ہے تو لینڈ ریونیو میں ایسا نظام کیوں رائج کیا جائے۔ اس شق کے یہاں موجود ہونے سے اس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ ابھی تک وہ تصور بدلا نہیں ہے ابھی تک آپ لینڈ ریونیو کو کرایہ سمجھ رہے ہیں ٹیکس نہیں سمجھ رہے ہیں کیونکہ اگر آپ ٹیکس سمجھیں تو کہیں بھی یہ چھوٹ نہیں ہے۔ میرے خیال میں لینڈ ریونیو کے لئے ''ٹیکس'' کا لفظ زیادہ صحیح ہے تو جو ٹیکس آپ وصول کرتے ہیں اسے آپ ملک کے دوسری اجتماعی سہولتوں کے عوض حاصل کرتے ہیں اس میں assignment کا کیا سوال پیدا ہوتا ہے۔ کیا کبھی آپ نے یہ سنا ہے کہ حکومت نے کسی ادارے کو یہ ٹھیکہ دے دیا ہو کہ تم اپنے ملازمین سے جتنا انکم ٹیکس وصول کرنے آئے ہو اس میں سے ۱۰ فیصدی یا ۵۰ فیصدی حکومت کو دے دو اور باقی ۵۰ فیصدی خود رکھ لو۔ جب اس طرح کے ٹھیکے کا کہیں رواج نہیں ہے۔ جب کسی ٹیکس کو وصول کرنے کے لئے کسی شعبہ میں یہ ٹھیکے داری یا assignment کا نظام نہیں ہے تو لینڈ ریونیو میں اس assignment کو داخل کرنے کا کیا مطلب ہے؟ یہ ساری باتیں اس چیز کا ثبوت اور شہادت فراہم کرتی ہیں کہ آپ کے ذہن میں ابھی تک وہی بادشاہت اور آمریت

کا تصور موجود ہے ابھی وہی ذہنوں کے اندر حاکم اعلیٰ ہونے کا تصور کام کر رہا ہے ۔ ملک آزاد ہوگیا ۔ حالات بدل گئے لیکن آپ کا ذہن نہیں بدلا ۔ میں توقع کرتا ہوں کہ جناب وزیر مال ہماری ان گزارشات پر غور فرمائیں گے ۔ اور ہماری اس ترمیم کو بڑی خندہ پیشانی کے ساتھ قبول کرکے ہمیں شکریہ کا موقع دیں گے ۔

Mr. Deputy Speaker : Mr. Farooqi is not relevant.

Minister for Education & Irrigation (Malik Khuda Bakhsh) : Well Sir, I had no intention whatsoever of intervening in this debate but since a reference has been made to me by Mr. Hamza, I avail of this opportunity of explaining the position accurately in a crystally clear term for different 'jagirs'. Sir . . . . .

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ اردو میں بولیں ۔ ہم انگریزی نہیں سمجھتے اس لئے جواب وزیر صاحب اردو میں دیں تاکہ ہم کچھ سمجھ لیں ۔

وزیر آبپاشی ۔ جناب والا ۔ میرا کچھ ارادہ نہیں تھا کہ میں اس بحث مباحثہ میں حصہ لوں ۔ چونکہ حمزہ صاحب نے میرے متعلق کچھ واقعات کا ذکر فرمایا ہے لہذا میں اس موقعہ سے فائدہ اٹھا" ہوئے اور اس معزز ایوان کی خاطر قانونی پوزیشن کو واضح کرنے کی سعادت حاصل کرنی چاہتا ہوں ۔ آپ کو یہ معلوم ہوگا کہ آئندہ کے لئے حکومت

نے یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ کسی قسم کی کوئی جاگیر نہیں بنائی جا سکتی اور نہ ہی وہ پیدا کی جا سکتی ہے ۔ انگریزی کے الفاظ یہ ہیں

All Jagirs of whatever name stand repealed or abolished.

تو اس صورت میں جس خدشے کا اظہار کیا جا رہا ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ constitutional provision ہے جس میں یہ لکھا گیا ہے کسی قسم کی جاگیر نئی پیدا نہیں کی جا سکتی ۔ اب فاروقی صاحب کی اس بات پر سوال یہ پیدا ہوا ہے تو پھر اس کا کیا جواز ہے کیا ضرورت ہے کہ جو اس کو رکھا جا رہا ہے ۔ تو میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ Land Reforms Regulations ۱۹۵۹ء تمام مغربی پاکستان پر اس وقت تک حاوی نہیں ہیں اور چند ایک علاقے جو بلوچستان سابقہ کے تھے ان پر یہ Regulations نافذ نہیں کی جا سکتیں اور اس کی وجہ یہ تھی کہ کاغذات مال نہ تھے اور وہاں settlement کی کوئی صورت نہ تھی کہ جس کی بناء پر Land Reforms کو نافذ کیا جا سکتا ۔

مسٹر منور خان ــ اٹھارہ سالوں میں ابھی تک بندوبست نہیں ہوا ۔

وزیر آبپاشی ــ اٹھاروں سالوں میں بندوبست نہیں ہوا کیونکہ کاغذات مال نہیں تھے اور کاغذات مال کے بنانے کا process خاصا لمبا ہوتا ہے ۔ میرے دوست جانتے ہیں کہ مغربی پاکستان اور بلوچستان میں چند ایک ایسی جگہیں ہیں جہاں یہ باتیں موجود نہیں ہیں یعنی

اس جاگیرداری کے متعلق ۔ اس لئے اس صورت میں جواز پیدا کرنے کے لئے اور ایک ہمہ گیر قانون بنانے کی خاطر اس کو رکھا گیا ہے لہذا اس قسم کے خدشات اور جو فصاحت اور بلاغت یہاں سے فرمائی گئی ہے کہ ہم جاگیرداری نظام کو نافذ کرنا چاہتے ہیں وہ بالکل درست نہیں ۔

This is against the Ideology of a Democratic State and it will stand to the ever lastimes Credit of President Ayub.

Mr. Munawar Khan: Point of Order. Would the Minister inform the House as to when the Government would be in a position to carry out settlement and whether it knows the neglected areas?

Mr. Deputy Speaker: It is not a point of order. It is ruled out of order.

وزیر آبپاشی ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آئین کے مطابق کوئی نئی جاگیر نہیں بنائی جا سکتی اور ہر قانون آئین کے تابع بن رہا ہے لہذا اس قسم کے خدشے کا اظہار کرنا بے معنی ہوگا ۔ میرا خیال ہے کہ یہ بے بنیاد خدشہ ہے ۔ جو چند باتیں رہ گئی تھیں تو وہ اس قانون کو ہمہ گیری دینے کے لیے رکھی گئی ہیں کوئی نیا نظام پیدا نہیں کیا جا رہا ۔ جس طرح میرے دوست فاروق صاحب نے تعریف کی ان کا مقصد اگر ہمارے لیے ایک thesis پیش کرنا تھا تو میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ ان کی بات کو میں غلط بیانی بھی نہیں کہہ سکتا بہرحال ان کی اطلاع درست نہ تھی یا ان کا مطالعہ درست نہ تھا کیوں کہ میں نے تو پچیس سال اسی چیز میں گزارے ہیں لہذا میں سمجھتا ہوں کہ میں کچھ ادباً عرض کرسکتا

تھا ۔ چونکہ وقت کی تنگی ہے اور معزز ممبران بالخصوص کوشش کر رہے ہیں کہ یہ بل جلدی پاس ہو جائے لہذا میں مداخلت نہیں کرنی چاہتا ۔

Mr. Deputy Speaker : Would Khan Sahib like to say anything.

Minister of Revenue : Sir there is hardly anything left for me to say.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ ہم پر فصاحت اور بلاغت کا الزام اور خصوصاً ملک غدا بخش بچہ کی طرف سے ۔ میرا پوائنٹ جناب سپیکر یہ ہے کہ جس وقت یہ سوال ایوان میں پیش ہوا تو جناب ملک صاحب نے فرمایا تھا کہ لینڈ ریفارمز کے نفاذ کے بعد جاگیر داری کا نظام یہ نہیں کہ آئندہ قائم رہے گا یا قائم کیا جائے گا بلکہ یہ فرمایا تھا کہ اس کو قطعاً ختم کر دیا گیا ہے ۔ تو اب ان کے فرمان کے مطابق ظاہر ہوتا ہے کہ یہ جاگیریں ابھی مغربی پاکستان میں موجود ہیں اور مجھے علم ہے کہ یہ نواب آف ٹانک ۔ نواب آف ڈیرہ اسمعیل خان اور نواب آف پیری کے پاس ابھی تک موجود ہیں ۔

وزیر مال ۔ آپ کی اطلاع کے لیے عرض کرتا ہوں کہ یہ تینوں جاگیرداریاں ضبط کی جا چکی ہیں ۔

Mr. Munawar Khan : Sir.....

بیگم زاہدہ خلیق الزمان ۔ ان کو آپ فرمائیں کہ وہ اردو میں بولیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ بیگم صاحبہ میں ان کو مجبور نہیں کرسکتا ۔

کسی کو بھی مجبور نہیں کیا جاسکتا ان کی مرضی ہے انگریزی میں بولیں یا اردو میں ۔

مسٹر منور خان ۔ I will reply to Begum Sahiba. بیگم صاحبہ میں پٹھان ہوں ۔ مذکر کو مونث اور مذکر کو مونث کہنے کی غلطی کر لیتا ہوں کہیں ایسا نہ ہو کہ کسی مونث کو مذکر بنا دوں اور مذکر کو مونث اور پھر مجھ سے غلطی سخت قسم کی ہو جائے ۔

بیگم زاہدہ خلیق الزمان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔

وحشت میں ہر ایک نقشہ الٹا نظر آتا ہے

مجنوں نظر آتی ہے لیلیٰ نظر آتا ہے (قہقہہ)

Mr. Deputy Speaker : That is no point of order.

وزیر آبپاشی (ملک خدا بخش) ۔ میں جناب حاجی صاحب سے صرف یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ جب انگریزی اس طرف سے بولی جاتی ہے تو وہ ان کی سمجھ میں آ جاتی ہے ؟

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ حاجی صاحب تشریف رکھئے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ ایک ممبر صاحب جن کا نام میں نہیں لینا چاہتا وہ جب بھی پوائنٹ آف آرڈر اٹھائیں اس کا نوٹس نہیں لینا چاہیئے کیوں کہ ان کا نام ہی ایسا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Yes, Mr. Munawar Khan.

Mr. Munawar Khan: Now I take up part (*c*) of my amendment which reads :—

> That in sub-clause (16), between the words "or" and "group", occurring twice in lines 1 and 3, the article "a" be inserted.

Mr. Deputy Speaker: Yes, Mr. Munawar Khan.

Mr. Munawar Khan: It is just a formal correction. It is a simple grammatical mistake.

Mr. Deputy Speaker: It does not appear so necessary.

Mr. Munawar Khan: If you read it Sir :

"net assets" of an estate or group of estates..... Now the word "an" qualifies the word group which would be grammatically wrong.

Mr. Deputy Speaker: "an" does not qualify group.

Mr. Munawar Khan: "an" qualifies group .

Mr. Deputy Speaker: I don't think so.

Mr. Munawar Khan: I think grammatically I would be correct if I say ' net assets" of an estate or 'a' group of estates mean the estimated average annual surplus produce of such estate or 'a' group of estates .....

There must be 'a' otherwise I think it would be grammatically wrong. That is all I have to say. Nothing further.

Mr. Deputy Speaker: Yes, Khan Sahib.

وزیر مال - پہلے جو ۱۸۸۷ء کا ایکٹ تھا اس میں exactly یہی الفاظ تھے -

> "net assets" of an estate or group of estates mean the estimated average,..... ...

وھاں بھی 'a' group of estates. نہیں ھے ۔ اس میں نوے سال سے کسی نے کوئی غلطی نہیں نکالی۔غلطی ھے ھی نہیں تو نکالی کیا جائے ۔

Chaudhri Anwar Aziz : There is no need of insertion of 'a' here because the first part of the sentence is singular and, therefore, it is presumed that 'a' has been used for the first part of the sentence. Thereafter "group of estates" is also a plural and that covers the thing.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ یہ ambiguous ھو جائے گا ۔ "a" لانا لازمی ھے ۔

"net assets" of an estate or group of estates.....or 'a' group of estates.

میری سن لیجئے ۔ سو سال سے اگر غلطی جاری ھے تو ضروری نہیں کہ اب بھی جاری رھے ۔ اپنے ڈرافسٹمین سے پوچھ لیجئے ۔

Mr. Deputy Speaker : The House is the final authority.

Chaudhri Anwar Aziz : On a point of order.

"net assets" of an estate or group of estates.....

Mr. Deputy Speaker : What is the Member's point of order ?

Chaudhri Anwar Aziz : That he is pleading the wrong cause.

Mr. Deputy Speaker : That is no point of order.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میرے پاس ایسی مثالیں موجود ھیں ۔ کہ ایک کوے کی غلطی سے ابہام ھو جاتا ھے ۔ یہاں بھی کومہ کی غلطی سے ابہام پیدا ھو سکتا ھے میں اپنی بات کو طول نہیں دینا چاھتا group of estates مجموعی طور پر واحد ھے۔ اس لیے اس کے ساتھ "a" کا ھونا

ضروری ہے ۔ (قطع کلامیاں)

یہ "an" کا لفظ کیوں لکھا گیا ہے ۔ اگر یہ ضروری ہے تو group of estates کے لیے بھی 'a' ضروری ہے ۔

اثر کرے نہ کرے سن تو لے میری فریاد
نہیں ہے داد کا طالب یہ بندۂ آزاد

یہ حقیقت ہے کہ یہ کومہ کی غلطی ہے ۔ ابہام بھی ہے ۔ اس کے متعلق منور خان صاحب اور خواجہ محمد صفدر صاحب کی بھی ترامیم ہیں ۔ تو اسے مان لینے میں حرج کیا ہے ؟ بعد میں ابہام دور کرنے کے لیے مشکل پیدا ہوتی ہے ۔ تو اس لیے اسے اب مان لینا چاہئیے ۔

(At this stage Khan Muhammad Yusuf rose to speak)

Mr. Deputy Speaker : Does the Member want to speak on part (*e*) of the amendment ?

Khan Muhammad Yusuf : As a lawyer I would like to explain what it will mean under the law of interpretation. If you want to hear me I am here to contribute towards this discussion.

میرے فاضل دوست کو کچھ غلط فہمی ہوگئی ہے اگر وہ law of interpretation ملاحظہ فرماتے تو انہیں معلوم ہو جاتا کہ یہاں 'a' کیوں نہیں ہے ۔ an estate کا مطلب کوئی واحد estate ہوگا ۔ اس کے بعد اگر وہ کہہ دیتے "a group of estates" تو وہ ایک گروپ کو specify کر دیتے ۔ اس کے بعد پھر اس کے تحت کسی دوسرے گروپ کو specify نہیں کر سکتے تھے ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

اس صورت میں ایک گروپ مختص ہو جاتا ۔ جس سے باہر پھر وہ نہیں جا سکتے تھے ۔ اس لیے میری یہ گذارش ہے اس میں رکاوٹ پیدا ہو جائے گی ایک دفعہ گروپ کے متعلق آپ کہیں گے تو پھر باقی کے متعلق آپ کچھ نہیں کہہ سکیں گے ۔ اس لیے یہاں 'a' چھوڑ دیا گیا ہے ۔ جیسے موجودہ صورت ہے یہی قانونی طور پر ہونی چاہئیے اور یہی درست ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ جو طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے اس میں ایک امنڈمنٹ لی جا رہی ہے یا clause by clause لی جا رہی ہیں ۔

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ امنڈمنٹ نمبر ۴ بہت سی کلازز پر حاوی ہے ۔

It covers many sub-clauses, not one. So, the discussion is held on each sub-clause separately, but the amendment will be put as a whole.

مسٹر سپیکر ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ خان منور خان جس امنڈمنٹ پر بول رہے ہیں وہ اس کی ہر کلاز کے متعلق علیحدہ علیحدہ تقریر فرمائیں گے ۔

Mr. Ahmedmian Soomro: May I explain Sir. We took up each sub-clause and allowed each one to speak on it. Voting would, of course, be on the clause as a whole. Because they thought it will facilitate discussion, this procedure was adopted.

Mr. Speaker: That would mean that Mr. Munawar Khan will speak

for six times over this amendment, which is not envisaged by the Rules and the precedents. There should have been one speech by Mr. Munawar Khan.....

Mr. Munawar Khan : I suggested that, Sir.

Mr. Speaker : .....and the Revenue Minister should have wound up the debate in one speech. So far we have covered upto clause (*c*). Now, Mr. Munawar Khan would make his speech in respect of (*d*), (*e*) and (*f*) jointly.

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order Sir. What about the proceedings, which have been conducted in contravention of the Rules? Would they be held effective?

Mr. Speaker : I hold that that was not a material irregularity.

Mr. Munawar Khan : Sir, I deal with (*d*), which says :—

"after sub-clause (19), the following be added as sub-clause (20) and the existing sub-clause (20) and subsequent sub-clauses re-numbered accordingly :—

"(20) 'Rating Area' means area as defined in the West Pakistan Urban Immovable Property Tax Act ;".

Now, the definition of Rating Area is no where given in section 4 of the bill, and this is a very important omission, which I think should be acceded to by the Minister, because there is always trouble over the collection of revenue and the assessment of property tax. On one side, the land is required to pay land revenue, and on the other side, the municipal authorities or the people who tax it, they also realize tax over that land. So there will be double charging over that land. So this definition will clear the point and there will be no difficulties or complications.

Mr. Speaker : Has the Government used that the word 'Rating Area' in the Bill. ?

Minister of Revenue ; No Sir.

Mr. unawar Khan : You should give amendment to that effect and I

suggest that it may be accepted and this clause inserted.

Coming to clause (*e*), Sir, it reads—

"in sub-clause (21), for the word "money", occurring in line 2, the word "cash" be substituted;

Now that clause (21) reads as under :

"rent" means whatever is payable to a landlord in money or kind ....."

In legal terminology always 'money' is termed as cash; not money Sir; cash or kind. That is the word used and not money or in kind. So that is the petty amendment, just to put the correct word for the cash payment Sir.

Next is that—

"in sub-clause (28), the words and commas "Tapedars, Peons,", occurring in lines 5-6, be deleted.

Now, Sir, as we would be proceeding with the bill, these Revenue Officials are given very, very wide powers. They can run in people for contempt during enquiries. The Revenue Officers would be sitting in a field, Sir, just discussing something with somebody and they may run anybody for contempt. So these very lowly placed persons known as peons and tapedars, might not be given that distinction as that of a Rais, Arbab, Headman, Lambardar, and so on and so forth. So, even if you would be making realization of land revenue, and there is something, he can also run in any person for contempt. If he is classed as a Revenue Officer, that will be too much and would not look nice at all anywhere.

So I submit that these two persons might atleast be omitted from the classification as Revenue Officials, because we find further that they will be exercising very, very legal powers.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - میں خان متور خان صاحب کی تائید کرتے ہوئے یہ گذارش کرتا ہوں جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ Rating Area سے ہمیں .....

جناب سپیکر ۔ آپ خیال فرمائیں کہ گذشتہ بجٹ کے موقع پر انہوں نے Municipal Areas کی ایگریکلچرل لینڈ کی assessment کے لئے سٹاف کا تعین چند ڈسٹرکٹ میں کیا تھا اس کے لئے ھی ۸۰ ھزار روپیہ طلب کیا گیا تھا اور اس سٹاف کا بھی یہ کام ھے کہ وہ اپنی وارڈز بنائے اور ان وارڈز میں assessment کرے ۔ اگر اس سٹاف کے function میں سے ایک کام اس definition کی introduction سے کرے ۔ یعنی Rating Area کو define کرکے وھی وارڈز وھی ایریاز جو ھم immovable پراپرٹی ٹیکس کے لئے maintain کر رھے ھیں اس سے استفادہ کیا جا سکتا ھے ۔ میں سمجھتا ھوں کہ اس سے ھمارے لئے کافی بچت کی صورت ھو جائے گی اور حکومت کو بھی اس وقت ھنگامی حالات میں اس قسم کے measures adodt کرنے چاھئیں جس سے زیادہ سے زیادہ سٹاف بھی retrench نہ ھو سکے یا کم از کم بڑھتے ھوئے اخراجات کی صورت میں اگر کچھ ایسے اقتصادی اقدامات کریں کہ ھمیں ھر روز سٹاف میں اضافہ نہ کرنا پڑے ۔ آج جبکہ اس قانون کا نفاذ کم و بیش آئندہ ۱۰۰ سال کے لئے ھونا ھے تو میں سمجھتا ھوں کہ ایسی اچھی ترمیم ۔ ایسی اچھی تجویز کو نہ ماننا مناسب نہ ھوگا ۔ خدا کے فضل سے ھم بہتر ماحول میں بیٹھے ھوئے ھیں ۔ آپ ھماری submissions اور تجاویز کو cheerfully سن کر accommodate کیا کریں ۔ میں یہ سمجھتا ھوں کہ یہ زیادہ بہتر بات ھوگی ۔ 'Rating Area' کے متعلق جو ترمیم ھے اس کو ماننے میں برسر اقتدار طبقہ کو جو ھمارے بھائی ھیں اور ھمارے ساتھی ھیں کسی قسم کی ضد نہیں کرنی چاھئے ۔

جناب والا ۔ اسی طرح کلاز ۴ کی سب کلاز ۲۱ میں بھی جنرل نالج کی بات ہے ۔ سب کلاز ۲۱ اس طرح ہے ہے کہ :

"rent" means whatever is payable to a landlord in money or kind"

کی بجائے "in cash or kind" ہونا چاہئے ۔

جناب سپیکر ۔ جناب کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے اختصار سے کام لیتے ہوئے ، میں صرف اس نکتے پر کم و بیش پچاس قوانین لا کر پیش کر سکتا تھا ۔ جہاں پر cash and kind کے الفاظ ہیں ۔ اب اس کی وجہ جواز یہ دینا کہ ہمارے سابق پنجاب کے لینڈ ریونیو ایکٹ میں یہ الفاظ تھے ۔ اور ان کو ہی جاری رکھا گیا ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ آج سے اسی سال پہلے کی انگریزی اور اس وقت کے انگریزی زبان کے لٹریچر میں بڑا فرق ہے ۔ اس زبان سے انگلینڈ اور دوسرے ممالک میں جو ترقی ہے ۔ وہاں پر idioms اور محاورے بلکہ شیکسپیئر کے زمانے کے بعد کے بھی محاورے بھی قدرے مختلف ہو گئے ہیں ۔ تو ہم کیوں نہ ایک غلطی کو غلطی تصور کرتے ہوئے اور اپنا مذاق اڑانے کی بجائے ۔ یا ہمارے قانون کی interpretation کے لئے ۔ کبھی ایسا بھی وقت ہوتا ہے کہ foreign lawyers بھی بڑے بڑے زمیندار engage کرتے ہیں ۔ تو کیوں آپ ضد کرتے ہیں ۔ اور ایک اچھی چیز اور ایک بہتر suggestion کو adopt نہیں کرتے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ یہ money or cash کے الفاظ نادرست ہیں یا غلط ہیں ۔ لیکن یہ ایک بہتر تجویز ہے ۔ اس لئے مودبانہ گذارش ہے کہ خان صاحب اس چیز سے قطع نظر کرتے ہوئے کہ یہ کسی آبوزیشن یا independent ممبر کی طرف سے کوئی تجویز

پیش ہوئی ہے اسے قبول کر لیں بلکہ میں کہتا ہوں کہ اگر ترمیم ہماری اچھی ہو اور وہ کریڈٹ لے کر ان کے نام پر آ سکتی ہے ۔ تو ہم اپنا right forego کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ میں چاہتا ہوں ۔ کہ ایک اچھی تصویر ، ایک اچھا قانون اور ایک polished چیز پیش کریں ۔ اسی طرح سے کلاز نمبر ۔ ۲۸ کے لئے پھر عرض کروں گا ۔ کہ

ع رکھیو غالب مجھے اس تلخ نوائی سے معاف ۔

جس بھی شخص نے اس قانون کو کاپی کیا ہے ۔ یا اسے frame کیا ہے ۔ اور اس میں جو ویلج آفیسر ، چوکیدار اور ٹپہ دار کے الفاظ شامل کئے تھے ۔ اگر ویلج آفیسر بھی ہوتا ۔ ٹپے دار تو مجھے سمجھ نہیں آئی ۔ پنجابی میں تو ٹپے دار غالباً ان کو کہتے ہیں جو طبلہ سازی کا کام کرتے ہیں ۔ پتہ نہیں کہ یہاں پر اس کا کیا مطلب ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت — میرے فاضل دوست دراصل پڑھتے زیادہ ہیں ۔ اور سمجھتے کم ہیں ۔

ملک محمد اختر — میرا اندازہ یہ ہے ۔ کہ چلئے ۔ ہم پچاس فیصد آپ کو معاف دیتے ہیں ۔ آپ ٹپے دار کو رکھ لیں ۔ پٹواری سمجھ کر رکھ لیں ۔ لیکن peons کا معاملہ کہاں آفیسرز میں آ گیا ۔ دیکھئے اس ایوان میں آخر ہمارے اور آپ کے جانشین آئیں گے ۔ اور اس طرح آئندہ بھی ترامیم آئیں گی ۔ اور یہاں پر پیش ہوں گی ۔ تو وہ کیا کہیں گے ۔ غالباً قائد ایوان یہ چاہتے ہیں ۔ کہ سو سال کے بعد یہ کہا جائے ۔ کہ

خان صاحب کے عہد حکومت میں چپڑاسی بھی آفیسرز ہوئے تھے ۔ شاید وہ یہ کریڈٹ لینا چاہتے ہیں ۔ اگر تو وہ ان چپڑاسیوں کو بھی وہی سہولتیں اور وہی تنخواہ دیں ۔ جو آفیسرز کو دیتے ہیں ۔ تو مجھے اس پر قطعاً کوئی اعتراض نہ ہوگا ۔ اگر آپ ان تین چار phrases کو جو کہ غلط ہیں ۔ درست کر دیں ۔ تو بہتر ہوگا ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور ۔ ۶) — جناب سپیکر ۔ آج جو مسودۂ قانون اس ایوان کے سامنے پیش ہے اگر اس کی کسی دفعہ پر یا دفعہ کے کسی حصہ پر کوئی اعتراض کیا گیا ۔ تو جناب قائد ایوان کی طرف سے یہ اعتراض ۔ اسے سکہ بند اعتراض کہوں گا ۔ پیش کیا جاتا رہا ہے ۔ کہ چونکہ ان کے نزدیک ریونیو لاز کی متبرک کتاب (Sacred book) پنجاب لینڈ ریونیو لاز ہیں ۔ اور چونکہ یہ دفعہ اس قانون سے لی گئی ہے ۔ اس کا یہاں موجود ہونا ضروری ہے ۔ اس کو جواز کے طور پر پیش کیا جاتا ہے ۔ تو جہاں تک میرے معزز و محترم جناب منور خان اور نظر بند لیڈر جناب خواجہ محمد صفدر صاحب کی اس ترمیم کا تعلق ہے ۔ ان کی یہ ترمیم میرے لئے بھی اتنی ہی سکہ بند ہے ۔ جتنا کہ ان کے لئے انگریزوں کا یہ قانون ۔ تاہم میں تو ان کی ہی زبان میں ان کے ارشاد کے مطابق ہی یہ عرض کروں گا ۔ کہ جب اتنی مقدس کتاب میں village officer کی محض یہ تعریف دی گئی تھی ۔ کہ

'Village Officer' means a chief headman or Patwari.

مجھے یہ علم ہے ۔ کہ سابقہ سندھ کے ریونیو کوڈ میں village officer کی

تعریف یہ ہے ۔ کہ ۔

"In this Act 'village officer' means any person appointed under this Act whose duty it is to collect or to supervise the collection of the revenue of a village and includes supervising special and Naib Tapedars."

جناب سپیکر ۔ village officer کی جو تعریف ہے ۔ اور اس کے ذمہ جو اہم کام لگایا گیا ہے ۔ ان سے ہی صاف ظاہر ہوتا ہے کہ village officer کی تعریف میں یا village officer کا کام کسی چپڑاسی کے سپرد نہیں کیا جانا چاہئے ۔ جناب ملک محمد اسلم صاحب نے ابھی چند دن ہوئے ۔ اس ایوان میں فرمایا تھا ۔ کہ نمبردار کا وقار پہلے سے گر رہا ہے ۔ اور جناب قائد ایوان نے یہ فرمایا تھا ۔ کہ بعض ایسے لوگ ہیں ۔ کہ جو نمبرداریوں کو قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ شاید ویسے تو نمبردار بہت پہنچی ہوئی شے ہوتا ہے ۔ بہت تجربہ کار ہوتا ہے ۔ آپ کو ذاتی تجربہ بھی ہوگا ۔ لہذا مجھے ان کے بارے میں لمبی چوڑی تفصیل بتانے کی ضرورت نہیں ہے ۔ لیکن ہمارے ہاں تو نمبردار کو بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے ۔ ان کو village headman کہتے ہیں ۔ وہ محض مالیہ اور آبیانہ ہی وصول نہیں کرتے بلکہ گاؤں میں ان کی رائے کو بڑی اہمیت حاصل ہوتی ہے ۔ اور محض پبلک ہی میں نہیں ۔ بلکہ گورنمنٹ کے گھر میں بھی ــ اور جیسا کہ اس دن ملک محمد اسلم صاحب نے فرمایا تھا ــ کہ موجودہ حکومت نے بعض علاقوں میں اور خاص طور پر سابقہ کالونی ایریا ، لائلپور ، منٹگمری وغیرہ میں جو مہاجر نمبردار ہیں ۔ ان کو آدھ آدھ مربع زمین دی گئی ہے ۔ تاکہ جہاں پر نمبرداروں کی زمین تھوڑی ہو ۔ وہاں اس طرح سے لوگوں کی نظروں

میں ان کا وقار بلند ہو سکے ۔ اگر آپ village officers کے فرائض چپڑاسیوں کو سونپنے لگے ہیں ۔ اور شاید اس لئے جیسا کہ اس دن قائد ایوان نے فرمایا تھا ۔ ان کو پتہ لگا ہوگا ۔ کہ ہماری حکومت نمبرداروں کو چپڑاسیوں کی سطح پر لا رہی ہے ۔ تو اس سے یہ نہ سمجھا جاۓ کہ میں بحیثیت انسان کے چپڑاسیوں کو گھٹیا سمجھتا ہوں ۔ حقیقت یہ ہے ۔ کہ چپڑاسی عام طور پر ان پڑھ ہوتے ہیں ۔ ان کی ٹریننگ ایسی ہوتی ہے ۔ کہ ان کو نہ تو تمام معاملات کا اتنا پتہ ہوتا ہے ۔ نہ مسائل کی نزاکت کو سمجھ سکتے ہیں ۔ اور نہ وہ فرائض جو کہ ہم توقع کرتے ہیں ۔ کہ وہ ادا کریں ۔ جیسا کہ قانون میں بتایا گیا ہے ۔ کہ ۔

> Any person appointed under this Act whose duty it is to collect or to supervise the collection of the revenue of a village and includes supervising special and Naib Tapedars.

جناب سپیکر ۔ یہ فرائض اتنے اہم ہیں ۔ کہ یا تو آئندہ یہ گنجائش رکھیں ۔ کہ وہ لوگ جن کو محکمہ مال میں آئندہ چپڑاسی بھرتی کیا جائے گا ۔ وہ کم از کم میٹرک پاس ہونگے ۔ اور ان کو خاص طور پر تربیت دی جائے گی تو تربیت دینے کے بعد آپ چپڑاسیوں کو اس قسم کا کام سونپیں ۔ جو کہ آپ گاؤں کے سربراہ سے لینا چاہتے ہیں لہذا اگر وہی کام ولیج افسر سے لے لیں جیسا کہ سندھ لینڈ ریونیو کوڈ میں ہے جس قسم کا کام عام طور پر سابقہ پنجاب میں ولیج آفیسر سے لیا جاتا تھا ۔ تو اس صورت میں آپ نے یہ جو ولیج آفیسر کی تعریف کی ہے سندھ میں ٹپے دار ہمارے لینڈ ریونیو لاز کے علامہ صاحب کے خیال کے مطابق پٹواری کو کہتے ہیں ۔ آپ نے فرمایا ہے کہ سابقہ سندھ میں پٹواری

کو کہتے ہیں ۔ آپ کا فرمانا اور ہمارا ایمان لانا ہے ۔ اگر سابقہ سندھ میں پٹواری کو کہتے ہیں تو پھر میں ترمیم کی حمایت کروں گا ۔ لیکن اگر صورت وہی ہے جس کا میں نے ذکر کیا ہے تو پھر ہماری ترمیم کو اس حد تک قبول کر لیں کہ ٹیپے دار کی بجائے peon کے لفظ کو حذف کر دیں ۔ اب اس سے زیادہ وزنی دلیل تو قائد ایوان ہی دے سکتے ہیں جو قائد ایوان ہیں ۔ وزیر مال ہیں اور Minister Incharge of this Bill ہیں جو سابقہ جج بھی ہیں ۔ ان کو پتہ ہے کہ پنجاب ریولیو لاز جن کا بطور ایک متبرک قانون کے حوالے دیا کرتے ہیں اس میں اس قسم کی کوئی گنجائش نہیں تھی ۔

جناب والا ۔ میں نے وزیر مال صاحب کی بہت تعریف کی ہے اور میں سمجھتا ہوں اور پوری توقع رکھتا ہوں کہ وہ میری معروضات کے پیش نظر اس پر ہمدردانہ غور کرکے فیصلہ کریں گے اپنے سابقہ ریکارڈ کو مات کر دیں گے ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ جناب والا ۔ میں مختصراً عرض کروں گا کہ انہوں ۔ تین پوائنٹ اٹھائے ہیں ۔ اور یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ peon کو کیوں ولیج آفیسر بنایا جاتا ہے یہ تو ایسی ہی بات ہے کہ From I. G. to Police constable all are Police Officers. آپ ایک سپاہی کو پولیس آفیسر نہیں کہتے ۔ لیکن دیہات میں ولیج آفیسر تو نمبردار کو بھی بناتے ہیں اور ولیج آفیسر تو آپ peon کو بھی بناتے ہیں ابتدا سے ہی سندھ کوڈ میں چلا آتا ہے کہ ٹیپے دار کے ساتھ جو peon ہوتا ہے وہ بھی مالیہ

وصول کرتا ہے اس لیے سندھ کوڈ کے مطابق ٹیے دار کو اور peon دونوں کو رکھا جاتا ہے کیونکہ وہ اس کے ساتھ ہوتا ہے ۔ دوسرا سوال یہ ہے کہ بجائے money کے cash کردیں ۔ Dictionary meaning of money is wider than that of cash. کیش اس طرح ہے جس طرح ہم کہتے ہیں رقم coin یا کرنسی نوٹ اسے ہم کیش کہتے ہیں ۔ جب آدمی rent دیتا ہے تو وہ کیش نہیں دیتا کرنسی نوٹ نہیں دیتا بلکہ چیک دے دیتا ہے تو کیش میں تو نہیں آسکتا لیکن money کی تعریف میں آسکتا ہے اس لیے ہم نے اسے loose چھوڑ دیا کہ یہ اپنی مرضی ہے کہ چاہے تو کیش یعنی نقد کرنسی نوٹ میں دے اور چاہے تو چیک لکھ کر دے دے ۔ اگر آپ کیش رکھتے ہیں تو آپ چیک لکھنے سے منع کردیں گے money کے wider meanings ہیں ۔ جہاں تک rating area کا تعلق ہے اس کا اس میں ذکر ہوتا تو اسے define کر دیتے اس کا تو کہیں نام تک نہیں اس کا ذکر نہیں پھر اس کو define کرنے کی کیا ضرورت تھی ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ آپ نے کہا ہے کہ money کی تعریف میں چیک، لکھا جا سکتا ہے مجھے اس سے تکلف ہے کیا آپ ڈکشنری میں سے اس کا حوالہ دے سکتے ہیں ۔ جہاں money کی تعریف میں چیک آتا ہے ۔

وزیر مال ۔ میں نے جو کہہ دیا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ آپ کے کہنے سے کیا ہوتا ہے ۔

وزیر مال ۔ وہاں لفظ ہے ۔ Any document which can be converted into money وہی چیک ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ چیک کا cheque is not a 'hundi' کیش میں convert ہونا ضروری نہیں ۔

وزیر مال ۔ آپ چیک دیں تو کیش ہو سکتا ہے ۔

Mr. Speaker : Does the Minister mean to say that that would be counted as payment in cash.

وزیر مال ۔ اس طرح آپ پابند کر دیتے ہیں ۔ کہ یہ نقد دے یا کیش یا change یا کرنسی نوٹ دے ۔ فرض کریں کہ کرنسی نوٹ کی بجائے وہ آپ کو چیک لکھ کر دے دیتا ہے کہ آپ اس کے بنک کے حساب سے لے لیں تو rent کی وصولی تو ٹھیک ہو گئی ۔ اس لیے ہم نے money کا لفظ لکھ دیا ہے تاکہ وہ کیش میں نہ ہو ۔

مسٹر حمزہ ۔ میرے خیال میں آپ نہیں سمجھے ۔

مسٹر سپیکر ۔ No cross talks please. جہاں ولیج آفیسر کی تعریف کی گئی ہے وہاں جو اہل کاروں کے نام استعمال کیے ہیں وہ تمام کے تمام plural ہیں لیکن آپ نے ولیج آفیسر رکھا ہے اس لیے یا آپ وہاں ولیج آفیسرز رکھتے ۔

"Village Officer means any person appointed under this Act whose duty it is to collect, or to supervise the collection of, the revenue of an estate, and includes Kanungos, Patwaris, Zabits and Kotars or Tapedars, Peons, Arbabs, Rais, and Headmen (Lambardars)."

'Headmen' won't be a Village Officer. According to this definition headman would be a Village Officer. Not Headman. It includes Headmen and not the Headman.

وزیر مال ۔ اگر جمع یا plural لے لیا جائے تو کوئی نقصان تو نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : That's right. That's up to you.

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

The question is :

That in clause 4 of the Bill as reported by the Select Committee,—

(a) sub-clause (6) be deleted and subsequent sub-clauses re-numbered accordingly ;

(b) in sub-clause (14)—

(i) para (i) be deleted and subsequent paras (ii) and (iii) re-numbered as paras (i) and (ii) respectively ; and

(ii) for para (ii), as re-numbered, the following be substituted, namely:—

"(ii) any sum payable to Government in respect of land by way of quit-rent ; " ;

(c) in sub-clause (16), between the words "or" and "group" occurring twice in lines 1 and 3, the article "a" be inserted ;

(d) after sub-clause (19), the following be added as sub-clause (20) and the existing sub-clause (20) and subsequent sub-clauses re-numbered accordingly ;

"(20) 'Rating Area' means area as defined in the West Pakistan Urban Immovable Property Tax Act ; " ;

(e) in sub-clause (21), for the word "money", occurring in line 2, the word "cash" be substituted ; and

(f) in sub-clause (28), the words and commas "Tapedars, Peons" occurring in lines 5-6, be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : I will now put the Clause to the vote of the House. The question is :

That clause 4 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 5

Mr. Speaker : The question is :

That clause 5 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 6

Mr. Speaker : There is an amendment from Mr. Munawar Khan.

Mr. Munawar Khan : I passed it on to Malik Muhammad Akhtar.

Mr. Speaker : Yes, Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : I move :

That in clause 6 of the Bill, as reported by the Select Committee, the brackets and figure "(1)" and sub-clause (2) be deleted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 6 of the Bill, as reported by the Select Committee, the brackets and figure "(1)" and sub-clause (2) be deleted.

Minister of Revenue (Khan Habibullah Khan) : Opposed.

Mr. Speaker : Yes, Malik Akthar.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - یہ chapter (۲) میں سیکشن ۶ - اور جہاں تک اس کے پہلے حصہ کا تعلق ہے جو یہ ہے -

"6.1) Each Division shall be divided into such Districts, and each District may by divided into such Sub-Divisions or Tehsils (which also include Talukas), as Government may by notification, specify ; and each Sub-Division may consist of such Tehsils, and having such limits, as Government may, by notification direct,

جناب والا ۔ اگر یوں قانون میں یہ دفعہ رہے تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ۔ جناب والا ۔ میں نے اپنی ترمیم کے ذریعہ یہ گذارش کی ہے کہ اس حصہ کو حذف کیا جائے ۔ جو میں پڑھتا ہوں ۔

(2) Government may, by notification, vary the number, and limits of Divisions, Districts, Sub-Divisions of Tehsils in the Province.

Explanation—For the purposes of this section an Agency shall be deemed to be a District.

جناب والا ۔ شاید میرے بعض دوست تعجب کرتے ہوں گے کہ میں نے اس امنڈمنٹ کو کیوں move کیا ۔ جب مغربی پاکستان کی وصولی مالیہ کا یہ بل نافذ ہو جائے گا تو حکومت ہر ڈسٹرکٹ ڈویژن اور کونسل پر اس کے مطابق عمل کر سکے گی لیکن یہ سب کلاز (۲) کے تحت ایک ایسے اختیارات کا حکومت کو دیا جانا مطلوب ہے کہ حکومت ایک نوٹیفیکیشن کے ذریعہ سے ڈسٹرکٹ ڈویژن اور تحصیل کو ترمیم کرسکتی ہے ۔ جناب والا ۔ اس سلسلے میں جو خدشہ اور جو ڈر ہے وہ میں کہے بغیر نہیں رہ سکتا اور وہ یہ ہے کہ اگر حکومت کو جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ نیشنل اور پراونشل اسمبلی ایکٹ کے تحت تحصیلوں ، districts اور divisions کی آبادی کا لحاظ کرکے constituencies بناتے ہیں اس قسم کے vast اختیارات اور ایسے variations کے لیے اجازت دے دی جائے گی تو حکومت الیکشن کی constituencies جو الیکشن کمیشن بحیثیت ایک independent ادارہ کے بناتا ہوگا اس میں بھی حکومت یہ کر سکے گی کہ ڈسٹرکٹ میں seats کم کردے ۔ اور پھر اسی قسم کا variation کرکے پارٹو districts میں حکومت کے مخالف جو نمائندگان ہوں گے حکومت ان کی constituencies

کو disfigure کرنے کے لیے ان کو unshape کرنے کے لیے اور وھاں اپنے oponents کو نقصان پہونچانے کے لیے variations کا ھتھیار استعمال کرسکتی ھے ۔ جناب والا ۔ اپنے خدشہ کی حمایت میں یہ عرض کروں گا کہ سابقہ الیکشن کے دوران یہی چیز کی گئی اور اسی قسم کی variations کی گئیں اور صرف variations ھی نہیں کی گئیں بلکہ بعض constituency کو ایسا بنا دیا گیا کہ وہ ایک سے زیادہ تحصیل اور ایک سے زیادہ ڈسٹرکٹ کو cross کر جاتی تھی ۔ جناب والا ۔ اسی چیز کی آڑ لے کر اسی قسم کا قانون اس سے قبل تھا اور اس کو سیاسی مقاصد کے لیے بوقت ضرورت استعمال کیا گیا تھا ۔ جناب سپیکر ۔ موجودہ حکومت جس وقت اپنی قوت کو بڑھانا چاھتی ھے تو اسی قسم کے پاورز حاصل کرتی ھے اس نے گذشتہ اسی اسمبلی میں جو اچھے سپیکر تھے یا جو بڑے اچھے ممبر تھے اور جو اچھے ورکرز تھے ان سب کی constituencies کو توڑ دیا اور ان کی آواز کو دبانے کے لیے انہیں elect نہیں ھونے دیا ۔ جناب والا ۔ اسی قسم کے خدشات کو پیش نظر حکومت کو اس قسم کے vast پاورز دینا مناسب نہیں ھے ۔ حکومت کے پاس یہ پاورز ایک ایسے سٹیج پر ھونے چاھئیں ۔ جب قانون کا نفاذ ھو۔ جناب والا۔ میرے عزیز دوست میرے محترم بھائی اور میرے بڑے پیارے دوست ھنس کر میری طرف دیکھ رھے ھیں اگر وہ اجازت دیں تو میں ان کو ان کے اپنے کارنامے اور ان کے اپنے کارناموں کے شاھکار اور سنہرے کارنامے یاد دلاؤں جو انہوں نے یونین کمیٹیوں اور یونین کونسلوں کی حدود کا تعین کرتے وقت کئے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ انہوں نے اپنی جماعت سے کوئی ایسا گناہ نہیں کیا یہ تو ہمیں بھگتنا پڑا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ اختیارات حکومت کو دے دینا جیسا کہ اس میں لکھا ہے ۔ Govt. may by notification vary the number کہ وہ ڈسٹرکٹ ڈویژن اور تحصیل کے نمبر میں کمی کر سکتی ہے ۔ یا کمی بیشی کر سکتی ہے ۔ یعنی چھوٹی تحصیل یا بڑی تحصیل یا اس وقت کوئی ایسا ہی قانون بنا سکتی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب کیا یہ پاورز حکومت کے پاس پہلے نہیں ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب وہ پاورز ہمیشہ mis-use ہوئے ہیں اور دوبارہ بھی ان کا mis-use ہوگا ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا تھا کہ ان کے پاس پہلے بھی یہ اختیارات تھے اور انہوں نے ان کا غلط استعمال کیا اور اب یہ ڈسٹرکٹ اور ڈویژن کی تعداد کو بھی کم کرنا چاہتے ہیں ۔ جناب والا ۔ یہ کسی نہ کسی طریقہ اور کسی نہ کسی طرز سے مکمل طور پر اس بیچاری قوم پر اور اس ملک پر اپنا hold رکھنا چاہتے ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ جس وقت ہم چاہیں پتھر کے پیچھے سے بھی پانی نکل آئے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ اس قسم کے وسیع اختیارات

(*b*) whether it is a fact that no culvert has been constructed over the said Canal Escape on the said road at the said point due to which the people are experiencing much inconvenience in crossing the said canal Escape;

(*c*) whether it is a fact that Union Council, Kala, Tehsil and District Dera Ghazi Khan at its meeting held on 21st August 1965, passed a resolution No. 377 demanding the construction of the said culvert;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to construct the said culvert; if so, when, if not, reasons therefor?

Minister of Agriculture (Makhdum Hamid-ud-Din): (*a*) There used to be a Kacha District Road in old days Crossing Escape Channel of Dera Ghazi Khan Canal at R. D. 7,150.

(*b*) Yes, No culvert has been constructed at this site because—

(*i*) An A. R. bridge exists at R. D. 2,100 i.e., only one mile Upstream and according to Rules bridges on Main Canals should be placed 2-5 miles apart.

(*ii*) The Outfall regulator of Escape has been built at R. D. 2,220, so if a bridge is constructed in the tail race its safety cannot be assured due to retrogression.

(*c*) Some resolutions in this respect were passed by the Union Council, Kala. Last reply to the Chairman, Union Council. Kala was sent,—*vide* Executive Engineer, Dera Ghazi Khan Division letter No. 10626-27/73/M, dated 18th August, 1965 (copy enclosed)*.

(*d*) The Government does not feel the necessity of constructing bridge at this site as it is neither necessary nor safe.

---

*Please *see* Appendix II at the end.

CONSTRUCTION OF BRIDGE OVER NEW DERA GHAZI KHAN CANAL

***2868. Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani** : Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the number of bridges constructed over new Dera Ghazi Khan Canal from its Burji No. 40 to Burji No. 88 alongwith the width of each bridge;

(*b*) whether it is a fact that there is always a heavy flow of traffic over the said bridges ;

(*c*) whether it is a fact that Union Council, Kala, Tehsil Dera Ghazi Khan, at its meeting held on 21st August 1965, passed a resolution No. 377 demanding the extension of the said bridges;

(*d*) if answer to (*b*) and (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to extend the width of each of the said bridges from 10 to 12 feet : if not, reasons therefor?

Minister of Agriculture (Makhdum Hamid-ud-Din): The information is being collected and it will be sent to the member as soon as it is received.

FIELD ASSISTANTS AND BELDARS WORKING IN SHEIKHUPURA DISTRICT

***2911. Malik Ghulam Ali** : Will the Minister of Agriculture be pleased to state:—

(*a*) the number of Field Assistants and Beldars working at present in the Sheikhupura District ;

(*b*) the number of visits paid by the Field Assistants and Beldars to Sheikhupura Tehsil during the year 1964-65 and 1965-66 ;

(*c*) whether it is a fact that neither Extra Assistant Director nor Field Assistants or Beldars have paid any visit to the areas of the Union Councils of Chak No. 168 (Karkan) in the said Tehsil ;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative reasons therefor and he action Government intend to take against the officials at fault ?

وزیر زراعت (مخدوم حمیدالدین) - (الف) ضلع شیخوپورہ میں ٥٦ فیلڈ اسسٹنٹ اور ٥٦ بیل دار ہیں -

(ب) چونکہ فیلڈ اسسٹنٹ کا ہیڈکوارٹر یونین کونسل میں ہے - اس لئے وہ اپنے علاقہ میں ہی رہتے ہیں - اور وہیں کام کرتے ہیں - لیکن ای-اے-ڈی - اے سرکاری کام کے لئے انہیں اپنے دفتر بھی طلب کر سکتے ہیں -

(ج) جی نہیں - بلکہ اس کے برعکس ای - اے - ڈی - اے شیخوپورہ نے ١٩٦٥-٦٦ء اور ١٩٦٤-٦٥ء میں یونین کونسل کے علاقہ ١٦٨ رب (کرکان) کا سات دفعہ اور ایگریکلچرل اسسٹنٹ نے چالیس بار معائنہ کیا ہے -

(د) سوال ہی پیدا نہیں ہوتا -

RESERVATION OF SEATS FOR INTEGRATING UNITS IN COLLEGE OF ANIMAL HUSBANDRY, LAHORE

*2918. **Kazi Muhammad Azam Abbasi:** Will the Minister of Agriculture be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that at the time of re-organisation undertaken by Government in 1962 the College of Animal Husbandry, Lahore, West Pakistan Veterinary Research Institute and Directorate of Live stock Farms, Lahore, were deemed to be separate units for the purpose of recruitment and functioning, etc.;

(b) whether it is a fact that almost all the officers and subordinate staff in the above said units belong to the former Punjab and only a few residents of other smaller units were given representation;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, whether Government intend to give proper representation to smaller units and reserve separate quota for them in the future in the above-mentioned College, Institute and Directorate ?

وزیر زراعت (مخدوم حمید الدین) - (الف) جی ہاں -
(ب) جی ہاں - تنظیم نو کے وقت یہی عملہ ورثے
میں ملا تھا -

(ج) جی نہیں - یہ تعلیمی اور تحقیقی ادارے ہیں -
صرف یہی لوگ جن کی تربیت خاص اور تعلیمی
ریکارڈ اچھا ہوتا ہے ان اداروں میں تعینات
کئے جاتے ہیں- تینوں اداروں میں ماتحت تکنیکی عملہ
صوبائی سطح پر بھرتی کیا جاتا ہے - جہاں
تک افسروں کا تعلق ہے - وٹرنری ریسرچ انسٹیٹیوٹ
اور ڈائرکٹوریٹ آف لیوسٹاک ناروز میں پچاس
فیصد اور کالج میں ۲۰ فیصد آسامیاں براہ راست
بھرتی کے لئے مخصوص ہیں -

MARKING AND SELLING OF TREES IN GALLIES FOREST DIVISION

*3068. **Sardar Gul Zaman Khan**: Will the Minister of Agriculture be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that zamindars belonging to Gallies Forest Division have applied to the Forest Department for the masking and sale of trees growing in their lands;

(b) if answer to (a) above be in the affirmatice, names thereof and the approximate date by which the said trees are likely to be marked and sold out, if not, reasons therefor?

Minister of Agriculture (Makhdum Hamid-ud-Din): (*a*) Yes.

(*b*) A statement showing the names is laid on the table of the House. Trees will be sold as soon as Working Plan for the Guzaras in Gallies is completed and sanctioned by the Government. It is under preparation.

STATEMENT SHOWING NAMES WITH REGARD TO STARRED ASSEMBLY QUESTION NO. 3068.

1. Mir Safiullah Ali Aster and others of Inderseri.
2. Shera of Ghariala (Inderderi).
3. Muhammad Hussain of Inderseri.
4. Ghulam Haider of Inderseri.
5. Samandar, son of Ghulam Haider of Sialkot.
6. Karim Khan M. D. Council, Birangali.
7. Hasan Nawab of Birangali.
8. Ajab Khan of Birangali.
9. Gul Zaman of Birangali.
10. Aziza of Birangali.
11. Zain Khan of Jogimar.
12. Munshi Abdur Rehman of Birangali.
13. Adam Khan of Jogimar, Birangali.
14. Pir Khan of Birangali.
15. Faqir of Birangali.
16. Kala, son of Kalo of Birangali.
17. Haider Khan of Birangali.
18. Haji Sadat Khan of Birangali.
19. Qalandar Khan of Birangali.
20. Ahmed, son of Feroz of Birangali.
21. Abdullah of Birangali.
22. Ahmed Khan, son of Mir Khan of Birangali.
23. Muhammad Yunus of Birangali.
24. Muhammad Afzal of Manjudar.
25. Muhammad Afzal of Mutli.
26. Zain Khan of Jhaffar.
27. Muhammad Zaman, etc., of Birangali.

28. Ahmed, son of Haider of Dabban.

29. Jehandad, son of Haider of Dabban.

GREEN BELT SCHEME FOR HYDERABAD CITY

*3177. **Rais Khan Muhammad Khan Nizamani:** Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that some time ago a "Green Belt Scheme" was approved for Hyderabad City; if so, the year in which the said scheme was approved;

(*b*) the details of the above said scheme alongwith the amount sanctioned therefor;

(*c*) the date on which the work on the implementation of the said scheme was undertaken ;

(*d*) whether the said scheme has been completed; if so, details thereto and if not, reasons therefor?

Minister of Agriculture (Makhdum Hamid-ud-Din): (*a*) No such scheme was approved for Hyderabad City by Agriculture Department.

(*b*) :

(*c*) Do not arise.

(*d*):

CANCELLATION OF SALE OF TREES IN BIRN GALI

*3225. **Sardar Gul Zaman Khan:** Will the Minister of Agriculture kindly refer to the answer to my starred question No. 2609 laid on the table of the House on 7th June 1966 and state whether there is any proposal under consideration of Government to sell trees grown in the cultivated area of Biran Gali in Hazara District?

Minister of Agriculture (Makhdum Hamid-ud-Din): Yes. The sale of trees will be allowed after the clarification of the legal point as to whether the trees growing along the terraces and bunds in the cultivated areas can be termed as growing on waste lands or not. The matter is under the consideration of the Government and as soon as it is settled, the sale will be allowed.

PADDY CROP DAMAGED BY STEM BORER IN SHAH BUNDER SUB-DIVISION

*3274. **Syed Sher Ali Shah :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that paddy crop in Mirpur Bathoro, Sujawal, Jati and Shahbunder Tehsils of Shahbunder Sub-Division of Thatta District has extensively been damaged by stem borer during the year from 1961-62 to 1965-66.

(*b*) whether it is a fact that all efforts by the land owners and the Anti-pest wing of the Agriculture Department have completely failed to combat this menace.

(*c*) if answer to (*a*) to (*b*) above be in the affirmative (*i*) the Tehsil-wise cultivation figures of Kharif Crop from the year, 1961-62 to 1965-66, in the said Sub-Division; (*ii*) the steps Government intend to take to combat this ever growing menace;

(*d*) whether Government intend to declare the said area as calamity affected and provide all facilities and relief measure to the cultivation of the said are?

Minister of Agriculture : (Makhdum Hamid-ud-Din): (*a*) Yes, some 40% to 50% of the rice crop was damaged by Rice Stem Borer during 1961-62 to 1965-66.

(*b*) With the efforts of the Agriculture Department and the cultivators, the attack of Stem Borer was greatly reduced in the campaign area. However, Rice Borer remained unabated in the non-campaign area.

(*c*) (*i*) The information is being collected.

(*ii*) Arrangements have been made to control the rice stem borer through ground and aerial operations by A. D. C. during this season.

(*d*) No such proposal is under the consideration of this Department.

AGRICULTURAL LAND ALLOTTED TO ARMY PERSONNEL IN GHULAM MUHAMMAD BARRAGE AND GUDDU BARRAGE.

*3323. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo :** Will the Minister of Agriculture be pleased to stats the acreage of Agricultural Land allotted to army personnel in Ghulam Muhammad Barrage and Guddu Barrage through open auction along with the total amount recovered therefrom ?

وزیر زراعت : (مخدوم حمید الدین) ۔ (الف) غلام محمد بیراج اور گدو بیراج میں کوئی زمین فوجیوں کے پاس نیلام نہیں کی گئی لیکن بورڈ آف ریونیو نے غلام محمد بیراج کی ۱۰۳ ایکڑ زمین اور گدو بیراج کی ۸۳۰۰ ایکڑ اراضی فوجیوں کو بہادری دکھانے کے صلے میں دینے کے لئے مخصوص کی ہے ۔

(ب) غلام محمد بیراج سے کل ۲۴,۴۴,۳۹۸ روپے کی رقم اور گدو بیراج سے ۲۳,۸۶۶ روپے کی رقم وصول کی جا چکی ہے ۔

LAND ALLOTTED TO LOCALS IN GHULAM MUHAMMAD BARRAGE

*3324. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo** : Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(a) the acreage of land so far allotted to locals in Ghulam Muhammad Barrage ;

(b) the acreage of land in the said Barrage granted to Societies and other individuals ;

(c) the acreage of the land in the said Barrage area given to landless peasants belonging to Hyderabad and Khairpur Divisions ;

(d) the charge of land in the said Barrage reserved for forests?

وزیر زراعت (مخدوم حمید الدین) : (الف) پانچ لاکھ دس ہزار چار سو اٹھارہ ایکڑ ۔

(ب) انجمنوں کو الاٹ شدہ اراضی اٹھائیس ہزار چھ سو سترہ ایکڑ ۔ دوسری الاٹ شدہ زمین تیس لاکھ چھہتر ہزار ایک سو بیاسی ۔

(ج) تین لاکھ پندرہ ہزار سات سو اڑسٹھ ایکڑ -

(د) ترپن ہزار آٹھ سو نینتالیس ایکڑ زمین محکمہ جنگلات کے لئے مخصوص کی گئی ہے - اس میں سے بتیس ہزار ترپن ایکڑ زمین پر پہلے ہی جنگل لگے ہوئے ہیں -

---

BAN IMPOSED ON MOVEMENT OF WHEAT AND RICE FROM DIPALPUR TO OTHER PARTS OF PROVINCE

*3378. **Rao Muhammad Afzal Khan :** Will the Minister of Food be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government have imposed ban on the movement of Wheat and Rice from Dipalpur, District Montgomery to other parts of the Province;

(*b*) if answer to (*a*) above be in affirmative, reasons for imposing the said ban and whether Government intend to remove the said ban; if so, when?

Minister of Food (Makhdum Hamid-ud-Din): (a) A part of Dipalpur Tehsil lies within the border area as defined in Clause 2 of the West Pakistan Border Area Foodstuffs (Control) Order, 1958. The movement of wheat and rice is banned from this area except under a permit of the District Magistrate as laid down under Clause 5 of aforesaid Order. There is, however, no restriction on the movement of foodgrains from the remaining part of the Dipalpur Tehsil which is outside the border area. The movement of superior rice is, however, totally banned from the entire Sahiwal district.

(*b*) The restrictions on the movement of foodgrains have been imposed to prevent smuggling. Similarly, the free movement of superior rice from Sahiwal district has been restricted in the interest of rice procurement. It is not advisable to remove the restrictions in the public interest.

WILD GOATS (IBEX) IN KHIRTHAR RANGES IN FORMER SIND

*3405. **Rais Atta Muhammad Khan Marri Baloch:** Will the Minister of Agriculture be pleased to stat :—

(*a*) the number of wild goats (Ibex) in the Khirthar Ranges in former Sind at the end of the 1963-64, 1964-65 and 1965-66, seasons separately;

(*b*) the number of permits issued in the former Sind in each of the said years for the shooting of wild goats;

(*c*) the number of heads of wild goats bagged by the said permit holders in each year;

(*d*) whether it is a fact that the number of wild goats is decreasing day by day in the said Ranges?

Minister of Agriculture (Makhdum Hamid-ud-Din):

(*a*) 1963-64	...	800
1964-65	...	900
1965-66	...	1,000
(*b*) 1963-64	...	65
1964-65	...	69
1965-66	...	68
(*c*) 1963-64	...	33
1964-65	...	60
1965-66	...	67

(*d*) No.

PERMITS FOR SHOOTING OF WILD GOATS, WILD SHEEP AND HOG DEER (PHARA) IN KIRTHAR RANGE

*3406. **Rais Atta Muhammad Khan Marri Baloch:** Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the number of persons who applied for the issue of permits for the shooting of (*i*) wild goats; (*ii*) wild sheep, and (*iii*) hog deer (Phara) in Kirthar Range in the former Sind during 1965-66 season;

(*b*) number of person who were issued the said licences?

Minister of Agriculture (Makhdum Hamid-ud-Din): (*a*) (*i*) Wild goats, 128, (*ii*) Urails 48, (*iii*) Hog Deer *Nil*.

(*b*) (*i*) 68 for Wild goats (Ibex), (*ii*) 23 for Urails, (*iii*) Nil for Hog Deer.

GOVERNMENT AGRICULTURAL COLLEGES IN THE PROVINCE

***3413. Rais Atta Muhammad Khan Marri Baloch :** Will the Minister A griculture be pleased to state :—

(*a*) the number of Government Agricultural Colleges in the Province.

(*b*) whether Government intend to open any more Colleges during he 3rd Five Year Plan ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the places where the d colleges are to be opened along with the likely dates of their opening ?

وزیر زراعت (مخدوم حمید الدین) : (الف) اس وقت مغربی پاکستان میں دو زرعی کالج ہیں - ایک ٹنڈو جام میں اور دوسرا پشاور میں - اس کے علاوہ لائل پور میں ایک زرعی یونیورسٹی بھی ہے -

(ب) تیسرے پانچ سالہ منصوبے میں کوئی نیا گورنمنٹ زرعی کالج کھولنے کی تجویز نہیں -

(ج) سوال ہی پیدا نہیں ہوتا -

OPENING OF AN AGRICULTURE ARTIFICIAL INSEMINATION CENTRE IN LYALLPUR DISTRICT

*3456. **Mr. Hamza:** Will the Minister of Agriculture be pleased to refer to the answer to my starred question No. 1381 given on the floor of the House on 21st June 1966 and state :—

(*a*) whether it is a fact that an artificial insemination centre working in the Agriculture University at Lyallpur and the facility is readily available to the general public ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the year-wise number of animals covered in the said centre since its establishment ?

وزیر زراعت (مخدوم حمیدالدین) : (الف) جی ہاں ۔

(ب) مصنوعی نسل کشی کا مرکز ۱۹۶۴ء میں قائم کیا گیا تھا ۔ مرکز کے قائم ہونے سے اب تک حسب ذیل مویشیوں کی نسل کشی کی گئی ہے ۔

سال	..	مویشیوں کی نسل کشی
۱۹۶۴ء	..	۶۳
۱۹۶۵ء	..	۳۳۲
۱۹۶۶ء		۳۷

PROVISION OF AMOUNT FOR DEVELOPMENT SCHEMES OF AGRICULTURE DEPARTMENT

*3481. **Kazi Muhammad Azam Abbasi:** Will the Minister of Agriculture be pleased to state—

(*a*) the total amount provided for implementation of development schemes of Agriculture Department in the 3rd Five Year Plan;

(*b*) the development schemes out of those mentioned in (*a*) above proposed to be implemented in each region of the Province and estimated cost thereof?

Minister of Agriculture (Makhdum Hamid-ud-Din): (*a*) Rs. 810·80 million.

(*b*) A statement giving the requisite information is placed on the table for the information of the House*.

QUESTION OF PRIVILEGE

REMARKS OF "THE PAKISTAN TIMES" LAHORE UNDER THE HEADING "M. P. As. RESPONSIBILITY"—(concld).

چوہدری محمد نواز : جناب والا! میں نے ایک تحریک استحقاق " پاکستان ٹائمز " کے خلاف پیش کی تھی - اس پر جناب نے اپنی رولنگ ابھی تک reserve رکھی ہے - چونکہ اس دوران میں اسی اخبار کے ایڈیٹر نے اپنی مزید وضاحت جو کی ہے - وہ بھی میں اس ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں میری نظر میں انہوں نے جس طرح regret کیا ہے - یہ تسلی بخش بھی ہے -

The Editor has said :

"As explained in a subsequent editorial on the subject, it was not the intention of the newspaper to cast aspersions on the House or to bring its Members into disrepute. He assured the Ministers and the Members that the Pakistan Times gave the elected representatives of the people all the respect due to them and any criticism of their performance as Members of the Legislature was made in good faith. As such he regretted that contrary impression had been created in the minds of the Members resulting in the moving of the Privilege Motion."

Sir, I am satisfied with the explanation, and I do not press my motion.

---

*Please see Appendix II at the end.

Mr. Speaker : I had reserved my ruling whether the matter proposed to be discussed was in order or not. Now that the Member feels satisfied that no breach of privilege has been committed by the newspaper concerned, I mean, the Pakistan Times, it is not necessary for me to give my findings whether the matter proposed to be discussed by Chaudhri Muhammad Nawaz is in order or not. The matter is, therefore, dropped.

ADJOURNMENT MOTION

Deterioration in the Law and Order Situation in Nawab Shah District of former Sind

Mr. Speaker : Now we will take up the adjournment motion by Haji Atta Muhammad.

حاجی سردار عطا محمد لنگ : جناب سپیکر ! میں آج یکم جولائی کے اجلاس میں یہ تحریک التوا پیش کرتا ہوں ۔ کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک واضح اور فوری معاملے کو زیر بحث لانے کے لئے اب اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے ۔ مسئلہ یہ ہے کہ ضلع نواب شاہ میں امن و امان کی حالت بہت خراب ہو گئی ہے ۔ روزنامہ کوہستان مورخہ یکم جولائی ۱۹۶۶ء لاہور کی شائع ہونے والی خبروں سے ظاہر ہوتا ہے ۔ جس میں ایک نواحی گاؤں میں پانچ گھوڑا سوار مسلح ڈاکوؤں نے ایک زمیندار محمد ادریس کو زبردستی اغوا کر لیا ہے ۔ اور اس کو چھ میل دور لے جا کر اس کی مشکیں باندھ دیں اور اس کے عزیزان سے پچیس ہزار روپے اس کے چھوڑنے کے لئے طلب کر رہے ہیں ۔ ایسی اطلاع جناب گورنر صاحب مغربی پاکستان کو بھی

مل چکی ہے ۔ اس حادثہ کی وجہ سے خاص طور پر ضلع نواب شاہ اور عام طور پر سابقہ سندھ میں ہراس پھیل گیا ہے ۔ اس لئے اس تحریک کو زیر بحث لانا ضروری ہے ۔

Minister of Law : I would make this request Sir, that I have got notice of this motion today.

مسٹر سپیکر : میمن صاحب! آپ اردو میں فرمائیں ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) : جناب عرض یہ ہے کہ جب صبح کو مجھے اس تحریک التوا کی اطلاع ملی تو میں نے کوشش کی کہ ساری صحیح حقوقت آپ کے سامنے پیش کروں لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس وقت تک وہ مکمل اطلاع موصول نہیں ہو سکی ۔ اس لئے میں آپ کی وساطت سے حاجی صاحب کو یہ عرض کرونگا کہ اگر وہ مان لیں تو ہم اس تحریک التوا کو دو دن کے بعد لے لینگے ۔

مسٹر سپیکر : حاجی صاحب ۔ آپ کی تحریک التوا پر پیر کو غور کیا جائیگا ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ! آج جمعہ ہے ۔ اور دو اور تین تاریخ کو چھٹی ہے ۔ تو اس حساب سے پیر کو چار تاریخ ہو جائے گی ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ وہاں کے لوگ ہراساں ہیں تو کیا وزیر قانون اس بات کی ضمانت دینگے کہ اس کو آزاد کرا دیا جائیگا ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ تحریک التوا چار تاریخ کو لی جائے گی ۔

SCHEDULE OF AUTHORISED EXPENDITURE FOR THE YEAR 1966-67 (GENERAL)

(laid on the table)

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq): Sir, as required under Article 43, sub-clause (3), read with Article 89 of the Constitution, I lay on the Table the Schedule of Authorised Expenditure for the financial year 1966-67, authenticated by the Governor.

Mr. Speaker: The Schedule of Authorised Expenditure for the year 1966-67 (General) is laid on the Table of the House.

SUPPLEMENTARY SCHEDULE OF AUTHORISED EXPENDITURE FOR THE YEAR 1965-66 (GENERAL)

(laid on the table)

Minister of Finance: Sir, as required under Article 43, sub-clause (3), read with Article 89 of the Constitution, I lay on the Table the Supplementary Schedule of Authorised Expenditure for the year 1965-66, authenticated by the Governor.

Mr. Speaker: The Supplementary Schedule of Authorised Expenditure for the year 1965-66 (General) is laid on the Table of the House.

THE WEST PAKISTAN LAND REVENUE BILL, 1965.

(resumption of consideration clause by clause)—(contd.)

CLAUSE 6

Mr. Speaker: The House will now resume consideration of the West Pakistan Land Revenue Bill, 1965, clause by clause. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ(لائل پور-٦) :جناب سپیکر! کل اس ترمیم پر معروضات کرتے ہوئے میں نے بعض خدشات کا اظہار کیا تھا کہ موجودہ حکومت کے ہاتھ میں اس قسم کے وسیع اختیارات دینا عام آبادی کے لئے خطرناک ہے اور خصوصی طور پر ان لوگوں کے لئے جن کو کہ اس حکومت سے اختلاف کرنے کا شرف حاصل ہے - اور اس کے علاوہ بعض دوسرے مقررین نے مثالیں دی تھیں- کہ حکومت نے اختلاف رکھنے والوں کے علاقوں کی حلقہ بندی میں حکومت کو جہاں بھی موقع میسر آسکا غیر جانبداری سے اپنے فرائض کی انجام دھی نہیں کی -

جناب سپیکر:میں ایک عملی مثال آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں - میرے خیال میں آپ کو بھی اس کا علم ہوگا - جس حلقہ سے میں نے صوبائی اسمبلی کے انتخاب میں حصہ لینا تھا - حکومت نے اس کو دیدہ و دانستہ بہت بڑا بنایا اور اس میں ۱۹۶۷ انتخابی یونٹ شامل کئے گئے - تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ایک حصہ کو لائلپور تحصیل کے ایک تھانہ کے ساتھ شامل کیا گیا- اس کا محض یہ مقصد تھا کہ حمزہ کو کسی جائز و ناجائز طریقہ سے شکست دی جائے - لیکن وہ اپنے ناپاک ارادوں میں کامیاب نہ ہوئے - تاہم میں ان کی کارروائیوں اور ان کے کارکنوں کی کارروائیوں کی وجہ سے جو خدشات اور خطرات پیدا ہو گئے ہیں ان کی نشان دھی کرتا ہوں - میں یہ نہیں سمجھتا کہ حکومت کس طرح اس قسم کا اہم کام بطریق احسن سر انجام دے سکے گی -

جناب والا! چند دن ہوئے جنرل بجٹ پر عام بحث کے دوران لاس بیلہ کے ایک معزز رکن نے بتایا تھا کہ لاس بیلہ کا علاقہ اس سے پہلے انتظامی اور مالی نقطہ نظر سے بلوچستان کے ساتھ منسلک تھا۔ لیکن ان دنوں یہ کراچی ڈویژن میں ہے لیکن آبپاشی کا محکمہ کا صدر دفتر اب کوئٹہ ڈویژن میں اور محکمہ صحت کا ہیڈ کوارٹر کراچی ڈویژن میں ہے۔ اس علاقے کے لوگوں کی درگت یا گت جو حکومت بنا رہی ہے وہ اس سے ظاہر تھی اس قسم کا ایک اہم فیصلہ کرتے وقت ان علاقوں کی ضروریات اور عوام کے مفادات یا انتظامی ضروریات کو قطعاً سامنے نہیں رکھا گیا۔ بلکہ اس کو بری طرح سے نظر انداز کیا جاتا ہے میں حیران ہوں کہ اس علاقہ کے لوگوں سے حکومت کیا کھیل کھیل رہی ہے۔ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ ایک ضلع یا علاقہ کو انتظامی لحاظ سے کراچی میں ملا دیا گیا ہے۔ جہاں تک محکمہ صحت کا تعلق ہے وہ حیدرآباد ڈویژن کے ساتھ ہے اور جہاں تک محکمہ آبپاشی کا تعلق ہے وہ کوئٹہ کے ساتھ ہے۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب والا—ایوان میں کورم نہیں۔

Mr. Speaker : The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ: جناب والا! میں اس حکومت کی کارگذاریوں اور کارہائے نمایاں پر روشنی ڈال رہا تھا۔ لاس بیلہ کا ضلع یا لاس بیلہ کا علاقہ جو اس سے پہلے بلوچستان میں شامل تھا وہ پچھلے چند سالوں سے انتظامی لحاظ سے کراچی کمشنری میں شامل کر دیا گیا ہے۔

جناب والا! آپ کو علم ہے کہ وہ انتہائی پس ماندہ علاقہ ہے۔آمد و رفت کے ذرائع بہت محدود ہیں۔ پس ماندگی کی وجہ سے آبادی غربت اور افلاس کا شکار ہے ۔ اب اس کا صدر دفتر انتظامی لحاظ سے کراچی میں ہے ۔ محکمہ صحت کا صدر دفتر حیدرآباد میں ہے اور محکمہ جنگلات اور مویشیان کو کوئٹہ ڈویژن سے منسلک کر دیا گیا ہے ۔ بجائے اس کے کہ اس پس ماندہ علاقہ کو مراعات دی جاتیں اور عوام کی مشکلات کے حل کی کوشش کی جاتی ہماری حکومت نے اس دفعہ کے تحت دیئے گئے اختیارات کو استعمال کیا ہے ۔ اس علاقہ کے لوگ آج پریشان ہیں اور مشکلات کا شکار ہو رہے ہیں ۔ جناب سپیکر! میرے نزدیک جب اس حکومت کا یہ طریق کار ہے تو بہتر یہ ہے کہ اس قسم کے اختیارات اس سے لے لئے جائیں اور بعد میں جب کوئی بہتر حکومت آ جائے گی ۔ اور عملی طور پر یہ پتہ چل جائے گا کہ وہ اس قسم کے اختیارات کے استعمال کی اہلیت اور قابلیت رکھتی ہے یا نیت رکھتی ہے تو دوبارہ ترمیم کے ذریعہ یہ اختیارات دیئے جا سکتے ہیں ۔ اس حکومت کو اس وقت اختیارات دینا محض بے کار ہی نہیں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ مغربی پاکستان کی تمام آبادی کے لئے خطرناک ہے ۔ اس کے بعد میں آپ کی توجہ اپنے ضلع کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ اس وقت میرے علاقہ کی خصوصاً بہت شہرت ہو چکی ہے ۔ لائل پور میں ٹوبہ ٹیک سنگھ ایک سب ڈویژن ہے ہمارے علاقہ کے باشندے کافی عرصہ سے یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ حکومت عالیہ اس دفعہ کے تحت حاصل کئے

ہوئے اختیارات کے ذریعہ ہماری مشکلات کا ازالہ کرے ۔ تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ ایک وسیع علاقہ ہے ۔ سابقہ پنجاب کے بعض اضلاع کے حدود و اربعہ اور رقبہ سے زیادہ ہے ۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ سے جو مالیہ حاصل کیا جاتا ہے اس کی مالیت راولپنڈی ڈویژن کے بعد انفرادی طور پر زیادہ ہے ۔ آپ کو علم ہوگا کہ راولپنڈی کمشنری میں ضلع گجرات کی مالیہ آمدنی دوسرے اضلاع سے زیادہ ہے لیکن تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ کی یہ آمدنی ضلع گجرات سے بھی زیادہ ہے ۔ اتنے وسیع علاقہ کو لائل پور سے کنٹرول کرنا بہت دشوار ہے ۔ اس دشواری کا احساس حکومت کو نہیں ہے اس کا بہت برا اثر ہے اور جو دقتیں پیدا ہوتی ہیں وہ ہمارے علاقہ کے باشندے برداشت کرتے چلے آ رہے ہیں اور احتجاج کرتے آ رہے ہیں ۔ اور حکومت عالیہ کے گوش گذار کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں ۔ اس امید پر کہ حکومت ہماری مشکلات کو رفع کرنے کی کوشش کرے گی ۔ لیکن آج تک ان مشکلات کو حل کرنے کے لئے حکومت کی طرف سے کسی قسم کے اقدامات نہیں کئے گئے ۔ اگر کچھ کیا جاتا ہے تو یہی کہ وہاں بجائے اس کے کہ تجربہ کار افسران کو تعینات کر دیں عام طور پر اس ڈویژن میں نئے نئے تجربہ کار سی ایس پی افسران کو بھیجا جاتا ہے ۔

Mr. Speaker : Mr. Hamza is not relevant.

مسٹر حمزہ : جناب سپیکر ۔ میں تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ کی مشکلات کی طرف توجہ دلا رہا تھا ۔ جناب سپیکر ! اس دفعہ سے حکومت کو یہ اختیار حاصل ہے کہ

Government may by notification vary the number and limits of Division, Districts, Sub-Divisions, or Tehsils in the Province.

میں اس ترمیم کی حمایت کر رہا ہوں کہ اس قسم کے اختیارات اس حکومت کو نہ دئے جائیں اور اس کے لئے میں آپ کے سامنے وجوہات پیش کرتا ہوں ۔ اس سے پہلے میں آپ کی خدمت میں افسروں کے تقرر کے نقطہ نظر سے عرض کروں گا ۔

مسٹر سپیکر : حمزہ صاحب افسروں کا تقرر اس سلسلے میں relevant نہیں ہو گا ۔

مسٹر حمزہ : جناب سپیکر! دراصل سب ڈویژن کو تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ کو ضلع کا مقام دینے کا جو مطالبہ ہے وہ کئی وجوہات کا پیدا کردہ ہے اور ان وجوہات میں سے ایک وجہ یہ بھی ہے کہ حکومت بجائے اس کے کہ ان کی مشکلات کا حل پیش کرتی یا ان کو کم کرتی یا کم کرنے کی کوشش کرتی اس کی غلط پالیسیوں سے یہ مطالبہ دن بدن زور پکڑتا رہا ہے ۔ بلکہ لوگوں کی شکایات میں اضافہ ہوتا گیا ۔

مسٹر سپیکر — جب آپ کا مطالبہ یہ ہے کہ اس کو ضلع کا صدر مقام بنایا جائے تو دوسری طرف آپ کہتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر ہمزہ — میں عرض کر رہا تھا کہ جب یہ حکومت اس قسم کے اختیارات کا ٹھیک طریقہ سے استعمال نہیں کرتی رہی ہے تو میرے نزدیک یہ اختیارات ہوں یا نہ ہوں تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا ۔

مسٹر سپیکر — آپ کا خیال یہ ہے کہ گورنمنٹ آپ کا مطالبہ پورا کرے ۔

مسٹر ہمزہ—جی ہاں۔جناب سپیکر—دوسری میری عرض یہ ہے کہ اس معزز ایوان کے معزز اور نامور رکن میر عبدالباقی بلوچ مکران کے ضلع کے متعلق اس ایوان میں عرض کرتے رہے ہیں اور انہوں نے اس کے متعلق ہائی کورٹ میں ایک رٹ بھی دائر کی تھی اور اسی قسم کے اختیارات سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے ہماری حکومت نے مکران کے بعض علاقوں کو حکومت ایران کے سپرد کر دیا تھا ۔ لیکن میں نے معزز رکن سے جو ان کی جگہ منتخب ہو کر آئے ہیں معلوم کیا ہے کہ وہ علاقہ جات جو حکومت ایران کے سپرد کر دیئے گئے تھے اب دوبارہ پاکستان کو مل چکے ہیں ۔ اور میں اس سلسلے میں میر عبدالباقی بلوچ کو خراج تحسین پیش کئے بغیر نہیں رہ سکتا وہ واحد شخص تھا کہ جس نے حکومت عالیہ کی توجہ اس طرف دلائی اور اس کیلئے اتنی بڑی قیمت ادا کی اور اتنی بڑی قیمت ادا کرنے کے

بعد ہمارے ملک کو فائدہ پہنچایا۔ لیکن حکومت کا عملی کردار یہ ہے کہ وہ ہمارے ملک کے حصوں کو اور وطن عزیز کی سر زمین کو اتنی اہمیت نہیں دیتی جتنی کہ حکومت کو دینی چاہئے۔ میں نہیں سمجھتا کہ حکومت کو اس قسم کے اتنے وسیع اختیارات کیوں دیئے جائیں۔ اس کے علاوہ آپ کو یہ بھی علم ہوگا کہ کچھ سال قبل بعض اضلاع تحصیلوں اور کمشنریوں کی حدود کی ردو بدل کے لئے ایک افسروں کی کمیٹی مقرر کی گئی تھی اور افسروں کی اس کمیٹی نے تقریباً سارے صوبے کا دورہ کیا تھا اور لوگوں سے تجاویز لی تھیں کہ اضلاع اور کمشنریوں کی حدود میں کس طرح رد و بدل کی جائے جس سے لوگوں کی مشکلات میں کمی ہو اور انتظامیہ کے ڈھانچہ کو ٹھیک طریقہ سے چلایا جائے۔ میں نے انتہائی کوشش کی کہ وہ سفارشات مجھ کو مل جائیں لیکن بد قسمتی سے وہ مجھے لائبریری سے بھی نہ مل سکیں۔ لیکن اس بارے میں مجھے یقین ہے اور آپ بھی میری تائید کریں گے کہ اس کمیٹی نے ضلع ملتان میں واقع تحصیل وہاڑی کو ضلع کا درجہ دینے کی سفارش کی تھی۔اس سلسلے میں ہماری حکومت نے پہلے پہل کچھ اقدامات کئے تھے لیکن بعد ازاں بعض وجوہات کی بنا پر یہ معاملہ بعد میں ختم کر دیا گیا۔ جناب سپیکر۔ آپ کو یہ بھی علم ہوگا کہ ضلع ملتان "گرد گرما اور گورستان" کے لئے ہی مشہور نہیں ہے بلکہ اس کی شہرت اس بنا پر بھی ہے کہ سابق پنجاب میں وہ سب سے بڑا ضلع ہے اور اس کی تحصیلوں کی تعداد سابق پنجاب میں تقریباً ہر ضلع سے زیادہ ہے۔ ضلع ملتان کے اتنے وسیع رقبہ کو صدر مقام سے کنٹرول کرنا انتظامیہ کے لئے بہت مشکل ہے

اور وہاں پبلک کو بھی آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اسی لئے پبلک کے مطالبہ کے پیش نظر اور علاقہ کے وسائل اور ذرائع آمد و رفت کی کمی کی وجہ سے اس انتظامیہ کی کمیٹی نے یہ سفارش کی تھی کہ وھاڑی کو ضلع کا درجہ دے دیا جائے۔لیکن جہاں تک مجھے معلوم ہوا ہے وھاڑی کو ضلع کا درجہ نہیں دیا گیا ۔ جناب سپیکر ۔ ہو سکتا ہے کہ وھاڑی کو محض اس وجہ سے اور اس بنا پر ضلع کا مقام نہیں بنایا گیا یا ضلع کا درجہ نہیں دیا گیا کہ اس کے بالکل ہی قریب میاں ممتاز دولتانہ کی اراضی ہے ۔ وہ اسی تحصیل کے رہنے والے ہیں ۔ میرے نزدیک ہماری حکومت نے عملی طور پر یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ بعض افراد کو خوش کرنے کے لئے ایسے انتظامی فیصلے کرتی ہے جن کی ضرورت نہیں ہوتی ہے اور بعض اوقات بعض لوگوں کو نقصان پہنچانے کے لئے ایسی کارروائیاں نہیں کرتی جن کی ضرورت ہوتی ہے۔میں جناب قائد ایوان اور وزیر مال کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ دولتانہ کئی آئے اور چلے گئے اور جس جگہ پر دولتانہ بر سر اقتدار تھے اس پر آج آپ بر سر اقتدار ہیں۔خدا کرے کہ آپ سلامت رہیں اور اس کرسی پر بہت دیر تک سخنی سے براجمان رہیں ۔ لیکن آپ کو دولتانہ اور ان کے ساتھیوں اور سکندر مرزا اور ان کے ساتھیوں کے انجام سے سبق سیکھنا چاہئے ۔ ایسے فیصلے کرتے وقت اپنے ذھنوں میں یہ یاد رکھنا چاہئے کہ اگر آپ کو مغربی پاکستان کی انتظامیہ ڈھانچہ کو چلانے کے لئے وسیع اختیارات

دینے کا مقصد ھی یہ ھے کہ آپ بعض افراد کو نوازنا اور بعض کو نقصان پہنچانا چاھتے ھیں تو خدا کے لئے آپ ھم پر رحم کیجئیے اور اپنے آپ پر رحم کیجئیے۔آپ قوم و ملک کو وقتاً فوقتا نقصان تو پہنچا سکتے ھیں لیکن اس کو نیست و نابود نہیں کر سکتے ۔ آپ کا فرض ھے کہ عوام کے مفاد کے لئے انتظامی ڈھانچہ کو بہتر طریقہ سے چلائیں اور پبلک کے مفاد کو پیش نظر رکھیں ۔ اگر آپ چاھتے ھیں کہ لوگ آسانی سے صدر مقام تک پہنچیں اور ان کا خرچ کم ھو اور ان کو دقتیں بھی کم ھوں اور وقت بھی کم صرف ھو لیکن اگر آپ یہ چاھتے ھیں کہ ان اختیارات کو سختی سے لئے بیٹھے رھیں تو اس کی مثال یہی ھو سکتی ھے کہ جیسے کوئی کنجوس آدمی اپنی دولت کے انبار پر سانپ کی طرح بیٹھا رھے ۔ ایسی صورت میں آپ کو یہ اختیارات دینا انتہائی زیادتی ھوگی ۔ اس وقت تو آپ کا یہی کردار ھے ۔

جناب سپیکر۔ ان معروضات کے بعد آپ کو یہ احساس ھو جانا چاھیئے کہ یہ لوگوں کے ساتھ بڑی زیادتیاں کرتے رھے ھیں اور ان کو چاھیئے کہ یہ کہہ دیں کہ آئندہ نہیں کریں گے ۔ کم از کم زبانی یقین دھانی ھی کرا دیں اخبارات میں آجائیگا اور میں سمجھتا ھوں کہ آج اس ملک میں فضا اس قسم کی ھے کہ مستقبل کے بارے میں کچھ کہنا پیش از وقت ھوگا ۔ تو یہ کچھ متضاد سی چیزیں ھیں لیکن وہ آج کچھ گھبرائے ھوئے سے اپنے آپ کو محسوس کرتے ھیں ۔ آپ کو چاھئے کہ پہلے گناہ معاف کرائیے اور آئندہ اچھے کام کرنے کا ارادہ کریں یہ آپ کے لئے بہت مفید ھوگا ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب کیا آپ اس ترمیم پر بولنا چاہتے ہیں ۔

سردار حاجی عطا محمد (خیر پور ۔ ۲) : جی ہاں ۔ جناب سپیکر ۔ اس مسئلہ پر ہاؤس میں کافی بحث ہو چکی ہے ۔ میرا خیال ہے کہ میں بھی کچھ عرض کروں ۔ حد بندی کے اختیارات اگر ہاؤس کو ہوں تو بہت مفید ثابت ہوگا کیونکہ یہاں تمام مغربی پاکستان کے نمائندے موجود ہیں اور وہ اپنے نفع نقصان کو جانتے ہیں اور انہوں نے اپنے اپنے علاقوں کا مطالعہ کیا ہوا ہے ۔ ہماری حکومت کی حالت یہ ہے جیسے کہ ون یونٹ بنایا گیا تو اب ہمارے سندھ والے جو چھوٹے علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں وہ کسمپرسی کی حالت میں زندگی بسر کر رہے ہیں ۔ ان کی کوئی مدد نہیں کرتا اور یہاں یہ لوگ اپنے ہی گٹھ جوڑ میں وقت ضائع کرتے ہیں اور ہمارے لئے کچھ نہیں سوچتے ہیں کہ ہمارے ساتھ کیا ہو رہا ہے ۔ کیسے ہمارے ساتھ لوٹ کھسوٹ ہو رہی ہے ۔ کیسے ہم اپنی زندگی گزاریں ۔ مجھے تو یہ اندیشہ ہے کہ اگر یہی طریقہ رہا تو ہماری بودوباش کا برقرار رہنا ممکن نہیں ہوگا اور ہماری برادری ٹوٹ جائیگی ۔ اس لئے اگر وہ یہ اختیارات اپنے ہاتھ میں لیتے ہیں تو ایسا کرنے سے وہ

بڑی جوابداری اٹھاتے ہیں اور اس چیز کا کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا - جناب سپیکر - کراچی ، پشاور ، لاہور کے جو اتنے اخراجات تھے انہیں پورا نہیں کیا گیا اور آپنے صرف سیاسی اغراض کی بنا پر حد بندی کی ہے اور لوگوں کو اس سے بہت تکلیف پہنچی ہے - آٹھ آٹھ دس دس میل کے فاصلہ پر انہوں نے چھوٹی چھوٹی یونینیں بنائیں ، لیکن تجربہ سے ثابت ہوتا ہے کہ ان میں یہ اہلیت نہیں ہے کہ وہ سوچ سکیں کہ ان کا نفع کس چیز میں ہے اور لوگوں کو تکلیف کس چیز سے ہوتی ہے - اس لئے یہ اختیارات ان کے ہاتھ میں دینا درست نہیں ہے میں ہاؤس سے استدعا کروں گا کہ اس چیز کو وہ سوچے - ۸۰ برس کے بعد قانون بنتا ہے تو یہ حد بندی کے اختیارات ہمارے صاحب اقتدار لوگوں کے پاس نہیں ہونے چاہئیں بلکہ اس ہاؤس کے پاس ہونے چاہئیں - اس لئے ان معروضات کے ساتھ عرض کروں گا کہ وہ ہمارے مطالبات مان لیں اور انشاالله ہم ان کے ساتھ تعاون کریں گے اور اگر وہ ہماری یہ چیز مان لیں تو یہ بل پاس ہو جائیگا -

وزیر مال - مشکل یہ ہے کہ حمزہ صاحب تیر پھینک کر باہر چلے گئے ہیں میں جواب کس کو دوں -

ملک محمد اختر (لاہور- ۲) : جناب والا - کہئیے - میں حاضر ہوں - جواب دیجئیے -

وزیر مال — (خان حبیب اللہ خان) جو کچھ مجھے عرض کرنا ہے وہ مختصراً کہہ دیتا ہوں - ویسے اس کا جواب اگلی تقریر کرتے وقت دونگا - جناب من کلاز ۶ کا مقصد یہ ہے کہ حکومت کو اختیار دیا جائے کہ وہ ڈویژن ڈسٹرکٹ ، تحصیل وغیرہ کی تعداد اور ان کی حدود میں کمی بیشی کر سکے ، ردو بدل کر سکے - یہ اختیار حکومت طلب کرتی ہے - حمزہ صاحب کی خدمت میں آپ کی وساطت سے عرض کروں گا کہ یہ اختیارات حکومت کو پہلے ہی سے حاصل ہیں - پہلے ہی پنجاب ایکٹ کے تحت یہ اختیارات تھے کہ جس طرح چاہیں ڈویژن بنائیں اضلاع یا تحصیل بنائیں اور جس طرح بھی وقت کے تقاضے کے تحت اور کسی وقت بھی اگر ضرورت پڑے تو وہ اس میں ردوبدل کر سکیں - یہ کوئی نئی بات نہیں - حمزہ صاحب کا یہ کہنا درست نہیں ہے - جو کچھ انہوں نے اس سے پیشتر فرمایا ہے اس سلسلہ میں وہ ایک خاص مقصد اپنے دماغ میں رکھ کر لاتے ہیں اور جب وہ تقریر کرتے ہیں تو کلاز سے شروع کرتے ہیں اور پھر پھسل کر اسی جگہ چلے جاتے ہیں اور جو کچھ کہا ہوتا ہے بعد میں اس کے عین برعکس کہتے ہیں - اس کی میں ایک مثال دونگا وہ یہ کہ ایک دفعہ حکومت نے ایک انتظامیہ کمیٹی مقرر کی تھی جس میں یہ سفارش کی گئی تھی کہ وہاڑی جو ملتان کی تحصیل ہے اسے ضلع بنا دیا جائے - انتظامیہ کمیٹی نے یہ سفارش کی تھی کہ وہاڑی کو ضلع کا درجہ دیا جائے -

مسٹر ھمزہ—پوائنٹ آف آرڈر— جناب وزیر بہت اچھی تقریر کر رہے ھیں لیکن میرا خیال ھے کہ کورم نہیں ھے ۔

Mr Speaker : The House is in quorum. The point of order is ruled out.

وزیر مال ۔ تو میں گزارش کر رہا تھا جناب کی وساطت سے حمزہ صاحب کی خدمت عالیہ میں کہ آپ کی شکایت ھے کہ وھاڑی کو ضلع کیوں نہیں بنایا گیا تو یہ کیسے ھو سکتا ھے کہ حکومت کے پاس اختیارات نہ ھوں ۔ ایک طرف تو آپ کہتے ھیں کہ حکومت کو اختیارات نہ دو اور دوسری طرف آپ کچھ اور ھی کہہ دیتے ھیں ۔ آپ بتائیں اگر حکومت کے پاس اختیارات نہ ھوں تو وھاڑی کو حکومت ضلع کیسے بنا سکتی ھے ۔ آپ دولتانے کے گڑھ کا ذکر لے کر آئے ھیں ۔ ایک طرف آپ کہتے ھیں کہ حکومت کو اختیارات مت دو اور دوسری طرف کہتے ھیں کہ ملنے چاھئیں اور حکومت نے اختیارات کے باوجود وھاڑی کو ضلع کا درجہ دیا ۔ نہیں آپ وھاڑی کو ضلع کیسے بنا سکتے ھیں ۔ اگر ھمارے پاس اختیارات نہ ھوں آپ کو شکایت ھے کہ وھاڑی ضلع کیوں نہیں بنایا گیا لیکن یہ تب ھی ھو سکتا ھے جب حکومت کے پاس اختیارات ھوں ۔ اگر آپ چاھتے ھیں کہ دولتانہ صاحب وھاں سے ممبر بن سکیں اور ایبڈو ان پر سے ھٹ جائے اور ان کے علاقے میں ردوبدل بھی نہ ھو تو یہی بہتر ھے کہ ھمارے پاس اختیارات ھوں تاکہ آپ کے اس ارشاد کی تکمیل میں ایک علاقہ بنا کر دیدیں اور وہ وھاں سے منتخب

ہو سکیں ، لیکن دیکھا یہ گیا ہے کہ آپ دو چیزوں کو mix کرتے ہیں - خدا کے فضل سے آپ یہاں تشریف لے آئے ہیں آپ کو پتہ ہونا چاہئے کہ علاقے کی حد بندی کا تعلق تحصیل اور ضلع سے نہیں ہے - ضلع ہو تحصیل ہو یا جو بھی علاقہ ہو ، چاہے چھوٹا ہو ، چاہے بڑا ، چاہے اس میں ردوبدل ہو جائے الیکشن ایکٹ اور الیکشن رولز کے تحت اب بھی ایک تحصیل کا علاقہ دوسری تحصیل کے مواضعات سے ملایا جا سکتا ہے - ایک ضلع کے مواضعات دوسرے ضلع کے مواضعات سے ملائے جا سکتے ہیں - یہ جو نیشنل یا صوبائی اسمبلی کی constituencies ہیں ان کا تحصیل سے کوئی تعلق نہیں - تحصیل ، ڈویژن ، اضلاع اور سب ڈویژن کا جو بھی حدود ہوں - اب بھی ان کا نیشنل یا پراونشل اسمبلی سے کوئی تعلق نہیں ہے تو میں آپ کو یہ کہونگا کہ آپ کا یہ خیال غلط ہے کہ تحصیل ، ضلع ، ڈویژن اور سب ڈویژن کے اختیارات حکومت کو دیں تاکہ وہ اس میں رد و بدل کر سکے نیشنل اسمبلی یا پراونشل اسمبلی کے حلقہ جات کے ردو بدل سے اسکا کیا تعلق ہے - یہ تو ایسی چیز ہے - جس کا اختیار حکومت کے پاس ہونا چاہئیے - تاکہ جب بھی ضرورت پڑے حکومت اس کو استعمال میں لا سکے ایک وقت تھا جب میانوالی کا ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے ڈویژن میں تھا مگر چونکہ ان کے درمیان دریائے سندھ پڑتا تھا اس لئے صرف تین چار ماہ آمد و رفت رہتی تھی پھر بند ہو جاتی تھی - اس سے دقت پیش ہوتی تھی - میانوالی کے لوگوں کا ڈیرہ اسماعیل خان سے راستہ ختم ہو جاتا تھا - اس لئے حکومت نے یہ مناسب

سمجھا کہ اس کا الحاق سرگودھا کے ساتھ کر دیا جائے - اس سے لوگوں کو آسانی ہو سکتی ہے - اس کے پیش نظر حکومت یہ اختیارات چاہتی ہے تاکہ اگر وہ وھاڑی کو ضلع بنانا چاہے تو بنا سکے یا ٹوبہ ٹیک سنگھ کو لائل پور سے لے کر سیالکوٹ میں ملا سکے - امید ہے اس کے بعد وہ اپنے کئے ہوئے پر پشیمان ہوں گے -

مسٹر حمزہ - جناب قائد ایوان نے جو کچھ فرمایا ہے اس کے بعد میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں - وہ میری وجہ سے ٹوبہ ٹیک سنگھ کو سیالکوٹ کے ساتھ نہ ملائیں - میں بہت پشیمان ہوں -

مسٹر سپیکر - خان صاحب - کلاز ۶ میں ڈویژن اور ڈسٹرکٹ کو تقسیم کرنے کی گنجائش تو رکھی گئی ہے - کیا تحصیل کی تقسیم کے لئے اختیارات کی ضرورت نہیں تھی ؟

"Each Division shall be divided into such Districts....,,

Minister of Revenue: "Each Division shall be divided into such Districts, and each District may be divided into such Sub-Divisions or Tehsils (which also include Talukas), as Government may, by notification, specify ;"

مسٹر سپیکر - لیکن تحصیل کی از سر نو حد بندی کے لئے حکومت کے پاس اختیار نہیں ہوگا -

وزیر مال - تحصیل کو تو divide کرنے کی ضرورت نہیں اس کی تو demarcation ہوئی ہے -

مسٹر سپیکر - تحصیل کی demarcation کیلئے ؟

وزیر مال - جی ہاں -

Division is divided into Districts, and a District is divided into Tehsils, but Tehsil is not divided into anything else. Only there can be....

Mr. Speaker: Tahsil will be comprised of certain villages.

Minister of Revenue: Yes Sir.

Mr. Speaker: Suppose the Government wants to create a Tahsil, under what authority will they constitute a Tahsil ?

Haji Syed Muhammad Murad Shah: Sir, by demarcation.

Mr. Speaker: Order please.

Minister of Revenue: I would explain, Sir. A Division can be divided into Districts, a District into Sub-Divisions or Tahsils.

مسٹر سپیکر ۔ فرض کیجئے آپ ایک تحصیل اور بنانا چاہتے ہیں ۔ یا دوسری تحصیل میں سے ایک تحصیل علیحدہ کرنا چاہتے ہیں ۔ اس کے لئے آپ کے پاس کیا اتھارٹی ہوگی ؟

وزیر مال ۔ آپ کا مطلب ہے کہ تحصیل کی حدود میں رد و بدل کرنا چاہتے ہیں ....

مسٹر سپیکر ۔ یا بڑی تحصیل کی دو بنانا چاہتے ہیں ۔

وزیر مال ۔ یہ سب کلاز نمبر ۲ میں آ جاتا ہے ۔

"Government may, by notification, vary the number and limits of Divisions, Districts, Sub-Divisions or Tahsils....."

اگر صرف رد و بدل کرنا ہو تو وہ اس میں آ جاتا ہے ۔

Mr. Speaker : Yes. That is right.

I would now put the amendment to the vote of the House. The question is—

That in clause 6 of the Bill, as reported by the Select Committee, the brackets and figure "(1)" and sub-clause (2) be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker: I would now put the clause to the vote of the House. The question is—

That clause 6 stand part of the bill.

The motion was carried.

CLAUSE 7

Mr. Speaker: Now clause 7. There is one amendment by Malik Muhammad Akhtar. Yes, Mr. Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I beg to move—

That in sub-clause (1) of clause 7 of the Bill, as reported by the Select Committee para. (a) be deleted and subsequent paras. re-numbered accordingly.

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is—

That in sub-clause (1) of clause 7 of the Bill, as reported by the Select Committee, para. (a) be deleted and subsequent paras. re-numbered accordingly.

Minister of Revenue: Opposed Sir.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے اپنی اس ترمیم میں سب کلاز نمبر ۱ کے پیرا الف کو منسوخ کرنے کے لئے کہا ہے ۔ کلاز نمبر ۷ یہ ہے ۔

"(1) There shall be the following classes of Revenue Officers, namely—

(a) the Board of Revenue;

(b) the Commissioner;

(c) the Collector;

(d) the Assistant Collector of the first grade.

(e) the Assistant Collector of the second grade.

جناب سپیکر۔میرا مقصد یہ ہے ۔ کہ بورڈ آف ریونیو کو ریونیو آفیسرز کی definition اور تشریح میں نہیں دیا جا سکتا ۔ اس میں کچھ قانونی تضاد ہے ۔ کچھ اصول ہیں ۔ جن کو میں عرض کرونگا ۔ جناب والا ۔ سب سے پہلے بورڈ آف ریونیو کی جو definition انہوں نے فرمائی ہے ۔ میں وہ ہاؤس کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔

"Board of Revenue" means the Board of Revenue established under the West Pakistan Board of Revenue Act, 1957 (West Pakistan Act XI of 1957)

اس کے بعد جناب والا۔ ریونیو افسر کی جو definition دی گئی ہے وہ دفعہ نمبر ۴ کی سب کلاز ۲۲ میں یوں دی گئی ہے ۔

"Revenue Officer" means a Revenue Officer having authority under this Act to discharge the function of a Revenue Officer.

جناب والا۔اپنے دلائل کی حمائت میں میں متعلقہ دفعہ ۶ کو corresponds کرتی ہوئی دفعہ جو پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ کی ہے ۔ پیش ضروری سمجھتا ہوں ۔ کہ اسے بھی ہاؤس کے سامنے عرض کروں ۔ تاکہ ہاؤس اس چیز کا اندازہ کر لے ۔ کہ یہ چیز جس پر مجھے اعتراض ہے ۔ یہاں اس کی نئی Introduction ہے ۔ جناب والا پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ کے باب ۲ کی دفعہ ۶ میں جو تعریفیں دی گئی ہیں ۔ ان میں ''ریونیو افسر'' کی یہ تعریف دی گئی ہے ۔

"There shall be the following classes of Revenue Officers, namely:—

(a) the Financial Commissioner ;

(b) the Commissioner;

(c) the Assistant Collector of the first grade;

(d) the Assistant Collector of the second grade;

(e) the Deputy Commissioner of a District shall be the Collector thereof."

جناب والا ۔ اگر اس ایکٹ کی definitions کو دیکھا جائے تو یہاں یہ بورڈ آف ریونیو کی علیحدہ definitions کر رہے ہیں اور ریونیو آفیسرز کی علیحدہ کر رہے ہیں ۔ میری مراد اس بل سے ہے ۔ جناب والا ۔ سب سے پہلے میرا اصولی اعتراض یہ ہے ۔ کہ آپ نے بورڈ آف ریونیو اور ریونیو آفیسرز کی definitions کو علیحدہ دیا ہے ۔ اور اب کلاسز آف ریونیو آفیسرز کی definitions میں بورڈ آف ریونیو کو ریونیو آفیسرز کے تحت کر دیا ہے ۔ اب جناب میرا اصولی اعتراض یہ ہے ۔ کہ بورڈ آف ریونیو کے جو functions ہیں ۔ وہ ہرگز وہ نہیں جو ریونیو افسر کے ہیں ۔ بورڈ آف ریونیو کو بعض اختیارات کی رو سے ہائیکورٹ کے برابر بنا دیا گیا ہے ۔ بلکہ ریونیو کے معاملات میں بورڈ آف ریونیو کو سپریم کورٹ بنا دیا گیا ہے ۔ مگر یہاں ہم یہ تضاد دیکھتے ہیں ۔ جو ہرگز پسندیدہ نہیں کہ وہی جوڈیشیل افسر Executive کے بھی ead ہوں ۔

جناب والا ۔ یہ ۔ تو اسی طرح سے ہے جیسے کسی صوبہ کے گورنر کو سپریم کورٹ کے جج کے اختیارات تفویض کر دئے جائیں ۔ جناب والا ۔ آپ عدلیہ اور انتظامیہ کے متعلق آشنا ہیں ۔ اس ملک میں سابقہ حکومتوں کے وقت کے کافی ایسے معاملات دیکھے گئے ہیں ۔ اور کافی Fact Finding Committees

کی رپورٹیں اور کمیشن کی رپورٹیں موجود ہیں - جنہوں نے عدلیہ کو انتظامیہ سے علیحدہ کرنے کے لئے متعدد بار کہا ہے -

جناب والا - میں دو تین مثالیں دیتا ہوں - مثالیں ایسی [دفعات] سے تو چالیس پچاس بھی دی جا سکتی ہیں - جس میں یہ ثابت کیا جائے کہ یہ جو ریونیو آفیسر پاورز ہیں - بورڈ آف ریونیو کو کم از کم کسی کام میں اس طریقہ سے delegate نہیں کرنی چاہئیں کہ وہ عام ریونیو آفیسر اسسٹنٹ کلکٹر یا کلکٹر کی سطح پر آ کر ان کاموں کو کرے - جناب والا - سب سے اول مجھے تضاد کے متعلق بات کرنا ہے - بورڈ آف ریونیو ایک ایسا ادارہ ہے جو رولز کو ° کرتا ہے - بورڈ آف ریونیو جو آپ کی special assessment اور general assessment کے متعلق اپیلیں سنتا ہے آپ ایک وقت میں ان کو appellate authority بنا رہے ہیں - پھر اس definitions کو شامل کر کے ان کو وہی اسسٹنٹ ریونیو آفیسر کے level پر لے جا رہے ہیں کہ وہ یہ بھی کام کریں اور وہ کام بھی کریں مجھے اپنے ان دوستوں سے اور اپنے ان بزرگوں سے مودبانہ معافی مانگنی ہے - کہ جن کو اس چیز پر اعتراض ہے کہ ریونیو بل کی بحث کو prolong کیا جا رہا ہے - میں اعلان کرتا ہوں کہ ہمارا ہرگز یہ مقصد نہیں ہے کہ کسی قسم کی بحث کو لمبا کریں یا کسی قسم کا کسی صاحبہ صوبہ کو نقصان پہنچائیں اور ان کو ان کی مراعات سے محروم کریں - جو

ان کو اس law کو introduce کرنے سے حاصل ہو سکتا ہے۔ ہماری بحث کی وجہ یہ ہے کہ ہم نے کافی تحقیقات کی ہیں۔ اور کافی گہرائی میں جا کر ان چیزوں کو دیکھا ہے۔ اور ہم جہاں تضاد پاتے ہیں۔ اس کے متعلق discussion کرنے پر ہم مجبور ہیں۔

مسٹر سپیکر- آپ کلاز کو discuss کریں۔

ملک محمد اختر- جناب سپیکر۔ ابھی میں گزارش کر رہا تھا کہ اسی بل کی کلاز ۱۳ کے متعلق مجھے عرض کرنا ہوگا۔ میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ کلاز کو اس حد تک discuss کیا جائے گا کہ اس کلاز کو کبھی آئندہ بحث میں repeat نہ کیا جائے یہ سمجھا جائے کہ ہاؤس اس سے روشناس ہے۔ مجھے مجبوری کی حالت میں کلاز ۱۳ کو یہاں پھر پڑھنا پڑتا ہے۔ جس کا Heading ہے Administrative Control ہے۔

(1) Subject to the general superintendence and control of the Board of Revenue, Commissioner shall control all other Revenue Officers in his Division.

(2) Subject as aforesaid and to the control of the Commissioner, a Collector shall controll all other Revenue Officers in his District."

Mr. Speaker: The Members is reading from the Bill as introduced. He should please read out from the report of the Standing Committee.

Malik Muhammad Akhtar: I am sorry. Thank you, Sir, so for correcting me.

"13 (1) The Board of Revenue shall be subject to the control of the Provincial Government.

(2) The General Superintendence and control over all other Revenue Officers shall be vested in, and all such Officers shall be subordinate to the Board of Revenue.

(3) Subject to the general control of the Board of Revenue, a commissioner shall control all other Revenue Officers in his Division.

(4) Subject as aforesaid and to the control of the Commissioner, a Collector shall control all other Revenue Officers in his district."

جناب والا۔ جس طرح کل بحث ہوئی تھی کہ Village Officer کی term میں چوکیدار کو شامل کر دیا ہے اسی طرح سے اب اسی قسم کا تضاد ہے کہ ریونیو آفیسر جو انتظامیہ کے اختیار سے سپریم باڈی ہے اسکو انہوں نے ریونیو آفیسر کی term میں شامل کر دیا ہے۔

جناب والا۔ میں اپنے ریونیو بورڈ کے ممبران سے مؤدبانہ معافی مانگتا ہوں۔ در اصل یہ ذرا سی بات تھی۔ اول تو ان کا ۹۹ فیصدی آگے ہی کنٹرول ہے۔ عدالتی پہلو سے اور انتظامی پہلو میں جو ایک آدھ فیصد ایسی بات ہے جس کیلئے وہ اپیلیٹ اتھارٹی تھے۔ ان کو انتظامی functions سنبھالنے کے بعد It is not so secret and can be dug out وہی لوگ ہیں جنہوں نے گذشتہ کم و بیش ۷ - ۸ سال یا ۵ - ۶ سال اس قانون کی کتاب کو جس کو بل کا نام دیا ہے۔ ڈرافٹ کیا ہے۔ اب مجھے ایک یا دو دفعات کی مثال دینی ہے جس میں Clause 197 of the Bill جو ہے اسکے تضاد میں irrelevancy ہو جائے گی۔ جو ambiguity اور inconsistency ہونے کا احتمال ہے۔ وہ بھی واضح ہو جائے گی۔ کلاز (۳) ۱۹۶ میں یہ کہا گیا ہے۔

"(a) all rules, appointments and transfers made, notifications and proclamations issued, authorities and powers conferred, farms and leases granted, records of rights and other records framed, rights acquired, liabilities incurred, times and places appointed, and other things done, under any such enactment shall, if not inconsistent with the provisions of this Act, be continued and, so far may be, be deemed to have been respectively made, issued, conferred, granted, incurred appointed, and done under this Act,"

جناب والا ۔ اب میں ایک نوٹیفیکیشن کو refer کرتا ہوں۔ جس نوٹیفیکیشن کو continue کیا گیا ہے جو تمام اس نظام کے مختلف افسران میں ان کے functions کے متعلق اس احساس سے اب اس نوٹیفیکیشن جو inconsistent گردانا جائے میں سمجھتا ہوں یہ تمام نظام اور اس نظام کی بلڈنگ اور چھت ایک ہی دھماکے سے گر کر رہ جائے گی ۔ میری مراد نوٹیفیکیشن ۸۱ مورخہ ۱-۳-۱۸۸۸ ہے ۔ جو ابھی تک operative ہے ۔ اس نوٹیفیکیشن سے ذرا سا reference دونگا باقی جو summary ہے وہ اپنے ذہن کے مطابق بیان کروں گا ۔

مسٹر سپیکر۔ اس نوٹیفیکیشن میں جو کچھ درج ہے وہ فرما دیجئے ۔

Malik Muhammad Akhtar : In supersession of Notification No. 736 of 1st November, 1887, the Honourable Lt. Governor in exercise of the powers vested in him by Section 10 of the Punjab Land Revenue Act, 1887, is pleased to hereby direct.....

یہ یکم نومبر ۱۸۸۷ کا ہے ۔ جناب والا ۔ اسکی جو directions ہیں وہ میں عرض کرتا ہوں اور میں محسوس کرتا ہوں کہ ہمیں کس حد تک brief ہونا چاہیئے۔ اس حد تک brief ہونا ممکن نہیں کہ جو ہم کہنا چاہیں وہ نہ کہہ سکیں۔ یہ میری خوش نصیبی کہ آپکا knowledge اتنا وسیع ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker: The Member may please come to the point.

ملک محمد اختر۔ جناب والا ۔ انہوں نے یہ کہا ہے کہ لینڈ ریونیو ایکٹ پنجاب ۱۸۸۷ یا جو بھی سن ہے انکے کے تحت جتنے بھی functions ہیں ماسوائے دفعہ ۶۶ کے اور شیڈول کے اسسٹنٹ کلکٹر

فرسٹ گریڈ ان پر عمل کرے گا جو ذراسی summary ہے وہ میں عرض کرونگا کہ اسسٹنٹ کلکٹر فرسٹ گریڈ assessment کے متعلق appointment, suspension وغیرہ وغیرہ کے متعلق جو دس دس لائنوں میں بیان کیا گیا ہے اس کا میں ایک ایک لفظ بیان کر رہا ہوں وہ Certificate of statement of account of arrears کے متعلق ہے ۔ وہ preparation of lists of village cesses کے متعلق ہے۔ وہ punishment of patwaris کے متعلق ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کا argument کیا ہے ؟

ملک محمد اختر ۔ میں اپنا argument ختم کر رہا ہوں اب بورڈ آف ریونیو کو ریونیو آفیسر کی term میں include کرنے سے یہ تمام کا تمام دھندا اور جو functions ہیں یعنی appellate authority کے پاس وہ original jurisdiction چلی جاتی ہے یعنی سپریم کورٹ کے پاس وہ jurisdiction چلی جاتی ہے ۔ جیسا کہ آپ کے تھرڈ کلاس مجسٹریٹ یا تھرڈ کلاس سول جج اسکو perform کرے ۔ میں نے عرض یہ کرنا ہے کہ یہ بیکار کلاز جو ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : This is the class of the Revenue Officer and that is not the definition of the Revenue Officer.

Malik Muhammad Akhtar : But the Board of the Revenue will not be pleased to exercise these powers in capacity of a Revenue Officer.

Mr. Speaker : If the Board of Revenue wants to exercise these powers, I think this is well within their right to do so.

Malik Muhammad Akhtar : But we are framing a new Law. Formally they will not.....

اگر وہ formally entitled ہوتا - تو میں لے اسی لئے نوٹیفیکیشن کوعرض کیا ہے and this is exactly my argument, Sir اگر formally ایک ریونو آفیسر ان powers کو exercise کر سکتا ہو تو اس نوٹیفیکیشن کی کیا ضرورت تھی - جو functions کہ ریونیو آفیسر کے ہیں-

مسٹر سپیکر- اس کا مطلب یہ ہے کہ گورنمنٹ جو powers کسی officer پر confe کرتی ہے - تو وہ فوراً اس کو exercise نہیں کر سکتا -

Minister for Irrigation : High Court is one of the classes, of course.

ملک محمد اختر - جناب والا - میں سمجھتا ہوں - کہ اس ef inition کے بعد اب میں نے اگلا نقطہ عرض کرنا ہے -

مسٹر حمزہ - جناب والا - چائے کا وقفہ ہو چکا ہے -

مسٹر سپیکر - آج جمعہ ہے - اور میرے خیال میں پچھلی دفعہ بھی جمعہ کو چائے کا وقفہ نہیں ہوا تھا - بہر حال اگر ایوان کی یہی رائے ہو - تو ایوان کی کارروائی گیارہ بجے تک چائے کے لئے ملتوی کی جاتی ہے -

The Assembly then adjourned till 11·00 a. m.

The Assembly met at 11·00 a.m. Mr. Speaker in the Chair.

Mr. Speaker : Yes Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : I am afraid, Sir, the House is not in quorum

Mr. Speaker : The House is not in quorum, let the bells be rung.

(*bells were rung*). The House is in quorum.

Yes, Malik Akhtar.

ملک محمد اختر— جناب سپیکر - ابھی میرے دوستوں نے فرمایا کہ اس definition سے ان کے خیالات میں کوئی فرق نہیں پڑتا مثلاً وہ یہ argument دے سکتے ہیں کہ اس میں لفظ "No Court" بھی شامل ہے تو جب یہ لفظ اس میں شامل ہے تو اسی طرح ''ریونیو آفیسر،، کے ساتھ ''بورڈ آف ریونیو،، کو شامل کرنے میں کوئی بات نہیں ہے -

جناب والا - No Court کے لفظ کا مقصد اور ہے - یہاں پر executive functions اور جو ڈیشیل functions کو combine کر دیا گیا ہے - جناب والا - اگر سول کورٹ کے jurisdiction کو debar کرنا ہی مطلوب ہے تو میں ایگزیکٹو function کسی طور پر بورڈ آف ریونیو کو دینے کے حق میں نہیں ہوں -

مسٹر سپیکر - ملک صاحب آپ کی amendment یہ ہے کہ آپ بورڈ آف ریونیو میں ریونیو آفیسر کو لانا ہی نہیں چاہتے -

ملک محمد اختر - جی ہاں - جناب سپیکر - یہاں کچھ اس قسم کا atmosphere prevail کر رہا ہے کہ ہم یہاں بلاوجہ تقریریں کر رہے ہیں جو درست نہیں ہے - جناب سپیکر - میں اس بل کے دو تین کلاززز quote کروں گا اور پھر جب ہاؤس اس سے روشناس ہو چکا ہوگا تو آئندہ ان کو refer نہیں کروں گا - جناب والا - مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ کلاز ۔ ۔ میں

"An appeal from an order under the last foregoing section or section 63 shall lie to the Commissioner and from the appellate order of the Commissioner to the Board of Revenue".

یہ اندازہ کرنا اس ہاؤس کا کام ہے کہ آخری appellate اتھارٹی بورڈ آف ریونیو ہے ۔ اب ریونیو آفیسر کے کیا funct ہیں دو ایک مثالیں آپ کو دیتا ہوں اور وہ یہ ہیں مثلاً کلاز ۸۰ میں ہے ۔

"A writ of demand may be issued by a Revenue Officer on or after the day following that on which an arrear of land revenue accrues."

اسی طرح ۸۶ میں ہے ۔

"At any time after an arrear of land revenue has accrued, a Revenue Officer may issue a warrant directing an Officer named therein to arrest the defaulter and bring him before the Revenue Officer."

اسی طرح ایک اور ذرا سی مثال دوں گا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب بورڈ آف ریونیو وہ فرائض سرانجام نہیں دے گا جو ایک اسسٹنٹ کلکٹر فرسٹ گریڈ یا کلکٹر انجام دیگا اس کے فرائض جو کچھ ہیں وہ بورڈ آف ریونیو ایکٹ میں specified ہیں اور بورڈ آف ریونیو کے کیا کیا فرائض ہیں ۔ان کو آپ ایک دوسرے سے mix نہ کریں ۔

ملک محمد اختر ۔ میں mix نہیں کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔یہ ambiguity اس لائن کے ۳۔۴ الفاظ کے شامل کرنے سے ہو جاتی ہے ۔

I will be finishing my point very shortly, say, within another two or three minutes.

اسی طرح جناب والا ۔ کلاز ۸۹ میں ہے ۔

"At any time an arrear of land revenue has accrued the movable property ..... may be distrained and sold by order of a Revenue Officer."

جناب والا ۔ اگر میں یہ کہوں کہ

Board of Revenue comes under the provisions of the Revenue Officers.

تو جناب والا ۔ یہ ریوینیو آفیسر کی definition میں بورڈ آف ریونیو کو include کرنے سے نہایت ہی خطرناک نتائج نکل سکتے ہیں ۔ میں ان کے ساتھ جب سیلیکٹ کمیٹی میں بیٹھا تھا ۔

They were kind enough to allow me to sit with these privileged gentlemen.

وہاں پر میں نے ان کی غلطیاں اور خامیاں بتائیں تھیں ۔ ان کے phrases کی غلطیاں تھیں ان کی انگریزی غلط تھی ۔ ان کے commas غلط تھے تو انہوں نے ان تمام چیزوں کو خوش اسلوبی سے تسلیم کیا تھا اب یہ publicly ان چیزوں کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ جناب والا ۔ یہ کافی لمبی چوڑی بحث ہو سکتی ہے میں اس میں نہیں پڑنا چاہتا لیکن میں یقین دلاتا ہوں کہ ریوینیو آفیسر کو جو ریوینیو بورڈ میں سے آئے ہیں اس سے انہوں نے جوڈیشری اور ایگزیکٹو کو cross کر دیا ہے ۔

Any C.S.P. Officer tomorrow with all the powers at his command.....

Khan Muhammad Yusaf: May I know, Sir, if discussion in the Select Committee can be revealed and further discussion opened on that ground.

Malik Muhammad Akhtar: I have only mentioned a fact, Sir, which cannot be contradicted.

Mr. Speaker: He can only refer to the discussion provided he is relevan to the clause, which he was not.

ملک محمد اختر—جناب سپیکر ۔ میں مودبانہ گذارش کر رہا تھا کہ یہ تمام دفعات بالخصوص جو distress کے متعلق ہیں اور گرفتاریوں کے متعلق ہیں اور Process of recovery of land کے متعلق ہیں اور revenue attachment of property کی holding کو چھین لینے کے متعلق ہیں وہ اختیارات جو کسی ریونیو آفیسر یا اسسٹنٹ کلکٹر فرسٹ گریڈ کو اب دی گئی ہیں ان کے level پر ریونیو آفیسر کو نہیں لایا جا سکتا ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد مجھے صرف ذرا سی مثال اور دیتی ہے یہ کلاز ۱۰۰ میں بھی کچھ اسی قسم کا تضاد پایا جاتا ہے ۔ اگر ہم نے یہ ترمیم نہ کی تو معاملہ ٹھیک نہ ہو گا ۔ جناب والا ۔ یہ نہایت ہی اہم کلاز ہے اور میں آپ سے مودبانہ گذارش کروں گا ۔ آپ اگر اس چیز کو appreciate نہ بھی فرمائیں تو کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ آپ عقلمندی اور دانشمندی میں سب سے زیادہ ہیں ۔

Mr. Speaker: The Member may please go on with his arguments.

ملک محمد اختر—تو جناب والا ۔ ۱۰۰ (۱) اور (۲) میں بورڈ آف ریونیو کی definition اس طرح سے دی ہے کہ judiciary کو cripple کرکے رکھ دیا ہے ۔

"(1) When there is a question as to title in any property of which partition is sought, the Revenue Officer may decline to grant the application for partition until the question has been determined by a competent Court, or he may himself proceed to determine the question as though he were such a Court.

(2) Where the Revenue Officer does not himself proceed to determine the question of title as a Civil Court, he may, for reasons to be recorded by him in this behalf, require a party specified by him to file a suit in a Civil Court, within such period not exceeding ninety days from the date of his order as he may fix, for obtaining a decision regarding the question."

تو جناب والا ۔ آگے اس میں لمبی چوڑی دفعات ہیں میں ان کا حوالہ نہیں دیتا ماسوائے سی کلاز کے جو اسی کلاز ۱۰۰ کی ایک جز ہے ۔

"(c) An appeal shall lie from the decree of the Revenue Officer under clause (b) as though that decree were a decree of a Civil Judge in an original suit."

جناب والا ۔ ایک طرف ریونیو کورٹ جو ہے وہ بورڈ آف ریونیو ہے اور سپریم کورٹ کی حیثیت آخری عدالت کی ہے ۔ دوسری طرف جو بورڈ آف ریونیو ہے وہ ریونیو آفیسر ہے اور ریونیو آفیسر کے پاس جو اپیل جاتی ہے وہ بعد میں کلکٹر کے پاس اور پھر بورڈ آف ریونیو کے پاس بتائیے یہ گورکھ دھندا نہیں تو کیا ہے ۔ یہ مذاق نہیں تو کیا ہے یہ کیا پیچیدگیاں ہیں ۔ مجھے پتہ نہیں کو یہ کیا چاہتے ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ مجھے موقع نہیں

ملا اگر ہاؤس میں مجھے موقع ملا تو میں کسی وقت یہ لسٹ پیش کروں گا اور اس کے علاوہ اور لسٹیں بھی پیش کروں گا جس میں ان کے آرڈیننسوں کی بھی لسٹ دوں گا جو بعد میں ultra vires ہوئے اور اس کے بعد انہوں نے ان کی ترامیم پیش کی ہیں اور وہ کم و بیش تین چار ایسے ترامیمی آرڈیننس اسی بار لائے ہیں تو اندازہ کیجئے کہ ان چیزوں میں کیا دھرا ہے ۔ کیا یہ کوئی اچھی بات ہے ۔ کہ جب ہم آرڈیننس میں ترمیم نہیں کر سکتے تو بہتر ہوتا کہ ایک بل کی شکل میں لے آتے ۔ اگر ذرا سی سطر اس کی exculde کر دی جائے جو کہ بورڈ آف ریونیو کے متعلق ہے تو اس میں کیا حرج ہے بجائے اس کے کہ گورنمنٹ نوٹیفیکیشن کرتی پھرے اور وہ نوٹیفیکیشن کسی کلاز سے تضاد رکھتی ہو اور وہ ایسی نوٹیفیکیشن ہو جس پر کہ وہ عمل پیرا نہ ہو سکتے ہوں ۔ اس کے بعد مجھے ایک ذرا سی مثال اور دینی ہے ۔ یہ صرف ۱۷۰ کلاز کے بارہ میں ہے ۔

Sir, I shall be giving up this point and come to clause 170 which says—

"Save as otherwise provided by this Act, an appeal shall lie from an original or appellate order of a Revenue Officer as follows.....":

میں ریونیو افسر کو اس وقت interpret کر رہا ہوں ۔

جو بورڈ آف ریونیو کے پاس اپیل ہو گی وہ کلکٹر کے پاس جائے گی - اور پھر کمشنر کے پاس اور پھر بورڈ آف ریونیو کے پاس تو جناب والا — یہ کیا مذاق ہے - یہ کیا تضاد ہے - یہ کون سا قانون ہے -

مسٹر سپیکر—یہ آپ کونسی کلاز پڑھ رہے ہیں ؟

ملک محمد اختر—میں کلاز ۱۷۰ پڑھ رہا ہوں - یہ کیا قانون ہے —جناب والا — یہ جو ریونیو افسر کی definition....

Mr. Speaker : In this very clause it has also been given.

"(a) To the Collector, when the order is made by an Assistant Collector of either grade;

(b) To the Commissioner when the order is made by a Collector."

Malik Muhammad Akhtar : Please just see the preceding lines of this clause which say —

"Save as otherwise provided by this Act, an appeal shall lie from an original or appellate order of a Revenue Officer."

I say, the Revenue Officer is Mr. I. U. Khan and the definition,.....

Mr. Speaker : This is not a definition of Revenue Officer. That has been defined in the definition clause itself.

Malik Muhammad Akhtar : Will you kindly come back to the definition of the Revenue Officer as given in clause 7 (1) ? It says—

There shall be the following classes of Revenue Officers, namely—

(a) The Board of Revenue;"

That means, the Board of Revenue is a Revenue Officer.

Mr. Speaker : That is one of the classes of the Revenue Officers.

Malik Muhammad Akhtar : That may be one the classes of the Board of Revenue.

Mr. Speaker : No doubt, Members of the Board of Revenue are Revenue Officers.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, their interpretations might be hundred per cent correct but my apprehensions are that tomorrow they may say that District Court includes the Supreme Court. That is not the way.

Mr. Speaker : But the Member should always presume that there is distribution of powers and there is also distribution of functions. Certain functions are performed by Assistant Collectors of first grade while other are performed by Assistant Collectors second grade. They are performed by the Collectors and then the Commissioner and then the Board of Revenue.

Malik Muhammad Akhtar : Then that Notification becomes relevant and in that case they will be making certain notifications which might be inconsistent with the other two dozen clauses of this West Pakistan Land Revenue Act.

جناب والا ۔ اس میں تضاد ہونے کا اندیشہ ہے ۔ بڑی لمبی بات ہے وقت تنگ ہے ۔ میں اس کو نہیں express کر سکا ویسے میں نے اس کو بڑا thoroughly دیکھا ہے ۔ آپ ایسا کیجئیے کہ اس کلاز کو refer کرکے لا ڈیپارٹمنٹ کی رائے لے لی جائے کیونکہ میں محسوس کرتا ہوں کہ یہ بل لا ڈیپارٹمنٹ سے vet ہو کر نہیں آیا ۔

Mr. Speaker : Has the Member concluded ?

Malik MuhammadAkhtar : Yes, Sir.

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ میں خاک بھی نہیں سمجھا ۔ میں کچھ نہیں سمجھا ۔ ان کی تقریر کو میں نہیں سمجھا ۔ عرض یہ ہے کہ وہ فرق نہیں سمجھتے یا یوں کہنا چاہئے کہ یا وہ جانتے نہیں ہیں یا جاننا نہیں چاہتے ۔

There is a lot of difference between a Revenue Officer and the classification of a Revenue Officer.

فرق ہے ۔ جس طرح کہ جناب من آپ کو معلوم ہے کہ Classification of Courts ہوتی ہیں اس میں ہائی کورٹ یا ڈسٹرکٹ کورٹس وغیرہ وغیرہ ہوتے ہیں ۔

And in the classification of courts, High Court is included in the District Court but the High Court does not become a District Court.

تو اس طرح سے ریونو افسر کی تعریف دی ہوئی ہے یعنی کلاز ۴ سب سیکشن ۲۲ میں ریوینیو افسر کی تعریف الگ دی ہوئی ہے ۔

" 'Revenue Officer' " means a Revenue Officer having authority under this Act to discharge the functions of a Revenue Officer;"

It is quite a different thing. Here only classification of Revenue Officers has been given. These are only classes of Revenue Officers and these are not Revenue Officers.

There shall be the following classes of Revenue Officers, namely:—

(a) The Board of Revenue;
(b) The Commissioner;
(c) The Collector;
(d) The Assistant Collector of the first grade ;
(e) The Assistant Collector of the second grade."

یہ صرف Classifications آف ریوینیو آفیسرز میں دیا ہوا ہے ۔ اب بورڈ آف ریوینیو پر ان کا اعتراض ہے کہ وہ کیوں ریوینیو افسر بنتا ہے ۔ اب مجھے بتائیے اس سے نیچے کمشنر بھی ہے اس پر آپ کا اعتراض نہیں ہے ۔ یہ Classifications جو دی ہوئی ہے اس میں جناب من یہ Classes آف ریوینیو آفیسرز ہیں ۔ اب آپ بتائیے بورڈ آف ریوینیو پر کیا اعتراض ہے ۔ آپ کو کمشنر پر کیا اعتراض ہے ۔ کیا کمشنر پٹواری کا کام کرتا ہے ۔ اس کے اپنے functions بورڈ آف ریونیو کے اپنی

functions ہیں اور جن میں ایسے فرائض بھی ہوتے ہیں جو بورڈ آف ریوینیو کو خود ادا کرنے پڑتے ہیں - پہلے پنجاب ایکٹ میں فائننشل کمشنر تھا اور بورڈ آف ریوینیو جو ہے یہ فائننشل کمشنر کا successor ہے کیونکہ intergration سے پہلے فائننشل کمشنر کے جتنے اختیارات تھے -

Previously, in the Punjab Act there was the Financial Commissioner and the Board of Revenue is a successor of the Financial Commissioner. We have replaced the Financial Commissioner by the Board of Revenue becauee all the powers that were being exercised by the Financial Commissioners before integration are now being exercised by the Board of Revenue Therefore, we have substituted Board of Revenue in the place of Financial Commissioner in the classification of Revenue Officers.

تو مجھے اس پر کوئی اعتراض یا کوئی ایسا پوائنٹ نظر تو نہیں آ رہا اور میں سمجھتا ہوں کہ مجھے کوئی لمبی چوڑی تقریر کرنے کی ضرورت نہیں ہے -

Mr. Speaker: I will now put the amendment to the House. The question is—

That in sub-clause (1) of clause 7 of the Bill, as reported by the Select Committee, para. (a) be deleted and subsequent paras. re-numbered accordingly.

The motion was lost.

Mr. Speaker: I will now put the clause.

The question is—

That clause 7 stands part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 8

Mr. Speaker: The question is—

That clause 8 stands part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 9

Mr. Speaker: The question is—

That clause 9 stands part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 10

Mr. Speaker: The question is—

That calues 10 stands part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 11

Mr. Speaker: The question is—

That clause 11 stands part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 12

Mr. Speaker: The question is—

That clause 12 stands part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 13

Mr. Speaker: The question is—

That clause 13 stands part of the Bill.

The motion was carried

CLAUSE 14

Mr. Speaker: The question is:—

That clause 14 stands part of the Bill.

The motion was carried...

CLAUSE 15

Mr. Speaker: The question is—

That clause 15 stands part of the Bill.

The motion was carried

CLAUSE 16

Mr. Speaker: Now clause 16. There is an amendment by Mr. Farooqi. Yes please.

Mr. Mahmood Azam Farooqi: Sir, I move—

"That in sub-clause (2) of clause 16 of the Bill, as reported by the Select Committee, between the words "person" and "all", occurring in line 2, the words "of the status not less than of a Naib-Tehsildar" be inserted."

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is:

"That in sub-clause (2) of clause 16 of the Bill, as reported by the Select Committee, between the words "person" and "all", occurring in line 2, the words "of the status not less than of a Naib-Tehsildar" be inserted".

Is it opposed?

Minister for Revenue: It is opposed, Sir

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) — جناب والا - یہ کلاز ۱۶ اس بل کی delegation of powers سے متعلق ہے - اس کی سب کلاز (۱) میں گورنمنٹ نے یہ اختیار لیا ہے کہ وہ کمشنر یا Collector کے اختیارات جس شخص کو چاہے منتقل کر دے سب کلاز (۱) میں بھی میری ایک ترمیم تھی جو میری غلطی کی وجہ سے پیش نہیں ہو سکی اس میں غلطی میری ہے - وہ میرے کاغذات میں رہ گئی تھی - اب نمبر (۲) کی ترمیم آپ کے سامنے ہے - سب کلاز (۲) یہ ہے -

"..... Board of Revenue may, by notification, confer on any person all or any of the powers of an Assistant Collector under this Act, and may, in like manner withdraw such powers."

یعنی بورڈ آف ریونیو کو یہ اختیار ہے کہ اسسٹنٹ کلکٹر کو اس ہاؤس کے اندر جو بھی اختیارات حاصل ہیں وہ سارے کے سارے یا ان میں سے کوئی اختیار کسی فرد کو منتقل کر دیں ۔

میری ترمیم یہ ہے کہ بورڈ آف ریونیو کو اسسٹنٹ کلکٹر کے اختیارات تفویض کرنے کی جو اجازت ہے ان میں تحدید ہو کہ وہ نائب تحصیلدار کی حد سے نیچے یہ اختیارات منتقل نہ کر سکیں ۔

مسٹر سپیکر — نائب تحصیلدار ریونیو افسر کی تعریف میں نہیں آتا ۔ صرف اسسٹنٹ کلکٹر فرسٹ گریڈ اور سیکنڈ گریڈ آتا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی — وہ کسی شخص کو بھی یہ اختیار دے دیں ۔ مغربی پاکستان بلکہ پاکستان کے کسی شخص کو بھی یہ اختیارات منتقل کئے جا سکتے ہیں ۔ خواہ وہ گورنمنٹ Servant ہو یا نہ ہو ۔ سکول کا ٹیچر ہو ۔ ملک کا مزدور ہو ۔ دفتر کا کلرک ہو ۔ کسی کو بھی اختیار نہیں دیا جا سکتا Any person ایک وسیع لفظ ہے اس میں مغربی پاکستان کا کوئی شخص بھی شامل ہو سکتا ہے ۔ تو میں نے اس میں تحدید کی ہے ۔ کہ وہ اختیارات بیشک منتقل کریں لیکن ان اختیارات کو منتقل کرنے میں کوئی criterion ہونا چاہئیے کوئی حد بندی ہونی چاہئیے ۔

جناب والا - میں یہ بات جانتا ہوں کہ دنیا میں کسی ادارے یا کسی شخص کے پاس کوئی اختیار ہو تو اسکے پاس ایسے اختیارات ہونے چاہئیں کہ وہ انہیں کسی دوسرے کے پاس منتقل کر سکے - بعض دفعہ کسی شخص کے لئے یہ ممکن نہیں ہوتا کہ وہ اپنے سارے اختیارات پورے علاقہ میں خود ہی استعمال کر سکے اور اسکے مطابق اپنے فرائض سر انجام دے سکے - اس لئے دنیا کا یہ مسلمہ اصول ہے کہ اختیارات کو نیچے کے افسران تک منتقل کرنے کی اجازت ہونی چاہئیے - افسران کے پاس یہ اختیار ہونا چاہیئے جس کے تحت وہ جسے مناسب سمجھیں اسے اپنے اختیارات منتقل کر دیں - لیکن اختیارات منتقل کرنے میں کوئی توازن ہونا چاہئے کہ اختیارات کس حد تک اور کس شخص کو منتقل ہونے چاہئیں - مثلاً گورنر کے اختیارات کسی منسٹر کو منتقل کئے جا سکتے ہیں - یا منسٹر کے کسی سیکرٹری کو منتقل کئے جا سکتے ہیں - اگر آپ یہ کہیں کہ گورنر اپنے اختیارات دفتر کے لوئر گریڈ کلرک کو منتقل کر دے تو یہ بات ہر معمولی سمجھ والا شخص بھی جانتا ہے کہ اس میں توازن نہیں ہوگا - دراصل اس قانون کی اس دفعہ کی تحتی دفعہ (۲) کا یہی عدم توازن ہے جس نے مجھے یہ ترمیم پیش کرنے پر اکسایا - آپ اس پورے قانون کو دیکھیں - اسسٹنٹ کلکٹر فرسٹ گریڈ کو یا سیکنڈ گریڈ کو کتنے وسیع

اختیارات حاصل ہیں - اپنے علاقہ کی حدود میں لوگوں سے ریونیو وصول کرنے کے اور جو نہ دے سکے اسکے خلاف کارروائی کرنے اور اسے جیل میں بھیجنے اور سزا دینے کے بہت سے جوڈیشیل اختیارات بھی اسے حاصل ہیں کہ خدا کے بعد وہی اپنے علاقہ میں بزرگ تر ہے - میرا اعتراض یہ ہے کہ بورڈ آف ریونیو کو یہ لا محدود اختیارات دینا کہ وہ جس شخص کو چاہے اسسٹنٹ کالکٹر کے اختیارات منتقل کر دے اور اس پر کوئی قید نہ لگانا یہ درست نہیں - بے شک وہ گورنمنٹ Servant بھی نہ ہو وہ ملک کا کوئی شہری ہو سکتا ہے بلکہ اگر میں ایک قدم آگے جاؤں تو یہ کہہ سکتا ہوں کہ اس پر یہ قید بھی نہیں کہ وہ پاکستان کا شہری ہو - any person میں اس کرہ ارض پر رہنے والا کسی ملک کسی رنگ یا کسی قوم یا کسی قبیلہ کا کوئی شخص ہو سکتا ہے - اور بورڈ آف ریونیو کو یہ اختیار ہے کہ اگر وہ چاہے تو اسے اسسٹنٹ کالکٹر کے اختیارات منتقل کر سکتا ہے - اس کے مطابق ٹوبہ ٹیک سنگھ کا ایک اسسٹنٹ کالکٹر مدراس کے ایک بھنگی کو بھی یہ اختیارات دے سکتا ہے - میرا اعتراض یہ ہے کہ قانون کے اندر کوئی حد بندی اسکی وسعت کو کنٹرول کرنے ، منضبط کرنے یا ایک حد کے اندر رکھنے کے لئے موجود ہونی چاہئیے - بورڈ آف ریونیو ہو یا کمشنر ہو - اسے لا متناہی اختیارات حاصل نہیں

ہونے چاہئیں - دستور کے تحت لامتناہی اختیارات گورنر کو بھی حاصل نہیں ہیں - یہ اتنے بڑے اختیارات جو اس قانون کے تحت بورڈ آف ریونیو کو دئیے گئے ہیں کسی کو بھی حاصل نہیں ہیں - میری نظر میں اسسٹنٹ کلکٹر کے جو اختیارات ہیں وہ نائب تحصیلدار کی حد تک منتقل ہونے چاہئیں - میری نظروں میں وہ آخری حد تک ہے - اگر وہ اس سے نیچے منتقل کرینگے تو ان اختیارات کا صحیح استعمال نہیں ہو سکے گا -

جناب والا — دنیا میں ہر شخص اپنی صلاحیتوں کے اعتبار سے دوسروں سے مختلف ہے - مختلف آدمی ماں کے پیٹ سے مختلف صلاحیتیں لے کے آتے ہیں - یہی نظام قدرت ہے - سی - ایس - پی کی اپنی صلاحیتیں ہیں جو اس چپڑاسی سے بہتر ہیں جو فائلوں کو ادھر سے ادھر لے جاتا ہے - ایک منسٹر کی صلاحیتیں اس کلرک سے بہتر ہیں جو فائلوں کو یکجا کر کے ان کے سامنے رکھتا ہے - پھر یہ سمجھ لینا کہ ہر افسر اتنی صلاحیتیں رکھتا ہے کہ وہ اسسٹنٹ کلکٹر کے فرائض سرانجام دے سکے - میرے نزدیک افسران کو اختیارات دینے کا یہ تصور غلط ہے - آپ نے ابھی کل کی گفتگو میں دیکھا ہے کہ village officer کی تعریف میں peon تک کو داخل کر دیا گیا ہے - قطع نظر اسکے کہ village officer کے اختیارات کیا ہوتے ہیں اس میں چپڑاسی کو بھی شامل ہونا چاہئیے یا نہیں - میں نے یہ حوالہ اس لئے دیا ہے کہ نظام لینڈ ریونیو میں

village officer کے اختیارات اور فرائض میں ہے ۔ ایک اسسٹنٹ کلکٹر کے مقابلہ میں وہ بدرجہا کم ہے ۔ ایک اسسٹنٹ کلکٹر کی ذمہداریوں اور فرائض کے مقابلہ میں اسکے فرائض کم ہیں جب آپ village officer کی تعریف میں چپڑاسی کو رکھ سکتے ہیں تو village آفیسر ایک چپڑاسی بھی ہو سکتا ہے ۔ آپ اسسٹنٹ کلکٹر کو نیچے لے جانا چاہتے ہیں .....

مسٹر سپیکر — فاروقی صاحب آپ نے اسکے متعلق move کیوں نہیں کیا تھا ؟

مسٹر محمود اعظم فاروقی — جناب والا— میں نے پہلے ہی عرض کیا تھا میرے پاس جو کاغذ تھا جس پر اسکے متعلق لکھا ہوا تھا وہ گم ہو گیا تھا ۔

اس بنا پر میں سمجھتا ہوں کہ اس سیکشن کے اندر خلا ہے ۔ یہ کوئی سیاسی بحث نہیں ۔ غلطی انسان سے ہو سکتی ہے آپ نے any person لکھ کر چھوڑ دیا ہے ۔ اس کی تعریف میں نائب تحصیلدار کا اضافہ کریں تا کہ قانونی جو اختیارات ہیں جو وسیع اختیارات اسسٹنٹ کلکٹر کسی شخص کو منتقل کرے ان اختیارات کا صحیح استعمال نہ ہو سکے تو ملک کے عوام ان اختیارات کی زد سے جن کا براہ راست اثر ہوگا محفوظ رہ سکیں ۔ غلط قانون کے احتمال سے بچنے کے لئے میں سمجھتا ہوں کہ وزیر مال صاحب بڑی خندہ پیشانی سے اس ترمیم کو قبول فرمائیں گے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) — جناب سپیکر۔آپ کو یہ علم ہے کہ جناب قائد ایوان اور وزیر مال صاحب سابقہ صوبہ سرحد سے تعلق رکھتے ہیں ۔ آپ یقین کیجئے کہ میرا یہ فرض ہے کہ آج میں سابقہ صوبہ سرحد کے باشندوں کی تعریف کروں کہ وہ سابقہ صوبہ پنجاب کے مقابلہ میں.....

Mr. Speaker : Mr. Hamza, is not relevant.

مسٹر حمزہ — یہ اختیارات سے متعلق ہے ۔

Mr. Speaker : The Member is not relevant.

مسٹر حمزہ — وہ سابقہ پنجاب کے لوگوں سے زیادہ بیدار مغز ہیں اور سیاسی طور پر بھی بیدار ہیں ۔

Mr. Speaker : Mr. Hamza, is not relevant.

مسٹر حمزہ — انتظامی ڈھانچہ کو چلانے کے لئے جنہیں ذمہ داریاں سونپی جاتی ہیں ان کے متعلق سب سے پہلے یہ دیکھا جاتا ہے کہ جن لوگوں کو یہ ذمہ داریاں نوسپ رہے ہیں وہ ان کو بطریق احسن نباہ سکیں گے یا نہیں ۔ ذمہ داریاں سونپنے والوں کا فرض ہوتا ہے کہ وہ اپنے فرائض کی ادائیگی میں محتاط رہیں ۔ جناب سپیکر۔ اس مسودہ قانون کی اس دفعہ میں جس قسم کے اختیارات اسسٹنٹ کلکٹر کو دیئے جانے ہیں یہ لازمی ہے کہ اس کے لئے تعلیم اسسٹنٹ کلکٹر کی qualification اور اسکی قابلیت اور عہدے کا اس میں واضح طور پر ذکر کر دیتے ۔ مجھے یہ احتمال ہے کہ اس بل کے کسی دوسرے حصہ میں ضمناً یا اشارتاً

یا واضح طور پر یہ بتایا گیا ہو کہ اسسٹنٹ کلکٹر کے اختیارات کس عہدہ دار کو دیئے جا سکتے ہیں لیکن قانون کو عام فہم بنانے کے لئے یہ لازمی ہے کہ واضح طور پر اس دفعہ میں بتایا جاتا کہ اسسٹنٹ کلکٹر کے اختیارات ہماری حکومت یا بورڈ آف ریونیو کس کو دینا چاہتا ہے۔

جناب سپیکر۔ سابقہ پنجاب کے پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ ۱۸۸۷ کے تحت سیکشن ۶ کے سب سیکشن ۳ میں یہ بتایا گیا ہے۔

The Board of Revenue may appoint any Assistant Commissioner, Extra Assistant Commissioner or Tahsildar to be an Assistant Collector of the first or of the second grade, as it thinks fit, and any Naib-Tahsildar to be an Assistant Collector of the second grade.

لیکن مسودہ قانون جو کہ ہمارے سامنے پیش ہے اس میں واضح طور پر ہمیں کچھ بھی نہیں بتایا گیا اور جو ابہام ہے وہ اسے رفع کرانے کی زحمت گوارا نہیں کی گئی۔ یہ بڑی خطرناک دفعہ ہے۔ اس سے پہلی دفعات ۹—۱۰ اور ۱۱ میں گورنمنٹ نے کمشنریوں میں ایڈیشنل کمشنر اور ضلع میں اسسٹنٹ کلکٹر کی تعیناتی کے اختیارات لئے ہیں۔ اس مسودہ قانون کی دفعہ ۹ اس طرح ہے۔

Government may appoint in any Division an Additional Commissioner or in any District an Additional Collector, who shall exercise throughout the Division or District concerned all the powers and discharge all the duties conferred or imposed on a Commissioner or Collector, as the case may be, by or under this Act, subject to general supervision and control of the Commissioner of the Division in the case of Additional Commissioner, and the Collector of the District in the case of Additional Collector.

اس طرح دفعہ ۱۰ (۱) میں یہ ہے ۔

Government may appoint to each District as many Assistant Collectors of the first and second grade as it may deem expedient.

10 (2) Government may place the revenue administration of a Sub-Division in a District in the charge of any Assistant Collector of the first grade appointed to that District and confer all or any of the powers of the Collector on each officer under sub-section (1) of section 16.

جناب سپیکر — اسی دفعہ کا اس میں حوالہ دیا گیا ہے اور اسکی اگلی دفعہ ۱۲ میں یہ بتایا گیا ہے ۔

The appointment of all officers under this Chapter except that of Assistant Collectors, shall be by notification.

جناب سپیکر — حقیقتاً سابقہ قانون میں یعنی پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ میں حالانکہ اختیارات دینے کے لئے واضح طور پر نشان دھی کی گئی تھی کہ کس قسم کے افسران کو اور کس حد تک اختیارات دئے جا سکتے ہیں لیکن اس کے باوجود میرا یہ تجربہ ہے اور تلخ تجربہ ہے کہ حکومت ایسے افراد کو کلکٹر یا اسسٹنٹ کلکٹر کے اختیارات دیتی رہی ہے جن کو مال کے قانون کے بارے میں بہت ہی کم معلومات حاصل تھیں جن کو اتنے وسیع اختیارات دینا کسی لحاظ سے بھی مناسب نہیں تھا ہوتا یہ رہا ہے ۔ کہ بعض ایسے سی ۔ ایس ۔ پی ۔ افسران جنکو محکمہ مال کے قانون کا تجربہ نہیں تھا ۔ یا جنکا ذاتی تجربہ اس کے متعلق بہت محدود اور کم عرصہ کا ہوتا رہا ہے ۔ کو کلکٹر کے اختیارات دیئے جاتے رہے ہیں ۔

اسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے ۔ کہ جب اس قسم کے افسران کو جن کو تجربہ نہ ہو ۔ چاہے انکا عہدہ کتنا ہی اونچا کیوں نہ ہو ۔ اختیارات دیئے گئے ۔ تو عام طور پر اس افسر کی صوابدید پر کام ہونے کی بجائے وہاں پر clerical staff کی مرضی کے مطابق کام ہوتا ہے ۔ اور اسکا لازمی نتیجہ عوام کو بھگتنا پڑتا ہے ۔ اور اس طرح انتظامیہ کا معیار روز بروز بڑی تیزی کے ساتھ گرتا رہتا ہے ۔ اور اسکے بعد کارکنوں کی من مانی ہوتی رہیگی ۔ اور رشوت ستانی بھی پھیلتی رہیگی ۔ اور یہ اس صورت میں ہی ہوگا جبکہ آپ سابقہ قانون منسوخ کرکے اس قانون کو اسکی جگہ لانا چاہتے ہیں ۔ جس میں بتایا گیا تھا کہ کس قسم کے افسران کو کس قسم کے اختیارات دئے جا سکتے ہیں ۔ ایڈیشنل کمشنر کے بارے میں چنانچہ کہا گیا ہے ۔ کہ ایک کمشنری میں ایڈیشنل کمشنر کو کمشنر کے اختیارات منتقل کئے جا سکتے ہیں ۔ ہوتا یہ ہے کہ وہ لوگ جو کافی تجربہ کار ہوں ۔ اور حکومت ان کو ڈپٹی کمشنر کے عہدے پر مامور کرنے کیلئے تیار نہ ہو ۔ ان کو اکثر اوقات ایڈیشنل کمشنر کے عہدے پر مامور کیا جاتا ہے ۔ اکثر اوقات دیکھا گیا ہے ۔ کہ چونکہ وہ حکومت سے نالاں ہوتے ہیں ۔ اور عام طور پر ان کا ریکارڈ بھی اچھا نہیں ہوتا ۔ وہ ایڈیشنل کمشنر کی capacity میں اپنے اختیارات کا استعمال اپنی ذات کیلئے کرتے ہیں ۔

اور حکومت یا عوام کیلئے قطعاً نہیں جسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے ۔ کہ ہم اس ایوان میں ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : We have already passed that clause about the additional Commissioners.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے ۔ کہ یہ جو دفعہ نمبر ۱۶ زیر بحث ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : We have passed clause 9. That is a specific clause about additional Commissioners.

مسٹر حمزہ ۔ وہ بھی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ حمزہ صاحب ایم ۔ اے ۔ کرنے کے بعد ایف ۔ اے کرنا چاہتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ بات یہ ہے ۔ کہ وہ اس context میں بات کرنا چاہتے ہیں ۔ آپ پہلے وزیر تعلیم تھے اب بنیادی جمہوریتوں کے وزیر ہیں ۔ اور اس میں تعلیم بالغان کا بھی ذکر آ سکتا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ دفعہ نمبر ۱۶ جو ہمارے سامنے پیش ہے ۔ اس میں ہے :—

"Government may by notification, confer on any person all or any of the powers of a Commissioner or Collector under this Act, and may, in like manner, withdraw such powers".

اس کا دوسرا سب سیکشن یہ ہے ۔ جس میں ترمیم کی تحریک کی گئی ہے ۔ اس پر بحث کرتے ہوئے ۔ دراصل تمام کا تمام سیکشن تو پاس نہ ہوتا ۔ جیسا کہ جناب فاروقی صاحب

نے فرمایا ہے ۔ کہ حقیقتاً اس پر ہماری ایک ترمیم تھی وہ اتفاق سے کسی نہ کسی طرح رہ گئی ۔ ہمیں اس context میں جو ترمیم پیش کی گئی ہے ۔ اسکا جائزہ لینا چاہیئے ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ میں انگریز حکمرانوں نے اسکی وضاحت کی ضرورت محسوس کی ۔ لیکن اسوقت ملکی حالات ایسے ہیں کہ حکومت کو چاہیئے تھا ۔ کہ اسکو مزید واضح کرتی ۔ کیونکہ انتظامیہ کا جو ڈھانچہ ہے ۔ اس وقت اسکا کوئی بھی حصہ ایسا نہیں ہے ۔ جو ٹھیک طریقے سے چل رہا ہو ۔

جناب سپیکر ۔ اب آپ ہی اندازہ لگائیے ۔ کہ ایک طرف تو ہمیں یہ دقت ہے ۔ کہ محکمہ مال کے وہ افسران جن کو یہ ذمہ داری سونپی جاتی ہے ۔ وہ محض محکمہ مال کا ہی کام نہیں کرتے ۔ ابھی تک ہمارے صوبہ میں بلکہ ہمارے ملک میں انتظامیہ اور عدلیہ کو علیحدہ نہیں کیا گیا ہے ۔ اور اس وجہ سے اکثر اوقات افسران کا غیر جانبدار رہنا مشکل ہو گیا ہے ۔ اور انصاف کے تقاضے اب بالکل ہی پورے نہیں ہوتے ۔ آپ دیکھئے ۔ کہ اسسٹنٹ کلکٹر کو جو اختیارات دیئے جاتے ہیں ۔ انکی کیا نوعیت ہوتی ہے ۔ اگر کسی مزارع اور مالک اراضی کے درمیان پیداوار کے متعلق کسی قسم کا تنازعہ ہو ۔ تو اسکے متعلق مقدمہ پہلے اسسٹنٹ کلکٹر کی

عدالت میں پیش کیا جاتا ہے ۔ یہ کوئی معمولی نوعیت کے مقدمات یا معاملات نہیں ہوتے ۔ کہ آپ انہیں کسی بھی شخص کو سونپ دیں ۔ جو کہ بنیادی طور پر وہ qualifications نہیں رکھتا ۔ جسکو اسکی پوری معلومات نہ ہوں ۔ اسکا عہدہ اتنا بڑا نہیں ہوتا ۔ کہ وہ ان تمام معاملات کا پوری طرح جائزہ لے سکے ۔ اور فریقین کا نقطہ نظر اچھی طرح سمجھ سکے ۔ اور اس طرح مناسب فیصلہ کرسکے ۔ محکمہ مال کا قانون اور محکمہ مال کا کام اس حد تک مشکل ہے ۔ کہ بہت سے وکلاء آر ۔ ایل ۔ نمبر۲ کی نقل یا جمعبندی کی نقل یا فردات کو اچھی طرح سے نہیں سمجھ سکتے ۔ اور ان میں ایسے وکلاء بھی ہوتے ہیں ۔ جو کئی کئی سال وکالت کرتے رہے ہیں ۔ چہ جائیکہ ان کے مقابلہ میں ایک عام پڑھا لکھا انسان انہیں سمجھ سکے ۔ پیداوار کے دعاوی کے فیصلے کرنے کے لئے ان نقول کو سمجھنا ضروری ہے ۔ چاہیئے کہ وہ محکمہ مال کے قانون پر پوری طرح حاوی ہو ۔ جب حکومت اس قسم کا کام ایک اسسٹنٹ کلکٹر کو سونپنا چاہتی ہے ۔ تو اسکے لئے کم از کم qualifications یا کم از کم عہدہ مقرر کرتی ہے ۔ جناب سپیکر۔ دوسری بات یہ ہے ۔ کہ محض پیداوار کے دعاوی کا فیصلہ اسسٹنٹ کلکٹر نہیں کرتا ۔ بلکہ اسکے علاوہ اگر کسی مزارع کو کوئی مالک اراضی بیدخل کرنا چاہے تو اس سے متعلق بھی کارروائی اسسٹنٹ کلکٹر کی عدالت

میں کی جاتی ہے۔ اور آپکو علم ہے۔ کہ اس سلسلے میں اکثر اوقات فریقین میں اتنا بڑا فرق ہوتا ہے۔ انکی حیثیت انکے اثر و رسوخ میں اتنا فرق ہوتا ہے۔ اکثر اوقات یہ دیکھا گیا ہے۔ کہ مزارع بالکل غریب ہوتا ہے۔ اور مالک اراضی کافی دولت مند اور بارسوخ اگر اس قسم کا کام حکومت یا بورڈ آف ریونیو کسی بہت ہی ادنیٰ اہلکار کو سونپ دے۔ میں یہ بھی تسلیم کرتا ہوں۔ کہ یہ کام اس مسودہ کے مطابق بنیادی جمہوریت کے کسی ممبر کو ہی سونپ دیا جا سکتا ہے۔ اسطرح میری نظر میں انصاف کا تقاضا ہے۔ وہ کسی صورت بھی پورا نہیں ہو سکتا۔ آپ یقین کریں۔ کہ اس وقت بھی مزارعین کو بیدخل کرنے کا قانون موجود ہے۔ اور مزارعین کے بعض حقوق بھی موجود ہیں .....

وزیر مال ۔ اسکا لینڈ ریونیو بل سے کیا تعلق ہے ؟

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر مال نے یہ ارشاد فرمایا ہے۔ کہ اسکا لینڈ ریونیو سے کیا تعلق ہے۔ آپ یہ فرمائیے کہ جب آپ یہ اسسٹنٹ کلکٹر مقرر کرتے ہیں آپ ان سے کون کونسے کام لیتے ہیں۔ انکے فرائض میں یہ بھی شامل ہے .....

Mr. Speaker : But under this Act, not some other act.

مسٹر حمزہ ۔ ویسے تو محکمہ مال ان سے یہ کام لیتا ہے کہ اگر میں کہوں کہ وہ ان سے ووٹ اکٹھے کرنے اور ووٹ لینے کا کام بھی لیتے ہیں۔ لیکن یہ تو اس

قانون میں درج نہیں ہے۔ تو پھر میں اس پر بھی بات نہیں کر سکتا۔

مسٹر سپیکر ۔ Tenancy ایکٹ کے تحت اسسٹنٹ کلکٹر کے فرائض مختلف ہیں۔

مسٹر حمزہ ۔ فرق تو وہی ہے۔

مسٹر سپیکر ۔ ان فرائض کے متعلق آپ لینڈ ریونیو بل کے تحت بحث نہیں کر سکتے۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر۔ اسکے علاوہ جب کسی زمین کا کوئی انتقال ہوتا ہے وہ تو میرے خیال میں اس قانون کے تحت ہی ہوتا ہوگا۔ اس میں بھی اسسٹنٹ کلکٹر کا جو رول ہے وہ بہت اہم ہے۔

جہاں تک مجھے معلوم ہے زمین کے انتقال کی تصدیق اسسٹنٹ کلکٹر کرتا ہے اور اسسٹنٹ کلکٹر کو اس قانون کے تحت اتنے وسیع اختیارات حاصل ہیں کہ اس کے روبرو نمبردار یا پٹواری سال جائے اور کسی مالک اراضی کی بجائے کسی بے مالک اور جعلی آدمی کو پیش کردے تو اسسٹنٹ کلکٹر اس جعلی آدمی کے نام اراضی منتقل کر دے گا۔ انتقال اراضی کا قانون اس وقت تک بھی ایسا ہے کہ جس شخص کو اراضی منتقل کی جا رہی ہے لازمی نہیں کہ رجسٹریشن ہو بغیر انگوٹھا ثبت کئے اراضی منتقل

کی جا سکتی ہے ۔ جیسا کہ وزیر مال کے متعلق جناب فاروقی صاحب نے فرمایا ہے کہ ہو سکتا ہے ہمارے گناہوں کی سزا دینے کے لئے کسی غیر ملکی کو مامور کر دیں اور اس کو اتنے وسیع اختیارات دے دیں تو پھر ہم کہاں رہیں گے ۔ اگر ہم اور اس کے بعد میں باقی داد کا ذکر کروں گا وہ لوگ جو مالیہ ادا نہیں کرتے یا نہیں کر سکتے ان کے متعلق تمام کی تمام کارروائی کا انحصار اسسٹنٹ کالکٹر پر ہوگا کیونکہ یہ بہت اہم رول play کرتے ہیں ۔

جناب سپیکر — آپ کو یہ علم ہے کہ قائد ایوان مغلوب الغضب ہیں ۔

Malik Muhammad Akhtar : There is no quorum in the House.

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*)

The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*)
The House is in quorum. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ—جناب قائد ایوان بہت مغلوب الغضب ہیں ۔

مسٹر سپیکر—آپ نے کیا لفظ بولا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) یا کہیں آپ خود مخبوط الحواس تو نہیں ہیں ۔

مسٹر حمزہ—مجھے علم ہے کہ وہ اکثر اوقات آپے

سے باہر ہو جاتے ہیں ۔وہ اسسٹنٹ کلکٹر کے اختیارات بلا امتیاز ان لوگوں کو دے سکتے ہیں جن کو مالیہ کے قانون کی اے - بی - سی - بھی نہ آتی ہو - اگر وزیر موصوف کسی علاقہ کے لوگوں سے ناراض ہو جائیں تو ان کو سزا دینے کے لئے بورڈ آف ریونیو کو حکم دے دیں کہ فلاں شخص کو وہاں اسسٹنٹ کلکٹر مقرر کر دیں تاکہ ان لوگوں کو سزا دی جا سکے - ان حالات میں اتنے وسیع اختیارات اس قسم کے محکمہ کو دینا خصوصاً ان حالات میں جن سے ہماری مغربی پاکستان کی حکومت گذر رہی ہے نا مناسب ہے - میں نے وزیر مال صاحب کے متعلق جو عرض کیا ہے وہ اسلئے تاکہ وہ معزز ممبران جو یہاں بیٹھے ہوئے اونگھ رہے ہیں نہ اونگھیں -

جناب والا — ہماری انتظامیہ کے متعلق عام لوگوں کے تاثرات اچھے نہیں ہیں ان کے متعلق ہمارا تجربہ بھی اچھا نہیں - بورڈ آف ریونیو کو ایسے اختیارات دینا نا مناسب ہے آپ اس میں pin point کر دیں کہ آپ اس دفعہ کے تحت کن افسران کو اسسٹنٹ کلکٹروں کے یہ اختیارات دینا چاہتے ہیں یا دیں گے -

وزیر مال - (خان حبیب اللہ خان) : جناب والا — حمزہ صاحب اور اختر صاحب ایک چیز بھول گئے ہیں اور کہتے ہیں کہ صوبہ کے لئے خطرہ ہے - کلاز ۱۶ (۲)

میں جو بورڈ آف ریونیو کو اختیارات دئے گئے ھیں وہ یہ ھیں -

"The Board of Revenue may, by notification, confer on any person all or any of the powers of an Assistant Collector....."

ان کو یہ شک ھے کہ آپ کسی شخص کو بھی بلا امتیاز عہدہ کے یہ اختیارات دے سکتے ھیں یا قانون کو دے سکتے ھیں یا پٹواری کو دے سکتے ھیں یا چپڑاسی کو دے سکتے ھیں - اس لئے یہ خطرہ محسوس کرتے ھیں کہ نائب تحصیلدار کے عہدہ پر لگا دینے سے وہ ناجائز کام لے گا - وہ اس بات کو بھول جاتے ھیں کہ سیکشن ۱۶ کی اس سب کلاز میں حکومت کو اختیار دئے گئے ھیں -

"Government may, by notification, confer on any person all or any of the powers of a Commissioner or Collector.....".

سب کلاز (۱) میں کسی شخص کو بلا امتیاز عہدہ کلکٹر یا کمشنر کے اختیارات دے دیئے جائیں - وھی اختیارات بورڈ آف ریوینو کسی شخص کو سونپ دے جو اسسٹنٹ کلکٹر سیکنڈ گریڈ کا ھو - حکومت بد دیانت نہیں کہ وہ کسی شخص کو کمشنر یا کلکٹر کے اختیارات دے دے -

مسٹر! حمزہ - جو صحیح بات تھی وہ تو ھم نے عرض کر دی ھے -

وزیر مال یہ تو کبھی نہیں ھوا اور انشاء اللہ آئندہ بھی نہیں ھو گا - پنجاب ایکٹ میں ھے -

"The Provincial Government may, by notification, confer on any person below the rank of Collector, Commissioner and Assistant Collector, all or any of the powers of the Board of Revenue, Commissioner or Collector."

اس میں بھی یہی ہے یہ کوئی نئی چیز نہیں ہے یہ پنجاب ایکٹ سے تقریباً تقریباً کاپی کی گئی ہے۔ یہ اختیارات صوبائی حکومت کس شخص کو دے سکتی ہے۔

"The Government may, by notification, confer on any person all or any of the powers of a Commissioner or Collector....."

مسٹر سپیکر اس میں ریونیو افسر تھا any person نہیں تھا۔

وزیر مال any person تھا۔

Mr. Speaker: Will the Minister please refer to Punjab Land Revenue Act.

وزیر مال—جناب والا۔ اس میں ریونیو افسر نہیں تھا بلکہ any person تھا۔ اس کے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ ہم نے اس میں یہ کیوں رکھا ہے اس کلاز میں دیا گیا ہے۔

Any person not below the status of Assistant Collector II grade.

اگر ایک نائب تحصیلدار بدل جاتا ہے ریٹائر ہو جاتا ہے یا مر جاتا ہے یا کوئی vacancy ہو جاتی ہے وہ چھٹی پر چلا جاتا ہے تو next senior قانون گو کو

promote کیا جا سکتا ہے اس کو اسسٹنٹ کلکٹر کے اختیارات دئے گئے ہیں ۔

Although he is not tehsildar at that time, the powers of Assistant Collectors II grade will be conferred on "Kanungo" who is being appointed as Naib Tehsildar.

آپ یہ باتیں بھول جاتے ہیں کہ اگر vacancy ہو جائے بیماری ہو یا موت ہو جائے تو کسی قانون گو کو نائب تحصیلدار کے اختیارات سونپ دئے جا سکتے ہیں ۔ لیکن اگر آپ کی ترمیم منظور کر لی جائے تو جو اختیارات نائب تحصیلدار کو دینے تھے وہ قانون گو کو دے دیں تو اس سے complications پیدا ہو جائیں گی ۔ اس لئے any person رکھا ہے اور نائب تحصیلدار نہیں رکھا کبھی کبھی آپ براہ راست نائب تحصیلدار کو بھرتی کر لیتے ہیں اور بھرتی کرتے ہیں اس کو اسسٹنٹ کلکٹر سیکنڈ گریڈ کے اختیارات دے دیتے ہیں تو وہاں آپ اعتراض کر سکتے ہیں کہ ۔

He is a person not below the rank of a Naib-Tehsildar yet you are conferring upon him the powers of an Assistant Collector Second Grade.....

یہ مشکلات تھیں جن سے بچاؤ کے لئے ہم نے یہ لفظ رکھا ہے ۔ ایک اور بات ہے جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ لینڈ ریونیو کی وصولی ہمارے ذمہ نہیں ہے ہم اور وصولیاں بھی کرتے ہیں ۔

All dues, arrears, cesses which are being collected by the Government through the Land Revenue Officer.

وہ بھی deal کرتے ہیں ۔ ویسٹ پاکستان کے نیچے جو dues ہوتے ہیں Urban Immovable Property Tax

یا جو entertainment ٹیکس کے dues ہوتے ہیں وہ بطور لینڈ ریونیو کے نیچے وصول کیے جاتے ہیں -

All these dues are recoverable as land revenue.....

وہاں ان کے اپنے محکمہ کے لوگ ہوتے ہیں ہم ان کو اختیارات confer کر دیتے ہیں اور اسسٹنٹ کلکٹر سیکنڈ گریڈ کے اختیارات ان کو دے دیتے ہیں -

They are not competent to recover these arrears and these dues of land revenue unless land revenue officers' powers are conferred upon them.....

اس لئے جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا ہے کہ ہم entertainment duty act یا immovable property ٹیکس کے نیچے جو ٹیکس ہوتے ہیں وہ وصول کرتے ہیں - یہاں ان کا عملہ ہوتا ہے ان کے کلرک ہوتے ہیں اور بطور مالیہ کے یہ سب وصولیاں ہوتی ہیں اور ان کو اسسٹنٹ کلکٹر کے اختیارات confer کر دئیے جاتے ہیں and they are competent to recover these dues اس لئے ہم نے deliberately یہ لفظ person رکھا ہے اور اگر اس کو نائب تحصیلدار کر دیں تو اس سے complications پیدا ہو جائیں گی جیسا کہ کہا گیا ہے کہ چپڑاسی کو بھی ہم کیوں اختیار نہ دیدیں - تو یہ وہم ہے اور اس وہم کا علاج کسی کے پاس بھی نہیں ہے -

on a point of personal explanation—**مسٹر محمود اعظم فاروقی**

Sir. آپ نے یہ فرمایا ہے کہ آپ کو یہ خطرہ

ہے کہ اختیارات کہیں خطرناک ہاتھوں میں نہ منتقل ہو جائیں جو لوگوں کو نقصان پہنچا دیں - در اصل قانون میں خطرات ہوں یا نہ ہوں کم ہوں یا زیادہ ہوں قانون کو واضح اور ابہام سے پاک ہونا چاہئے کیونکہ قانون ایک دن کے لئے نہیں ہوتا اور اس میں یہ دلیل نہیں ہوتی کہ پہلے یہ ہوتا رہا ہے پہلے قانون میں اگر خامیاں تھیں تو ان کو رفع کرنا چاہئے -

اس کے بعد میں اس میں ایک اور اضافہ کرنا چاہتا ہوں آپ نے فرمایا ہے -

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) — یہ تو جوابی تقریر ہے - تو پھر میں بھی اس کا جواب دے سکتا ہوں - یہ سلسلہ تو ختم ہی نہ ہو گا -

Mr. Speaker : The Member may please take his seat.

I will now put the question.....

مسٹر ھمزہ—پوائنٹ آف آرڈر - شاید جناب وزیر صاحب فاروقی صاحب کی میٹھی اردو سن کر سمجھ نہیں سکے جو ان کو سمجھنا چاہئے تھی - اس سے کوئی نقصان نہیں تھا -

وزیر مال—پہلے وہ آپ کو سمجھائیں - مجھے کیا سمجھائیں گے ؟

Mr. Speaker : This is not a point of order.

The question is :

That in sub-clause (2) Clause 16 of the Bill as reported by the Select Committee between the words "person" and "all" occurring in line 2, the words "of the status not less than of a Naib-Tehsildar" be inserted.

The motion was lost

مسٹر حمزہ—پوائنٹ آف آرڈر—جناب سپیکر ۔ میں نے ابھی دیکھا ہے کہ Noes کہنے سے پہلے جناب قائد ایوان نے ممبروں سے واضح طور پر کہا ہے کہ "No" کہو ۔ convassing کی ایوان کے اندر اجازت نہیں ہے ۔

Mr. Speaker: Yes, convassing is not allowed.
Malik Akhtar may please move his amendment.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, I move:

That in Clause 16 of the Bill as reported by the Select Committee—

(a) in sub-clause (1), between the words "person" and "all" occurring in line 2, the words "being otherwise competent according to law" be inserted; and

(b) in sub-clause (2), between the words "person" and "all" occurring in line 2, the words "being otherwise competent according to law" be inserted.

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is:

That in Clause 16 of the Bill as reported by the Select Committee—

(a) in sub-clause (1) between the words 'person" and "all" occurring in line 2, the words "being otherwise competent according to law" be inserted; and

(b) in sub-clause (2), between the words "person" and 'all" occurring in line 2, the words "being otherwise competent according to law" be inserted.

Rai Mansab Ali Khan Kharal: Opposed.

Minister for Revenue: Opposed :

Mr. Speaker: I cannot accept the Ministers opposition beeasue he is not in his seat.

Rai Mansab Ali Khan Kharal: He has seconded me, Sir.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲)—جناب سپیکر— کلاز ۱۶—(۲) پر کافی بحث ہو چکی ہے لیکن میری amendment اس سے قدرے مختلف ہے - جو کلاز ۱۶—(۲) ....

Mr. Speaker: Does Mr. Akhtar still press it ?

Malik Muhammad Akhtar: Certainly Sir, I will be putting in my arguments.

جناب سپیکر - میری گزارش یہ ہے کہ حکومت کو جو اختیارات ۱۶—(۱) میں دئے گئے ہیں -

"Government may, by notification confer on any person all or any of the powers of a Commissioner or a Collector.....

جناب والا - حکومت کے پاس ایسے اختیارات ہونا کہ وہ کسی بھی شخص کو ایسی پاورز دے دے جو پاورز یا کمشنر یا کلکٹر کی ہیں یعنی وہ پاورز جو کمشنر یا کلکٹر کو اس ایکٹ کے تحت استعمال کرنا ہیں وہ کسی شخص کو بھی دئے جا سکتے ہیں - جناب سپیکر - اگر میں کہوں کہ جہاں تک قوانین کا تعلق ہے مارشل لاء کے بعد ہمارے محکمہ قانون کا جو رجحان ہے وہ انحطاط کی طرف ہے .....

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب ملک اختر صاحب کی تقریر سے استفادہ کرنے کے لئے پورے لوگ موجود نہیں ہیں -

Mr. Speaker: Let there be a count. (*count was taken*).

The House is not in quorum. Let the bells be rung.

(*bells were rung*) *The House is in quorum.* Yes, Malik Akhtar.....

ملک محمد اختر—جناب سپیکر - حکومت کو ایسے اختیارات دے دینے کے لئے میں سختی سے اور انتہائی concise اور correct ہو کر اس کی interpretation پیش کرنا چاہتا ہوں جس کے آئینہ دار انگریزی کے الفاظ ہیں - جناب سپیکر - یہ کہنا کہ حکومت جسے بھی چاہے اس ایکٹ کے تحت وہ فرائض جو ایک کمشنر یا کلکٹر کے ہوں تفویض کر دے میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑی vast پاورز ہیں - جناب سپیکر — اس میں تین قسم کے خدشات ہیں سب سے اول تو یہ خدشہ ہے کہ یہ پاورز ایک جونیئر آفیسر کو delegate کئے جا رہے ہیں بلکہ ایسی مثالیں بھی موجود ہیں اگر میں غلط نہیں کہہ رہا ہوں یعنی کلکٹر کے پاورز کئی بار اسسٹنٹ کلکٹر فرسٹ گریڈ کو بھی دے دئے ہیں اس لئے کہ یہ قانون آگے بھی اس طرز اور اسی طریقہ پر موجود تھے - نمبر (۲) یہ خدشہ ہے کہ یہ پاورز اگر کسی بھی شخص کو دی جائی مطلوب ہیں تو جیسا کہ میں نے عرض کر دیا ہے کہ ہماری ایڈمنسٹریشن اور قانون سازی گزشتہ کئی سالوں سے رو بہ انحطاط ہے قوانین کو زیادہ سخت گیر بنایا جا رہا ہے - ابھی کل ہی کی بات ہے کہ آپ نے جرگوں میں ممبران کی تعداد مقرر کر کے ان کو نہایت ہی سنگین قسم کے مقدمات کے adjudication پر لگا دیا ہے - کہیں یہ تو نہ ہوگا کہ آپ 'Any person,' کی definition نہ

ہوتے ہوئے اور آپ اس چیز کا سہارا لیتے ہوتے کسی بھی شخص کو کلکٹر یا کمشنر کے وہ فرائض جو اس ایکٹ یا اس رل میں ہیں وہ تفویض نہ کر دیں ۔ جناب سپیکر— یہ قانون اس طرح سے بھی inconsistent ہو جاتا ہے ۔ ہمارے دیگر قوانین سے کہ ہمارے پاس regular employment کرنے کا ایک طریقہ کار ہے ۔ پبلک سروس کمشن یا دوسرے کمشنوں کے ذریعے سے آپ تقرریاں کرتے ہیں لیکن اس قانون کے تحت آپ کسی محض direct letter of appointment دیکر اسے کلکٹر یا کمشنر appoint کر سکتے ہیں کیونکہ یہ جو قانون ہے اور اس کی جو دفعات ہیں اس کے تحت حکومت کسی بھی شخص کو یا کسی شخص پر یہ power confer کر سکتی ہے ۔ اگر یہ ہوتا کہ یہ پاورز کسی گورنمنٹ آفیشل پر confer کی جائیں گی تو پھر بھی ہمارا خدشہ اس حد تک رہ جاتا کہ کسی جونیئر آفیسر پر یہ power confer نہ کر دیں ۔ اور یہ 'anyperson' کا جو لفظ استعمال کیا گیا ہے اس سے جو میرا خدشہ ہے جو میری apprehensions ہیں ان کو اور بھی کافی تقویت ملتی ہے ۔ جناب والا ۔ اب میں ان grave consequences پر آتا ہوں کہ جو نا اہل اور غیر مستحق اشخاص یا جو سرکاری ملازم نہ ہوں nepotism یا favourtism کرتے ہوئے ان پر یہ پاورز confer کر دینے سے ہو سکتے ہیں تو یہ ایک ایسی چیز ہے جو بہت grave consequences کی حامل

ہوگی اور لینڈ ریونیو ایکٹ کے تحت وہ مشینری وہ دور غلامی کی مشینری جس کو ہم نے بہت آگے لے جانا ہے اس کے پاس اس قدر discretionary اور arbitrary powers ہیں کہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ grave consequences کی حامل ہونگی اور 'any person' کے الفاظ کو qualify نہ کرنے سے جو میرے اندیشے ہیں ان کو اور بھی تقویت پہنچتی ہے۔ جناب والا۔ جب ہماری آئندہ تاریخ میں لکھا جائے گا کہ اس ایوان نے جو بھی قانون سازی کی اس میں سول کورٹس کو debar کیا تو یہ چیز کہاں تک واجب ہوگی۔

Mr. Speaker : The Member is not relevant.

ملک محمد اختر— I am sorry, Sir جناب سپیکر۔ جب کہ ان تمام سول کورٹس کو debar کر کے رکھ دیا گیا ہے تو ایسی صورت میں ایسی qualifications کا لحاظ نہ رکھنا جو qualifications ایک کمشنر یا ایک کلکٹر تقرر کرتے وقت ضروری ہوتی ہیں یہ کہاں تک واجب سمجھا جا سکتا ہے اور اس ضمن میں جو اختیارات حکومت کے پاس ہیں میں سمجھتا ہوں کہ وہ واجب نہیں ہیں۔ جناب سپیکر۔ آپ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ یہ arbitrary یا unlimited powers جو ہمارے کلکٹرز یا کمشنرز کو حاصل ہیں اور جن کے خلاف کوئی مظلوم شخص کسی سول کورٹ میں remedy seek نہیں کر سکتا یہ کہاں تک واجب ہیں۔ ان پاورز میں گرفتاری کے اختیارات اور کسی زمین کو حاصل کرنے کی پاورز بھی شامل ہیں اور

ایسے اختیارات بھی شامل ہیں جن کے تحت کسی زمین کو sub-let کیا جا سکتا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک ایسا سقم ہے جس کو کسی صورت میں بھی تسلیم نہیں کیا جا سکتا جناب والا ۔ ابھی مثال دی گئی ہے کہ انگریزوں کے عہد غلامی میں ایسا ہی قانون موجود تھا لیکن ایک بات میں نے اور آپ سے کہنی ہے کہ انگریز ہمیں بطور ایک کلاس کے victimize کرتا تھا ۔ ہم آزادی مانگتے تھے ۔ ہم ظلم و ستم کا نشانہ بنتے تھے لیکن اب جبکہ ہم آزاد ہو چکے ہیں اور ملک میں مختلف پارٹیاں ہیں اور ہمیں اجتماعی طور پر victimize کرنے کی کوشش بھی کی جاتی ہے اور ایسے حربے استعمال کئے جاتے ہیں کہ ہم دھڑے بندیوں کا شکار ہو کر رہ جائیں ۔ بلکہ ہم دھڑے بندیوں کا شکار ہو کر رہ جاتے ہیں ۔ اگر ہم بر سر اقتدار طبقہ کے الیکشن میں آلہ کار نہیں بنتے تو پھر اور ہی قسم کی پالیسی ہمارے خلاف استعمال ہوتی ہے اور یہ ۸۰ فیصد آبادی کو جس میں زمیندار اور غیر تعلیم یافتہ طبقہ بھی شامل ہے کمشنروں اور کلکٹروں کے رحم و کرم پر چھوڑنا اور جن کی تقرری کے لئے کوئی qualifications بھی نہیں "Any person can be appointed" میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ایک انتہائی قسم کا ظلم ہے اور زیادتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے بعد مجھے یہ بھی عرض کرنا ہے ۔ (قطع کلامی) ۔

رائے منصب علی خان کھرل—پوائنٹ آف آرڈر— جناب والا — ہم نے سنا تھا کہ خدا گنجے کو ناخن نہیں دیتا ۔

مسٹر سپیکر—یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

ملک محمد اختر—جناب سپیکر ۔ جہاں پر 'Any person' کے الفاظ ہیں ان کو qualify نہ کرنا اور نا اہل اور چھوٹے سٹینڈرڈ کے لوگوں کو appoint کیا جائے تو یہ کہاں کا انصاف ہوگا ۔

Mr. Speaker: The member should not repeat that argument.

ملک محمد اختر—جناب والا — اسی طرح کلاز ۱۶ کی سب کلاز (۲) میں بھی میری ترمیم ہے ۔

> The Board of Revenue may, by notification, confer on any person all or any of the powers of an Assistant Collector under this Act, and may, in like manner withdraw such powers.

جناب والا — اسسٹنٹ کلکٹرز کی پاورز کے متعلق بہت کچھ کہا جا چکا ہے اور مجھے صرف اتنا ہی اضافہ کرنا ہے کہ اسسٹنٹ کلکٹر جو ہے وہ محکمہ مال کا افسر ہے جس کے پاس لاتعداد اور لامحدود اختیارات ہیں ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومت جو سول کورٹس کے دروازے ہم پر بند کرتی ہے اور ہماری حکومت جو ہمارے سول حقوق کو چھیننے کے لئے ہر وقت مستعد ہے اور اس کے نوٹس میں جب ذرا ذرا سی غلطی لائی جاتی ہے تو

وہ ہمارے حقوق کو ہر وقت چھیننے کے لئے تیار رہتی ہے ۔ قانون میں کچھ lacunas ہیں جو کسی وقت بھی misuse کئے جا سکتے ہیں ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ حکومت ان کو rectify کرنے کے لئے کیوں تیار نہیں ۔ جناب والا ۔ کل بھی اس ایوان میں در اصل وہ خواجہ صفدر صاحب کی دو تین ترامیم تھیں جن کو ہم نے اپنا کر کے پیش کیا phrases میں چند غلطیاں تھیں جن کو ماننے کے لئے یہ تیار نہ ہوئے ۔ میں التجا کرتا ہوں کہ وہ غلطیاں تھیں انہیں درست کیا جائے ۔ ان میں کچھ ambiguities ہیں اور اس کو ایک قسم کی omission کہنا چاہئے ۔ یہ ایک قسم کا ہتھیار ہے جس کو آپ غلط طور پر استعمال کریں گے ۔ چلئے میں آپ کی intention کو اور آپ کی نیک نیتی کو زیر بحث نہیں لاتا لیکن میں یہ ضرور کہہ سکتا ہوں کہ یہ جو نقائص اس قانون میں ہیں ان کو آئندہ چل کر misuse یا abuse کئے جانے کا احتمال ضرور ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اب کسی بھی شخص کو اسسٹنٹ کلکٹر بنایا جا سکتا ہے ۔ بلکہ میرے پاس لا تعداد Notification موجود ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسے اختیارات کا ہماری صوبائی حکومت نے غلط استعمال کیا ہے ۔ آپ م.ب سے اتفاق فرمائیں گے کہ محکمہ مال کے اختیارات محکمہ مال کے طریقہ ہی سے استعمال کئے جا سکتے ہیں ۔ مگر م. ایسے Notification

کا حوالہ دے سکتا ہوں جس کے ذریعہ لینڈ ریونیو کے یہ اختیارات محکمہ اریگیشن کو دئے گئے ۔ مثلاً Notification نمبر ۱۶۲۲ مجریہ دسمبر ۴۲ء یا Notification مجریہ ۱۰ جولائی ۱۹۴۳ء ۔

Mr. Speaker : That is an admitted fact. The Revenue Minister has admitted this fact.

ملک محمد اختر—جناب والا — میں یہ کہہ رہا تھا کہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے اختیارات استعمال کرنے کے لئے ریونیو افسروں کو دینے چاہئیں ۔ یہ نہیں ہونا چاہئے کہ یہ دوسرے ایسے محکمہ جات کو تفویض کئے جائیں جو ہمارے کاشتکاروں کی مشکلات سے واقف نہ ہوں ۔

Mr. Speaker : The Member may please take his seat now.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸)—جناب والا—میں اس پر صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس کلاز میں یہ الفاظ استعمال کرنے سے مستقبل میں کیا خطرات لاحق ہو سکتے ہیں ۔ قانونی نقطہ نظر سے آپ اس کلاز کو یوں دیکھیں کہ اس کلاز کے اندر ان سب کے اختیارات لامحدود ہیں ۔ قانون بناتے وقت یہ نہیں دیکھا جاتا کہ اس کو کس نے استعمال کرنا ہے ۔ بلکہ کوشش یہ ہوتی ہے کہ اس میں رخنے کم از کم ہوں ۔ ابہام کم سے کم ہوں تاکہ کوئی افسر بد نیتی سے قانون کو اس کے منشاء کے خلاف استعمال نہ کر سکے ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

صاحبزادہ نور حسن—جناب والا ۔ آپ کی اجازت سے میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر—فرمائیے ۔

صاحبزادہ نور حسن (بہاولنگر—م)—جناب والا—اس ترمیم کے بارہ میں کافی سیر حاصل بحث ہو چکی ہے ۔ میں قائد ایوان کی خدمت میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ اگر معمولی سے الفاظ کی تبدیلی سے معنوں میں کافی فرق ہو سکتا ہے ۔ تو ہمارے لئے یہ بہتر ہے کہ اس قانونی نکتہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے کوئی قانونی ابہام پیدا نہ ہونے دیں ۔ میں چاہتا ہوں کہ جناب قائد ایوان ہمارے آزاد ممبر صاحبان کے جو خدشات ہیں ان پر سنجیدگی سے غور فرمائیں اور اسے صرف اس لئے نظر انداز نہ کر دیں کہ اسے آزاد ممبران یا اپوزیشن والے پیش کرتے ہیں ۔

وزیر مال — (خان حبیب اللہ خان)— آپ سنجیدہ بات کیجئے تو میں اس پر سنجیدگی سے غور کروں گا ۔

صاحبزادہ نور حسن—انہوں نے اس ترمیم کے ذریعہ کہا ہے کہ آپ اس میں تھوڑی سی تبدیلی کر دیں ۔

..that the words "being otherwise competent according to law" be inserted.

میرے خیال میں ہمارا اس پر سمجھوتہ یا compromise ہو جانا چاہئے - ورنہ اس طرح یہ بحث کافی وقت چلتی رہے گی اور اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا -

جناب والا — ہم بھی alien نہیں ہیں - آپ بھی نہیں ہیں - ہماری حکومت بھی اپنے آدمیوں کی ہے ہمارے بھائی پاکستان کے شہری ہیں انہیں ہم سے ہمدردی ہے - ہمیں امید ہے کہ جناب قائد ایوان ہماری ان معروضات پر غور فرمائیں گے اور اس کے لئے کچھ تاب شنوائی بھی فرمائیں گے - شکریہ -

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House. The question is—

That in clause 16 of the Bill, as reported by the Select Committee—

(a) in sub-clause (1), between the words "person" and "all" occurring in line 2, the words "being otherwise competent according to law" be inserted; and

مسٹر حمزہ — (لائلپور ۔ ۶) — جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ جناب منور خان صاحب نے جو ترمیم پیش کی ہے وہ یہ ہے کہ ۔

"his recognised agent or....."

ان الفاظ کو اس دفعہ سے حذف کر دیا جائے ۔ جناب والا ۔ میں اس کی حمایت کرتا ہوں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ recognised agent کی جو تعریف کی گئی ہے اس میں کچھ تضاد ہے ۔ recognised agent ایک تو اس شخص کو کہا جاتا ہے جس شخص سے تعمیل کرانا مقصود ہو یا اس کی جگہ باضابطہ طور پر مقرر کئے ہوئے اس کے ایجنٹ سے تعمیل کرائی جائے ۔ یعنی جو کچھ اس نے کرنا ہے اس کی جگہ وہ ایجنٹ خود کرسکے۔ دوسرا recognised agent اسی قانون کے تحت یعنی Legal Practitioners Act, 1884 کے تحت بھی مقرر کیا جا سکتا ہے ۔ جناب وزیر مال صاحب نے اس کی وضاحت نہیں کی ہے ۔ جب انہوں نے اس دفعہ میں recognised agent کی گنجائش رکھی ہے تو ان کا اس سے مقصد کیا ہے اور اس کے ساتھ ہی ساتھ پنجاب ریونیو ایکٹ ۱۸۸۷ کے تحت جو رولز بنائے گئے ہیں ان میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ recognised agent جو ہو گا اس کو یہ حق حاصل نہیں ہو گا کہ وہ عدالت کی کارروائی میں ریونیو آفیسر کی اجازت کے بغیر حصہ لے سکے ۔

جناب والا ۔ میرے پاس پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ ہے جس کے تحت وقتاً فوقتاً رولز بنائے جاتے رہے ہیں ۔ کتاب موجود ہے ۔

"Provided that a Revenue Agent shall not, except with the express permission of the court, take any part in the examination of a party or witness; nor shall he in any circumstances be permitted to state the case of his principal or reply to the opposite party, or address any argument to the court at any stage of the proceedings".

جناب سپیکر ۔ جس شخص کی جگہ وہ ایجنٹ مقرر کیا گیا ہے ۔ اس کی کمی عدالت میں پوری نہیں ہو سکتی ہے ۔ اس کو وہ اختیارات حاصل نہیں ہیں ۔ تو پھر اس کی تعمیل کرانا کس طرح ممکن ہو سکتا ہے ۔ کیونکہ جب Legal Practioners Act 1884 کے تحت یہ ایجنٹ مقرر کئے جاتے ہیں ۔ ان کے بارے میں یہ لکھا ہے ۔ کہ اس کو لائسنس بھی دیا جائے گا ۔ لیکن اس کا لائسنس منسوخ بھی کیا جا سکتا ہے ۔

"This licence is liable to be revoked at any time during the said period on the grounds specified in Sections 12 and 13 of the said act and inter alia participation on the part of the holder in any sedition or disloyal union will be considered reasonable for such revokation....."

جناب سپیکر۔ اب عرض یہ ہے کہ میرے جیسا آدمی تو کبھی ایجنٹ مقرر کیا ہی نہیں جا سکتا ہے کیونکہ آپ کو علم ہے کہ ہماری حکومت کی یہ عادت ہے کہ اگر کوئی شخص ان کی تھوڑی سے بھی مخالفت کرے تو اس کے بارے میں یہ کہہ دیتے ہیں کہ وہ ملک و قوم کا وفادار نہیں ہے۔

Mr. Deputy Speaker : Please be relevant.

مسٹر حمزہ — اس سے زیادہ متعلقہ امر اور کیا ہو سکتا ہے۔ کہ گورنمنٹ کو یہ اختیار حاصل ہو۔ کہ وہ کسی بھی ایجنٹ کو تسلیم کرنے سے انکار کر دے۔ کیونکہ ایجنٹ کو تسلیم کرنے کے لئے شرائط ایسی ہیں۔ کہ جس پر عام لوگوں کو اعتراض ہے۔ اور بجا طور پر اعتراض ہے کہ حکومت صرف ان لوگوں کو ہی ملک و قوم کا وفادار سمجھتی ہے۔ جو ان کی ہر زیبا اور نازیبا حرکتوں کو بغیر چوں و چرا کئے قبول کر لیں۔ تو اس طرح کوئی معقول آدمی تو ایجنٹ بن ہی نہیں سکتا۔ کیونکہ حکومت کہتی ہے۔ کہ ہمیں تو نامعقول آدمی چاہئے اس لئے اس قانون کے تحت جو مراعات جناب وزیر مال دینا چاہتے ہیں ان سے میرے جیسا آدمی یا میرا ہم خیال آدمی تو محروم ہی ہو جائے گا۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ کہ اندھا جب شرینی بانٹتا ہے۔ تو وہ اپنوں ہی میں بانٹتا ہے۔ وہ اندھا ہونے کے باوجود بھی اس معاملے میں بڑا ہوشیار ہوتا ہے۔ یہ تمام کے تمام اختیارات اپنے ہم خیال لوگوں کو نوازنے کے لئے ہی حاصل کئے جا رہے ہیں....

مسٹر ڈپٹی سپیکر — یہاں تو اس کا کوئی سوال نہیں ہے۔ کہ کون Recognised Agent ہو۔ اس کی تو اس میں تشریح موجود ہی نہیں ہے۔ سوال تو صرف یہ ہے۔ کہ فروخ کے نام سمن جاری ہوں۔ اور اس کا مقرر کیا ہوا جو Recognised Agent ہو۔ وہ بھی اسے وصول کر سکے۔ اس لئے Please be relevant to that point

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر۔ عرض یہ ہے کہ اس Recognised Agent کی گنجائش رکھنے کی ضرورت ہی کیا ہے۔ ہم اس کی حمایت کیسے کر سکتے ہیں۔ کیونکہ ہمیں پتہ ہے۔ کہ ہمارے ساتھ کیا گذرے گی۔ تو ہم اپنے ہی ہاتھوں اپنے لئے ایسا قانون کیوں منظور کریں۔ ہر انسان کا یہ فرض ہے۔ کہ وہ یہ دیکھے کہ کوئی قانون جو پاس

ہو گا ۔ اسے استعمال کون کرے گا۔ آپ ان لوگوں کی اہلیت کی داد دیں کہ جنہوں نے یہ قانون پہلے بنایا تھا ۔ ہماری حکومت انگریزوں کے بنائے ہوئے اس قانون کی نقل کرنے پر مجبور ہے ۔ اسی طرح ہم نے بھی جو قانون بنانا ہے ۔ آج سے سو سال بعد جو لوگ آئیں گے ۔ وہ بھی ہمارے بنائے ہوئے قوانین کے بارے رائے دیں گے۔ ہماری بد قسمتی ہے کہ ہمارے ساتھ آج جو کچھ بیت رہی ہے ۔ اور جو سلوک ہمارے ساتھ ہو رہا ہے ۔ اور ہم پر حکومت کی جو نوازشات ہیں ۔ وہ ہمیں مجبور کرتی ہیں ۔ کہ اس طرح کی حکومت کو اس قسم کے اختیارات نہ دیئے جائیں ۔ جس کے تحت ہمیں بذات خود ہی اس کا شکار ہونا پڑے ۔

دوسری عرض یہ ہے ۔ اور مجھے امید ہے ۔ کہ جناب وزیر مال برا نہیں مانیں گے کیونکہ حقیقتاً ہماری ان تمام ترامیم کے پیش کرنے کا مقصد یہ ہے ۔ اور ہم یہ چاہتے ہیں ۔ کہ جتنی مشینری ہم اس قانون کے تحت تجویز کریں ۔ اور جتنی مشینری بھی معرض وجود میں آئے ۔ وہ اتنی fool proof ہو ۔ اور وہ اتنی واضح طور پر اور آسان ہو ۔ کہ اس کو ہمارے جو اہلکار ہیں ۔ (اس سے میری مراد جناب وزیر مال نہیں ہیں) ۔ وہ اپنی ذاتی کمزوریوں یا اپنے مفادات کے پیش نظر اس کو exploit نہ کر سکیں ۔ اسے ناجائز طور پر استعمال نہ کر سکیں ۔ اگر ہم اس قانون میں اس قسم کا کوئی خلا چھوڑ دیں گے ۔ تو اس سے ان کو بہت سے اختیارات مل جائینگے ۔ چونکہ جناب وزیر مال نے اس قانون کے سلسلے میں بڑی محنت کی ہے ۔ جس کے وہ قابل مبارک باد ہیں ۔ تو اتنی محنت کے بعد ان کو یہ اطمینان ہو گا کہ اس میں کوئی سقم نہیں لیکن موجودہ صورت میں تو باوجود اتنی محنت کرنے کے اس قانون کی مختلف دفعات کو ناجائز طور پر استعمال کرنے کے امکانات موجود ہیں کم از کم میرے علم میں ہے ۔ اور وزیر مال کو تمام مغربی پاکستان کی حالت کا علم ہو گا ۔ کیونکہ لوگ یقیناً انہیں اس سلسلے میں عرض داشتیں پیش کرتے ہوں گے ۔ اس لئے ہم چاہتے ہیں ۔ کہ اس قانون کے تحت جو بھی مشینری بنائی جائے ۔ اور اس قانون کو چلانے والے جو چھوٹے اہلکار ہیں ۔ جن کے ذمہ اس قانون کا نفاذ ہو گا ۔ وہ اسے اپنی غرض کے لئے ناجائز طور پر استعمال نہ کر سکیں ۔ مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ سب ڈویژنوں میں اور آپ کو بھی علم ہے عام طور سب ڈویژنل آفیسر صاحبان کو کلکٹر کے اختیارات حاصل ہوتے ہیں ۔ اور ان کی طرف سے سمن وغیرہ جاری کئے جا سکتے ہیں ۔ جب سمن جاری کئے جاتے ہیں ۔

ایک فریق ماتحت عملہ سے مل جاتا ہے ۔ اور وہ اس طرح فریق ثانی کا پتہ نہیں چلنے دیتے اسی لئے جناب منور خان صاحب نے اپنی دانست کے مطابق اور جتنی حقل انھیں اللہ تعالے نے ودیعت کی ہے ۔ اس کی بناء پر اور اپنے تلخ تجربات کے پیش نظر یہ تجویز پیش کی ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ ایوان میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Deputy Speaker: Let there be a count. (*count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*) The House is now in quorum. Yes please.

وزیر بنیادی جمہوریت — ممبر صاحبان حمزہ صاحب کی آواز سن کر چلے جاتے ہیں ۔ اور گھنٹیوں کی آواز سن کر آ جاتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ — یعنی وہ گھنٹی کے سامنے گھٹنے ٹیک دیتے ہیں ۔ بہرحال میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ جناب منور خان صاحب نے سمن جاری کرنے کا یہ ایک نیا طریقہ بتایا ہے ۔ اور جیسا کہ اس سے پہلے بھی اس قسم کی دو تین ترامیم کو جناب وزیر مال جو کہ قائد ایوان بھی ہیں ۔ نے نہایت فراخدلی کا ثبوت دیتے ہوئے درست تسلیم کر لی ہیں ۔ تو میرے نزدیک اس نئے طریق کار کو پیش کرنے کی ضرورت ان حالات کے پیش نظر ہی محسوس ہوئی ۔ نئے طریقہ کار کے ہوتے ہوئے کرپشن یا ہیرا پھیری یا ایک پارٹی کے ساتھ مل کر دوسری پارٹی کو نقصان پہنچانے کے امکانات بھی کم ہوں گے ۔ اور اگر ان میں کسی قسم کی ہیرا پھیری کی بھی جائے ۔ تو پوسٹ آفس ایکٹ ۱۸۹۸ء کے تحت اس کے خلاف کارروائی کی جا سکتی ہے ۔ میں ان معروضات کے پیش نظر یہ سمجھتا ہوں کہ جو ترمیم پیش کی گئی ہے ۔ چونکہ نیک نیتی کے ساتھ پیش کی گئی ہے ۔ اور ایک بہتر قسم کی ترمیم بھی ہے ۔ اس لئے وزیر مال اسے بھی منظور کرلیں گے ۔ تاکہ اس طرح اس معزز ایوان کا بھی وقت بچ سکے ۔ کیونکہ جناب وزیر مال خود بھی keen ہیں ۔ کہ یہ بل جلد منظور ہو جائے ۔ اس لئے وہ کچھ فکر مند بھی نظر آتے ہیں ۔ اس لئے میں مودبانہ عرض کروں گا ۔ کہ اس ترمیم کو منظور کر لیا جائے ۔

خان محمد یوسف خان — جناب والا ۔ کیا اس طرف سے بھی کسی کو کچھ عرض کرنے موقع دیا جائے گا ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر — فرمائیے ۔

خان محمد یوسف خان(راولپنڈی ۔ ۲) — جناب سپیکر ۔ میرے فاضل دوست نے اس کے متعلق کچھ خدشات کا اظہار فرمایا ہے اور جو ترمیم پیش کرنے کی کوشش کی ہے ۔ میں تو فی الواقعہ سن کر انگشت بدنداں ہوں کہ وہ کہاں سے دور کی کوڑی لائے ہیں ۔ یہ ارشاد ہے کہ یہاں Recognised Agent رکھا گیا ہے اور جب چاہیں اس Recognised Agent کو ہٹا دیں ۔ یا اسے آپ اختیارات دینا چاہتے ہیں ۔ آپ نے اصل قانون پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ ملاحظہ نہیں فرمایا ورنہ آپ کبھی یہ اعتراض نہ کرتے ۔

مسٹر حمزہ — پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں تو خان محمد یوسف صاحب کا شاگرد ہوں نا تجربہ کار ہوں ۔ بجائے اس کے کہ ایوان میں مجھے وہ ایسی باتیں کہیں ۔ وہ یہ باتیں علیحدگی میں مجھے کیوں نہیں بتا دیتے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) — آپ خود تو ایوان میں باتیں کرتے ہیں اور ہمیں کہتے ہیں کہ باہر جا کر کریں ۔

خان محمد یوسف خان — لینڈ ریونیو ایکٹ میں provision ہے وہاں Recognised Agent پر سروس ہو سکتی ہے ۔ میں نہیں چاہتا کہ ایکٹ کا یہ سارا حصہ پڑھ کر سناؤں اگر وہ پڑھینگے تو انہیں خود بخود یقین آ جائے گا ۔

یہ provision تو ۱۸۸۷ء سے چلی آتی ہے ۔ اور آج تک چلی آتی ہے ۔ میرے فاضل بھائی ملک اختر صاحب نے دلیل دے کر ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ Recognised Agent نوٹیفکیشن کی رو سے ایک تعریف موجود ہے ۔ اور اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ Recognised Agent کی تعریف وہی ہے جو دفعہ ۱۹۶ میں رکھی گئی ہے ۔ اس کے تابع وہ نوٹیفکیشن رہے گی اور وہ رولز رہیں گے اس کے اعتبار سے Recognised Agent کی وہی تعریف اس پر عائد ہو گی ۔ اور وہ تعریف ایسی ہے کہ اس کو لاگو رکھنا یا اس کا اطلاق کرنا درست نہیں ۔ آپ کلاز ۱۹۶ کو اچھی طرح سے ملاحظہ فرمائیں اس میں کوئی فرق نہیں ۔

Mr. Munawar Khan: Point of order. There is no definition of "recognised agent". Whom should we consider to be a recognised agent; That is to be explained by my friend as to what is meant by recognised agent.

Mr. Deputy Speaker: That is no point of order. Malik Akhtar has already explained that.

خان محمد یوسف خان — جناب سپیکر - منور خان صاحب تقریر کے وقت موجود نہیں تھے - میں ان سے اتفاق کرتا ہوں جیسا کہ انہوں نے فرمایا تھا کہ Recognised Agent کی کوئی تعریف قانون کی رو سے موجود نہیں لیکن رولز میں اختر صاحب نے نوٹیفکیشن کے ذریعہ سے بتلانے کی کوشش کی ہے کہ Recognised Agent کی ایسی ایسی تعریف موجود ہے - اس کی روشنی میں اگر یہ الفاظ رکھنے چاہیں تو یہ inconsistent رہیں گے - اس لئے میں عرض کرتا ہوں کہ دفعہ ۱۹۶ کو ملاحظہ فرمائیں اس میں اس کا کوئی خطرہ نہیں اس کی کلاز (۲) میں صرف یہ لکھا ہوا ہے کہ کوئی رولز اس ایریا کے لئے جہاں اس کا اطلاق ہو ختم ہو جائیں گے -

اس قانون کے پاس ہونے کے بعد اس ایریا میں تو رولز inconsistent with other rules ہیں یعنی جن کا اس قانون سے تضاد ہوگا وہی رولز وہاں apply نہیں ہوں گے تو اس لحاظ سے واضح ہے کہ اگر لینڈ ریونیو بل کو پاس کر دیں تو دفعہ ۱۹۶ کی رو سے وہ الفاظ یعنی Recognised Agent آپ اڑا چکے ہیں اب ان پر اطلاق نہیں ہوگا - کیونکہ وہاں اس کا تضاد واقع ہو جائے گا - آپ کے خدشات خلاف قاعدہ اور خلاف قانون ہیں - اس کے باوجود میں یہ ضرور عرض کروں گا کہ وہ بعد میں سارے ہاؤس کی یہ رائے ہو یا جیسا کہ Recognised Agent پر سروس کا سوال کیا گیا ہے بہتر یہ ہے کہ اس کی بجائے Authorised Agent میں تبدیل کر دیا جائے - ابھی ابھی پوچھا گیا ہے کہ Recognised Agent میں کیا فرق ہوگا - Recognised Agent وہی ہوگا جو legally authorised ہوتا ہے - Statutary Provision کے تابع جیسے مختار ہوتے ہیں وہ تمام کام کرتے ہیں دستاویزات لکھ سکتے ہیں درخواست دے سکتے ہیں لیکن اس کی طرف سے plead نہیں کر سکتے - اور بعض cases میں plead بھی کرتے ہیں باقی سارا کام سرانجام دے سکتے ہیں Authorised Agent کا کام یہ ہوتا ہے جیسا کہ Authorised Agent کے متعلق بیگم صاحبہ نے فرمایا ہے -

ملک محمد اختر — پوائنٹ آف آرڈر - میں اپنے محترم دوست سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ Recognised Agent ہیں یا Authorised Agent ہیں -

مسٹر ڈپٹی سپیکر — یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

خان محمد یوسف خان — میں اپنے حقوق کی بناء پر اسمبلی کا ایک ممبر ہونے کی حیثیت سے عرض کر رہا ہوں میں کسی کا ایجنٹ نہیں ہوں البتہ یہ بات بتا دوں کہ یہاں تین یا چار آدمیوں نے اپنی تراسیم دی ہیں اور آپس میں بطور ایجنسی کے کام کر رہے ہیں ۔ یعنی ایک سے دوسرا اور دوسرے سے تیسرا بطور ایجنٹ کام کرتا ہے ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ Recognised Agent اور Authorised Agent میں یہ فرق آ جائے گا کہ Authorised Agent ایسا ہوتا ہے جیسا ایک مختار خاص ہوتا ہے جیسے Special Power of Attorney ہوتی ہے اور اسی طرح General Power of Attorney مختار عام ہوتا ہے ۔ There are authorised agents بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک لیٹر لکھنے سے بھی ایک شخص دوسرے کا ایجنٹ بن جاتا ہے ۔ اگر آپ Contract Act کی رو سے ملاحظہ فرمائیں تو اس کی رو سے بھی آپ کو معلوم ہو جائے گا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی — فاضل ممبر اس ترمیم پر تقریر کر رہے ہیں۔ یا اپنی نئی ترمیم Recognised Agent کے متعلق دے رہے ہیں بل کے اندر لفظ Recognised Agent کا موجود ہے ترمیم بھی ہے کہ یہ نکال دیا جائے۔ فاضل ممبر نے فرمایا تھا کہ Recognised کی بجائے Authorised کیا جائے۔ تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یا تو وہ Recognised Agent کے متعلق بول سکتے ہیں لیکن یہ لفظ تو ہم نے نکال دیا ہے اور کوئی ترمیم ہمارے سامنے نہیں ہے ۔ اس لئے اس پر دلائل دینا ایوان کے لئے مفید نہیں ہو سکتا ۔

Mr. Ahmed Mian Soomro : There is already an amendment before the House.

خان محمد یوسف خان — میرے فاضل بھائی کو مغالطہ ہو گیا ہے میں Recognised سمجھانے کے لئے Authorised پر بھی بحث کر سکتا ہوں تاکہ دونوں کا مقابلہ اور موازنہ کرنے سے آپ سمجھ سکیں کہ ان کے معنی کیا ہیں ۔ اس لئے میں relevant ہوں ۔ خواہ میں اسے پیش نہ بھی کروں ۔

جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ Authorised Agent کی تین قسمیں ہوتی ہیں Special Power of Attorney, General Power of Attorney

اور بعض cases میں وہ خط کے ذریعہ ایک ایجنٹ مقرر کر لیتا ہے اور اسے authorised سمجھا جاتا ہے ۔ مثال کے طور پر میں بتا سکتا ہوں کہ آپ R. T. A. کے رولز اٹھا کو دیکھ لیں ۔ وہاں کسی special powers کی ضرورت نہیں کسی وکیل کی ضرورت نہیں کسی کے ماتحت مختار کی ضرورت نہیں بلکہ اگر خالی لکھ کر دے دیں کہ میری طرف سے یہ پیش ہوگا ۔ تو قانون کی رو سے کافی سمجھا جا سکتا ہے اور وہ اس کا ایجنٹ ہوتا ہے ۔ اب یہاں جو مسئلہ درپیش ہے وہ یہ ہے کہ جو summon serve کئے جائیں ان کے متعلق ہمارے موجودہ بل میں یہ ہے کہ adult member of the family پر بھی اور Recognised Agent پر بھی serve ہو سکتا ہے ۔ تو میرے دوستوں کا خیال ہے کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے ۔ منور خان صاحب نے فرمایا تھا کہ یہ ابتداً کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک آدمی کا ابھی case بھی نہیں ہے اور اس کا ایجنٹ موجود ہے اور اگر اس ایجنٹ پر سروس کر لی جائے تو کافی سمجھی جائے گی ۔

میں ان کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ ایسے cases بھی ہوتے ہیں اور ابتدا ہی میں ایسا ہو سکتا ہے مثلاً یہاں سے ایک آدمی ایک آدمی کو اختیار دے کر چلا گیا ہے کہ اگر میرے خلاف کوئی litigation یا مقدمہ ہو تو میں چونکہ پاکستان کے باہر جا رہا ہوں ۔ انگلستان جا رہا ہوں یا جرمنی جا رہا ہوں یا کسی غیر ملک جا رہا ہوں اور نہ پہنچ سکوں تو تم میری جانب سے مقدمہ کی پیروی کرنا وکیل مقرر کرنا ۔ اپیل کرنا دستاویزات داخل کرنا رسیدیں لینا وغیرہ وغیرہ اور تعمیل کرنا یہ سارے اختیارات میں تم کو دیتا ہوں حالانکہ اس پر کوئی مقدمہ دائر نہیں ہوا ہے لیکن اس کا خدشہ ہو سکتا ہے اور مقدمہ بازی کا احتمال ہے ۔ اس کے بعد ایک مثال اور بھی ہو سکتی ہے اور وہ یہ کہ جیسا کہ آپ کو بخوبی معلوم ہے کہ ہر سمن لازمی نہیں کہ پہلی دفعہ جاری ہو سمن پروسیڈنگ کے دوران بھی جاری ہو سکتے ہیں اور ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ عدالت سے کوئی آدمی غیر حاضر ہو سکتا ہے اور اس کی جانب سے کوئی وکیل بطور ایجنٹ پیش ہو چکا ہے اور بطور مختار بھی پیش ہو چکا ہے ۔ یا کوئی دوسرا آدمی پیش ہو چکا ہے ۔ لیکن وہ خود غیر حاضر رہا ہے لیکن کسی اثر و رسوخ کی وجہ سے دوبارہ مقدمہ کو از سر نو کرنے کی ضرورت پیش آ جائے یا پروسیڈنگ کو از سر نو کیا جائے تو کورٹ کو معلوم ہے کہ اس کا فلاں شخص مختار ہے اور مسل پر پاور آف اٹارنی لکھا ہوا ہے تو اس طرح بھی وہ سروس کر سکتا ہے ۔

تو ایسے واقعات بھی ہو سکتے ہیں اور ہوتے ہیں لہذا authorised ایجنٹ رکھنے سے کوئی خدشہ نہیں ہے اور اس سے کوئی نقصان نہیں پہنچ سکتا ہے یہ صرف مقدمہ بازی میں تیزی سے کارروائی کو انجام دینے کے لئے اور وقت ضائع نہ کرنے کے لئے اور جلدی سے کام کرنے کیلئے اسکا ہونا ضروری ہے میں ہاؤس سے عرض کروں گا کہ وہ اسکو منظور کرے تاکہ اس میں کوئی نقص باقی نہ رہے —

Mr. Munawar Khan: Let him bring in 'authorised agent' Sir. He can just give an amendment.

ملک محمد اختر — آپ کی تقریر سے ہماری سمجھ میں نہیں آیا کہ ہم کیا کریں -

Mr. Ahmedmian Soomro: It was conceded Sir that in clauses 21 and 22, the word "recognised" was substituted by "authorised".

Mr. Speaker: What about clause 24?

Mr. Ahmedmian Soomro: In clause 21, sub clause (2) word "recognised" was deleted.

Mr. Speaker: What about clause 24, wherein the words used are "recognised agents".

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir in view of the fact that sub-clause (2) of clause 21 was deleted, which says that recognised agents shall include those mentioned in sections 22, and 24, therefore Sir as a corollary "recognised agent" would have to be substituted by "authorised agent".

Mr. Speaker: There should be an amendment.

Mr. Ahmedmian Soomro: We have taken up clause 24 now, I think the leader of the House would move the amendment when the proper stage would come At present, the amendment merely is to exclude this entire sub-clause (b) of clause 24 (1); that the 'recognised agent' be entirely deleted. At present we are discussing amendment (a), which is moved by Mr Munawar Khan. He wants not that recognised, should be substituted by 'recognised, but that entire mention of 'recognized agent' should be deleted.

Mr. Speaker: But why should we mix up the two amendments. This is the first amendment. We will discuss this amendment. When there is another amendment, we will consider that amendment.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر - ویسے قانون تو صاف ہے کہ ہائی کورٹ کے جج کسی اور عدالت میں بھی preside کرسکتے ہیں -

Mr. Speaker: That is for my information; that is not pleading.

Malik Muhammad Akhtar: In that case Sir, if they are bringing an amendment to replace the word 'recognised' by authorised' there will be a bit of legal complication. I would be raising a point of order then.

Mr. Speaker: If there is an amendment, the Member can better speak at that stage.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی-۸) – جناب والا ۔ مجھے بڑی حیرانی ہے کہ یہ مسودہ قانون جو ان ترمیمات کیساتھ اس ملک کیلئے بڑا مفید قانون بنے گا ....

Minister of Revenue: Sir, the position is that in all the preceding clauses, the word 'recognised agent, has been substituted by the word 'authorised agent', and all those amendments have been carried. Now, so far as 'recognised agent' in clause 24 is concerned, Mr. Muhammad Yousaf is bringing an amendment that this expression 'recognised agent'. We are going to do that. So it is no use wasting time over the 'recognised' and wherever these words occur; he is moving that amendment in order to bring it in conformity. We are going to do it.

مسٹر حمزہ – جناب سپیکر ۔ کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker: Let there be a count. (*count was taken*) The House is not in quorum let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is now in quorum. Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی – جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ مجھے بڑی حیرانی ہے کہ یہ مسودہ قانون جو ان ترمیمات کے بعد ایک بڑا مفید مسودہ قانون بنے گا اسکو پاس کرنے میں میرے بائیں طرف کے بیٹھنے والے ساتھی خواہ مخواہ دیر کر رہے ہیں اور دیر لگا رہے ہیں ۔ جناب منور خان صاحب نے جو ترمیم دفعہ ۲۴ ۔ میں پیش کی ہے اسکو بہت جلدی پاس کرنا چاہئے۔

میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک مفید ترمیم ہے اور اسکو بغیر کسی بحث کے مان لینا چاہئے لیکن چونکہ میرے ساتھیوں کا اصرار ہے کہ اسکے لئے دلیل پیش ہی کیجائے تو حمزہ صاحب اور ملک اختر صاحب نے اس سلسلے میں جو کچھ قانونی حوالے دئے ہیں اس میں صرف ایک کا اضافہ کرنا چاہتا ہوں –

جناب والا ۔ میں قانون دان نہیں ہوں نہ میں وکیل ہوں لیکن میں اتنا سمجھتا ہوں کہ قانون common sense پر مبنی ہوتا ہے جو گو بہت ہی un-common ہے اگر یہ قانون اس بنیاد پر بنایا گیا ہے تو میرے نزدیک وہ تمام الفاظ جو کہ کسی مسودہ قانون میں استعمال کئے گئے ہوں اگر اسکی واضح تعریف قانون میں موجود نہیں ہے تو اسکی تعریف

وہ سمجھی جائیگی جو ڈکشنری کے لحاظ سے اور ملک میں مستعمل الفاظ میں جو اسکے معنی سمجھے جاتے ہوں اگر کوئی لفظ اس مسودہ قانون میں ایسا ہے کہ جسکی اس قانون میں تعریف نہ کی گئی ہو اور اسکی وضاحت نہ کیگئی ہو تو اسکے معنی وہی سمجھے جائیں گے جو کہ اس لفظ کے عام بھول چال میں یا ڈکشنری کے اندر موجود ہوں ۔ پھر یہ کہ اس کے معنی سمجھنے میں ہر شخص اپنی عقل اور اپنی سمجھ کے مطابق اس کے مختلف معنی پہنا سکتا ہے اور اس کے لئے مختلف معنی نکالے جاسکتے ہیں چونکہ عدالتوں میں مقدمات کی بنیاد اسی پر ہوتی ہے کہ اگر قانون کے الفاظ متعین نہ ہوں تو اس میں ایسے معنی پہنائے جائیں یا اپنے حقوق کے تحفظ کے لئے جو ممکن معنی اس کے ہو سکتے ہیں اس قانون میں ان کو ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ پھر یہ بات کہنا کہ اگر ایک لفظ ایک مسودہ قانون میں استعمال کیا گیا ہے اور اگر وہی لفظ کسی دوسرے مسودہ قانون میں مستعمل ہے اور اسکی وضاحت کی گئی ہے تو یہ ضروری نہیں ہے کہ اسکی وضاحت اس قانون پر بھی نافذ ہو اور اسکا اطلاق اس قانون پر بھی اسی طرح ہو مثلاً اس کی دفعہ ۴ میں یہ ہے کہ —

"In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context—"

یہ define کیا ہوا ہے یہ سارا ایک سے لے کر اور ۲۸ تک اس کی sub-clauses ہیں اس میں recognised کا کوئی definition موجود نہیں ہے ۔ اب جب اس کی کلاز ۲۴ پر آتے ہیں .... (قطع کلامی)

مسٹر سپیکر — فاروقی صاحب آپ authorised اور recognised کے متعلق کچھ فرما رہے تھے کیونکہ فاضل وزیر قانون اور فاضل وزیر مال نے اسکے متعلق definite statements دی ہیں کہ اس کے متعلق ترمیم آ رہی ہے اس لئے آپ یہ presume کریں کہ authorised کا لفظ substitute کیا جا رہا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی — جناب والا ۔ ہمارا کہنا ہے کہ recognised کا لفظ نکال دیا جائے ۔ اس ترمیم پر میں گفتگو کر رہا ہوں ۔

Mr. Speaker: Alright, The Member may please take his seat. I allow Khan Muhammad Yusuf to move his amendment first. This amendment will be taken up after that.

Khan Muhammad Yusuf : I beg to move:

That in clause 24, the word "recognised", occurring in line 4, be substituted by the word "authorized".

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 24, the word "recognised", occurring in line 4, be substituted by the word "authorized".

Is there any opposition to it?

Minister of Revenue : Not opposed Sir.

ملک محمد اختر — Opposed Sir جناب سپیکر ۔ اس ترمیم میں ہمارے دو اعتراض ہیں اول تو یہ کہ وہ ترمیم جو مسٹر منور خان اور میں نے پیش کی ہے وہ کلاز ۲۴ میں ہماری سب سے پہلی ترمیم ہے ۔ جناب والا ۔ ترمیم (اے) یہ ہے —

(a) in sub-clause (1), the words, brackets and letter "his recognised agent or (c)", occurring in lines 4-5, be deleted.

Similarly, we are amending clause 24 like this—

"A summons issued by a Revenue Officer shall, if practicable, be served (a) personally on the person to whom it is addressed, or failing him, (b) on his recognised agent or (c) an adult male member of his family usually residing with him."

delete کو "his recognised agent or (c)" تو جناب والا ۔ یہاں سے ہم کو کرنا ہے اور اس کے لئے ہم مطالبہ کر رہے ہیں ۔ دوسرے میں بات صاف کہہ دوں کہ جو غلطی ہم سے ہوئی وہ قائد ایوان سے بھی ہوئی اب ہم اس کو پھر دوہرا رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ وہ یہ ہے There may be some implications recognised agents یہ ہیں کہ جہاں implications جناب والا ۔ ہیں اور میں believe نہیں کرتا کہ ہمیں recognised agents رکھنے چاہئیں لیکن انکے لئے پروویژن ہے کہ ہم رولز ایسے frame کرینگے یعنی یہ کہ recognised کیا ہونگے اسکے لئے ہم رولز بنائیں گے پنجاب ایکٹ میں وہ رولز موجود بھی ہیں جنہیں کلاز ۱۹۶ سب کلاز ۳ کے تحت جاری رکھا گیا ہے ۔ جناب والا ۔ میں رولز دوبارہ نہیں پڑھوں گا صرف Notification پڑھ دوں گا جس کا ہیڈنگ ہے Notification "Recognised Agents" نمبر ۲۹ ۷ مورخہ ۱-۱۱-۱۸۸۷ جس میں یہ چار قسم کے لوگ recognised agents ہیں ۔ اور وہ خود مختار ہیں سب سے اول وہ لوگ ہیں جنکے پاس پاور آف اٹارنی ہے ۔

Khan Muhammad Yusuf: Sir, Malik Muhammad Akhtar has already dilated on this subject and referred to that notification. He has made a full fledged speech with reference to clause 196 as well and now he is referring to it again.

Mr. Speaker: There should be no repetition.

Malik Muhammad Akhtar : I am only referring to it. I am not repeating it.

recognised agents جناب والا ۔ بلکہ آپ اسے ملاحظہ فرمائیں تو یا authorised agents جن کی ہم substitution کر رہے ہیں اس کے لئے

definition نہیں ہے اگر آپ اس کو کسی جگہ define کر دیں تو ہمارا سارا کیا ہوا درست ہو جائیگا ۔

مسٹر سپیکر — کیا آپ نے یہ پوائنٹ پہلے اٹھایا تھا جب authorised agents کی ترمیم ہوئی تھی ۔

ملک محمد اختر — I could,not. مجھے ابھی یہ بات سمجھ میں آئی ہے جو میں نے پیش کر دی ہے اس میں اگر وزن ہے تو آپ اس کو لے لیں ۔

مسٹر سپیکر — اس لئے نہیں کہ آپ یہ دوبارہ پوائنٹ اٹھا نہیں سکتے لیکن زیادہ مناسب یہی تھا کہ وہ پوائنٹ آپ پہلے اٹھا لیتے ۔

ملک محمد اختر — It did not occur to me دیکھ لیجئے کہیں legal flaw نہ رہ جائے ۔ آپ authorised agents کی کوئی definition کر دیں ویسے ہم اس جگہ authorised agents کی مخالفت کرتے ہیں ہم کہتے ہیں کہ اس کو delete کر دیا جائے ۔

Mr. Speaker: I think this is a notification under the rules.

> "In exercise of the powers conferred on him under Section 18 (2) of the Punjab Land Revenue Act, 1887, the Honourable Lt. Governor is pleased to declare and hereby declare that the following persons shall be recognised agents—"

ملک محمد اختر — تو authorised agents کے لئے ہمیں رولز بنانے مطلوب نہیں ہیں ۔

There is no provision in the rules that there will be any rule specifying as to who will be authorised agent.

ایک reference عرض کرتا ہوں کہ ہم نے جو بلیڈو کی definition ریونیو کورٹس کے لئے رکھی ہے وہ ہمارے سول کوٹس اور سی ۔ پی ۔ سی سے مختلف ہے ۔

Mr. Speaker: After the passage of this Bill the corresponding notification would be under the relevant section of this Act and in that case it would be not in case of the recognised agents but it would be in the case of authorised agents.

ملک محمد اختر — Rules making Powers 3 in that case وہاں پر ابھی specify کرا دیجئے کہ authorised agents کیا ہوتے ہیں ۔

Mr. Speaker: At that stage it is better the Member should move another amendment or the member concerned who has moved this amendment .....

Malik Muhammad Akhtar: He can move it.

Mr. Speaker: Yes.

خان محمد یوسف خان — جناب سپیکر۔ میں عرض کروں گا کہ اختر صاحب کی بات کا ان کے سارے دلائل کا لب لباب یہ ہے کہ authorised agents کی definition نہیں کی گئی لہذا اس میں کچھ پیچیدگی پیدا ہو جائیگی ۔ تو میں جناب کی خدمت میں گزارش کرتا ہوں کہ قانون آپ بھی جانتے ہیں کہ ہر لفظ کی definition کی ضرورت نہیں ہوا کرتی ۔

مسٹر سپیکر — لیکن اس notification میں recognised agents کے متعلق specify کیا گیا ہے ۔

خان محمد یوسف خان — جناب والا۔ میں عرض کر رہا تھا آپ ملاحظہ فرما لیں کہ ۱۸۸۷ء کے پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ میں recognised agents کی کوئی definition نہیں دکھائی گئی لیکن notification میں انہوں نے ایک definition دیدی ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ قانون میں اس کی ضرورت نہیں تھی اور اس کے بغیر ہی یہ کام ہوتا رہا ۔ اب جب رولز بنائے گئے ان کو تب یہ خدشہ ہوا کہ رول ۱۹۶ میں انہوں نے یہ رکھا ہے تاکہ وہ رولز applicable ہو جائیں ۔ تو اب میں عرض کرتا ہوں کہ اس میں لکھا ہوا ہے کہ جن علاقوں میں قوانین لاگو ہیں تو وہاں authorised کا لفظ آجائے گا تو statutary provision ہو جائے گا ۔ یہ تو اس میں clear rather than of the rule ہو جائے گا لیکن جس ایریا میں وہ applicable نہیں تو ان کا خیال ہے کہ وہاں پوزیشن اور ہو گی ۔ آپ recognised agents کی definition بھی دے رہے ہیں تو لہذا یہ سارا غلط ہو جائے گا لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ یہ بات نہیں ہے کیونکہ سب کلاز میں لکھا ہوا ہے کہ وہ رول اطلاق پذیر ہوگا ..... which is consistent because this will not be consistent with that clause and then the Act itself will prevail.

اب باقی سوال یہ رہ جاتا ہے کہ authorised agent کے کیا معنی ہیں —

ملک محمد اختر — Can I rise on a point of order Sir. ان کو غلط فہمی ہے وہ کلاز مجھے مل گئی ہے If I am allowed to read that Sir. یہ صفحہ ۸ پر آپ کلاز ۲۱ سب کلاز (۲) کو دیکھیں

"For purposes of this section and sections 22 and 24, "recognised agents" shall be such persons as Government may, by notification, declare in this behalf."

Mr. Speaker : And the Government, in due course, will notify as to who are the "authorised agents".

Malik Muhammad Akhtar : Who are the "recognised agents". The wording is "recognised agents".

Mr. Speaker : The Member has substituted it by 'authorised agents'. Now, the notification from the Government would be in respect of 'authorised agents'.

ملک محمد اختر—یہ ٹھیک ہے کہ یہ کلاز delete ہو چکی ہے لیکن اس طرح کی ایک کلاز اگر جہاں ہم نے recognised agents کو delete کیا ہے اسی جگہ substitute کر دیں تو زیادہ بہتر ہے کیونکہ authorised agents کے لئے رولز ہونگے تو مناسب ہوگا —

مسٹر سپیکر — ملک صاحب یہ تو آپ پہلے ہی کہہ چکے ہیں

It will read like this—

"For the purposes of this section and sections 22 and 24, "authorised agents" shall be such persons as Government may, by notification, declare in this behalf."

ملک محمد اختر — Sir, we have deleted this ایسا کرنے کے بعد یہاں substitution ہونی چاہئیے تھی۔ ہماری ترمیم ہے یہ delete ہو چکی ہے تو جناب والا ۔ کلاز ۲۱ کی نئی ترمیم ایسے رکھی جائے کہ لفظ recognised کی بجائے لفظ authorised کر دیا جائے ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) — میں یہ عرض کر رہا تھا کہ پہلے ایکٹ میں ۔ ۱۸۸۷ کے ایکٹ میں 'recognised agent' کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں ۔ سیکشن ۲۱ (۱) میں ہے ۔

"21 (1) : Appearance before a Revenue Officer, and application to, and acts to be done before him, under this Act may be made or done—

(a) by the parties themselves; or

(b) by their recognized agents or legal practitioner;"

اور ساتھ ہی سب سیکشن (۲) میں یہ تھا ۔

"21 (2) : For purposes of this section and sections 22 and 24, "recog·ized agents" shall be such persons as Govern.nent may, by notification, declare in this behalf. "

اس ایکٹ کے نیچے recognised agent کا نوٹیفکیشن ہوتا تھا۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی — پوائنٹ آف آرڈر — جناب ایوان میں کورم نہیں ہے -

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is not in quorum; Yes please....

وزیر مال — تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ

"Lt. Governor in exercise of the powers conferred upon him, by section 18 (2) of the Punjab Act. The Lt. Governor is pleased to declare the following persons ; ; ;

(1) Persons holding general power of attorney from the party resident, etc. etc.

(2) Mukhtar - duly authorised

(3) Persons carrying out trade and business for and in the name of the party not resident there etc. etc.

(4) Persons specially authorised by parties to appear provided such persons are authorised.....etc. etc ....

یہ چار قسم کے recognised agents بنائے تھے - وہاں زیادہ تر چیز یہ تھی کہ گورنمنٹ نے خود اپنے پاس اختیار رکھا تھا - جن کو وہ recognised agent بناتے تھے ان کے متعلق پبلک میں اعلان کر دیتے تھے - وہ اب ہم نے منسوخ کر دیا ہے - اگر ہم recognised agent کو رکھتے تو ساتھ ہی یہ provision بھی رکھتے کہ وہ ایسے لوگ ہوں گے جن کو گورنمنٹ مقرر کرے جب ہم ان کو تسلیم ہی نہیں کرتے کہ وہ recognised agents ہیں - تو پھر اس ترمیم کی کیا ضرورت ہے - ان کے جو authorised agent ہیں - انہیں وہ لائیر تو اس کے لئے اس نوٹیفکیشن کی ضرورت نہیں - وہ قانون ہم نے منسوخ نہیں کیا جن کو مختار عام یا مختار خاص کہتے ہیں - کوئی فریق مقدمہ کسی کو مختارنامہ لکھ کر دے دیتا ہے - کسی شخص کو کوئی فریق مقدمہ کسی وقت کسی قسم کا مختار نامہ عام یا خاص دے سکتا ہے اور وہ اسکی جگہ پیش ہو سکتا ہے اس

کے لئے گورنمنٹ کے Notfication کی ضرورت نہیں اس لئے کہ ہم اسے منظور کرتے ہیں ۔ ہمیں اختیار ہے کہ ہم اسے تسلیم کر لیں خواہ وہ recognised agent کی صورت میں ہو یا authorised agent کی صورت میں ہو اس لئے اس ترمیم کی ضرورت نہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب — لیڈر آف دی ہاؤس نے یہ فرمایا ہے کہ پلیڈر کو مختار نامہ دیا جاتا ہے ۔ اور اس پر یہ apply ہوتا ہے ۔ میں ان کی خدمت اقدس میں عرض کرتا ہوں —.....

Mr. Speaker: This is not a point of order. The Member may please take his seat.

مسٹر محمود اعظم فاروقی — پوائنٹ آف آرڈر جناب!

مسٹر سپیکر — اس ترمیم پر آپ بول چکے ہیں ؟

مسٹر محمود اعظم فاروقی — جی نہیں ۔ مجھے اس پر کچھ عرض کرنا ہے ۔

مسٹر سپیکر — تو آپ کو قائد ایوان سے پہلے اٹھنا چاہیئے تھا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی — جناب والا ۔ میں ایک حامی کی طرف ایوان کو متوجہ کرانا چاہتا ہوں ۔ سیکشن ۲۱ (۲) یہ ہے کہ—

"... for the purpose of this section and sections 22 & 4..."

یا تو سیکشن (۲۳) redundant ہے ۔ اور یا سیکشن (۲۲) جو ہے یہ زائد ہے ۔

Mr. Speaker: I will now put the question. The question is: That in clause 24, line 4, the word "recognised" be substituted by the word "authorised".

The motion was carried.

مسٹر محمود اعظم فاروقی — جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا تھا ۔ یہ تراسیم دراصل اس قانون کے منشاء کے لئے اتنی مفید ہیں ۔ کہ ہمیں یہ خیال بھی نہیں تھا

کہ یہ لوگ عمداً انہیں منظور نہیں کریں گے - سیکشن ۔۔ (۳) کے الفاظ یہ ہیں -

... by forwarding the summons by registered post.

ترمیم میں اس کی وضاحت کر دی گئی ہے -

... by forwarding the post in a letter addressed to the person and registered under para. 3 of the Post Office Act 1898. ."

اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ نے جو پہلے سیکشن میں یہ فرمایا تھا -

... it should be sent by registered post, ..

یہ افسانے کی کتاب نہیں ہے - آپ قانون بنا رہے ہیں - اور قانون میں جو لفظ آئے اس کی وضاحت ہونی چاہیئے - اگر ہم رجسٹرڈ پوسٹ کی قانون میں وضاحت نہیں کریں گے - تو اس کے وہ معنی لئے جائیں گے - جو عام ڈکشنریوں میں ہیں - رجسٹرڈ کے معنی رجسٹر میں اندراج ہے - پوسٹ کے معنی ڈکشنری میں کھمبے کے ہیں - یا اس گھوڑے کے ہیں - جو پرانے زمانہ میں ڈاک کے لئے استعمال ہوتا تھا - پوسٹ کے معنی اس چوکی کے بھی ہیں - جہاں پولیس کے سپاہی بیٹھتے ہیں - اس لحاظ سے رجسٹرڈ پوسٹ کے معنی پولیس کی چوکی کے رجسٹر میں اندراج کے ہو گئے - یہاں پوسٹ آفس کا کہیں ذکر نہیں ہے - ڈکشنری میں پوسٹ کے بے شمار معنی ہیں - آپ اسے گھوڑے پر ، کھمبے پر، یا پولیس کی چوکی میں کہاں رجسٹر کرائیں گے - اس ترمیم کا مقصد یہ تھا کہ بات واضح ہو جائے کہ رجسٹری ڈاکخانہ میں ہو گی - تھانہ میں یا چوکی میں یا کھمبے پر یا گھوڑے پر نہیں ہو گی - آپ کے قانون میں یہ خامی ہے - اس قانون کو ملک میں صدیوں تک نافذ رہنا ہے - یہ کوئی افسانوں کی کتاب نہیں ہے کہ جو غلطی رہ جائے گی آپ اسے دوسرے ایڈیشن میں ٹھیک کر دیں گے - اس ترمیم کو قبول کرنے میں آپ کو تردد کیا ہے کہ -

Registered under part III of the Post Office Act

اس کا مطلب یہ ہے کہ پہلے سے آپ کی نیت میں خرابی موجود ہے - آپ ڈاکخانے میں رجسٹری نہیں کرانا چاہتے ہیں - آپ

گھوڑے پر کھمبا پر رجسٹری کرانا چاہتے ہیں - میں قائد ایوان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ آپ اس میں ترمیم کرکے اس مفید قانون کو ملک میں جلد نافذ کریں اور اس میں دیر نہ کریں -

Minister of Revenue (Khan Habibullah Khan):

"A summons may, if the Revenue Officer so directs, be served on the person named therein, either in addition to, or in substitution for, any other mode of service by forwarding the summons by registered post to the person concerned."

وہ خود گھوڑے ، ہاتھی ، اونٹ پر بھیجیں - ان کو پتہ ہونا چاہئیے -

The meaning of service by post .... What is the meaning of service by post. Now, that is given in section 26 of the General Clauses Act.

"Where any West Pakistan Act .....authorises or requires any document to be served by post whether the expression "serve" or either of the expressions "give" or "send" or any other expression is used, then, unless a different intention appears, the service shall be deemed to be effected by properly addressing, pre-paying and posting by registered post, a letter containing the document....."

اس کا مطلب document اشتہار اور سمن ہے -

"and, unless the contrary is proved, to have been effected at the time at which the letter would be delivered in the ordinary course of post."

اب اس سے زیادہ meaning میں کیا بتاؤں - اگر میں دو دن بھی لگا رہوں تو آپ نہیں جانیں گے -

مسٹر سپیکر — جو پہلا پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ تھا اس میں یہ الفاظ موجود تھے -

وزیر مال — ہوتے ہوگے لیکن یہ جنرل کلاز ایکٹ کی موجودگی میں صاف ظاہر ہے -

What is the meaning of service by post
اس کے بعد ضرورت نہیں ہے - سمن رجسٹرڈ پوسٹ کیا جائیگا -

What is the meaning of that, that has been defined and clarified.

مسٹر سپیکر — یہ ordinary registered post ہوگا یا Registered post acknowledgement due ہوگا ؟

وزیر مال — یہ تمام باتیں یہاں نہیں آ سکتی ہیں رولز میں ان چیزوں کو clear کرالیں گے ۔ ہم وہاں کر سکتے ہیں کہ یہ کیسے ہوگا ۔ یہ مخالفت نہیں ہے لیکن اکثر Registered acknowledgement due ہوتا ہے ۔

مسٹر سپیکر — شائد Part III of the Post Office Act میں اسکی تشریح ہو یہ اس لئے رکھا گیا ہے ۔

وزیر مال — ممکن ہے ۔

Mr. Speaker: I will now put the amendment to the vote of the House. The question is:

That in clause 24 of the Bill, as reported by the Select Committee,—

(a) in sub-clause(1), the words, brackets and letter "his recognised agent or (c)" occurring in lines 4-5 be deleted;

(b) for sub-clause(4), the following be substituted, namely:-

"(4) A summons may, if the Revenue Officer so directs, be served on the person named therein, either in addition to, or in substitution for, any other mode of service, by forwarding the summons by post in a letter addressed to the person and registered under Part III of the Post Office Act (Act VI of 1898)." ; and

(c) for sub-clause (5), the following be substituted, namely:—
"(5) When the summons is so forwarded in a letter and it is proved that the letter was properly addressed and duly posted and registered, the Revenue Officer may presume that the summons was served at the time when the letter would be delivered in the ordinary course of post." .

The motion was lost.

Mr. Speaker: Clause 24, sub-clause (3) کی دوسری لائن میں یہ لکھا ہے

"If service cannot be effected in the manner provided in sub-section(1) or if acceptance of service is refused, the summons may be served by affixing a copy thereof at the usual or last known place of residence. . . "

وزیر مال — جناب والا ۔ کلاز ۲۴ (۱) میں سمن کی تعمیل کا طریقہ دیا ہوا ہے ۔ اگر وہ شخص خود مل سکے تو ٹھیک ہے ۔ اگر وہ نہ مل سکے تو اس کی سروس اسکے authorised agent پر ہو ۔ اگر وہ بھی نہ ہو تو اسکی سروس اسکے خاندان کے کسی بالغ مرد پر ہو ۔
سب کلاز ۲ میں یہ دیا ہوا ہے کہ ۔

"If service cannot be effected in the manner provided in sub-section (1)"

یعنی نہ تو خود فریق مقدمہ موجود ہے ۔ نہ اس کا کوئی authorised agent موجود ہے اور نہ اس کے خاندان میں کوئی بالغ مرد موجود ہے تو اس صورت میں کلاز ۲۳ (۲) حاوی ہوگی ۔

Mr. Speaker: اگر وہ انکار کرے .... or if acceptance of service is refused.

وزیر مال — ہاں اگر وہ انکار کرے ۔

مسٹر سپیکر — اس کا مطلب یہ ہے کہ ابتدائی طور پر آپ نے ۴ تجاویز رکھی ہیں ۔ پہلی تین جو ہیں ان کے متعلق رپورٹ آجاتی ہے کہ اس نے سمن لینے سے انکار کر دیا ہے تو پھر ریونیو آفیسر چوتھا طریقہ اختیار کرے گا ۔

وزیر مال— کلاز ۲۳ (۲) میں طریقہ دیا ہوا ہے کہ اس طریقہ سے سمن کی تعمیل ہوگی ۔

مسٹر سپیکر — پہلے تین طریقے دئیے ہوئے ہیں ان کے متعلق اگر رپورٹ آئے گی کہ اس شخص نے سمن لینے سے انکار کر دیا ہے تو اسکے خلاف یکطرفہ کارروائی نہیں کی جائے گی ۔

وزیر مال — دو صورتیں ہیں اور وہ یہ ہیں

"If service cannot be effected in the manner provided in sub-section (1)"

کسی وجہ سے سب کلاز میں جو طریقے بتائے گئے ہیں اگر اس طریقے سے کسی طرح تعمیل نہ ہو تو یہ صورت ہو سکتی ہے ۔

ایک طریقہ یہ ہے کہ اگر بالغ مرد یا فریق مقدمہ خود موجود ہیں اور انہوں نے سمن کی تعمیل سے انکار کر دیا ہے ۔

or if acceptance of service is refused.

ان دونوں صورتوں میں

the summons may be served by affixing a copy thereof at the usual or last known place of residence....

تو اس کے گھر پر سمن چسپاں ہوگا ۔ اور یہ ہمیشہ ہوتا رہا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ ابتدائی طور پر ہے ۔

وزیر مال — یہ ابتدائی طور پر نہیں ہے ۔ جب تک وہ پہلے طریقے ختم نہیں ہوتے straight away وہ ایسا نہیں کر سکتا ہے ۔

مسٹر سپیکر — اس کا مطلب یہ ہوا کہ پہلے وہ خود دیکھے کہ پہلے وہ متعلقہ شخص خود ملتا ہے ۔ یا اس کا authorised agent ملتا ہے یا اس کے بعد کوئی بالغ مرد ملتا ہے یا ان میں سے جو بھی ملتا ہے وہ سمن تعمیل کرنے سے انکار کر دیتا ہے ۔ جب انکار کی رپورٹ آئے گی پھر ریونیو آفیسر آرڈر جاری کرے گا یا انکار کی رپورٹ پر وہ straight away یک طرفہ کارروائی نہیں کرے گا ۔

Minister of Revenue : No. No.

مسٹر سپیکر — عام طور پر سول کورٹ میں یہی ہوتا ہے کہ جب انکار کی رپورٹ آئے فوراً ہی یک طرفہ کارروائی شروع ہو جاتی ہے ۔

وزیر مال — اگر ایسا ہے تو یہ غلط ہے اس قانون کے خلاف ہوگا ۔

مسٹر سپیکر سخان صاحب اس قانون کے خلاف تو ہوگا ۔ وہ پروسیجر ابتداً دیکھ لے کہ پہلے وہ شخص خود ملتا ہے یا اس کا لڑکا ملتا ہے ۔ یا اس کا recognised agent ملتا ہے یا وہ سمن لینے سے انکار کر دیتے ہیں تو اسی وقت یہ سمن چسپاں کر دے ۔ In the first instance اگر وہ اسی وقت سمن چسپاں کرتا ہے Then it is alright کیا یہ پہلی تینوں stages پوری کرنے کے بعد انہیں یہ اختیارات دے رہے ہیں کہ ریونیو آفیسر انکار کی صورت میں پھر دوبارہ direct کرے کہ اس شخص کے گھر پر سمن چسپاں ہو ۔

وزیر مال — ہوتا یہی ہے کہ پہلے فریق مقدمہ اور اس کے authorised agent پر سروس کی جاتی ہے اگر سروس نہ ہو سکے یا اگر مل جائے تو انکار کرے تو اس صورت میں substitution service ہو گی ۔

مسٹر سپیکر — کیا انکار کی رپورٹ آنے کے بعد ریونیو آفیسر پھر دوبارہ آرڈر جاری کرے گا ۔

وزیر مال — substituted service انکار کی رپورٹ آنے کے بعد کرے گا ۔

مسٹر سپیکر — انکار ہونے کے باوجود وہ ریونیو آفیسر پھر کہے گا کہ اس شخص کے در پر سمن چسپاں کر دیا جائے ۔

وزیر مال — طریقہ تو یہی ہے اور قانون بھی یہی ہے کہ رپورٹ آنے کے بعد ایسا کرے ۔ اگر سب کلاز ۱ کے ماتحت تعمیل نہیں ہو سکتی ہے یا نمبر ۲ کے تحت اس نے سمن لینے سے انکار کر دیا ہے اور اگر یہ رپورٹ آ جائے یا فریق مقدمہ یا authorised agent یا بالغ مرد نہیں مل سکتے ہیں یا انکار کرتے ہیں تو اس صورت میں substituted service ہوگی اور یہ substituted service رپورٹ آنے کے بعد ہو گی ۔ جب تک رپورٹ نہیں آئے گی اس وقت تک substituted service نہیں ہو سکتی ہے ۔

مسٹر سپیکر — normal procedure جو ہماری عدالتوں کا ہے جس کے متعلق تھوڑا بہت مجھے معلوم ہے وہ یہ ہے کہ مجھے اس سے قبل یہ طریقہ نہ تھا ممکن ہے مجھے صحیح علم نہ ہو ۔

وزیر مال — جہاں تک مجھے یاد ہے تقریباً سول کورٹس میں وہی طریقہ ہے جو ضابطہ دیوانی میں ہے ۔

مسٹر سپیکر — خان صاحب اس میں جب انکار کی رپورٹ آ جاتی ہے تو فوراً ہی یک طرفہ کارروائی شروع کر دیتی ہیں ۔

خان محمد یوسف خان — جناب والا ۔ میں اس کے متعلق عرض کروں گا کہ ریونیو لاز میں پہلے جو پروویژن ہے وہ یہی ہے ۔

مسٹر سپیکر — سول کورٹس کا کیا پروسیجر ہے ؟

خان محمد یوسف خان — اگر انکار کی رپورٹ آ جائے تو یک طرفہ کارروائی شروع ہو جاتی ہے ۔

Minister of Revenue : I will read that out..

"Where the defendant or his agent or such other person as aforesaid refused to sign the acknowledgement, or where the serving officer, after using all due and reasonable diligence, cannot find the defendant, and there is no agent empowered to accept the service of the summons on his behalf, nor any other person on whom service can be made, the serving officer shall affix a copy of the summons on the outer door or some other conspicuous part of the house in which the defendant ordinarily resides."....

مسٹر سپیکر — یہ ابتدائی سٹیج ہے ۔

وزیر مال — جب وہ انکار کر دیں اور جب وہ straight away نہ مل سکیں پہلے سمن میں لکھا جاتا ہے جیسے دیوانی میں ہوتا ہے کہ اس شخص پر ۔ اس کے لڑکوں پر ۔ اس کے authorised agent پر سروس ہو یا اس کے خاندان کے بالغ مرد پر سروس ہو اگر وہ انکار کریں یا نہ مل سکیں تو اس کے گھر پر سمن چسپاں کر دیا جاتا ہے ۔

مسٹر سپیکر — جو پہلی دفعہ ہے وہ تو صحیح ہے ۔

وزیر مال — لیکن ہم تو ایک مزید رعائت دے رہے ہیں اور وہ یہ ہے کہ رپورٹ آنے کے بعد ریونیو آفیسر کو معلوم ہو جائے کہ اس نے انکار کیا ہے تو اس کے بعد substituted service ہوگی ۔ یہ زیادہ بہتر ہے ۔ وہاں پر تو عدالتی دیوانی ۔

Without waiting for the report of the process so he has been already authorised to effect a substituted service, but here after the report is received and the notice giving Officer concerned is satisfied that either the male member is not available or the party is not there, or he is not an authorised agent, or they refuse after that he will order that substituted service should be effected. That is much better.

مسٹر سپیکر — میرا خیال یہ ہے کہ intention یہ تھی ۔ کہ پہلی stage پر اسے کیا جائے ۔

Minister of Revenue : It is not our intention.

خان محمد یوسف خان — یہ شروع ہی سے ایسا رکھا گیا میں نے عرض کیا ہے کہ انہوں نے صرف اتنی ترمیم کی ہے کہ ۔

" If Service cannot be made or if acceptance of Service is refused."

اس میں لکھا ہے "If Service cannot be effected"

Mr. Speaker : That does not make any difference.

I will now put the clause to the vote of the House. The question is :

That clause 24, as amended, stand part of the bill.

The motion was carried.

CLAUSE 25

Mr. Speaker : There is an amendment by Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I move:

That in clause 25 of the Bill, as reported by the Select Committee,—

(a) in sub-clause (1), for the comma and words "order or proclamation", occurring in line 1, the words "or order" be substituted; and

(b) in sub-clause (2), for the comma and words "order or proclamation", occurring in line 1, the words "or order be substituted".

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is:

That in clause 25 of the Bill as reported by the Select Committee,—

(a) in sub-clause (1), for the comma and words "order or proclamation", occurring in line 1 the words "or order" be substituted; and.

(b) in sub-clause (2), for the comma and words "order or proclamation", occurring in line 1, the words "or order" be substituted

Minister of Revenue : Opposed Sir.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) جناب عالی - بل کی کلاز نمبر ۲۵ کے الفاظ یہ ہیں -

"A notice, order or proclamation, or a copy of any such document, issued by a Revenue Officer for service on any person, shall be served in the manner provided in section 24 for the service of a summons."

جناب سپیکر - کلاز نمبر ۲۵ میں جو ترمیم کرنی منظور ہے اس کا مقصد صرف یہ ہے - کہ اس میں جہاں یہ الفاظ ہیں "Notice or order or proclamation" وہاں صرف "Notice or order" کر دیا جائے - بجائے اس کے کہ "Notice or order or proclamation" کے الفاظ ہوں - میں "proclamation" کے لفظ کو حذف کرنا چاہتا ہوں - اس کی وجوہات یہ ہیں - کہ کلاز نمبر ۲۵ میں "Notice" یا "order" یا "proclamation" کی service کا جو طریقہ ہے وہ وہی ہے جو کلاز نمبر ۲۴ میں سمن کی service کے متعلق ہے - میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سمن یا تو Revenue Officer کسی شخص پر serve کرائے گا یا Recognized Agent پر یا authorized agent پر (جو ہم منظور کر چکے ہیں -) یا خاندان کے کسی male adult پر serve ہو گا - یا fixing of summons سے ہو گا یا جو بقایا طریقے ہیں ان سے ہو گا - تو میں سمجھتا ہوں - کہ اس میں "proclamation" کا جو لفظ ہے وہ unnecessary ہے - اور ہمارا مفہوم صرف "Notice or order"

سے پورا ہو سکتا ہے ۔ اور "order" کا جو لفظ ہے وہ "proclamation" کو بھی "include" کرے گا ۔ جیسا بھی حکم ہوگا اس کے لئے "Notice or order" کے لفظ سے اسی طریقے سے جیسا کہ کلاز نمبر ۲۴ میں بیان کیا گیا ہے یا جس کا اندراج نمبر ۲۴ میں ہے service ہو سکے گی ۔ اسی طرح کلاز نمبر ۲ کی پہلی لائین میں میں نے یہ تجویز کیا ہے ۔ جو اس طرح read کرتا ہے :-

"No such notice, order or proclamation or copy thereof, shall be deemed void on account of any error in the name or designation of any person referred to therein, unless such error has occasioned substantial injustice."

تو میری ترمیم یہ ہے کہ "No such notice or order" کیونکہ "order" کے لفظ میں proclamation شامل ہو جائے گا ۔ اس طرح سے proclamation کے لفظ سے confirm ہو گی کیونکہ 'proclamation' کا مطلب عام طور پر یہ ہوتا ہے کہ کوئی اشتہار دینا یا کسی beat of drum سے کسی چیز کو proclaim کرنا لیکن اگر کلاز نمبر ۲۴ (iii) کو دیکھیں جو کہ میں اس ایوان کی خدمت میں پڑھ کر سناتا ہوں ۔

"If the summons relates to a case in which persons having the same interest are so numerous that personal service on all of them is not reasonably practicable it may, if the Revenue Officer so directs, be served by delivery of a copy thereof to such of those persons as the Revenue Officer nominates in this behalf, and by proclamation of the contents thereof for the information of the other persons interested."

تو اس طرح سے بھی "proclamation" کا جو لفظ ہے وہ کلاز نمبر ۲۴ میں موجود ہے اور کلاز نمبر ۲۵ میں سے "Notice or order" کی جو service ہوگی ۔ وہ کلاز نمبر ۲۴ کی ایک سب کلاز کے تحت ہوئی ہے تو اس طرح سے یہ محض ایک بہتر صورت اس قانون کی ہو جائے گی اگر نمبر ۲۵ (i) اور (ii) میں "Notice order" کے الفاظ کر دئیے جائیں بجائے اسکے کہ "proclamation" کے لفظ کو یہاں پر insert رکھا جائے ۔ تو یہ ایک مختصر سی ترمیم ہے اگر مناسب سمجھیں تو وہ اسے منظور کر لیں ۔

Mr. Speaker : Would Khan Sahib like to reply ?

Minister of Revenue : I think it is unnecessary.

میرا خیال ہے کہ اسکی ضرورت نہیں ہے ۔ کیونکہ اگر proclamation کے لئے نوٹس یا حکم یا اشتہار بھیجا جائے تو بھی

کیا فرق پڑتا ہے "Notice" یا "order" یا "proclamation" بھی اسی طریقے سے ہو سکتا ہے کیونکہ "Notice" اگر بذریعہ خط بھیجا جا سکتا ہے تو آرڈر بھی اسی طریقے سے بھیجا جا سکتا ہے اور کوئی وجہ نہیں - کہ اس طریقے سے نہ بھیجا جا سکے -

ملک محمد اختر - اس طرح duplication ہوگی -

وزیر مال - کوئی duplication نہیں ہوتی -

Mr. Munawar Khan (Bannu I) : Now, Sir, fortunately or unfortunately we are all not so competent on revenue side. We have to discuss it by going through all these provisions.

Mr. Speaker : That is good fortune.

Mr. Munawar Khan : That is good fortune Sir. Now in this, what is meant by proclamation Sir. Proclamation is generally in two or three manners. It is either by beating of drum or by pasting some proclamation at a conspicuous place. Where Sir ? At the Charing Cross or in an estate or near about that village where the person resides ? Where should the 'proclamation' be, if it is to be retained at all. I say Sir that this is absolutely redundant 'Order' clears the thing. Now by which way of proclamation Sir ? By beating of drum or pasting that 'Ishtihar' at some conspicuous place ? What should be the manner in which that proclamation should be made. That is the difficulty in the clause which I could not comprehend. I was reading and re-reading it. So this proclamation is redundant in this case and if at all it is to be retained then the words 'in that estate where the man lives' be added.

Mr. Hamza : Point of order, Sir. I proclaim that the time is over.

Mr. Speaker : The time is not yet over.

Mr. Munawar Khan : That is the point, Sir, that the proclamation should be in the village where the person to be served lives. Not that the proclamation is made at Charing Cross and the person lives in Mianwali, and it should be taken that the proclamation has been made.

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

The question is —

That in clause 25 of the Bill, as reported by the Select Committee,—

(a) in sub-clause (1), for the comma and words, "order or proclamation", occurring in line 1, the words "or order" be substituted ; and

(b) in sub-clause (2), for the comma and words, "order or proclamation", occurring in line 1, the words "or order" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : I will now put the clause to the vote of the House.

The question is —

That clause 25 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The House is adjourned for tomorrow to meet at 8-30 a. m.

The Assembly then adjourned till 8-30 *a. m. on Tuesday, the* 5*th July*, 1966.

APPENDIX I

NAMES OF MEMBERS OF THE ASSEMBLY PRESENT IN THE HOUSE ON 4TH JULY, 1966 AT 8-40 A. M.

Abdul Qayum, Mr.
Abdul Qayum Qureshi, Mr.
Amanullah Khan Shahani, Mr.
Ashraf Abbasi, Dr. Mrs.
Atta Muhammad Lund, Sardar Haji.
Darya Khan Jalbani, Rais Haji.
Hamza, Mr.
Imam Ali Unar, Haji.
Inayat Ali Shah, Syed.
Jafer Ali Shah, Ataliq.
Jalal-ud-Din Khan, Mr.
Khan Muhammad Khan Nizamani, Rais.
Manzoor Ahmed Khan Qaisrani Chief, Mr.
Mazhar Hussain, Mr.
Miraj Din, Mian.
Muhammad Akbar Khan, Khan.
Muhammad Akhtar, Malik.
Muhammad Aslam Khan, Malik.
Muhammad Bakhsh Khan Narejo, Mr.
Muhammad Khan Jogezai Tumandar.
Sardar Bahadur Nawab.
Muhammad Murad Shah, Haji Syed.
Muhammad Muzaffar Khan, Malik.
Muhammad Nawaz, Chaudhri.
Muhammad Sarwar Khan, Chaudhri.
Muhammad Zaman Chishti, Mr.
Mumtaz Safdar, Begum.
Munawar Khan, Mr.
Qurban Ali, Pir.
Saadullah Khan Daur Derpa Khel, Haji.
Shabbir Ahmed Rais, Mr.
Sir, I invite your attention to the comparative table supplied to us wherein the provision contained in the Sind Land Revenue Act para 2 reads:

> "Such proclamation shall be made by beat of drum at the headquarters of the taluka" (and, not even or) "and in the village in which the immovable property is situate,"

Now, this safeguard was not unnecessarily inserted in that.

We have exactly copied out this section from the Punjab Land Revenue Act, while in the other one of Sind, in the second paragraph as I have read out, that was considered necessary, and especially in these days, Sir, I again and again repeat these words, the more safeguards we can give ...

Malik Muhammad Akhtar: Point of order Sir. The House is not in quorum.

Mr. Speaker: Let there be a count. (*count was taken*) The House is in quorum and the point of order is ruled out.

Mr. Munawar Khan: Now we have suggested therein and it was also given that it should be made by proclamation, but where is the proclamation to be made Sir? You know, I know and everybody else knows that generally proclamations are made in the towns, and in certain cases, the land might be situated very far away, on the fringe of that

district. Now in that case, Sir, the proclamation would not be legally effective as it should be. It would not serve the purpose for which the proclamation is to be made. So where is the harm, Sir, when previously in Sind area, it was done in that village ? It was required that that proclamation should be made in that village, that very village in which the land is situate, while we only suggest that it might be in the estate in which that land is situate. So it is just a precaution, a safeguard. Not that we want that all our amendments, whether they are reasonable or unreasonable, should be accepted, but we want that where we have got precedents that is a very good enactment in the Sind area - it should be adopted. We do not say 'in more places,' but say in the estate in which the land is situate.

So, it is in the interest of all, not of any particular individual, that we have suggested this very reasonable, and I hope it will be reconsidered and accepted if it appeals to them Sir.

مسٹر سپیکر ۔ مسٹر حمزہ ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور ۔ ٦) ۔ عرض یہ ہے کہ مال کے قانون کو صوبہ مغربی پاکستان کے تمام علاقوں پر نافذ کرنے کے لئے یہ مسودہ قانون تیار کیا گیا ہے ہمیں یہ توقع تھی کہ حکومت سابق سندھ کے علاقہ میں جو قانون موجود ہے اس کی بعض دفعات جو پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ کے مقابلہ میں بہتر ہونگی اپنا لے گی لیکن انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ بعض دفعات جو اس قانون میں متشددانہ بلکہ دقیانوسی قسم کی ہیں انکو اس مسودہ قانون میں شامل کیا گیا اور بہتر دفعات جو پنجاب کے قانون میں موجود تھیں ان کو حذف کر دیا گیا ہے بجائے اس طرح پنجاب کے قانون کی متشددانہ دفعات کو بدستور قائم رکھا گیا ہے بلکہ آج کی ایوان کی کارروائی سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت اسوقت تک اس پر مصر ہے اور جب ہماری طرفسے اعتراض کیا

جاتا ہے تو کہا یہ جاتا ہے کہ یہ صرف شک و شبہہ ہے اور محض ہمارے ذہن کی پیداوار ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں آپ کے توسط سے جناب وزیر مال کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کراتا ہوں کہ سابق سندھ کے علاقہ میں ہمارے علاقہ کے مقابلہ میں تعلیم کا تناسب بہت کم ہے اور اس ایوان میں متعدد بار بتایا گیا ہے کہ وہاں پٹواریوں نے عجب لوٹ مچا رکھی ہے ۔ ہمارے یہاں تو یہ حالت ہے کہ اس سے صرف عام کاشتکاروں کو دقت کا سامنا نہیں کرنا پڑتا بلکہ حکومت کو بھی نقصان ہوتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اگر اسمیں یہ واضح طور پر بتا دیا جائے کہ یہ proclamation یا جو منادی ہے اہلکاران اس جگہ کروانے پر مجبور ہونگے جہاں کہ وہ شخص رہتا ہے جس کے متعلق منادی کروائی جا رہی ہے عام طور پر اسکے باوجود بھی کئی جعلی قسم کی دستاویزات تیار کر لی جاتی ہیں اور اس پر نمبردار یا چوکیدار کے دستخط کرا لئے جاتے ہیں کہ منادی کروا دی گئی امکانات تو ہر جگہ اس زمانے میں موجود ہیں اور امکانات کسی حد تک کم بھی ہو سکتے ہیں البتہ ہوتا یہ ہے کہ یہ اہلکار بعض ایسے افراد کو جنہیں یہ نقصان پہونچانا چاہتے ہیں یا حکومت کو نقصان پہونچا کر ذاتی فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں وہاں یہ تمام کارروائی مقررہ طریقہ سے نہیں کراتے ۔ اس سلسلے میں ایک واقعہ کی طرف میں انکی توجہ مبذول کراتا ہوں جو میری تحصیل میں معرض وجود میں آیا ۔

جناب سپیکر ۔ ہمارے ہاں کلکٹر صاحب کو یہ اختیارات ہیں کہ وہ تمام

سرکاری اراضیات کو سالانہ پٹے پر دیں اور اسکے لئے ایک خاص شیڈول یا جسے جدول کہا جاتا ہے جاری کیا جاتا ہے ۔ ایک گاؤں جو شہر ٹوبہ ٹیک سنگھ سے تین میل کے فاصلے پر ہے وہاں سرکاری اراضی تقریباً تین سو ایکڑ سے زیادہ ہے جسے حال ہی میں حکومت کی تازہ پالیسی کے تحت بلدیہ کی حدود سے ۵ - میل کے radius کے اندر ہونے کی وجہ سے واپس لے لیا ہے لیکن بدقسمتی یا خوش قسمتی سے وہ لوگ جو پچھلے ۱۰- سال سے قابض تھے انہوں نے ایک حکم امتناعی عدالت سے حاصل کرلیا ان لوگوں نے سوچا کہ اب یہ زمین سالانہ ٹھیکہ پر نیلام نہیں ہوگی مگر کچھ دنوں کے بعد ان لوگوں کو پتہ بھی نہ چلا اور دوسرے افراد جو بہت ہی بارسوخ تھے انہوں نے ۱۸- روپے فی ایکڑ کی شرح سے وہ زمین حاصل کر لی لیکن وہ زمین جیسا کہ میں نے عرض کیا شہر ٹوبہ ٹیک سنگھ سے تقریباً ۲-۳- میل کے فاصلے پر ہے اور نہری پانی اسمیں لگتا ہے (قطع کلامیاں) ۔

Mr. Speaker : Order please; Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan is presumably wanted outside by Mr. Kureja, and it is better that both the the Members should go out and come into the House when they are free.

(Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka and Khawaja Jamal Muhammad Kureja went out of the House)

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ وہ اراضی جو کہ عام حالات میں ڈھائی سو یا دو سو روپے فی ایکڑ پر اٹھتی تھی وہ ۱۸- روپے فی ایکڑ سالانہ پر دے دی گئی حکومت سے بھی ان لوگوں نے دھوکا کیا اور ان لوگوں کو بھی دھوکا دیا جو اس پر پہلے قابض تھے اور اسطرح سے حکومت کو ہزاروں روپے کا نقصان ہوا ۔ دوسری طرف جو لوگ قابض ہیں

انکے خلاف ۳۰۷ کا پرچہ درج ہے اور فائرنگ ہوئی اور وہاں ابتک اچھی خاصی کشیدگی موجود ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ہم اس قانون کو اس حد تک fool proof بنائیں اور اس حد تک سمجھنے کیلئے آسان بنائیں اور اس حد تک اسکی عملی دشوارپوں کو رفع کر سکیں جس سے عام کاشتکاروں کو دقت کا سامنا نہ ہو تاکہ بددیانت لوگ خواہ وہ عام آبادی کے ہوں یا اہلکار ہوں وہ آپسمیں سازش کر کے حکومت کو نقصان نہ پہونچا سکیں اور نہ ہی عام لوگوں کو نقصان پہونچا سکیں ۔ ہم یہ اسی وقت کر سکیں گے جب ہم انتظامیہ کو بہتر طریقہ سے چلانے کی کوشش کریں گے ۔ اگر ہم اس کو ایسا بنانے کی کوشش کریں گے تو انتظام بہتر طریق سے چل سکتا ہے اور ہم آئندہ کے لئے بھی اسے چلانے کا اہتمام کر سکیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ ان معروضات کے پیش نظر میں جناب وزیر مال کی خدمت میں التجا کروں گا کہ چونکہ اس قسم کی دفعات ضابطہ دیوانی میں موجود تھیں آپ ان کو مان لیں اور اس کو وقار کا سوال نہ بنائیں اور چونکہ پچھلے متعدد سالوں کے تجربہ سے پایا گیا ہے یہ بالکل درست ثابت ہوئی ہیں اور ان میں کوئی legal flaw نہیں ہے ۔ ہاں جناب سپیکر ۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ہماری طرف سے جو بھی ترمیم کی گئی ہے اس میں کسی جگہ language یا زبان کی چھوٹی بہت غلطی ہو ۔ ہم نے جو آپ کے سامنے

معروضات پیش کی ہیں ان سے آپ نے سمجھ لیا ہو گا کہ ہمارا مقصد کیا ہے اور ہم کیا چاہتے ہیں ۔

وزیر مال ۔ میں تو نہیں سمجھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ پھر خدا ہی آپ کو سمجھائے ۔ جناب سپیکر۔ وہ بزرگ ہیں میں کیا کہہ سکتا ہوں میں تو صرف یہ کہہ سکتا ہوں کہ اللہ ان کی مدد کرے ۔ جناب سپیکر ۔ میں ان معروضات کے پیش نظر آپ سے التجا کروں گا کہ آپ محترم وزیر مال کو سمجھا دیں کیونکہ میں تو بقول ان کے انہیں نہیں سمجھا سکا اور اگر سمجھنے کے بعد اللہ تعالیٰ ان کو توفیق دے تو جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے اس پر وہ عمل کرنے کی کوشش کریں اور مغربی پاکستان کی آبادی جس پر اس قانون نے بلا واسطہ یا بالواسطہ اثر انداز ہونا ہے وہ اس کی خامیوں سے بچ جائے اور جو ترمیمات ہم نے پیش کی ہیں ان سے مستفید ہو سکیں ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)۔ اس کلاز کے متعلق جو تقریر ہوئی ہے میں کچھ نہیں سمجھا البتہ ایک مقصد میں ان کا سمجھا ہوں جو وہ خود بھی سمجھتے ہوں گے وہ یہ کہ سوائے اس بات کے اور کچھ نہیں کہ وہ اس کو لمبا کرنا چاہتے ہیں ۔ یہ تو میں سمجھا ہوں لیکن اس کلاز کی بابت انہوں نے کچھ نہیں کہا ۔ جس شخص کو یہ تمیز ہو کہ village کس کو کہتے ہیں لینڈ کس کو کہتے ہیں estate کس کو کہتے ہیں وہ تو با آسانی اس کو سمجھ سکتا ہے ۔ ترمیم پیش کی گئی ہے کہ جو منادی کی جائے جو اشتہار لگایا

جائے تو وہ اسی ایسٹیٹ میں ہو جہاں وہ زمین متنازعہ واقع ہے ۔ ایسٹیٹ محال کو کہتے ہیں اور محال وہ ہوتا ہے جو گاؤں سے بڑا ہوتا ہے ۔ تو محال کے لئے ایک ریکارڈ آف رائٹس تیار کیا جاتا ہے ۔ محال بعض اوقات village سے زیادہ ہوتا ہے ۔ بعض حالات میں ایک محال میں کئی villages ہوتے ہیں اور ایک village میں کئی کھیت ہوتے ہیں ۔ ہم نے یہ کلاز پیش کی ہے کہ جب منادی کرائی جائے اور اشتہار لگائے جائیں تو وہاں beat of drum بھی کرایا جائے جہاں زمین متنازعہ واقع ہو ۔ پھر جناب اس طرف سے ترمیم پیش ہوتی ہے کہ نہیں ۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ منادی بھی کرائی جائے اور اشتہار بھی لگائے جائیں ۔ beat of drum بھی ہو۔ اب آپ بتائیے کہ بعض اوقات محال تو ایک میل سے بھی لمبا ہوتا ہے اور ایسے محال بھی ہیں جن کی لمبائی چوڑائی پانچ میل سے بھی زیادہ ہوتی ہے تو اگر ان کی ترمیم مان لی جائے تو پھر آپ پٹواریوں اور ریوینیو افسروں کو یہ اختیار دیتے ہیں کہ وہ محال کے اگر ایک سرے پر زمین متنازعہ واقع ہو تو وہ محال کے دوسرے سرے پر جو دو تین میل بلکہ چار میل وہاں سے دور ہو وہاں بھی وہ منادی کروا سکتے ہیں اور وہاں بھی اشتہار لگا سکتے ہیں اور اگر کوئی اعتراض کرے تو وہ کہتے ہیں کہ صاحب حمزہ صاحب نے یا ملک صاحب نے ایک ترمیم پیش کی تھی ہم تو ابھی ان شرائط کو پورا کر رہے ہیں ۔ شرائط یہ ہیں کہ محال میں ہونی چاہئیے چاہے زمین اور ایک سرے پر ہو ہم محال کے دوسرے سرے تک منادی کرا سکتے ہیں اور وہاں اشتہار بھی لگا سکتے ہوں وہ تو آسانی سے جان بچا سکتے ہیں لیکن ہم

نے اس کلاز کے ذریعے سے یہ کیا ہے کہ محال میں نہیں village میں نہیں بلکہ اس متنازعہ زمین کے پاس منادی بھی کرائی جائے گی اور اشتہار بھی چسپاں کئیے جائیں گے تاکہ فریقین مقدمہ کو پتہ چل سکے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

"When a proclamation is issued by a Revenue Officer it shall, in addition to any other mode of publication which may be prescribed by or under this Act, be made by beat of drum or other customary method. . . . . ."

منادی ہو ۔ بگل ہو ۔ کچھ اور ہو

". . . .and by affixing a copy thereof on a conspicuous place in or near the land to which it relates."

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی وضاحت ختم کرتا ہوں اور امید ہے کہ تمام ہاؤس اس پر agree کرے گا ۔

Mr. Speaker : I will put the amendment to the vote of the House.

The question is --

That in clause 26 of the Bill, as reported by the Select Committee, between] the words "method" and "and", occurring in line 5, the words "in the estate in which the land to which it relates is situated" be inserted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is —

That clause 26 stands part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 27

Mr. Speaker: Now, we come to clause 27 and there is an amendment to it by Mr. Munawar Khan, who may please move his amendment.

Mr. Munawar Khan: I beg to move:

> That clause 27 of the Bill, as reported by the Select Committee, be deleted and subsequent clauses re-numbered accordingly.

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is:

> That clause 27 of the Bill, as reported by the Select Committee, be deleted and subsequent clauses re-numbered accordingly.

مسٹر منور خان آپ اس کلاز کی opposition میں بھی بول سکتے ہیں یعنی آپ یہ کہیں کہ میں کلاز ۲۷ کو oppose کرتا ہوں ۔ کیا آپ ساری کو delete کرانا چاہتے ہیں ؟

مسٹر منور خان ۔ جی ہاں اور اگر آپ نہ مانیں تو پھر دوسری امنڈمنٹ میں جائیں گے ۔

I will also read out the other amendment. I will discuss them jointly, Sir.

مسٹر سپیکر ۔ جہاں تک آپ کی پہلی امنڈمنٹ کا تعلق ہے اس کے متعلق آپ کچھ مخالفت میں کہہ سکتے ہیں لیکن جہاں تک دوسری امنڈمنٹ کا تعلق ہے میرا خیال ہے کہ وہ پہلے آپ کو move کرنی چاہئیے آپکا شاید مقصد یہ ہے کہ یہ ساری کی ساری جائے ۔

مسٹر منور خاں ۔ یہ ساری کی ساری جائے اور اگر نہ جائے تو پھر دوسرا alternative ہو گا ۔ That will be an alternative

Mr. Speaker: The amendment is that clause 27 of the Bill, as reported by the Select Committee, be deleted and subsequent clauses re-numbered accordingly.

Mr. Munawar Khan (Bannu—I): Sir, I might be permitted to read sub-clause (1) of clause 27 which says—

> "Every inquiry under this Act, shall be deemed to be a "judicial proceeding" within the meaning of sections 193, 219 and 228 of the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860), and the office of the Revenue Officer holding an inquiry shall be deemed to be a Court for the purposes of such inquiry."

Now, before proceeding Sir, with your permission, I might respectfully invite your attention to the table supplied to us. There was no such provision in the Punjab Land Revenue Act though there was one in the Sind Land Revenue Act which is exactly copied out. In case of the present clause we have to see why Revenue Officer had not been given these contempt powers before in the former Punjab and Frontier and why these were given to them so far as Sind was concerned.

Mr. Speaker : The House is adjourned for 20 minutes for Tea Break.

The Assembly then adjourned for twenty minutes.

The Assembly met at 11.00 a.m. Mr. Speaker in the Chair.

Mr. Speaker: Yes, Mr. Munawar Khan.

Mr. Munawar Khan: Is there quorum Sir? If the quorum is complete, I will start.

Mr. Speaker: I am not to be questioned in this behalf It is for the Member to raise a point of order.

Mr. Munawar Khan: Let it be a point of order Sir.

Mr. Speaker: Let there be a count. (*count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Mr. Munawar Khan.

Mr. Munawar Khan: I was submitting Sir, that this is a very important section, which will be changing the entire aspect of the administrative powers or the legal powers of Revenue Officers. Before dealing with it, I might respectfully invite your attention to clause 16, which has already been passed, wherein it is so specifically given that the Government can confer rights of a Revenue Officer on any person. Now we see, Sir, that the definition of a Revenue Officer is not given in clause 4 as to who can be classed as a Revenue Officer. Therein only this much is given whoever would perform the duties of a Revenue Officer. That is the definition of a Revenue Officer given in clause 4.

This clause now confers very, very serious powers upon a Revenue Officer, God knows who he might be; what might be his post, because a peon can also be a Revenue Officer. When the word 'any officer' comes in as I submitted while discussing clause 16, the power of a Revenue Officer can be conferred on anybody, even on a peon, even on a Basic Democrat. And because of these elections, Sir, through these basic democracy elections, there are rifts and frictions in each street, in each house, in each 'Hujra'—we call it 'Hujra', I don't know what is the name given to it in

Punjab or Sind, where the villagers assemble for their marriages or on any other occasion.

Mr. Speaker: In Punjab, it is called 'Daira'.

Mr. Munawar Khan: Thank you Sir. But the question would be that these contempt powers are to be used by such an officer who himself might not be having the legal knowledge to appreciate, to understand the provisions of section 193 P.P.C. or section 228 relating to contempt of court. Now we find Sir in other laws what is a court. A court means the Magistrate or a Revenue Officer sitting as a court inside his court room. Then in that case alone, he might be classed as Court. But on occasions he might go on tours and there he would sit in an open place, secluded, aside from other people. You know how people deal with the revenue staff. When they go out to the villages, sometime they sit under a mulberry tree and you know those illiterate people, those rustics, the way in which they talk to these Officers, the way in which they discuss a thing with their officers, and then, Sir, he would be angry: 'Well, you said like that before me, and you are run in for contempt of court.'

Even we, the lawyers are occassionally warned in courts when we are conducting our cases that we have gone out of the sphere and that we are committing contempt. So, daily there will be contempt cases before a peon, before any person, before a Basic Democrat, he is more important these days, who might become a Revenue Officer and powers might be conferred on him while Mr. Memon may be framing rules. Under these circumsta nces, giving them these contempt powers would be absolutely ridiculous and would be absolutely meaningless. You know, Sir, the party frictions created due to these petty elections in the villages. So, any party, in a very minor matter, might flare up because of the inner feelings against each other and for very petty things he might hold that he has committed contempt and next day the poor man would be summoned by a court of law under Section 228 to stand a charge for contempt of court of a peon. Peon acts as a court of the Revenue Officer. My

submission is that these are so wide powers which will create chaos in the administration and discontentment in the entire population of the Province. The population cannot and do not understand the meanings as to what is a court and what respect is extended to it. Therefore, they will be running... ...

Malik Muhammad Akhtar : Point of order. I am afraid the House is not in quorum.

Mr. Speaker: Let there be a count. (*count was taken*) The House is not in quorum Let the bells be rung. (*bells were rung*) The House is in quorum.

Mr. Munawar Khan : I was submitting that these judicial powers may not, at all, be conferred on these Revenue Officers unless and until we are assured that these Revenue Officers would only be some responsible law-knowing officials of the Revenue Department. Not a patwari, not a girdawar and not a peon but atleast some law-knowing officer. When the definition of the Revenue Officer is not there in this Bill, how can we expect that when the rules will be framed by any person they will not go to any extents. Because we see that we ourselves, excuse me for saying so, do not take pains while drafting a law to see the effect which it will be having and the consequences which will result from the application of those provisions. We just go on copying and copying and do nothing else. I once reminded my learned friend, the Law Minister, 'please do not touch the Moghul buildings, those technicians are not present, we are not yet competent to frame laws. Let us first be competent, let us first acquire experience and then we shall be able to frame laws for our country. At the present, let us pursue the old laws'. I apologise to him for saying this but it was during the passage of the Criminal Law Amendment Act that I had requested him. I don't know if he remembers but I do. Now, we see that this conferring of powers of contempt on such people who themselves would not be knowing the A, B, C of law would be very disasterous.

They would run in any person for contempt, for perjury and for anything. With these respectful submissions I would propose, through you, that this clause may please be deleted totally from the Bill.

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میں اپنے محترم خان صاحب کی ترمیم کی تائید کرتے ہوئے گذارش کروں گا جب کہ ہاؤس میں کہا گیا ہے۔ زیر بحث بل کی کلاز ۲۷ کی رو سے دفعہ ۱۹۳ ۔ دفعہ ۲۱۹ اور دفعہ ۲۲۸ Pakistan Penal Code کے تحت جو اختیارات مجسٹریٹ کو یا انکوائری افسر کو حاصل ہوں گے ۔ آپ وہی اختیارات اسی افسر کو دینا چاہتے ہیں ۔ جو اس Bill کے تحت انکوائری کر رہا ہے اور اس افسر کا دفتر Court گردانا جائے گا ۔

جناب سپیکر ۔ ریونیو افسر کی جو تعریف کی گئی ہے وہ سیلیکٹ کمیٹی کی سفارش کے مطابق Item No. 22 اغلباً کلاز ۲ میں ہے۔ اس کے مطابق ریونیو افسر کی تعریف یہ ہے ۔

> "Revenue Officer means a Revenue Officer having authority under this Act to discharge the functions of a Revenue Officer."

Minister of Law : Point of order.

The proposed amendment seeks to delete clause 27 of the Bill. Obviously, it is an amendment which will require a negative vote if the clause is to be deleted. I distinctly recollect, I am subject to correction, that when the Senior Deputy Speaker was in the Chair a similar amendment relating to clause 2, which also sought to delete clause 2, was moved and was ruled out of order. I would, there-

fore, submit that this amendment which seeks to negative the clause, as it stands in the Bill as recommended by the Select Committee, is out of order.

Mr. Speaker : The position is that there are two amendments for clause 27. The first amendment seeks negation of the whole clause and the second amendment suggests something in sub-clause (2). If I would have held that Mr. Munawar Khan cannot move the first amendment as it was out of order, then I would have passed on to the next amendment.

And in case the next amendment is rejected, then I would allow Mr Munawar Khan to oppose the clause as a whole. Therefore, first I have allowed them to oppose the clause as a whole and if this amendment is carried, then naturally subsequent amendment would not be moved and if that amendment is not carried, then subsequent amendment will be moved.

I have done this simply to give them an opportunity to move the amendment for which they have given notice.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر۔ میں گذارش کر رہا تھا کہ ریونیو آفیسر کی جو definition دی گئی ہے وہ یہ ہے کہ گورنمنٹ کیطرفسے کوئی بھی شخص اس بل کے پاس ہو جانے کے بعد اس ایکٹ کے تحت ریونیو آفیسر کے فرائض انجام دینے کا مختار ہو جائیگا ۔ جناب سپیکر ۔ اس مین ستم کی انتہا یہ کی جا رہی ہے کہ جو ریونیو آفیسر کی definition ہے وہ indefinite ہے اور vague ہے میں سمجھتا ہوں کہ کلاز ۲۷ ۔ میں مجموعہ تعزیرات پاکستان

کی دفعہ ۱۹۳ - ۲۱۹ - اور ۲۱۸ - کے تحت جو کچھ ہوگا وہ judicial proceeding گردانی جائیگی -

جناب سپیکر- میرا ایک اصول ہے اور وہ یہ کہ میں کہتا ہوں کہ ایگزیکٹو اور جوڈیشل functions کو بروئے کار لانے کیلئے دو کلاز ہونے چاہئیں - جناب قائد ایوان یا برسراقتدار لوگ جو اس بل کو لائے ہیں انکا نظریہ یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ پاورز ان لوگوں کو delegate کر دئے جائیں جو گورنمنٹ کیطرفسے ریونیو آفیسرز مقرر کئے جائیں -

Sir, I am addressing the Leader of the House.

Minister for Revenue : I am listening.

ملک محمد اختر - میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ یہ functions جو ریونیو آفیسرز کی ہیں نہ تو ریونیو افسر کی define term کی گئی ہے functions اسکی لاتعداد اور بیشمار ہیں اور اس پر طرہ یہ ہے کہ ریونیو آفیسر کی کلاز میں آپ نے نائب تحصیلدار سے لیکر بورڈ آف ریونیو تک کی تمام کی تمام ریونیو ایجنسی کو اسمیں include کردیا ہے - جہاں تک کلکٹرز کمشنرز اور بورڈ آف ریونیو کے ممبروں کا تعلق ہے شاید میں اس پر اعتراض نہ کرتا لیکن اس نچلی سطح پر جہاں تک نائب تحصیلدار اور تحصیلدار اور دیگر افسروں کا تعلق ہے ہماری سرکار عالی مدار افسروں کی definitions میں ممکن ہے peon تک کو شامل کر لے اور رول بناتے وقت ریونیو آفیسر کو جب پاورز دینی ہوں تو یہ کسی ان پڑھ اور iliterate کو پاورز دے دیں - جناب والا - قانون نہایت ہی واضح ہونا چاہئیے اور قانون

اتنا مفید اور عام فہم ہونا چاہئے جسے لوگ سمجھیں اور اسکی فرمانبرداری کریں ۔ اور اسپر عمل پیرا ہوں لیکن یہ قانون معلوم ہوتا ہے کہ آج سے ۸۰ سال قبل بلا سوچے سمجھے ہمارے کسی آقانے اور کسی انگریزی حکومت کی مشینری کے پرزے نے بنا کر اسے دوبارہ نافذ کرنے کا ارادہ کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ واجب نہیں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اسکے بعد میں عرض کروں گا کہ یہ بالکل غیر ضروری کلاز ہے آپ اسی کلاز (اے) کو دیکھیں ۔ کہ سیلیکٹ کمیٹی نے جو سفارش کی ہے اسمیں ریونیو کوڈ کی علیحدہ دفعہ موجود ہے ۔

"Revenue Code means a code constituted as such under the rule relating to tenancy as in force for the time being."

جناب والا ۔ ریونیو کورٹ کیلئے اگر یہ اس قسم کی contempt کی proceeding یا دیگر سیکشن کو یہ نافذ کردیتے تو ہمیں کوئی اعتراض نہ ہوتا ۔ لیکن جناب والا یہ تو ایسی حکومت ایسے harsh قوانین لاکر ایسے غلط قوانین لاکر اور اپنے عملہ کو arbitrary پاورز محکمہ مال کو دیکر کیمونزم کو فروغ دینے کے مرتکب ہو رہے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمائیے کہ دفعات ۱۹۳ ۔ ۲۱۹ ۔ اور ۲۲۸ ۔ کے تحت کسی بھی شخص کو ایسے پاورز دیدینا اس ملک کے لوگوں کی آزادی کو سلب کرنا ہے اور دیہاتی آبادی پر ایک ضرب کاری لگانے کی کوشش کیجا رہی ہے مجھے اصولی طور پر جوڈیشری اور ایگزیکٹو کو اکٹھا کرنے پر اعتراض ہے اگر

یہاں پر اسے ایگزیکٹو کیلئے naked پاورز کہوں تو میں حق بجانب ہوں ۔ اتنے وسیع اختیارات دے دینا اور پھر ان اختیارات کے علاوہ فریقین پر مقدمہ دائر کرنے کے جو اختیارات ریونیو آفیسر کو حاصل ہو جائیں گے تو یہ مناسب نہیں ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے بعض صوبجات میں اس سے قبل قانون کی یہ دفعہ شامل نہیں تھی لیکن اب اسمیں یہ دفعہ شامل کرکے ہماری غلامی کی زنجیر میں ایک اور کڑی کا اضافہ کر دیا گیا ہے ۔ جناب والا ۔ مالیہ کی collection کیلئے ہمیں لوگوں کے ساتھ اتنا harsh نہیں ہونا چاہئے میرے خیال میں اس قانون کا نام لینڈ ریونیو بل کی بجائے اگر قائد ایوان پولیس ایکٹ رکھدیتے تو حکومت کے عزائم آشکار ہو کر عوام کے سامنے آجاتے ۔ کیا لوگ اس چیز کا احساس کریں گے کہ انکو آزادی حاصل ہے ۔ ۸۰ ۔ یا ۹۰ ۔ فیصد جو دیہاتی آبادی ہے انکی آزادی پر یہ ایک ضرب کاری ہے جو اس شکل میں لائی جارہی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۱۹۳ کا جو پروسیجر adopt کیا جائیگا وہ یہ ہے اسے میں پڑھوں گا نہیں صرف اس کا حوالہ دے رہا ہوں کہ جو complaint کورٹ ہوگا اور اس کورٹ کیطرف سے جو سزا تجویز کیجائیگی اسکے لئے ریونیو آفیسر initiative لیگا جو کہ زمیندار کا آلہ کار ہوگا اور جسکے بل بوتے پر لینڈ لارڈ اپنے کاشتکار یا tenant کو دبا کر رکھتا ہے ۔ پاکستان میں بے شمار ایسی estates ہیں اور آپ ان میں ایک نئی حکومت پیدا کر رہے ہیں ۔ اور اس نئی حکومت میں زمیندار جو بااثر اور بااختیار ہے اس کو موقع ہو گا کہ اگر وہ کسی سے

ناراض ہو گیا تو اپنے مخالف اور اپنے دشمن کو victimise کرنے کے لئے سیکشن ۱۹۳ کا سہارا لے گا۔

جناب سپیکر۔ اس کے بعد اب میں دفعہ ۲۲۸ پر آتا ہوں۔ اس دفعہ میں دیا گیا ہے کہ۔

"Whoever, intentionally offers any insult, or causes any interruption to any public servant while such public servant is sitting in any stage of a judicial proceedings . . . .

جناب والا۔ یہ جو judicial proceedings کی کیا definition ہے کوئی انکوائری اس قسم کی بھی ہو سکتی ہے۔ یعنی کسی کاشتکار کے کھیت میں کوئی سرو ے mark کرانے کے لیے جائے اور انکوائری کرے انکوائری اس قسم کی بھی ہو سکتی ہے کہ کاشتکار لینڈ ریونیو کے arrears کے payment میں default کرے۔

انکوائری اس قسم کی بھی ہو سکتی ہے کہ کسی جگہ کسی کو suspect کیا گیا ہو کسی سے زیادہ یا کسی سے کم مطالبہ کیا جائے یا وہ کسی خاص قسم کا کلیم دائر کر دے تو انکوائری اس قسم کی بھی ہو سکتی ہے۔ کہ بے پناہ اختیارات جو آپ کے پٹواریوں کو حاصل ہیں بلکہ اسسٹنٹ ریونیو افسر کو بھی بے پناہ اختیارات حاصل ہیں کہ وہ کسی کا انتقال درج کرتے وقت کسی کو نکال کر دوسرے کو قبضہ دے دے۔ جناب سپیکر۔ مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ آپ سیدھا سادھا قانون لائیے جس سے کہ آپ اپنے عملے پر کچھ کنٹرول رکھ سکیں اور آپ اپنا مالیہ بھی وصول کر

سکیں اور default کی صورت میں آپ مناسب حد تک ترقی کر سکیں - مجھے بتائیے کہ کارخانہ داروں کے جو مزدور ہیں ان کی یونینیں ہیں -

Mr. Speaker : Malik Sahib is not relevant.

I will try to be relevant Sir. I come to the next point. **ملک محمد اختر** - تو ان کاشتکاروں کا اللہ ھی مالک ہے جہاں پر آپنے ریونیو افسر ایسے لگا دئیے ہیں اور ان ریونیو افسران کو آپ سیکشن ۱۹۳ ہی پی سی کی پاورز دیتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ سیکشن ۲۲۸ پی پی سی کی بھی دے رھے ہیں - جناب سپیکر - contempt کی پاورز ضرور ہونی چاہئیں لیکن یہ وھاں پر ضروری ہیں جہاں پر کہ کسی قانونی عدالت کی عزت بحال رکھنا مقصود ھو - بتائیے آپ کے نائب تحصیلدار کو ایسی پاورز دینا جب کہ وہ انکوائری کر رہا ھو کہاں تک درست اور واجب ہے - جناب سپیکر - میں ان گزارشات کے ساتھ یہ گذارش کروں گا کہ آپ خدارا اس چیز کو سوچیں - یقیناً اس بل کا کریڈٹ قائد ایوان کو جائے گا اور اگر discredit ہو گا تو وہ بھی ان کے نام کے ساتھ تاریخ میں لکھا جائے گا - یہ چیز تاریخ میں لکھی جائیگی اور ان کا نام لکھا جائیگا کہ کب اور کیسے یہ ایکٹ کی صورت اختیار کر گیا - تو جناب والا - میں لمبی بات نہیں کرنی چاھتا میں ان گذارشات کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - قائد ایوان نے شاید اشارہ کیا ہے کہ کورم نہیں ہے -

وزیر مال ۔ میرا خیال ہے کہ آج جھوٹ بولنا منع نہیں ہے ۔ آپ سے ایسی توقع رکھنا اور اس ڈاڑھی کے ساتھ یہ ایک معیوب سی بات ہے میرے اشارے کا مطلب یہ تھا کہ باہر جا کر سگرٹ پی آؤ ۔

Mr. Speaker : The House is in quorum. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ۶) ۔ جناب سپیکر ۔ یہ دفعہ جو اس مسودہ قانون میں شامل کیگئی ہے اور جس کے حذف کرنے کی ترمیم جناب منور خان صاحب نے پیش کی ہے اس کے متعلق گزارش یہ ہے کہ اس سے پہلے پنجاب ایکٹ میں یہ گنجائش موجود نہیں تھی میں یہ عرض کر چکا ہوں کہ حکومت بجائے اس کے کہ حالات کو بہتر بنانے یا قانون کو نرم کرنے کی کوشش کرتی اس نے اس کو مزید سخت کرنیکی ایک بہت خطرناک سازش کی ہے۔ اسے سازش اس لئے کہوں گا کہ آپ کو علم ہے کہ پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ آج سے تقریباً ۸۰ سال قبل منظور ہوا تھا ۔ وہ غلامی کا زمانہ تھا اور انیسویں یا بیسویں صدی کے آخری حصہ میں ہم اس وقت رہ رہے ہیں ۔ دنیا بہت کچھ بدل چکی ہے چاہئے تو یہ تھا کہ افسران کو جو وسیع اختیارات دئیے جا رہے ہیں ان کو محدود کیا جاتا ۔ محدود اس لئے کیا جاتا کہ اکثر اوقات دیکھنے میں آتا ہے کہ وہ اختیارات جو ان کو پہلے ہی حاصل ہیں ان کا ناجائز استعمال ہوتا ہے لیکن گورنمنٹ کی چال بالکل نرالی ہے اس مسودہ قانون سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت کی خاص طور پر جب سے مارشل لا اس ملک میں نافذ ہوا ہے افسران کو وسیع اختیارات دینے کی جو پالیسی ہے وہ اس پر سختی سے کاربند ہےاور عمل کر رہی ہے۔ جناب سپیکر یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ ایک طرف تو جن افسران کو اختیارات دئیے جانے ہیں واضح طور پر ان کا عہدہ متعین

نہیں کیا گیا اور اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا اور یہ نتیجہ اخذ کرنے پر ہم مجبور ہیں کہ اس زمرے میں چھوٹے چھوٹے اہلکاروں کو یہ اختیارات دئیے جاسکتے ہیں اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت چھوٹے چھوٹے اہلکاروں کو زیادہ اختیارات دینے پر تلی ہوئی ہے - چاہئیے تو یہ تھا کہ عملی دشواریوں یا پبلک کی عام بات کے پیش نظر ایسے افسران کو جنکو پہلے ہی اختیارات حاصل ہیں اور جنکے بارے میں یہ عام شکایت ہے کہ وہ اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے رہے ہیں ان اختیارات کو کم کیا جاتا لیکن ہماری حکومت آج سے ۸۰ سال پہلے جو مقاصد انگریزوں کے اس ملک میں تھے یہ ان مقاصد سے بھی آگے بڑھ کر عوام کو کچلنا چاہتی ہے اور ان میں احساس کمتری پیدا کرنا چاہتی ہے اور اس کے برعکس وہ افسران کی جو عوام کے خادم نہیں ہیں. حکمرانی کی ذہنیت کو مزید تقویت دینا چاہتی ہے۔ ابھی جناب ملک اختر صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ حکومت اس ملک میں کمیونزم لانا چاہتی ہے - میرے نزدیک یہ بات غلط بھی نہیں کیونکہ اس حکومت کا علاج کمیونزم کے علاوہ اور ہے بھی نہیں ۔ حکومت ہمیشہ اس بات کا اعلان کرتی ہے کہ پاکستان ایک رفاہی مملکت ہے ۔ ابھی حال ہی میں جناب صدر نے یہی اعلان کیا تھا لیکن میں ان سے پوچھتا ہوں کہ اگر پچھلے دور کے مقابلہ میں سابقہ سیاست دانوں کے مقابلہ میں اور انگریزوں کے مقابلہ میں آپ فرماتے ہیں کہ ہم ترقی کر چکے ہیں تو میں پوچھتا ہوں کہ کیا وجہ ہے کہ وہ قوانین جو انیسویں صدی کے آخر میں انگریزوں نے اس ملک میں نافذ کئے تھے اور ان کے مقاصد

کسی سے ڈھکے چھپے نہیں تھے تو آج یہ ان قوانین کو مزید گھناؤنا کیوں بنا رہے ہیں ۔ اس ترمیم سے ظاہر ہوتا ہے کہ آج اس ملک میں جو سیاسی حالات ہیں ۔ عوام کے جو حقوق ہیں وہ اس حد تک بھی عوام کو حاصل نہیں جتنے کہ انگریزوں کے زمانے میں حاصل تھے ۔ بلکہ انیسویں صدی کے غلامی کے دور میں حاصل تھے ۔

جناب سپیکر ۔ یہ اختیارات دیتے وقت اور خاص طور پر چھوٹے اہل کاروں کو ایسے اختیارات دیتے وقت ان کے ذہن میں یہ ہونا چاہیئے تھا کہ اس مسودہ قانون کے تحت ریونیو افسر اپنے علاقے کے کسی حصے میں جا کر عدالت کا اہتمام کر سکتا ہے ۔ آپ خود اندازہ لگائیں ۔ میں آپ کے سامنے حقیقت بیان کرتا ہوں ۔ کہ جب ایک نائب تحصیلدار یا تحصیلدار کی طرف سے intentional contempt of court کا مقدمہ دائر کر دیا جائے گا ۔ یہ تو درست ہے کہ اس کی سماعت وہ بذات خود نہیں کرے گا ۔ لیکن ہمارے ہاں وقار کے سوال کو اس حد تک اہمیت دی جاتی ہے ۔ کہ اگر ایک افسر ایک چیز کو اپنے وقار کا مسئلہ بنا لے ۔ تو دوسرے افسران کے خلاف وقار کا مسئلہ پیدا کر کے اس شخص کو جس کے خلاف شکایت کی گئی خواہ وہ بے گناہ ہی کیوں نہ ہو ۔ اس کو سخت سے سخت سزا دینے کی کوشش کرتے ہیں ۔ محض قانون کے مطابق نہیں ۔ بلکہ قانون کی حدود کو عبور کر کے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو یہ علم ہے اور بعض ممبر صاحبان بھی جانتے

ہیں کہ آج حکومت کی طرف سے افسروں پر کسی قسم کا کنٹرول نہیں ۔ مجھے یہ علم ہے کہ بہت سے افسران عدالتوں میں بیٹھے ہوئے ان لوگوں کے ساتھ جو ان کے سامنے پیش ہوتے ہیں ریونیو کے مقدمات میں بھی گالی گلوچ سے کام لیتے ہیں ۔ عدالت میں بیٹھ کر گالیاں دینا ان کے لئے ایک معمولی بات ہے اور اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ حکومت کا ان پر کوئی کنٹرول نہیں ۔ عوام کی زبان بند کر دی گئی ہے اور ملک میں کوئی سیاسی تنظیم نہیں جو ان کی حمایت کے لئے آگے بڑھ سکے ۔

جناب سپیکر ۔ اس سے پہلے ان افسروں کو جو اختیارات حاصل ہیں وہ ان کا اتنا ناجائز استعمال کرتے ہیں کہ بہت سے بے گناہ لوگوں کو سزا دے دیتے ہیں ۔ میں حکومت کے سامنے اس قسم کی سینکڑوں مثالیں پیش کرنے کے لئے تیار ہوں ۔ بشرطیکہ وہ ایک غیر جانبدار کمیشن مقرر کرنے کے لئے تیار ہو جو ان سارے معاملات کی تحقیقات کرے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اپنی بحث صرف کلاز زیر غور تک محدود رکھئیے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ ریونیو افسر اپنے علاقے میں ایک جانب دار افسر کے طور پر کام کرتے ہیں ۔ محکمہ مال نے ان کو بہت سے کام سونپ دئیے ہیں ۔ جہاں تک اس چیز کا تعلق ہے کہ وہ اپنے علاقے میں جائیں ۔ تحقیقات کریں مالیہ کی تشخیص کریں ۔ یا مقدمات کی سماعت کے لئے تشریف لے جائیں آپ کہتے ہیں کہ آپ ان کو عدالت کی سی واقفیت دیتے ہیں ۔ اور ان کے سامنے جتنی بھی کارروائی ہو گی وہ جوڈیشل کارروائی ہو گی ۔

میں جناب وزیر مال صاحب سے یہ عرض کرتا ہوں کہ آپ ان سے توقع کرتے ہیں کہ ان کے سامنے جتنی بھی کارروائی ہو اس کو جوڈیشل تصور کیا جائے ۔ لیکن جناب وزیر مال کو بھی علم ہو گا اور اس ایوان کے بہت سے ممبران کو بھی علم ہو گا کہ ان افسران کو جس علاقے میں وہ متعین ہوں کسی قسم کی جائیداد حاصل کرنے یا کاروبار کرنے کی کوئی اجازت نہیں ۔ یہ ریونیو کوڈ میں دیا گیا ہے ۔ لیکن عملی طور پر دیکھا گیا ہے کہ پٹواری سے لے کر تحصیلدار تک اور نائب تحصیلدار سے کلکٹر تک ان افراد نے جن علاقوں میں وہ تعنیات رہے ہیں اراضیات خریدی ہیں اور وہ بے نامی طور پر وہاں کاروبار کرتے ہیں اس لئے ان کا کردار ایک غیر جانب دار افسر کا نہیں ہوتا ۔

Minister of Revenue : Point of order Sir. Would that be relevant that all the Revenue Officers are corrupt, dishonest and they are purchasing land in the name of other people, 'Baynami'? Would that be relevant to the clause under discussion Sir ?

مسٹر سپیکر ۔ میں نے پہلے بھی حمزہ صاحب کی خدمت میں عرض کیا ہے کہ وہ اس وقت بل پر عمومی بحث نہ کریں ۔ عمومی بحث فرسٹ ریڈنگ پر ہوتی ہے پھر تھرڈ ریڈنگ پر بھی موقع ہو گا۔ اس وقت ان باتوں پر زیادہ زور نہ دیں اور اس وقت اپنی بحث کو صرف زیر غور کلاز تک محدود رکھیں اب آپ اختصار سے کام لیجئیے گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں اختصار ہی سے کام لے رہا تھا ۔ میں

اس ایوان میں وہ مثالیں پیش کرنا چاہتا تھا ۔ آپ کے افسروں کے کردار کی وہ خطرناک مثالیں جس کا مظاہرہ انہوں نے مغربی پاکستان کے مختلف حصوں میں کیا ہے ۔ میں ایسی سینکڑوں مثالیں پیش کر سکتا تھا ۔ اس صورت میں آپ کہہ سکتے تھے حمزہ لمبی تقریر کرتا ہے ۔ کیونکہ ایسی باتیں آپ کی طبع نازک پر گراں گزرتی ہیں ۔

وزیر مال ۔ میں کہتا ہوں آپ غیر متعلق تقریر فرما رہے ہیں ۔ آپ شیشے کے محل میں بیٹھ کر دوسروں پر پتھر مارتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ نہ میں شیش محل میں بیٹھا ہوں نہ دوسروں پر پتھر پھینکتا ہوں ۔ میں تو ایک حقیقت بیان کرتا ہوں ۔ اگر آپ میں جرات ہے تو آپ ایک غیر جانبدار کمیشن مقرر کریں ۔ میں آپ کو ثابت کر دوں گا کہ آپ کے یہ افسران اپنے علاقوں میں کیا گل کھلاتے ہیں ۔

Mr. Speaker . The member may please address the Chair. He should discuss clause 27, sub-clause 1.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ قبل اس کے کہ اس قسم کے اختیارات افسروں کو دئیے جاتے حکومت کو چاہئیے تھا کہ ان افسران کو سابقہ پنجاب سابقہ صوبہ سرحد میں جو اختیارات حاصل تھے ان کے بارے میں معلوم کرتی کہ انکا کیا حشر ہو رہا ہے ۔ ان کو مزید اختیارات دے کر حکومت افسر نوازی کا ثبوت دے رہی ہے یہ عوام دوستی کا ثبوت نہیں دے رہے ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

Minister of Revenue : Sir, I would say only this much that they are working as Revenue Officers under the Tenancy Act. They are also working as Magistrates Third Class and Second Class. Peons or partwaris are not Revenue Officers. The junior Revenue Officer is a Naib Tehsildar and a Tehsildar. They are also Magistrates and they will enjoy all the powers and no one else. Why should they not enjoy those powers under the Land Revenue Bill ?

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House. The question is —

> That clause 27 of the Bill, as reported by the Select Committee, be deleted and subsequent clauses re-numbered accordingly.

The motion was lost.

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب پیشتر اس کے کہ سب کلاز ۲ کے متعلق اگلی ترمیم لی جائے میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کلاز ۲۷ (۱) میں آپ نے یہ الفاظ استعمال کئے ہیں ۔

> "Every inquiry under this Act, shall be deemed to be a "judicial proceeding" within the meaning of section 193, 219 and 228 of the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860), and the office of the Revenue Officer holding an inquiry shall be deemed to be a Court for the purposes of such inquiry."

تو یہ افسر جو ہو گا وہ court ہو گا ۔ عام طور پر court person کے متعلق ہوتا ہے ۔

That building would not be a Revenue Officer.

Minister of Revenue : Not building ; wherever he holds his court that would be considered his court.

Mr. Speaker : That would not be court; that would be his court room.

وزیر مال ۔ عرض یہ ہے کہ ہم توہین عدالت کی مثال لیتے ہیں ۔ توہین عدالت اس وقت ہوتی ہے جب وہ میجسٹریٹ یا افسر مجاز عدالت hold کرتا ہے ۔ اگر اس وقت اس کی موجودگی میں توہین عدالت کا جرم سرزد ہو تو وہ کارروائی کر سکتا ہے ۔ لیکن اگر یہ جرم اس جگہ سے باہر ہو جہاں وہ عدالت کرتا ہے تو توہین عدالت میں نہیں آسکتا ۔ آفس کا مطلب وہ جگہ ہے جہاں وہ عدالت کرتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر وہ کسی گاؤں میں جا کر انتقال کرتا ہے تو پھر وہاں وہ کورٹ نہیں ہوگا ؟

وزیر مال ۔ کئی افسر باہر عدالت hold کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : That is not his office.

Malik Muhammad Akhtar : I am on a point of order Sir.

جناب والا ۔ جب معمولی ریونیو افسروں کو یہ اختیار حاصل ہو گا تو اگر ریونیو منسٹر کی توہین ہو گئی تو ہمارا کیا حال ہو گا ؟

Mr. Speaker : That is not a point of order.

اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر وہ باہر دیہات میں دورہ پر گیا ہے تو وہاں وہ عدالت نہیں ہو گا ۔

وزیر مال ۔ یہ پنجاب میں پہلے نہیں تھا لیکن سندھ میں پہلے تھا ۔ میں جناب کی توجہ سندھ ایکٹ کی دفعہ ۱۹۶ کی طرف مبذول کراتا ہوں۔

"A formal or summary inquiry under this Act shall be deemed to be a judicial proceeding within the meaning of Section 193, 219 and 228 of the Pakistan Penal Code, and the office. . . . . "

وہاں بھی " آفس " کا لفظ ہے ۔

". . . . of any authority holding a formal or summary inquiry shall be deemed to be a Civil Court."

وہی الفاظ ہیں جو ہم نے دیئے ہیں ۔

"Shall be deemed to be a Civil Court for the purposes of such inquiry".

وہ تو میرا خیال ہے کہ سول کورٹ کی powers دی ہیں ۔

وزیر مال ۔ وہ تو ہم سے بھی بہت زیادہ آگے چلے گئے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ غالباً ان کا منشا یہ ہے کہ سول کورٹ کی جتنی پاورز ہیں ۔

وزیر مال ۔ " آفس " جہاں عدالت لگتی ہے

and for that he will have these powers.

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب میں نے Law Laxicon منگوایا ہے ۔ اس میں یہ درج ہے ۔

"The word 'Court' has not been defined in any Act of the Legislature but it must be presumed that an Officer to be a Court must be competent to make a judicial listening".

ایک تو یہ ہے اور اس کے علاوہ یہ ہے ۔

" 'Court' means the Court, judge, arbitrator person or persons or before whom a legal proceeding is held or taken".

اگر کورٹ ایک کمرہ کو لیا جائے تو وہ عدالت نہیں کہلائے گی وہ کورٹ روم کہلائے گا ۔

This is my interpretation. I might be wrong.

وزیر مال ۔ ترمیم تو یہ ہے لیکن اگر اس کی جگہ پر کچھ اور substitute کیا جائے اور اگر جناب " آفس " کی جگہ کوئی بہتر ٹرم استعمال کرنا چاہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

in order to exactly express the intention of this clause. If that can be achieved through any other term I am prepared to accept that.

ہم تو اس وقت یہ بحث کر رہے ہیں کہ ان کو یہ پاورز نہ دی جائیں ۔

That is different.

مسٹر سپیکر ۔ وہ تو نا منظور ہو گئی ۔ اس کے بعد میں دوسری امنڈمنٹ آنے سے پیشتر یہ آپ کے نوٹس میں لایا کہ اگر آپ اس میں یہ کر دیں

"Every inquiry under this Act, shall be deemed to be a "judicial proceeding" within the meaning of section 193, 219 and 228 of the Pakistan Penal Code,1860 (Act XLV of 1860) and the Revenue Officer holding an inquiry shall be deemed to be a Court for the purposes of such inquiry".

Minister of Revenue: I don't mind.

Mr. Speaker : The words "the office of" should be deleted.

Minister of Revenue: As far as the substitution of another better term for the words "the office of" is concerned I am prepared to accept it. I have no objection.

میں جناب کا مقصد سمجھ گیا ہوں ۔ مقصد ہمارا ایک ہے ۔ وہ مقصد حاصل ہوگا اگر لفظ " آفس " کی جگہ پر وہ الفاظ استعمال کئے جائیں جو جناب والا ۔ نے ابھی تجویز فرمائے ہیں ۔

to that I agree. I agree with the object and how to seek that object is a different matter. If you want I would substitute the words suggested by you in place of the words "the office of". Mr. Muhammad Yusuf Khan can move an amendment to this effect and we will accept that.

Mr. Munawar Khan: Sir, he can have his opinion.

Khan Muhammad Yusuf: Sir, I think, your interpretation of this clause is absolutely correct because "office" will be the office where he generally carries on business or holds inquiries or other office work. It cannot be said that if he is sitting under a 'beri' tree he will be considered to be holding an inquiry in his office. That may be at a certain place but it will not be deemed to be an office. Therefore, I think, the intention of the legislature now is or the intention of the framers of the Bill was that the Revenue Officer, wherever he is, should have the powers under Sections 193, 219 and 228 of the Pakistan Penal Code. My submission in this respect will be that that intention is not conveyed by these words. That will be restricted to the office in the headquarters rather than office at any outside place. So, by the deletion of these words, as your honour has suggested, I think,that purpose will be served if they want to have that intention more clear and specified.

Mr. Speaker: Khan Sahib, Would the Minister like to move this amendment?

Mr. Ahmed Mian Soomro : I am moving it.

Minister of Revenue : Will the member read the amendment so that I could know it?

Mr. Ahmed Mian Soomro : I beg to move—

> That in clause 27, sub-clause (1) of the Bill, as reported by the Select Committee, in line 5, the words "the office of" be deleted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved, the question is :

> That in clause 27, sub-clause (1) of the Bill, as reported by the Select Committee, in line 5, "the words, the office of" be deleted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next amendment is from Mr. Munawar Khan. Please move it.

Mr. Munawar Khan : I beg to move—

> That in sub clause (2) of clause 27 of the Bill, as reported by the Select Committee, for the words "Every hearing and decision", occurring in line 1, the words "All the proceedings" be subatituted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

> That in sub-clause (2) of clause 27 of the Bill, as reported by the Select Committee, for the words "Every hearing and decision", occurring in line 1, the words "All the proceedings" be substituted.

Is it opposed?

Minister of Revenue : Yes, opposed, Sir.

Mr. Munawar Khan (Bannu—I) : Here it is given "Every hearing and decision" and my amendment is that these words be replaced by the words "All the proceedings". I think, these words which I have suggested in the amendment are legal words and if it had been accepted by the Revenue Minister with good grace that would have been better. He is opposing it, and I know I will lose it, but still I insist that he should reconsider his decision because these words appear to me at least more suitable than those which already exist in the clause. The words "Every hearing and decision" do not look so nice as the words "All the proceedings".

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں خان منور خان صاحب کی ترمیم کی تائید کرتا ہوں ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر۔ ترامیم پیش کرنے والوں میں خواجہ محمد صفدر صاحب کا بھی نام ہے ۔ میں آپ کی وساطت سے گورنمنٹ سے یہ دریافت کر سکتا ہوں کہ اگر ان کو جیل میں نظر بند کیا گیا ہے تو آپ ان کو گاڑی میں بند کر کے ہاؤس کی کارروائی میں شمولیت کے لئے لے آئیں اور ان پر یہ پابندی لگا دی جائے کہ وہ اس بل کے علاوہ کسی اور چیز کے متعلق تقریر نہیں کریں گے ۔ انہوں نے اس بل پر بیشتر ترامیم تو بھیج دی ہیں تاکہ بحیثیت ایک نمائندہ کے یہاں آ کر وہ اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں ۔ اس کے ساتھ ساتھ میں سمجھتا ہوں کہ ان کی شمولیت سے یہ قانون مقابلتاً بہتر قانون کی شکل اختیار کرے گا ۔ میں آپ سے توقع کرتا ہوں

اس سے پہلے بھی آپ نے گورنمنٹ کی توجہ دلائی ہے اور اب پھر ان کی توجہ اس طرف دلائیں کیوں کہ ان کا نام تو یہاں موجود ہے لیکن وہ خود نہیں آتے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر تو نہیں ہے ۔ میرا واسطہ اس ایوان میں جو ممبر صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں ان کی کارروائی سے ہے اس لئے اگر خواجہ محمد صفدر صاحب یہاں موجود ہوں تو میں ان کو call upon کر سکتا ہوں اور ان کو یہاں بلانا میرے اختیار میں نہیں ہے ۔

This is up to the Government to decide.

ملک محمد اختر ۔ جناب حمزہ صاحب نے بڑے کام کی بات کہی ہے۔ بہر حال میں اس کے متعلق ایک جملہ کہہ کر آگے بڑھتا ہوں ۔کہ ع

ذکر میرا مجھ سے بہتر ہے کہ اس محفل میں ۔

چودھری غلام سرور ۔ غالب کا شعر آپ کے منہ سے کچھ جچا نہیں ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ پہلا مصرع بھی تو پڑھ دیں

ع گرچہ ہو کس کس برائی سے مگر با ایں ہمہ۔

ملک محمد اختر ۔ آپ کو دیکھ کر تو ہم ساری فارسی بھول جاتے ہیں۔ بہر حال میں مودبانہ عرض کر رہا تھا کہ ۔

"Every hearing and decision in such inquiry be in public."

اور آگے جو کچھ ہے ۔ اس کو refer نہیں کرتا ۔ "every hearing and decision" کی جگہ یہ ترمیم کر دی گئی ہے ۔ "All the proceedings"

جناب والا ۔ آج سے اسی سال قبل جب اس قانون کو frame یا draft کیا گیا تھا ۔ لازماً اسی سال میں انگریزی زبان نے بڑی منازل اور بڑے مدارج طے کرلئے ہیں اور نا معلوم اگر کوئی اچھی phrase ان کی خدمت میں پیش کر دی جائے کوئی بہتر تجویز ان کی خدمت میں پیش کر دی جائے لیکن در اصل ہم سے بھی ایک غلطی ہو گئی ہے ۔ اور وہ یہ کہ اگر ہم سمجھتے کہ اس قانون میں ایسی چھوٹی چھوٹی ترامیم کی ضرورت ہے ۔ تو ہم یہ کرتے ۔ کہ ان ترامیم کو کسی ایسے کرم فرما سے دستخط کروا کر پیش کرتے کہ جن کی بات خان صاحب کو قابل قبول ہوتی اور وہ ان ترامیم کو قبول کرتے ۔ تو شاید یہ ایک بہتر خدمت ہوتی اور اس قانون کا چہرہ زیادہ بہتر ہو جاتا ۔ یہ قانون زیادہ بہتر ہو جاتا اور اچھی طرح vhet ہو جاتا ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے بتائیے ۔ کہ "every inquiry under this act" اور "all the proceedings" میں سے زیادہ بہتر کون سی phrase ہے۔ اگر خان صاحب اس ترمیم کو اس لئے نامنظور فرمائیں ۔ کہ یہ ہماری طرف سے پیش کی گئی ہے ۔ تو چلئے اسے سمرو صاحب یا یوسف خان صاحب یا خود خان صاحب کے نام سے ہی اسے پیش کر کے منظور کر لیں ۔ ہمیں تو صرف یہ مطلوب ہے ۔ کہ آئندہ جب بھی کسی دور میں کم و بیش بیسویں صدی کے درمیان میں جب اس بل میں کوئی ترمیم آئے گی۔ یا اس قانون کو repeal

کیا جائے گا ۔ تو اس وقت لوگ یہ نہ کہیں کہ ان کے پیشرو جو تھے انہوں نے اسی سال پہلے قانون کو vhet کرتے وقت اندھا دھند اس لکیر کو follow کیا اور اس پر آنکھیں بند کر کے کام کیا تھا ۔ اور اسی سال میں بھی ان کا intellectual level اتنا بلند نہ تھا ۔ کہ وہ ایسی غلطیوں کو detect کر سکتے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ آپ بڑے حوصلہ مند شخص ہیں ۔ کہ آپ اتنی غلط باتیں سن کر بھی خاموش ہیں ۔ اور جو زبان ملک محمد اختر صاحب استعمال کر رہے ہیں ۔ جیسا کہ ایک معزز رکن نے فرمایا تھا ۔ کہ وہ اینگلو انڈین زبان بولتے ہیں ۔ تو اگر وہ اسی قسم کی زبان اس قانون میں لانے کے لئے بھی تجویز فرما رہے ہیں ۔ تو ہم ان کی یہ تجویز ماننے سے قاصر ہیں ۔ اگر ان کی اپنی زبان اتنی واضح نہیں ہے ۔ تو پھر وہ ہمیں کیا تجویز کر سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

ملک محمد اختر ۔ مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید ۔

مسٹر حمزہ ۔ ننکانہ صاحب کے ممبر صاحب نے پوائنٹ آف آرڈر بارہ بجکر تین منٹ پر raise کیا ہے ۔

وزیر مال ۔ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ کے نمائندے کا یہ خیال تھا کہ ان کا پوائنٹ آف آرڈر بارہ بجے سے پہلے ہوتا ۔

Mr. Speaker : He has raised his point of order after Mr. Mansab Ali Khan.

وزیر مال ۔ میں نے عرض کیا ہے۔ کہ ان کا یہ خیال تھا کہ اگر وہ بارہ بجے سے پہلے پوائنٹ آف آرڈر اٹھاتے تو وہ اسے سمجھ سکتے ۔ اور بارہ بجے کے بعد وہ اسے نہیں سمجھ سکے ۔

Mr. Speaker : He want to contend that he should have raised the point of order at 12 O'clock and he should have raised that 3 minutes past 12 (*interruptions*)

ملک محمد اختر ۔ دراصل سکھوں کے شہر کے یہ نمائندے اتنے دور بیٹھے ہیں کہ اس طرح پنجابی صوبہ نہیں بن سکے گا ان دونوں کو اکٹھا بٹھائیے تو بہتر ہو گا ۔ بہر حال میں نہایت متانت اور سنجیدگی کے ساتھ جناب خان صاحب سے درخواست کروں گا کہ وہ ان الفاظ کو دیکھ لیں تاکہ اس بل کی شکل کچھ تو بہتر ہو جائے۔ "every hearing and decision" کی بجائے اگر "all the proceedings" کردیا جائے تو یہ وہی sense convey کرے گا اور اس طرح کچھ مختصر بھی ہو جائے گا اور یہ زیادہ صاف بھی ہو جاتا ہے اور پھر یہ بھی ہو جائے گا کہ ایسی چھوٹی چھوٹی technial amendments پر debate بھی نہ ہو گی اور جہاں ایک طرف ایوان کا وقت بھی زیادہ صرف نہ ہوگا وہاں دوسری طرف ان کا کام بھی اچھی طرح سے ہو گا۔

ہم نیک و بد حضور کو سمجھائے دیتے ہیں ۔

مانو نہ مانو جان جہاں اختیار ہے

Mr. Speaker : Would the Minister like to reply ?

وزیر مال ۔ میں کیا عرض کروں یہ تو ٹھیک ہے کہ سندھ کوڈ کی دفعہ ۱۹۶ میں یہ ہے کہ

". . . . .Every hearing and decision, whether in a formal or summary inquiry, shall be in public . . . . . ."

پھر یہ پہلے بھی آیا ہے ۔ proceedings میں ایسی کوئی چیز نہ آ جائے کہ

". . . . ,strictly they may not amount to judicial inquiry . . . ."

اس لئے issue of summons ہو یا proclamation ہو یا hearing ہو یا of the case ہو یا decision ہو ۔

shall be in public and it should be open and not in camera. I think these words "hearing and decision" will convey the exact meaning intended by the drafters of the bill.

(اس مرحلہ پر خان محمد یوسف خاں بولنے کے لئے کھڑے ہوئے)

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب اگر آپ بولنا چاہتے تھے ۔ تو جب میں نے وزیر مال کو call upon کیا تھا ۔ آپ ان سے پہلے تقریر فرماتے ۔

خان محمد یوسف خان ۔ میں ذرا حزب اختلاف کی تسلی کرنا چاہتا تھا ۔

وزیر مال ۔ انکی تسلی کبھی نہیں ہو گی ۔

Don't waste your breath over it.

Mr. Speaker : Will now put the amendment, the question is :

That in sub-clause (2) of clause 27 of the Bill, as reported by the Select Committee, for the words "Every hearing and decision," occurring in line 1, the words "All the proceedings" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is :

That clause 27 as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 28

Mr. Speaker : The question is :

That clause 28 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 29

Mr. Speaker : Now, Clause 29. There is an amendment by Mr. Munawar Khan please move :

Mr. Munawar Khan : Sir, I beg to move :

That clause 29 of the Bill, as reported by the Select Committee, be deleted and subsequent clauses re-numbered accordingly.

Mr. Ahmedmian Soomro : Point of order, Sir, This is again a negative amendment.

Mr. Speaker : Mr. Munawar Khan can have the opportunity to speak while opposing the clause. Supposing the amendment to be moved by Mr. Yusuf Khan is carried and then the Member's amendment is

rejected even then while speaking on his amendment he has a right to say that this clause should not form part of the Bill.

Mr. Munawar Khan : As you please, Sir, I have no objection.

Mr. Speaker : As a matter of general principle his amendment in such form cannot be allowed. So far as that clause was concerned, I think, there were special circumstances to allow him to move that amendment.

Yes, Khan Muhammad Yusuf.

Khan Muhammad Yusuf : Sir, I move :

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب محمد یاسین خان وٹو یہ بتا سکتے ہیں کہ جواب کے سیریل نمبر ۲ اور ۳ پر جن افسران کے نام ہیں اور محکمہ پولیس سے تعلق رکھتے ہیں ان کے بارے میں مجھے جہاں تک علم ہے وہ یہودی ہیں یا اہل یہود سے تعلق رکھتے ہیں ۔ کیا آپ نے محکمہ پولیس کے اتنے اہم عہدوں پر مامور کرتے وقت ان افسران کے بارے میں یہ نہیں سوچا کہ ان کو بعض ایسی چیزوں کا علم نہیں ہونا چاہئیے جنکا کہ اس وقت ملک حالات کے متعلق ان کو ہے ؟

Mr. Speaker : This is not a supplementary arising out of this question.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ذرا زیادہ تیاری کر کے سوال کیجئے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ مجھے جو لسٹ دی گئی ہے اس کے مطابق میں نہایت ادب سے وزیر موصوف سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ دو افسران اس جواب میں شامل نہیں ۔ ایک ان میں سے ڈاکٹر اسماعیل احمد خان ہیں جو کہ آج بھی South African ہیں اور جو ہیلتھ کے محکمہ میں کلاس I افسر ہیں میں پوچھتا ہوں ان کو اس لسٹ میں کیوں نہیں دکھایا گیا وہ گورنمنٹ آف پاکستان کی سروس میں ۹ نومبر سن ۱۹۵۵ سے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ جو اطلاع ہم تک پہنچی وہ عرض کر دی گئی ہے اور جوں جوں اطلاعات ہمیں آتی جائینگی وہ بھی ہم عرض کر دیں گے ۔

سردار حاجی عطا محمد ۔ میں جناب وٹو صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان کی سروس پاکستان بننے سے پہلے کی ہے یا بعد میں

آپ نے ان کو رکھا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت - یہ پاکستان بننے سے پہلے کی ہے ۔

سردار حاجی عطا محمد - کیا آپ کو اب بھی ان کی وفاداری پر اعتماد ہے ؟

Mr. Speaker : This is not a supplementary arising out of it.

چوہدری محمد ادریس - یہ جو انسران لسٹ پر نمبر ایک دو اور تین پر دئیے گئے ہیں اور جو پولیس سے تعلق رکھتے ہیں ان کی سروس ۲۰ سال سے اوپر ہو چکی ہے بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ ان کی عمر ۵۰ سال سے بھی زائد ہو چکی ہے کیا حکومت مناسب نہیں سمجھتی کہ ان کو ریٹائر کر دیا جائے کیونکہ یہ foreigners ہیں اور ان کی nationality کے پیش نظر یہ مناسب نہیں کہ ان کو رکھا جائے بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ بہتر ہو گا کہ ان کو ریٹائر کر دیا جائے ۔

Mr. Speaker : This is not a supplementary arising out of it. This question will be repeated on the next turn.

وزیر بنیادی جمہوریت - جوں جوں اطلاع ہمیں پہنچتی رہے گی وہ ہم ایوان میں دیتے رہیں گے ۔

Mr. Speaker : The Minister will clarify the position which was explained regarding nationality.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - جو سوال میں نے کیا اور اس کے بعد ادریس صاحب نے بھی کیا تو آپ نے فرمایا کہ ہم اس کے متعلق یہ سوال نہیں کر سکتے جب پوچھا گیا کہ ان لوگوں کو ملک کی سلامتی کے پیش نظر ملازمت میں رکھنا موزوں ہے یا نہیں تو آپ نے رولنگ دیدی میں پوچھتا ہوں کہ وہ رولنگ آپ نے کن وجوہات کی بنا پر دی ہے ؟

مسٹر سپیکر - ان وجوہات کی بنا پر دی ہے کہ نوابزادہ خاکوانی نے اپنے سوال میں صرف ان ملازموں کے نام دریافت کئے ہیں جو اس وقت حکومت مغربی پاکستان کی سروس میں ہیں اور اس کے علاوہ اور کوئی انفارمیشن نہیں مانگی تھی اور اگر اس پر تفصیلات مانگی جاتیں تو ان پر ضمنی سوالات کئے جاتے ۔

مسٹر حمزہ - جناب والا - اس سے بظاہر مقصد یہ تھا کہ ہم اس پر ضمنی سوالات پوچھ سکتے ہیں -

مسٹر سپیکر - اس کا طریقہ یہ ہے کہ آپ اس جواب کی reference دیکر علیحدہ سوال کیجئے تو ایک نہیں بلکہ دو تین چار قسم کی اطلاعات پوچھ لیں -

---

ALLOTMENT OF RESIDENCES IN G. O. R. II AND G.O.R. III

*2754. **Chaudhri Muhammad Nawaz:** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state:—

(*a*) (*i*) category-wise accommodation available in G. O. R. II and III at Lahore; (*ii*) class of Officers entitled thereto; (*iii*) names and designations of Officers on the waiting list for allotment of each category of accommodation there as on 31st May, 1966, alongwith the date of enrolment of each officer on the said waiting list;

(*b*) whether any other officer mentioned in the lists stated in (*a*) above was transferred out of Lahore after his enrolment on the said waiting list; if so, reasons for continuing his name on the said waiting lists;

(*c*) whether any of the officers on the said waiting lists have applied for the requisitioning of residential accommodation for them in case no accommodation in G. O. R. II or G. O. R. III was available;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the negative, whether Government would consider the advisibility of providing accommodation to such officers by requisitioning private houses?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din): (*a*) (*i*) Category-wise accommodation available in GOR II and GOR III is as under:—

GOR II	S-Type houses	4 Numbers.
GOR II	(B-Type) houses	47 Numbers.
GOR II	C-Tpye houses	24 Numbers.
GOR III	B-Type houses	15 Numbers.
GOR III	C-Type houses	38 Numbers.
GOR III	C-I Type houses	8 Numbers.
GOR III	Bachelor Flates	17 Numbers.

(*ii*) Officers drawing pay Rs. 2,000 and above are entitled to "S" Type houses, those drawing between Rs. 1,250 to 1,999 are entitled for "B" Type and those drawing between Rs. 750 to 1249 are eligible for "C" Type houses. C-I Type and Bachelor Flates are meant for officers drawing pay less than Rs. 750.

(*iii*) Lists attached Annexures A. B. and C.*

(*b*) No such intimation has been received in the Estate Office.

(*c*) Yes.

(*d*) Question does not arise.

چوہدری محمد نواز - جناب والا - مجھے اس سوال کا جواب موصول نہیں ہوا مہربانی کر کے مجھے اس کی کاپی مہیا کی جائے -

Mr. Speaker : We have not received any revised answer so far.

---

*Please see Appendix I at the end.

چودھری محمد نواز - جناب والا - میرا یہ سوال دو دفعہ دھرایا جا چکا ہے اور میرا خیال ہے کہ اس کو بڑا lightly لیا جا رہا ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو)- جناب والا - ہم نے اس کو بہت seriously لیا ہے لیکن مشکل یہ ہے کہ محکمہ کی طرف سے ہمیں ابھی اطلاع نہیں پہنچی -

Mr. Speaker : Revised answer to this question would be furnished to the learned member who had asked this question as well as the Secretariat today. This question would be answered as a Short Notice Question tomorrow.

POLICE OFFICERS WHO ARE NOT NATIONAL OF PAKISTAN

***2887. Khan Malang Khan** : Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state :—

(*a*) the nationality of Mr. R. M. Wall, Additional Inspector-General D.I.G. of Police ;

(*b*) the name with designations of the Police Officers in the Province as are not National of Pakistan?

Parliamentary Secretary (Mian Mira) Din) : (*a*) The nationality of Mr. R. M. Wall. P.S.P., Additional Inspector-General of Police, is non-Asiatic (British).

(*b*) The names and designations of other Police Officers in the Province who are not nationals of Pakistan are as under:—

Serial No.	Name	Designation	Nationality
1	Mr. B.C. Allum, M.B.E., P.S.P.	D.I.G. of Police, Bahawalpur.	Non-Asiatic (British)
2	Mr. D. E. Webb	D.S.P., Quetta.	Ditto.

چودھری محمد ادریس - جناب والا - یہ نیشنیلٹی برٹش تو ہو سکتی ہے ''نان ایشیاٹک'' لفظ لگانے کی ضرورت کیوں پیش آئی -

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) — جناب والا - اس قسم کا terminology پہلے استعمال ہوتی تھی اگر میرے فاضل دوست اس پوائنٹ پر agree کریں گے تو جو terminology پہلے استعمال ہوتی تھی اس کے مطابق اب یہ ہوتی ہے -

ڈاکٹر حمزہ - کیا الفاظ 'British Asiatic' ہو سکتے ہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - ہمیں Non-Asiatic European countries ہو سکتے ہیں -

مسٹر ھمزہ - آپ ھمیں جغرافیہ پڑھاتے ھیں یا جواب دیتے ھیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - میرے فاضل دوست کی ھمیشہ یہ کوشش ھوتی ھے کہ کوئی الجھاؤ کی بات کیجائے - Non-Asiatic کا مطلب یہ ھے کہ جو Asiatic نہ ھو اور اس کے بعد British کو specify کر دیا گیا ھے کہ یہ Non-Asiatic ھیں -

---

DECLARING GULLIAT AS BACKWARD AREA

*2898. **Sardar Gul Zaman Khan** : Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the average area of agricultural land in possession of each cultivator in Gulliat area in Abbottabad Tehsil is 2 kanals and 15 marlas ;

(*b*) whether it is a fact that the poor inhabitants of the said area have got no other means of livelihood and have to depend on only one crop growing on their lands ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to declare the Gulliat as Backward Area ; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din) : (*a*) Yes.

(*b*) Apart from cultivation of land, residents of this area have apportunities of work in Ayubia and other development schemes in the area. Moreover, they find work in the hill stations around the locality.

(*c*) Small pockets in a district are not declared backward areas.

سردار گل زمان خان - کیا پارلیمانی سیکریٹری صاحب فرمائیں گے کہ سوائے ایوبیہ کے وھاں اور کون سی ترقیاتی سکیم چل رھی ھے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) - وھاں سڑکیں بھی بن رھی ھیں ڈسٹرکٹ کونسلوں کے پاس بھی کچھ رقم ھوتی ھے اور جیسا کہ سوال میں دیا گیا ھے کہ کافی پسماندہ علاقے ھیں اور وھاں لوگوں کی آمدنی بھی کم ھے لیکن ان کو اس صورت میں پسماندہ علاقہ قرار نہیں دیا جا سکتا -

سردار گل زمان خان - میرا تو وھاں کا ھر روز کا آنا جانا ھے جہاں تک مجھے معلوم ھے وھاں پر ایوبیہ سکیم چل رھی ھے میں وھاں کا رھنے ھوں اور وھاں کوئی دوسری ترقیاتی سکیم نہیں چل رھی - کیا اس چیز پر غور کیا جائیگا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - میں نے عرض کر دیا ہے کہ جتنا رقبہ میرے فاضل دوست نے بتایا ہے کہ وہاں لوگوں کا ہے - دو کنال یا جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے دوسرے علاقوں میں ان لوگوں کی تعداد اس سے زیادہ ہے جن کے پاس ایک مرلہ زمین بھی نہیں زمین کی کمی بیشی یا علاقہ کی آمدنی پر کسی علاقہ کو backward قرار نہیں دیا جا سکتا -

سردار گل زمان خان - وہاں لوگوں کو کچھ کام تو مہیا ہوتا ہے یہاں لوگوں کے پاس کام بھی نہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - ہر علاقہ کی آبادی وہاں کے ذرائع آمدنی کے مطابق ہوتی ہے - لوگ جتنا کام وہاں ہے وہاں کر سکتے ہیں باقی ارد گرد بہت سی فیکٹریاں ہیں وہاں ذریعہ معاش تلاش کر سکتے ہیں -

---

HILL ALLOWANCE GIVEN TO GOVERNMENT EMPLOYEES STATIONED AT ABBOTABAD

***3058. Sardar Gul Zaman Khan :** Will the Minister of Finance be pleased to state whether any Hill Allowance is given to the Government employees stationed at Abbotabad, if not, reasons therefor?

Minister of Finance (Sheikh Masood Sadiq): No Hill Allowance is being given to the Government employees stationed at Abbotabad because the Government of West Pakistan has not declared any place as a Hill station. Government servants who were in service on the 13th October, 1955, of any of the integrating units and were entitled to Hill Allowance under the orders of the Central/Provincial Governments and who opted for drawing their existing compensatory allowances in preference to the compensatory allowances sanctioned by the Government of West Pakistan continue to draw the Hill Allowance only at Murree, Nathiagali and Quetta. Neither the Central Government nor the former N.-W. F. P. Government had declared Abbotabad as a Hill station for the purpose of the grant of Hill Allowance.

سردار گل زمان خان - جناب سپیکر - مری ، نتھیاگلی اور کوئٹہ میں برف پڑتی ہے ایبٹ آباد میں بھی برف پڑتی ہے - پھر یہاں کے ملازمین کو ان مراعات سے کیوں محروم رکھا گیا ہے ؟

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) - پہلی حکومتوں سے پوچھئے کہ سنٹر والے کس کو ہل الاؤنس دے رہے تھے - سابق صوبہ سرحد کی حکومت نے بھی انہیں یہ الاؤنس نہیں دیا تھا - حکومت مغربی پاکستان نے کسی کو پہاڑ الاؤنس نہیں دیا تھا -

جنہوں نے choice دی تھی انہیں ہم یہ الاؤنس دے رہے ہیں ، جنہوں نے نہیں دی ان کو نہیں دے رہے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ مری ، کوئٹہ اور نتھیا گلی کو کس بنا پر ہل سٹیشن قرار دیا گیا ہے ؟

مسٹر سپیکر ۔ اس کے لئے نیا نوٹس چاہئے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ آپ نے یہ فرمایا ہے کہ اکتوبر ۱۹۵۵ء میں پرانی حکومت نے ان ملازموں کو جو اس وقت ہل الاؤنس لے رہے تھے ان کی choice پر ہل الاؤنس دیا ہے ۔ اس کے بعد کسی اور علاقہ کو ہل سٹیشن قرار نہیں دیا ۔ جب اس ملک میں ایبٹ آباد عملاً ہل سٹیشن ہے پھر آپ کو کیا چیز مانع تھی Integration کے بعد کہ آپ نے اسے ہل سٹیشن قرار نہ دیا ۔ جو زیادتی اس سے پہلے ہوئی تھی آپ اسے دور کر دیتے ۔

وزیر خزانہ ۔ میرے خیال میں کافی زیادہ فرق ہے ایبٹ آباد کو ۔ نتھیا گلی ، مری اور کوئٹہ کے برابر کرنا سری کے مطابق غلط ہے کیونکہ یہاں تو صرف دس بارہ دن برف پڑتی ہے ۔ باقی جگہوں پر تین ، تین ، چار ، چار ماہ برف رہتی ہے ۔ یہ اس category میں نہیں آتا ۔

سردار گل زمان خان ۔ کیا آپ اسے ہل سٹیشن قرار دینے پر غور فرمائیں گے ؟

وزیر خزانہ ۔ میں غلط بیانی نہیں کروں گا ۔ ہمارے مالی وسائل ایسے نہیں ہیں کہ ہم اسے ہل سٹیشن قرار دیں ۔

SENIORITY OF SUPERINTENDENTS OF FORMER BAHAWALPUR STATE SECRETARIAT

*3064. **Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration please refer to answer to part (*b*) of my starred question No. 1738, placed on the Table of the House on 25th May 1966 and state :—

(*a*) the order of seniority of the Superintendents of the former Bahawalpur State Secretariat as determined by the said State Administration and as stood on 13th October, 1955 ;

(*b*) whether the said Superintendents were gazetted under the State Administration, if so, the date of continuous appointment of each of them as Gazetted Superintendent of the State Secretariat ?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din): (*a*) No such order of the former Bahawalpur State is available. The seniority of the Superintendents was, however, determined from their service record, with reference to the dates of their continuous appointment in the grade.

(*b*) Information on this point is not available in the records of the Secretariat.

چودھری محمد نواز ۔ جیسا کہ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے پارٹ (سی) میں فرمایا ہے بہاولپور کے سیکرٹریٹ کا کوئی ریکارڈ نہیں ملتا ۔ پھر اس سیکرٹریٹ کے جو آفیشل ہیں ان کی سینیارٹی لسٹ کیسے تیار کی گئی ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ یہ جواب میں عرض کر دیا گیا ہے :

"....The seniority of the Superintendents was however, determined from their service record, with reference to the dates of their continuous appointment in the grade."

چودھری محمد نواز ۔ ہو سکتا ہے سیکرٹریٹ میں آنے سے پہلے وہ کسی دوسری جگہ سروس کرتے ہوں سروس ریکارڈ میں تو وہ بھی ہوگی مگر سیکرٹریٹ میں ان کی سینیارٹی وہاں جو لسٹ بنی ہوگی اس کے مطابق ہو گی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ہمیں بہاولپور سیکرٹیریٹ کی طرف سے وہاں کی کوئی سینیارٹی لسٹ نہیں ملی ۔ البتہ ان کا سروس ریکارڈ موجود ہے ۔ اس گریڈ میں ان کی مسلسل ملازمت کی بنا پر ان کی سینیارٹی لسٹ مرتب کر لی گئی ہے ۔ Data موجود تھا لیکن ان کی سینیارٹی لسٹ بطور لسٹ موجود نہیں تھی ۔ وہ مواد موجود تھا جس سے سینیارٹی لسٹ بنائی جاتی ہے ۔

Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo : Will the Parliamentary Secretary please let me know whether the same procedure has been adopted for the former employees of Khairpur State and Sind Secretariat ?

Mr. Speaker : The Member should give fresh notice for that.

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ وزیر بلدیات نے فرمایا ہے اس گریڈ میں ان کی جو مسلسل سروس تھی اس کے مطابق ان کی سینیارٹی مقرر کی گئی ہے ۔ میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ ان کی سینیارٹی مقرر کرتے وقت سیکرٹریٹ کی بجائے

دوسرے دفاتر میں جو ان کی سروس تھی کیا اسے بھی اندھا دھند اس میں شامل کر لیا گیا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اگر وہ ملاحظہ فرمائیں تو بات خاصی صاف ہے ۔

"determined from their service record, with reference to the dates of their continuous appointment in the grade."

یہ چیز بالکل صاف ظاہر کرتی ہے کہ ان کی مسلسل سروس جو اس گریڈ میں تھی اس کے مطابق ہم نے ان کی سینیارٹی مرتب کی ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ میں وزیر موصوف سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ ان چھ آدمیوں میں سے دو جو ہیں وہ بہاولپور سیکرٹریٹ میں تھے ۔ باقی چار جو ہیں گو وہ ان سے پہلے ملازم ہوئے تھے مگر وہ دوسرے محکموں میں تھے ۔ سیکرٹریٹ میں یہ پہلے آئے تھے ۔ اس لئے انہیں کیوں سینئیر نہ رکھا گیا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس کے لئے علیحدہ نوٹس دینا پڑے گا ۔ خواہ وہ آفیشل کس حیثیت سے ہوں ۔ ان الفاظ کے تحت یہ بات آئے گی ۔

Continous service in the grade.

ایک ہی گریڈ میں جو ان کی مسلسل سروس ہے اسے ہم سینیارٹی میں لیتے ہیں ۔

چودھری محمد نواز ۔ کیا آپ بعض لوگوں کی اس ملازمت کو جو انہوں نے سیکرٹریٹ سے باہر دوسرے محکموں میں کی ہے ان کی پچھلی سروس شمار کر کے دوسروں کو ان سے جونیئر بنا سکتے ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس کے لئے fresh notice کی ضرورت ہے ۔

INSTITUTION OF ENQUIRY AGAINST EMPLOYEES OF ANTI-CORRUPTION DEPARTMENT

***3236. Mr. Mahmood Azam Farooqi :** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state :—

(*a*) the total expenditure incurred on the Anti-Corruption Department during the year 1964-65 ;

(*b*) number of employees of Anti-Corruption Department against whom inquiries were instituted during the said period on allegations of corruption alongwith the number of those out of them who held ranks of (*i*) lower than A.S.-Is. and (*ii*) A.S.-Is. (*iii*) above the rank of A.S.-Is. and the number of those amongst them who were convicted ?

پارلیمنٹری سیکرٹری : (میاں معراج دین) -

(الف) ۱۹,۹۰,۴۲۴ روپے

(ب) سال ۶۵-۱۹۶۴ء کے دوران میں عملہ انسداد رشوت ستانی کے کسی ملازم کے خلاف کوئی انکوائری نہیں کی گئی تھی -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - میں ذرا سی وضاحت چاہتا ہوں - پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ ۶۵-۱۹۶۴ء کے دوران عملہ انسداد رشوت ستانی کے کسی ملازم کے خلاف کوئی انکوائری نہیں کی گئی - کیا اس کا یہ مطلب ہے کہ کوئی شکایت نہیں آئی یا کسی انکوائری کی ضرورت پیش نہیں آئی - یا شکایت آئی اور حکومت نے انکوائری کی ضرورت محسوس نہیں کی ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - اگر ایسی شکایت آتی جس پر یہ مناسب سمجھا جاتا کہ انکوائری ہونی چاہئے تو ہم اس کے متعلق ضرور انکوائری کرتے -

---

DEVELOPMENT SCHEMES IMPLEMENTED IN TRIBAL AREA OF DERA GHAZI KHAN DISTRICT

***3292. Sardar Manzoor Ahmed Khan Qaisrani :** Will the Parliamentary Secretary, Planning and Development be pleased to state the Development Schemes implemented in the Tribal Area of Dera Ghazi Khan District since its merger with the said District?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan) : The question was received in Planning and Development Department on 20th June, 1966. The information is being collected from the Department concerned. As soon as it is received it would be placed before the House.

Mr. Speaker : This question would be repeated on the next turn.

POSTS OF P.D.S.P. IN FORMER PROVINCE OF SIND

***3329. Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo :** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that the posts of P. D. S. P. have been maintained only in former Province of Punjab;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to maintain said posts in former Province of Sind also;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the time by which these will be introduced and if not, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din): (*a*) No.

(*b*) Does not arise.

(*c*) Does not arise.

Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo: Sir, the reply given to my question is not clear. I had asked "whether it is a fact that the posts of P. D. S. P. have been maintained only in the former Province of Punjab;". Should I think these posts have been maintained in the former province of Punjab for these posts have been maintained in the whole Province?

Minister of Basic Democracies (Mian Muhammad Yasin Khan Watto): These posts have been maintained in the whole Province, and for the information of the member, P. D. S Ps. have been posted in the former Sind area also in Hyderabad and Sukkur districts.

سید عنائیت علی شاہ ۔ کیا وزیر موصوف یہ بتائیں گے کہ پی ۔ ڈی ۔ ایس ۔ پی کی تقرری سابقہ صوبہ سندھ اور سابق صوبہ سرحد میں کالعدم قرار دی جا چکی ہے ۔ کیا ویسٹ پاکستان رول کے تحت وہاں پی ۔ ڈی ۔ ایس ۔ پی تعینات ہوں گے یا نہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ رولز کے بارے میں مجھے علیحدہ نوٹس کی ضرورت ہے ۔ یہ ایسے facts ہیں جن کے بارے میں مجھے ڈائرکٹر سے مشورہ لینا پڑے گا ۔ لیکن میں فاضل ممبر کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا کہ پی ۔ ڈی ۔ ایس ۔ پی سابقہ صوبہ سرحد اور سابقہ صوبہ سندھ میں بھی ہیں ۔

سید عنائیت علی شاہ ۔ جناب وزیر موصوف نے جیسے فرمایا ہے اس کے متعلق میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ سابقہ صوبہ پنجاب کے ہر ضلع میں پی ۔ ڈی ۔ ایس ۔ پی ہوتا ہے اور سابقہ صوبہ سرحد میں تمام ڈویژن میں ایک پی ۔ ڈی ۔ ایس ۔ پی ہوتا ہے یہ فرق کیوں رکھا گیا ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ یہ کام کی نوعیت اور وقت کی ضرورت کے مطابق ہے ۔ جہاں جتنے آدمیوں کی ضرورت ہوتی ہے اس کے مطابق تعینات کر دیئے جاتے ہیں ۔

سید عنائیت علی شاہ ۔ کیا وزیر موصوف دریں بارہ تحقیقات فرمائیں گے کہ اگر کام کی نوعیت زیادہ ہے تو سابقہ

صوبہ سندھ میں پی۔ ڈی۔ ایس۔ پی تعینات کئے جائیں۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا۔ میں فاضل ممبر کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ مستقل طور پر ان چیزوں کو دیکھا جاتا رہا ہے کہ جہاں اس امر کی ضرورت ہوتی ہے کہ کس افسر کو مفاد عامہ کے لئے تعینات کیا جائے وہاں اس کی تعیناتی کر دی جاتی ہے۔ ہم مسلسل اس چیز کو مدنظر رکھتے ہیں میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ اس چیز کو بھی مدنظر رکھیں گے۔

AWARD GIVEN BY INDUSTRIAL COURT OVER DISPUTE BETWEEN RAILWAY ADMINISTRATION AND ITS CERTAIN EMPLOYEES

*3359. **Mr. Mahmood Azam Farooqi:** Will the Minister of Labour be pleased to state: —

(*a*) whether it is a fact that some Railway Employees served strike notice on Railway Authorities in September, 1964;

(*b*) whether it is a fact that the conciliation proceedings failed in January, 1965, and the matter was referred to Industrial Court in February, 1965;

(*c*) whether it is a fact that the said Court gave its award in September, 1965 and the said award has not as yet been notified in the West Pakistan Gazette;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, reasons for delay in the notification of the said Award?

Parliamentary Secretary (Malik Muhammad Muzaffar Khan): (*a*) Yes;

(*b*) Yes;

(*c*) Yes;

(*d*) Government is considering the publication of the Award, but before it is done, financial and other implications are being examined.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ اس جواب سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ریلوے کے عملے اور ریلوے کی انتظامیہ کے درمیان ستمبر ۱۹۶۴ء میں تنازعہ ہوا اور معاملہ صنعتی عدالت میں گیا ۔ ایک سال کے بعد ستمبر ۱۹۶۵ء میں صنعتی عدالت نے اوارڈ دے دیا اور اس وقت جولائی ۱۹۶۶ء ہے ۔ ابھی تک اس بارے میں فیصلہ کر کے آپ اوارڈ شائع نہیں کر سکے ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ کیا وجوہ ہیں جن کی بنا پر اس اوارڈ کو شائع کرنے میں ۹ مہینے کی دیر لگی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جیسا کہ آپ کو عرض کر دیا گیا ہے کہ یہ کیس پہلے ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں چلا گیا اور اس کو دو سال وہاں لگ گئے ۔ اس کے بعد دونوں پارٹیوں کا آپس میں اختلاف تھا یعنی اسٹیبلشمنٹ ریلوے بورڈ اور ریلوے ملازمین کا ۔ صنعتی عدالت نے جو فیصلہ دیا تھا اس کے متعلق محکمہ کے پاس کیس گیا ہے وزیر صاحب سے discuss کر کے اس کا جلد فیصلہ کیا جائے گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب مجھے یہ بتائیں گے کہ جب صنعتی عدالت نے ایک فیصلہ دے دیا ہے ۔ اس وقت آپ کے محکمہ کی طرف سے تمام دلائل عدالت کے سامنے پیش کئے گئے ہوں گے جو بھی حکومت کا نقطہ نظر ہوگا انہوں نے پیش کیا ہوگا ۔ اب جبکہ صنعتی عدالت نے جو کہ حکومت کا آزاد اور غیر جانبدار ادارہ ہے ۔ ایک فیصلہ دے دیا ہے تو اس فیصلہ پر فوری طور پر عمل در آمد کیوں نہیں کیا گیا ؟

وزیر محنت (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ جناب والا ۔ اس کا normal procedure یہ ہے کہ جب صنعتی عدالت اوارڈ دیتی ہے تو لیبر ڈیپارٹمنٹ اس کو شائع کرتا ہے لیکن گورنمنٹ کے بہت سے ڈیپارٹمنٹ اس اوارڈ کے سلسلہ میں involved ہیں ۔ اس لئے محکمہ نے application دی ہے ہمیں اس محکمہ کے جو بھی views ہیں لینے پڑتے ہیں ۔ تو اس سلسلے میں جو اوارڈ ملا ہے اس میں ریلوے ڈیپارٹمنٹ involved ہے ۔ ہم نے ڈیپارٹمنٹ کو refer کیا ہے کہ وہ اپنے comments جلدی دیں تا کہ ہم اس کو شائع کریں ۔ جو نوٹس ملا ہے اس سے یہ دیکھنے میں آ رہا ہے کہ ریلوے ڈیپارٹمنٹ نے اس سلسلہ میں کافی عرصہ لیا ہے ۔ ہم نے اس کے متعلق final date دے دی ہے اور کہا ہے کہ اس تاریخ کے اندر آپ اپنے comments ہمیں فوراً دے دیں ۔ انشاء اللہ بہت جلد یہ کیس finalise ہو جائے گا ۔ اگر ہم ان کے comments سے satisfy ہو گئے کہ یہ ٹھیک ہیں تو ہم انشاء اللہ اس کو جلد شائع کر دیں گے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے صنعتی عدالت کا جو طریق کار ہے وہ یہ ہے کہ جو

مسئلہ ان کے سامنے پیش ہوتا ہے تو دونوں فریقین ان کے سامنے اپنی معروضات پیش کر دیتے ہیں - ان کا فیصلہ بھی دوسری عدالتوں کی طرح ہوتا ہے - حکومت کو صرف یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ آیا یہ فیصلہ عام ملکی حالات کے مطابق ہے اور اس کو نافذ کرنے میں وہ حق بجانب ہے - کیا اس سے کوئی مشکلات تو پیدا نہیں ہو سکتیں ہیں - لیکن آپ یہ فرماتے ہیں کہ عدالت کے فیصلہ کو further comments کے لئے ریلوے ڈیپارٹمنٹ کے پاس بھیجا ہے - میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ریلوے تو خود اس مقدمہ میں ایک فریق تھی اور دوسرا فریق ریلوے کی یونین تھی - کیا آپ عدالت کے فیصلہ کو دوبارہ ایک فریق کے پاس بھیج رہے ہیں ؟ چاہے وہ حکومت کا ادارہ ہی کیوں نہ ہو لیکن وہ اس مقدمہ میں ایک فریق ہے اور یہ دوسرے فریق کے ساتھ نا انصافی کے مترادف ہے -

وزیر محنت - جہاں تک اوارڈ کا تعلق ہے کہ جب عدالت نے اوارڈ دیا تھا اس کے بعد ریلوے ڈیپارٹمنٹ نے representation کی ہے کہ یہاں ایک category نہیں ہے - یہاں بہت سی categories ہیں اور اس میں financial implications ہوں گی - اس لئے آپ مہربانی کر کے اس فیصلہ کو روکیں ہم اپنا point of view بھیجتے ہیں - اس لئے ہم نے اس کو روکا ہوا ہے کہ جب تک comments نہ آئیں تب تک یہ شائع نہیں ہوگا -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - سابقہ وزیر ریلوے نے یہ فرمایا ہے کہ ریلوے کی طرف سے جو عرضداشت پیش کی گئی ہے اس کے اوپر غور کر رہے ہیں - جب آپ اس عرضداشت پر جو محکمہ ریلوے کی طرف سے آئی ہے غور کر رہے ہیں تو وہ چھوٹے مزدور جو محکمہ ریلوے کے ملازم ہیں ان کی مصیبتوں کا بھی آپ کو کچھ اندازہ اور احساس ہے ؟

وزیر محنت - ہمیں ان کا پورا احساس ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - میرے سوال کا جواب نہیں ملا ہے - میرے سوال کرنے کا مقصد یہ ہے کہ صنعتی عدالت کا فیصلہ جب آخری نوٹیفیکیشن کے لئے جاتا ہے تو حکومت کا یہ طریق کار نہیں ہے کہ وہ اس مسئلہ میں کسی

فریق کی رائے مانگے کیونکہ اگر کوئی فریق حکومت کو representation کرے تو پھر حکومت کو یہ اختیار حاصل نہیں ہے کہ موجودہ صنعتی عدالت کے قانون کے تحت کسی اور چیز کو سامنے رکھ کر صنعتی عدالت کے اوارڈ پر نظر ثانی کرے۔ حکومت کا کام صرف یہ ہے کہ جب اوارڈ پہنچے گا وہ اپنی صواب دید کے مطابق اور ملک کے عام حالات کے مطابق اس کی نوٹیفیکیشن کرے یا اس کو شائع کرے۔ ریلوے کے بارے میں جبکہ صنعتی عدالت کا فیصلہ ہو چکا ہے تو کیا پھر ریلوے ڈیپارٹمنٹ کی عرضداشت پر حکومت گا غور کرنا صنعتی عدالت یا لیبر قوانین کے کس قانون کے تحت ہے ؟ میرا سوال یہ تھا۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ اسکے متعلق یہ عرض ہے کہ Industrial Court نے جو فیصلہ دیا تھا۔ ہم نے دوبارہ انہیں کے پاس اس فیصلے کو بھیج دیا۔ اور یہ درخواست کی کہ وہ مہربانی فرما کر اس پر غور کر کے ہمیں رپورٹ بھیجیں۔ اسکے بعد ریلوے والوں نے ہمیں لکھا تھا۔ کہ ہمارے running staff کی تعریف میں صرف چار پانچ آدمی ہوتے ہیں۔ ٹرین کے ساتھ ایک گارڈ اور ایک انسپکٹر ہوتا ہے۔ ایک fireman ایک ڈرائیور اور ایک الیکٹریشن ہوتا ہے۔ اور انکے علاوہ دوسرا کوئی آدمی ایسا نہیں ہوتا کہ جسے running staff کہا جائے۔ ان چار پانچ آدمیوں کے بغیر ٹرین نہیں جا سکتی یہ running سٹاف ہے۔ پھر انہوں نے رپورٹ کی ہے۔ ریلوے والوں نے یہ لکھا تھا۔ کہ اگر ہم نے اس فیصلے کو قائم رکھا۔ تو صرف یہی نہیں بلکہ باقی سٹاف بھی مطالبہ کریگا۔ اور اسی طرح ریلوے کو کافی خرچہ اٹھانا پڑیگا۔ اس لئے ہم نے پھر اسے صنعتی عدالت کو refer کر دیا۔ اور انہوں نے اب جو جواب دیا ہے۔ اسکے متعلق آپ کو اچھی طرح سے علم ہے۔ کہ موجودہ حالات کے متعلق مالی حالت کیا ہے۔ اس پر حکومت اور محکمہ غور کر رہا ہے۔ اگر ان کے خیال میں یہ صحیح ہے۔ کہ یہ ضرور دینا چاہئے اور یہ running staff کی تعریف میں آتے ہیں تو ضرور دیں گے۔

مسٹر سپیکر ۔ آپکا یہ کہنا ہے کہ یہ معاملہ دوبارہ صنعتی عدالت کو refer کیا گیا ہے ۔

ملک محمد مظفر خان ۔ جی ہاں ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا اس وقت آچکا ہے ۔

وزیر محنت ۔ جیسا کہ انہوں نے کہا ہے واپس آچکنے کے بعد اسکو انکی representation کے پیش نظر دوبارہ صنعتی عدالت کو re r کیا گیا ہے ۔ اور یہ معاملہ اس وقت صنعتی عدالت کے سامنے ہے ۔

I have not been able to supply full details but if the member is keen to have the details I can place them on the Table on the next date.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ ستمبر ۶۵ء میں عدالت کا final award آ چکنے کے بعد پھر اس عدالت کو refer نہیں ہوا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ انکے کہنے کے مطابق یہ دوبارہ refer کیا گیا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ یہ کب دوبارہ واپس آیا ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ دوبارہ اپریل ۶۵ء میں واپس آیا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ یہ آوڈر ستمبر ۶۵ء کا ہے ۔ تو پھر یہ کس طرح ممکن ہے ۔ کہ اپریل ۶۵ء میں واپس آیا ہو ۔ یہ کس طرح سے ہو سکتا ہے ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے جو جواب دیا ہے ۔ انکا مطلب اپریل ۶۶ء تھا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں ۔ کہ کیا حکومت کا یہ طریق کار ہے ۔ کہ جب کوئی فیصلہ صنعتی عدالت کی طرف سے حکومت کے پاس آجائے اور پھر فریقین میں سے کوئی اسکے پاس یادداشت بھیجے کہ ہم صنعتی عدالت کے فیصلے سے مطمئن نہیں ہیں اور اس معاملے کو دوبارہ صنعتی عدالت کے پاس بھیج دیا جائے ۔ کیونکہ میری

اطلاع کے مطابق صنعتی عدالت کو دوبارہ اپنے فیصلے پر نظرثانی کرنے کا اختیار نہیں ہے ۔ بلکہ اسکی اپیل ہائی کورٹ میں ہونی چاہئے ۔

وزیر محنت ۔ اپیل لازمی طور پر ہائی کورٹ میں ہی ہوگی ۔ لیکن یہاں حکومت نے یہ دیکھنا ہے ۔ کہ اس اوارڈ کے بعد اسکے اثرات کیا ہونگے اور جو بھی متعلقہ محکمے ہیں ۔ اور صنعتیں ہیں ۔ انکی طرف سے ہمیں r presentations آتی ہیں کہ یہ جو جواب ملا ہے اس سے لاکھوں کروڑوں روپے کا نقصان ہے اور اس میں سارے ملک کی مالی حالت اور اقتصادی حالت involved ہے ۔ اسلئے حکومت کا یہ حق ہے کہ اسکو examine کرے اور پھر اس پر کوئی اقدامات کرے ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ کیا آپ اسے دوبارہ صنعتی عدالت کو بھیج سکتے ہیں ۔

وزیر محنت ۔ متاثرہ فریقین دوبارہ صنعتی عدالت کو درخواست کرسکتے ہونگے ۔ اس میں تو یہ ہے ۔ کہ محکمہ ریلوے اور ریلوے کے ملازمین جو بھی ہیں جب انہوں نے ایک اوارڈ دیا ہے تو اسکے بعد محکمہ ریلوے نے approach کیا ہوگا ۔ for reconsideration of certain items. I will not be able to give details for that.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ جناب وزیر صاحب میرے سوال کا جواب نہیں دے رہے ہیں ۔ یا تو ان کو اسکے متعلق علم ہی نہیں ہے یا وہ خود اسے avoid کر رہے ہیں ۔ میرا سوال یہ ہے کہ کس قانون کے تحت صنعتی عدالت کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ اپنے فیصلے پر خود ہی نظرثانی کر سکے ۔ یا حکومت کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ اسکے فیصلے کو اس کے پاس نظرثانی کے لئے بھیج سکے ۔ میری اطلاع کے مطابق تو موجودہ قوانین کا یہ تقاضہ ہے کہ جب صنعتی عدالت فیصلہ دے دیتی ہے تو اسکے بعد اسے اس فیصلہ پر نظر ثانی کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے ۔ اور اگر اسکے فیصلے سے فریقین میں سے کوئی فریق غیر مطمئن ہو تو اسے عدالت عالیہ کے پاس جانا چاہئے ۔

وزیر محنت ۔ میں اسکی تفاصیل تو عرض نہیں کر سکوں گا ۔ لیکن جب میں نے check up کیا تھا تو جو categories

مقدمہ میں شامل تھیں جنکے لئے صنعتی عدالت نے اوارڈ دیا تھا کہ ان کو دو ۔ تو اس فیصلے کے خلاف محکمہ ریلوے نے اپیل کی ہے ۔ اور اس لئے یہ جو cases ہیں وہ pending ہیں اور چونکہ یہ تین چار categories ہیں ۔ یعنی Special Ticket Examiner ہے ۔ Trouble Shooters ہیں ۔ Well Porters ہیں ۔ Air-Conditioned Car Attendants ہیں ۔ Saloon Attendants ہیں ۔ Watchmen وغیرہ ہیں ۔ جو کہ special categories میں آتی ہیں ۔ یہ سب ایک ہی category میں آتے ہیں ۔ ان میں سے ایک category کو صنعتی عدالت نے یہ رعایت دی ہے ۔ تو وہ اسکے خلاف ہائی کورٹ میں گئے ہیں ۔ تو یہ جو categories ہیں ۔ Trouble Shooters کی اسکے خلاف فیصلہ آیا ہے اور وہ ریلوے authorities کو کہتے ہیں کہ ہمیں وقت دیں کہ ہم ہائی کورٹ میں جائیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میرا خیال ہے ۔ کہ وزیر متعلقہ اس سوال کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ اور نہ انہیں قانون کا ہی علم ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کا ضمنی سوال کیا ہے ۔

That would not be a supplementary question. The member cannot have information about law, rules and procedure.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں تو ضمنی سوال ہی پوچھ رہا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر آپ قانون کی دفعات کے متعلق پوچھنا چاہتے ہیں ۔ اور کوئی specification کے متعلق پوچھنا چاہتے ہیں تو یہ ضمنی سوال نہیں ہوگا ۔ آپ گورنمنٹ کی پالیسی اور طریق کار کے متعلق سوال پوچھیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ وہ تو سوال کا جواب ہی نہیں دے رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر آپ کسی قانون کے متعلق پوچھیں کہ کونسا قانون ہے تو وہ یہاں قانون کے متعلق جواب نہیں دے سکتے ۔ البتہ اگر طریق کار کے متعلق دریافت کریں تو اسکے بارے میں یہاں پر بتایا جاسکتا ہے ۔ آپ کسی خاص واقعہ کے متعلق پوچھیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ جواب میں یہ فرمایا گیا ہے ۔ کہ

Its general financial and other implications are being examined.

تو میرا سوال یہ ہے کہ اس میں financial implication کیا ہیں اور اس میں رقم کا اندازہ کیا ہے ۔

وزیر محنت ۔ صنعتی عدالت نے جو رعایت دی ہے اس میں لاکھوں روپے involved ہیں ۔ اس لئے محکمہ ریلوے protest کر رہا ہے کہ وہ اس رقم کو afford نہیں کرسکتے ہیں ۔ اور وہ اسے examine کر رہے ہیں ۔ کیونکہ اس میں دو ایک اور بھی ایسی categories ہیں جنکو انہوں نے اوارڈ میں شامل کر دیا ہے جسکے خلاف وہ ہائی کورٹ میں گئے ہیں ۔ اس میں major implications ہیں ۔ اسی لئے میں نے عرض کیا ہے ۔ کہ . . . . .

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ اس میں کتنا روپیہ involved ہے ؟

وزیر محنت ۔ وہ تو محکمہ ریلوے ہی بتا سکتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کتنے عرصہ میں مکمل طور پر طے ہو جائیگا ؟

وزیر محنت ۔ جیسا کہ میں نے پہلے ہی ضمنی سوال کے جواب میں عرض کیا ہے ۔ یہ ایک دو ماہ میں طے ہو جائیگا اور ہم اس کا فیصلہ کر دیں گے کہ اسکو ہم شائع کریں اور اس دوران میں شاید یہ بھی ہو کہ وہ stay order لیکر ہمارے پاس آئیں ۔

PROMOTION OF INSPECTORS ON THE BASIS OF REGION-WISE SENIORITY LIST

***3353. Mr. Mahmood Azam Farooqi :** Will the Minister of Co-operation be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that at the time of integration Government took a decision to safeguard the interests of the officials belonging to integrating units ;

(*b*) whether it is a fact that in one of the regions some of the Inspectors of Co-operative Societies appointed after 1955 have been promoted as Assistant Registrar, Co-operative Societies, while in other regions the Inspectors appointed before 1955 have not been given promotion as Assistant Registrar;

(*c*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the number of (*i*) Inspectors promoted as Assistant Registrars from 1962 to date, year-wise, in each of the said regions, (*ii*) Inspectors whose promotion as

Assistant Registrar is under consideration at present, in each of the said regions, and (*iii*) Inspector promoted as Assistant Registrars in Lahore Region as are junior to their counterparts in Multan Region and *vice-versa*;

(*d*) whether it is a fact that the promotion of Inspectors on the basis of region-wise seniority list has adversely affected the promotion of some Inspector appointed prior to integration; if so, the action Government intend to take to safeguard the interests of the said affected Inspectors ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum): (*a*) Yes.

(*b*) Yes. In Hyderabad, Karachi and Quetta Regions some of the Inspectors of Co-operative Societies appointed after 1955 have been promoted as Assistant Registrars, in their respective Regions.

(*c*) (*i*) 15

	Hyderabad	*Karachi*	*Quetta*
1962 ..	1	..	..
1963 ..	..	1	..
1964 ..	4	1	1
1965 ..	7	..	..
1966 ..	..	..	..

(*ii*) Nil.

(*iii*) 2 Junior Inspectors of Multan Region.

(*d*) No. The promotion of Inspectors on the basis of regionwise seniority list has not adversely affected the promotion of Inspectors appointed prior to integration as the promotion to the higher post was never guranteed to any preintegrated employee. They were, however, guaranteed their status and emoluments which have not been reduced in this case. At the time of Reorganzation the Inspector Co-operative Societies of former Punjab were allowed to opt for either of the Regions i.e., Lahore or Multan. Two separate seniority lists were therefore, prepared for Inspectors of both the Regions.

مسٹر محمود اعظم فاروقی — جناب والا - مجھے اس جواب میں بھی تضاد محسوس ہو رہا ہے - میرے سوال کا حصہ (د) یہ تھا - کہ

"Whether it is a fact that at the time of integration Government took a decision to safeguard the interest of the officials belonging to integrating units."

"safeguarding the interest" میں نے یہ الفاظ استعمال کئے تھے - کہ تو اس میں ملازمین کی چھٹی کے قواعد ، ترقی کے امکانات اور دوسری ساری چیزیں ہوتی ہیں اس کے جواب میں انہوں نے فرمایا ہے کہ "ہاں" یعنی انہوں نے میری بات مان لی ہے -

اب (ڈی) میں کہتے ہیں -

"....they were, however, guaranteed their status and emoluments, which have not been reduced ...."

نہیں کیا گیا ہے بلکہ province-wise basis پر safeguard نہیں کیا گیا ہے - اس میں جو آپ نے فرمایا ہے کہ "نہیں" Region-wise تو یہ جواب صحیح نہیں ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری — جیسا کہ جواب میں بتایا گیا ہے Province-wise نہیں تھی بلکہ Region-wise تھی ۔ مغربی پاکستان میں ۶ ریجن ہیں ان کے مطابق Seniority List Region-wise بنائی گئی تھی ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی— Seniority List Region-wise کب بنائی تھی ۔

integration کے فورا بعد یا کافی بعد میں بنائی گئی تھی ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری — integration کے قریب قریب بنائی گئی تھی یعنی former Province basis پر ۴ ریجن تو یہ تھے ۔ کراچی ۔ سندھ بلوچستان اور سرحدی صوبہ ۔ پنجاب چونکہ بڑا صوبہ تھا اس لئے اسے دو حصوں میں split کیا گیا ۔ ایک ملتان اور دوسرا لاہور ریجن اور ملازمین کو اجازت تھی کہ وہ جس ریجن کو opt کرنا چاہیں کر لیں پھر اس کے مطابق seniority list بنائی گئی تھی ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی — آپ نے فرمایا ہے کہ قریب قریب integration کے یہ لسٹ بنائی گئی تھی اس سے یہ مراد ہے کہ اس کے بعد بنائی گئی ہے سوال یہ ہے کہ integration کے وقت پنجاب کا جو صوبہ تھا اس وقت گارنٹی دی گئی تھی کہ ان کے interest کی حفاظت کی جائے گی ۔ تو کیا یہ seniority list صوبہ کے perspective میں بنائی گئی تھی ۔ لیکن جب جونئیر انسپکٹرز کو سینئر انسپکٹرز کے مقابلہ میں ترجیح دی گئی تو کیا ان کے مفاد adversely affect نہیں ہوئے؟

پارلیمنٹری سیکرٹری — جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ سابقہ پنجاب کافی بڑا صوبہ ہے ۔ Executive convenience کے لئے اسے دو ریجن میں split کیا گیا اور employees کو option دی گئی کہ اگر ان کے interests ملتان میں محفوظ ہیں تو ان کے لئے opt کریں اور اگر لاہور میں ہیں تو لاہور ریجن کے لیے opt کریں جنہوں نے ملتان کے لئے opt کیا ان کے promotion کے chance زیادہ تھے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی — آپ نے فرمایا ہے کہ جس وقت پنجاب ریجن کو تقسیم کیا گیا تھا تو employees کو

اختیار تھا کہ لاہور یا ملتان جس ریجن کے لئے چاہیں opt کریں جہاں ان کی seniority محفوظ ہے - یعنی جو ملازم چاہے ۱۹۵۵ء کی گارنٹی کے تحت Region-wise اپنی seniority اور اپنے interests کی حفاظت کرے - میں یہ پوچھتا ہوں کہ کیا یہ ممکن نہیں تھا کہ Province-wise ان کے مفاد کی حفاظت کی جاتی -

پارلیمنٹری سیکرٹری — اس کا سوال پیدا ہی نہیں ہوتا - ۴ ریجن تو صوبائی لحاظ سے بنائے گئے اور دو ریجن سابقہ پنجاب کے بنا دئے گئے اس لئے ملازمین نے جسے بہتر سمجھا وہ اس میں آ گئے - جہاں تک Province-wise seniority کا سوال ہے وہ تو نہیں ہو سکتا - البتہ Regional basis ان کی seniority fix کی گئی ہے -

---

REMOVAL FROM SERVICE OF FARHAT JAHAN, LADY TEACHER, M. C. PRIMARY GIRLS SCHOOL, DASKA.

***3363. Dr. Sultan Ahmad Cheema:** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that one Farhat Jahan, a Lady Teacher was appointed in M.C. Primary Girls School, Daska on 19th October 1964 by Chaudhri Ghulam Rasool Azhar, S.D.M., Daska in his capacity as Chairman, Municipal Corporation, Daska;

(*b*) whether it is a fact that the said lady teacher was served one months notice on 2nd January 1965 about the termination on her service by the said officials;

(*c*) whether it is a fact that the services of the said lady teacher were terminated with effect from 1st June 1965 after serving another notice on 30th May 1966;

(*d*) whether it is a fact that the said lady teacher made a complaint to the then Additional Chief Secretary, West Pakistan after the termination of the services alleging the reasons for termination of her services;

(*e*) whether it is a fact that the said Additional Chief Secretary directed the said lady teacher to report the matter to the Director, Anti-Corruption, West Pakistan;

(*f*) whether it is a fact that the statement of the said lady teacher and other witnesses were recorded by the Anti-Corruption establishment;

(*g*) whether it is a fact that an enquiry was also held by the then Deputy Commissioner, Sialkot in the matter;

(*h*) if answer to (*a*) to (*g*) above be in the affirmative, the result of the said enquiry and the action taken by the Government in the matter?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) — ۲۲ جون کو یہ سوال محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے پاس آیا تھا اور اسی دن محکمہ بنیادی جمہوریت کو transfer کر دیا گیا -

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ - کیا میں ضمنی سوال دریافت کر سکتا ہوں -

مسٹر سپیکر — جب سوال کا جواب ہی نہیں آیا تو ڈاکٹر صاحب آپ کوئی ضمنی سوال کیسے پوچھ سکتے ہیں ۔

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ — تو کیا آئندہ turn پر اس کا جواب دیا جائے گا ۔ اگر آئندہ turn پر نہیں آ سکتا تو قلیل المہلت سوال کے طور پر اسے قبول کر لیں ۔

مسٹر سپیکر — پھر کل اس کا جواب دیا جائے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) — کل تو دوسرے سوالات ہوں گے ان کے جوابات دئیے جائیں گے ۔

مسٹر سپیکر—یہ سوال تو transfer ہو چکا ہے اور محکمہ میں پہنچ چکا ہوگا اگر ہو سکے تو کل اس کا جواب دے دیا جائے ۔ کل ہی ایک ایسی شکایت پیش کی گئی تھی ۔ کہ سوال محکمہ میں نہیں پہنچا آپ check up کر لیں اور اگر سوال محکمہ میں پہنچ چکا ہو تو بہتر ورنہ میاں معراج الدین صاحب یہ سوال بھیج دیں گے اور کوشش کی جائے کہ کل اس کا جواب دے دیا جائے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت — جب تک سوال کی نوعیت کا پتہ نہ ہو یہ کہنا مشکل ہے کہ کل جواب دے دیا جائے گا ۔

مسٹر سپیکر — میں نے تو کہا ہے کہ کوشش کریں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت — جناب والا— سوال پہنچنے کے بعد یہ دیکھنا ضروری ہوگا کہ آیا جواب کب تک تیار ہو سکے گا ۔

مسٹر سپیکر — اگر آپ کل جواب دے سکیں تو دے دیں ورنہ naturally یہ اگلی turn پر آئے گا ۔

NOMINATION TO P. C. S.

***3376. Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration Department be pleased to state:—

(*a*) the procedure adopted for nomination to P. C. S. from amongst the Ministerial establishment of West Pakistan Civil Secretariat during 1955 to 1964;

(*b*) the criteria prescribed for nomination to P. C. S. and the names of the members of the Selection Board constituted for making such nomination;

(*c*) whether it is a fact that during 1965 and 1966, ten officials from the said Secretariat were nominated to the P. C. S. cadre;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, the criteria for nominating the said officials to P. C. S. and whether their names were recommended by the said Selection Board, if not, reasons therefor;

(*e*) whether it is a fact that some of the officials mentioned in (*c*) above were junior to those who had been ignored, if not, reasons for ignoring the senior officials in the matter of nomination to P.C.S.;

(*f*) whether it is a fact that a selected list for making future nominations to P. C. S. from the said Secretariat has been prepared this year;

(*g*) whether it is a fact that the said list contains the names of such officials who are fairly junior and less qualified to those who have been ignored;

(*h*) whether it is a fact that nominations to the P. C. S. from the said Secretariat during 1965-66 were made on *ad hoc* basis without consulting the West Pakistan Public Service Commission; if so, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din) : (*a*) During the years 1955 to 1964 nominations to the P. C. S. (Executive Branch) from amongst Ministerial Government Servants were made in accordance with rule 8 of the Punjab Civil Service (Executive Branch) Rules, 1930. The various nominating authorities were requested to send rolls of such Ministerial Government Servants who were eligible for consideration, and whom they considered suitable for promotion.

(*b*) The nominations were made twice, first in the year 1961 and again in the year 1964 (although formal orders were issued in January, 1965). Only such of the Ministerial Government Servants who were considered suitable for promotion to the P. C. S. were selected. In the year 1961, preliminary selection was made by a Committee consisting of:—

(1) Mr. M. Khurshid, C. S. P., the then Chief Secretary.

(2) Mr. M. M. Ahmad, C. S. P., the then Additional Chief Secretary, Service and General Administration Department.

(3) Brig. Saeed-ud-Din Khan, the then Brigadier, General Staff, Martial Law Headquarters, Zone B.

(4) Mr. M. H. Shah, C. S. P. the then Home Secretary.

(5) Malik Khuda Bakhsh Bucha, P. C. S., the then Revenue Secretary.

In the year 1964, the preliminary selection was made by a Committee consisting of:—

(1) Mr. S. Fida Hussan, C. S. P., the then Chief Secretary who was succeeded by Mr. M. W. Abbasi, C. S. P.

(2) Mr. Muiz-ud-Din Ahmad, , C. S. P., the then Additional Chief Secretary who was succeeded by Mr. S. Ghias ud-Din Ahmed, C.S.P.

(3) Mian Nasir Ahmed, C. S. P., the then Member (Revenue) Board of Revenue.

The Committees' recommendations were considered and finally approved by the Governor.

(*c*) It is correct that 10 Ministerial Government Servants have been promoted to the P. C. S (Executive Branch) during the years 1965 and 1966 but, only five of them belong to the Secretariat.

(*d*) The promotions mentioned in part (*c*) above were made purely on temporary basis. No Selection Board was constituated as there is no provision for such a Board in the West Pakistan Civil Service (Executive Branch) Rules, 1964.

(*e*) It is possible that some junior officials may have been promoted. Selection is made from various cadres, e.g. Superintendents, Assistants, Stenographers, Personal Assistants belonging to different offices and Departments of whom there can be no integrated seniority. Selection is made strictly on merit with particular reference to fitness for higher responsibility involved in the Provincial Civil Service. Those who were found best of all were promoted. No one can claim promotion as a matter of right on the basis of seniority.

(*f*) The Select List of Ministerial Government Servants for promotion to the P. C. S. (Executive Branch) has not yet been finalised. This question is, however, under the active consideration of Government and the names of all eligible officials have been forwarded to the West Pakistan Public Service Commission for the preparation of the Select List.

(*g*) The Select List has not yet been prepared. The question raised, therefore, does not arise.

(*h*) Yes. The promotions to the P. C. S. (Executive Branch) were made on *ad hoc* basis as Government had to fill up certain vacancies in the P. C. S. (Executive Branch) cadre immediately on account of the emergency created as a result of out-break of war with India.

سید عنایت علی شاہ — جناب والا— ویسٹ پاکستان سول سروسز ایگزیکٹو برانچ رولز ۱۹۶۴ء کے رول نمبر ۵ کے تحت اس قسم کی ترقیاں دیتے وقت سیلیکشن لسٹ بھی تیار ہونی چاہئے کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ وہ تیار ہوئی تھی ؟

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو)— جناب والا — یہ جواب دیا گیا ہے کہ وہ لسٹ تیار ہو رہی ہے اور یہ جو موجودہ ترقیاں دی گئی تھیں یہ *ad hoc* basis پر دی گئی تھیں اور اب پبلک سروس کمیشن کے پاس case بھیجا جا رہا ہے اور وہ لسٹ بھی تیار ہو کر جاری ہے ۔

سید عنایت علی شاہ — *ad hoc* basis پر جو ترقیاں دی گئی ہیں اس میں انصاف نہیں برتا گیا ہے کیا وہ دوبارہ لسٹ تیار کرنے پر غور کریں گے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت — یہ جناب اپنی اپنی رائے ہے ہم نے تو انصاف سے فیصلہ کیا ہے لیکن پھر بھی case پبلک سروس کمشن کے پاس بھیجا جائے گا اگر اس کے بارے میں یہ رائے ہوئی کہ انصاف نہیں کیا گیا ہے تو ہم کوشش کریں گے کہ انصاف سے کام لیا جائے اور اگر کوئی ایسی صورت ہوئی ہے تو اس کو درست کر دیا جائے گا ۔

سردار حاجی عطا محمد — میں جناب منسٹر صاحب سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ seniority اور انصاف کے درمیان کیا فرق ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت — seniority اور انصاف کے درمیان فرق یہ ہے کہ انصاف یہ کہتا ہے کہ صرف seniority

کی بنا پر ترقی نہ دیجائے بلکہ اس کی قابلیت ایمانداری دیانتداری اور کام کرنے کا جذبہ وغیرہ وغیرہ بھی seniority کے ساتھ دیکھا جائے جب یہ ساری چیزیں دیکھ لی جاتی ہیں تو صحیح طور پر انصاف کیا جا سکتا ہے ۔ یعنی seniority اور انصاف کے درمیان اور بہت سی چیزیں بھی آ جاتی ہیں ۔

چودھری محمد ادریس — جناب والا— ad hoc basis پر زیادہ ترقیاں نہیں دی جا سکتیں ماسوائے selection لسٹ کے ۔ تو جب selection لسٹ تیار نہیں تھی تو ترقیاں کیوں دی گئیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت — یہ خصوصی حالات میں اور ایمرجنسی کے تحت کر دیا گیا ہے لیکن اب لسٹ تیار کر کے بھجوائی جائے گی ۔

ڈاکٹر مسز اشرف عباسی — میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ قابلیت کو ناپنے کے لئے ان کے پاس کوئی instrument ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت— قابلیت کو ناپنے کے لئے عام طور پر کوئی پیمانہ ایجاد نہیں ہوا ہے لیکن یہ ہے کہ کسی کی قابلیت کو ناپنے کے لئے کچھ قابلوں کو بٹھایا جاتا ہے اور اس طرح قابلیتوں کا توازن کر لیا جاتا ہے اس کے لئے کوئی پیمانہ نہیں ہوتا ہے ۔

مسٹر حمزہ — جناب والا—میاں محمد یاسین وٹو صاحب نے انصاف کا اس ایوان میں ذکر کیا ہے ۔ اس میں وہ کیا کریں گے کہ ''بر عکس نہند نام زنگی کافور'' والا مسئلہ ہے میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ جب آپ کو کچھ لوگوں کو نوازنا تھا تو اس وقت قابلیت اور انتخاب کسی گنتی میں نہیں آتے تھے اب آپ فرماتے ہیں کہ یہ معاملہ پبلک سروس کمشن کے پاس بھیجا جائے گا وزارت تو آنی جانی چیز ہے آپ یہ بتائیں کہ کیا پبلک سروس کمیشن آزادانہ اور غیر جانبدارانہ اب اس معاملہ میں رائے دے سکتا ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت — جناب والا —پبلک سروس کمشن کے پاس دو طریقے ہیں ایک تو وہ ڈائرکٹ recruitment کرتے ہیں اور ان کی جو recommendations ہوتی ہیں ان کے مطابق عمل کیا جاتا ہے ویسے حکومت کو اختیار ہے کہ ان کے کام میں ان کی

مخالفت کر سکتی ہے لیکن جہاں تک promotion کا تعلق ہے گورنمنٹ کسی شخص کو promote کرنے کے بعد پبلک سروس کمشن کے پاس اس کی ساری چیزیں اور qualifications وغیرہ بھیج دیتی ہے اس کے بعد پبلک سروس کمشن کو اختیار ہوتا ہے کہ وہ ہمارے سلیکشن سے اتفاق کرے یا اتفاق نہ کرے اور اگر وہ اتفاق نہ کرے تو پھر ہم دوبارہ غور کرتے ہیں ۔

چودھری محمد ادریس — جناب والا— رول کے مطابق سلیکشن لسٹ ہر سال یکم مارچ تک تیار ہو جانی چاہئے ۔ تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ دو سال تک یہ لسٹ کیوں معینہ وقت پر تیار نہیں کی جاتی رہی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت — جناب والا— اس سلسلے میں ساری چیزوں کے لئے اقدامات کرنے ہوتے ہیں فیگرز اکٹھا کرنی ہوتی ہیں اور دوسری formalities بھی پوری کرنی ہوتی ہیں تو ممکن ہے اسی وجہ سے دیر ہوگئی ہو ۔ لیکن اب وہ اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر — دیر تو ضرور ہوئی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت — جی ہاں لیکن اس میں ایمرجنسی کا زمانہ بھی آ گیا اور اس کے علاوہ دوسری چیزیں بھی آئیں لیکن اب یہ کوشش کی جا رہی ہے کہ آئندہ نامائز دیر نہ ہو ۔

خان محمد یوسف خان — جناب والا—حمزہ صاحب نے جو الفاظ استعمال کئے تھے کہ وزارت آنی جانی چیز ہے اس سے جذبات مجروح ہوئے ہیں لہذا یہ الفاظ proceedings میں نہ رہنے دئے جائیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت — میں فاضل ممبر کی اس ہمدردی کا شکر گذار ہوں لیکن میرے اسبات سے جذبات مجروح نہیں ہوئے ہیں ۔ وزارت ہی کیا ہے زندگی خود آنی جانی چیز ہے . . . .

مسٹر حمزہ — وزارت کے لئے ڈھیٹ بننا پڑتا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت — ویسے حمزہ صاحب اگر اس سے خوش ہوتے ہیں تو وہ خوش ہولیں اور مجھ کو ۵۰ مرتبہ

کہہ لیں کہ وزارت آنی جانی چیز ہے ۔

سید عنایت علی شاہ — جناب والا— ویسٹ پاکستان سول سروسز ایگزیکٹو برانچ رولز کی دفعہ ۶ کے تحت ترقیاں دیتے وقت ان اشخاص کی عمر ۴۰ سال ہونا چاہئے اور اس سے زیادہ نہ ہونا چاہئے یہاں محمد خان کی عمر ۴۰ سال ہے اور فیض احمد کی عمر ۴۶ سال ہے کیا سیلیکشن لسٹ اس لئے تیار نہیں کی گئی کہ ان لوگوں کو ترقیاں دینا تھیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا۔جیسے کہ میں نے عرض کیا ہے کہ قانون کے مطابق حکومت کو ہر ایک اختیار ہے۔ جب حکومت رول بناتی ہے تو ان کو وہ relax بھی کر سکتی ہے لیکن جس طرح میں نے عرض کیا کہ یہ سیلیکشن ہے ان کے پاس subject to the confirmation of the Public Service Commission case جا رہ ہے لیکن گورنمنٹ رولز relax کر سکتی ہے اور جہاں انصاف کا تقاضا ہوتا ہے وہاں رولز relax کر دئیے جاتے ہیں اور جہاں انصاف راستے میں حائل ہوتا ہے وہاں ہم اس کی اجازت نہیں دیتے ۔

سردار حاجی عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں جناب وزیر صاحب سے پوچھتا ہوں کہ جب پبلک سروس کمیشن کے پاس رپورٹ جاتی ہے ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

should be entered into after suset and before sunrise. Now under this law what is the necessity, what is that expediency which gives power to a Revenue Officer or any person authorised by him ? Of whatever character that person might be he is permitted to enter into a house just by giving a notice to a person that I am coming and entering your house. What for? When his objective can be achieved during day time, when he could perform anything he wanted to in the discharge of his duties during day time, what is the necessity for that. He has nothing to do by entering into a house in the discharge of his duties, except in the case of seizure when he might be seizing grains or some cattle or any other thing of that sort. In that case the time should at least have been not after sunset and before sun rise. If at all the Revenue Minister is keen to retain this provision, there should be denfinite provision to the effect that no officer or a person athorised by him should enter into a residential house after sunset and before sunrise.

My third point is that there is a provision to which due respect should be paid, the social and religious custom. There is a provision, of course, and they are feeling it that people do feel, that when trespass or entry into their houses for searches is made, even the police is resisted on occasions, and there are casualties on both sides. So this is such a serious provision of law which should be very considerably weighed, each word of it be weighed, and then it should be brought on the record as a section of that Act.

Under these circumstances, Sir, I submit that whatever we have suggested as an amendment might be adopted. That is more reasonable, no entry into a house; nothing of that sort. If seizure is required, that might make some provision in some decent way, and not that at any time any person authorised by just giving a minute's notice can enter into a house and search. When the Britishers were feeling that, when those people had regard for that, the same is at least expected from our own Government.

Mr. Speaker : No repetition of argument please.

Mr. Munawar Khan : They privacy of our family be not disturbed. So we expect that we, who now call ourselves an independent Nation, though in fact we may not be, should obliterate at least such a provision.

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور - ۲) - (سندھی) - جناب سپیکر- میں اس ترمیم کی تائید میں دوچار جملے بولوں گا جو بہت ضروری ہیں -

مسٹر سپیکر - اگر آپ سندھی میں تقریر فرمائیں گے تو نہ فاضل ریونیو منسٹر سمجھیں گے اور نہ میں سمجھوں گا -

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان): میں پہلے سے سمجھ گیا ہوں کہ جو کچھ وہ فرمائیں گے -

حاجی سردار عطا محمد - انکو تو سننا ہی نہیں ہے اور نہ ماننا ہے -

مسٹر سپیکر - لیکن آپ کے لئے یہ ضروری ہے کہ آپ انکو ہی سنائیں -

حاجی سردار عطا محمد - وہ تہیہ کرچکے ہیں کہ وہ نہیں سمجھیں گے اور اس کے علاوہ جناب سپیکر میں اردو میں اچھی طرح بول نہیں سکتا -

مسٹر سپیکر ۔ آپ تو ماشاءاللہ بہت اچھی اردو بولتے ہیں ۔ لہذا آپ اردو ہی میں تقریر کریں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ یہ جو قانون ہے کہ ہر جگہ افسر مال یا اسکے حکم سے کوئی بھی آدمی جاسکتا ہے ۔ اس میں پٹواری بھی آسکتا ہے ۔ اس میں چپڑاسی بھی آسکتا ہے ۔ پولیس والے بھی آسکتے ہیں ۔ یہ بڑی غیر مہذب بات ہے اور سراسر زیادتی ہے کسی کو کوئی حق نہیں کہ کسی کے یہاں چلا جائے ، کیونکہ ایک مہذب شہری اور ایک پاکستانی مسلمان کے گھر میں بغیر اجازت لئے گھس جانا بڑی بری بات ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ قائد ایوان اسکو پہلے ہی منظور کر لیتے اور ہاؤس کا وقت ضائع نہ کرتے انشاءاللہ اب امید کرتا ہوں کہ وہ اس کو مان لیں گے اور یہ خود سمجھیں گے کہ یہ صرف ہمارے ہی ساتھ نہیں ہوگا بلکہ ان کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے اس کی زد میں صدر صاحب بھی آسکتے ہیں ، گورنر صاحب بھی آسکتے ہیں ، منسٹر صاحب بھی آسکتے ہیں ، پیر صاحب بھی آسکتے ہیں جنکے یہاں پردے کا اہتمام ہوتا ہے وہ بھی آسکتے ہیں تو ایسی صورت میں کیا وجوہات ہیں کہ منسٹر صاحب یہ بات نہیں مان لیتے ۔ میں انکی نیت پر کوئی حملہ نہیں کرتا ہوں اور یہ جاننے کی کوشش نہیں کرتا ہوں کہ ان کیا نیت ہے وہ کس وجہ سے بغیر پوچھے کسی کے گھر میں گھس جائیں گے وہ اخلاق والے ہونگے یا بد اخلاق ہونگے لیکن بہر حال ہر مسلمان کے لئے بھی اللہ تبارک و تعالیٰ نے قرآن پاک میں فرمایا ہے کہ جب کسی کے گھر پر جاؤ تب اس سے اجازت مانگو ۔

اسکے علاوہ یہ بھی صورت رکھی گئی ہے کہ ہر انسان کے مذہبی اور سماجی احساسات کی قدر کی جائے تو ان حالات کے پیش نظر کیا وجوہات ہیں کہ ایسا قانون رکھا جارہا ہے اور ایسے قانون رکھنے کی کیا وجوہات ہیں جبکہ ہر آدمی مذہبی لحاظ سے پردا دار ہے اور ہر آدمی سماجی لحاظ سے یہ کب پسند کرے گا کہ اس کے گھر میں کوئی بغیر پوچھے گھس جائے ۔ آپ خدا جانے ان باتوں پر کیوں توجہ نہیں دیتے ۔ میں آپ سے عرض کرونگا کہ آپ اس ترمیم

کو قبول فرمائیں اور اس ہاؤس کا وقت ضائع نہ کریں ۔ میں آپ کا شکر گزار ہوں گا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی— ۸)—جناب والا— اس مسودہ قانون کی دفعہ ۳۰ ۔ دراصل سندھ لینڈ ریونیو ایکٹ ۱۸۷۹ء کی دفعہ ۲۲۰ کی تقریباً لفظ بہ لفظ نقل ہے جناب والا — اگر آپ ۱۸۷۹ کے قانون کو پیش نظر رکھیں اور آج کے مسودہ قانون پر غور کریں اور یہ بھی اپنے سامنے چیز رکھیں کہ ۱۸۷۹ء کا وہ زمانہ تھا جب انگریزوں کو اس ملک میں تسلط حاصل کئے ہوئے ۲۲ سال گذر چکے تھے اور ملک میں عام جہالت اور انگریزوں کا رعب اسقدر طاری تھا کہ کسی میں یہ جرأت نہ تھی کہ انگریز اس ملک کے باشندوں کیلئے جو بھی قانون بنائے اس کی مخالفت کرنا تو درکنار اس کے بارے میں سوچ بھی سکے ۔ پھر آہستہ آہستہ ملک میں کچھ بیداری بڑھی ، کچھ لوگوں میں شعور بھی پیدا ہوا ، چنانچہ آپ دیکھیں گے کہ صرف آٹھ سال کے بعد ۱۸۸۷ء میں پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ جو انگریزوں نے پنجاب کے صوبے کے لئے مرتب کیا تو اسکی دفعہ ۱۰۴ میں لینڈ ریونیو آفیسر کو جو یہ اختیار دیا گیا تھا کہ وہ کسی کے گھر میں یا زمین میں رہائیشی مکان میں داخل ہو سکتا ہے ۔ یہ اختیار ریونیو آفیسر کو پنجاب کے علاقہ میں نہیں دیا گیا ، لیکن اب یہ ہمارے زمانے میں اس سندھ کے پرانے قوانین کے الفاظ کو دھرایا گیا ہے ۔ ان دونوں قوانین کے دیکھنے سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ انگریز بھی ۱۸۷۹ء کے بعد ۱۸۸۷ء میں ۸ ۔ سال کے بعد جب پنجاب کے علاقہ کے لئے قانون مرتب کرنے کے لئے بیٹھا تو اس نے محسوس کیا کہ ۸ سال میں زمانہ ترقی کر چکا ہے ۔ لوگوں میں سیاسی شعور ۸ سال پہلے کے مقابلہ میں اب بہت زیادہ بیدار ہوچکا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر — جب میں یہ مطالبہ کر رہا تھا تو قائد ایوان صاحب نے سر ہلا دیا تھا اسکا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے اس کو قبول کرلیا ہے

ایسی صورت میں اب اس پر تقریر نہیں ہونا چاہئے اور دوسرے پر بحث کرنا چاہئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی۔ جناب والا — میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ۱۸۸۷ء میں جب پنجاب کے لئے لینڈ ریونیو قوانین بنانے کے لئے انگریز نے قلم اٹھایا تو اسنے یہ محسوس کیا کہ آج سے ۸ سال پہلے سندھ کے لئے جو قوانین بنائے گئے تھے جسمیں یہ گنجائش رکھی تھی ریونیو آفیسر کو کسی شخص کے مکان میں داخل ہونے کی اجازت ہے یہ provision اب وقت کے ساتھ چلنے والا نہیں ہے ، زمانہ ۸ سال آگے جاچکا ہے ۔ لوگوں میں سیاسی شعور پہلے کی نسبت زیادہ بیدار ہوچکا ہے اب اگر ۱۸۷۹ء کا قانون نافذ کیا گیا تو لوگ اس کے خلاف آواز بلند کریں گے ۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس کے علاوہ اور کوئی وجوہ نہ تھیں ۔ ۱۸۷۹ء کے قانون میں ایک واضح شق کی موجودگی کے باوجود ۱۸۸۷ء کے قانون میں انگریزوں نے وہ گنجائش نکال دی اور پنجاب کے ریونیو افسران کا حق سلب کر لیا کہ وہ کسی کام کے لئے کسی لینڈ ریونیو کی assessment کے لئے یا کسی دوسرے اختیار کی سرانجام دہی کے لئے کسی شخص کے رہائیشی مکان میں داخل ہو سکیں ۔ میرا عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ انگریز جو بیرونی حکمران تھا ۔ جو اس ملک پر بزور شمشیر قابض ہوا تھا ، جس نے اس ملک کے لوگوں کی غیرت کو چیلنج کیا تھا ۔ جس نے ان کی آزادی کو سلب کیا تھا ۔ جو سات آٹھ ہزار میل کی دوری سے آکر اس ملک پر حکمران ہوا اور جو اس ملک کے معاشرے سے واقف نہ تھا اور اس ملک کے مذہب سے واقف نہ تھا اس نے بھی ۱۸۸۷ء میں وہ غلطی محسوس کر لی جو سندھ کے قانون میں بنیادی طور پر ۱۸۷۹ میں اسے محسوس نہیں ہوئی تھی ، لیکن افسوس کہ آزادی کے بعد بھی سابقہ قانون کو تقریباً ۸۰ سال کے بعد ہمارے ان حکمران نے جو اس ملک کے باشندے ہیں جو اس

مادر وطن کی اولاد ہیں ۔ جو اس ملک کے معاشرے سے بھی واقف ہیں ۔ جو اس ملک کے مذہب سے بھی واقف ہیں جو اس ملک کی رسومات سے بھی واقف ہیں ۔ انہوں نے وہ چیز محسوس نہ کی جو انگریزوں نے ۱۸۸۷ء میں کی تھی ۔ جناب والا — یہ موجودہ قانون ریونیو افسران کو اتنے وسیع اختیارات دیتا ہے کہ ۔

".....Provided that no premises used as human dwelling shall be entered upon except with the consent of the occupier thereof....."

یعنی پہلی شرط داخل ہونے کی یہ ہے کہ وہ مکان کے مالک سے اس کی اجازت لے ۔

مسٹر حمزہ—پوائنٹ آف آرڈر کیا جناب فاروقی صاحب چائے پینے کے بعد زیادہ اچھی تقریر نہیں کریں گے ۔

مسٹر سپیکر— میرا خیال تھا کہ وہ اپنی تقریر شاید ختم کر رہے ہیں ۔

The House is adjourned for 20 minutes for tea-break.

The Assembly then adjourned for twenty minutes.

The Assembly met at 11·00 a. m. Mr. Speaker in the Chair.

Mr. Speaker : Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب والا — مجھے تقریر جاری کرنی ہے لیکن میں یہ کیسے point out کر سکتا ہوں کہ ہاؤس میں کورم نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر—آپ کسی اور کو کہیں کہ وہ پوائنٹ آف آرڈر کرے ۔

مسٹر حمزہ—آپ کے حکم کی تعمیل میں میں پوائنٹ آف آرڈر کرتا ہوں کہ ہاؤس میں کورم نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر—یہ میرا حکم نہیں ہے یہ تو فاروقی صاحب نے کہا ہے ۔

Let there be a count. (*count was taken*) The House is not in quorum ; let the bells be rung (*bells were rung for five minutes*) Five minutes are over. Let the names of the members, who are present in the House, be recorded. (*Name were recorded*). The House is now in quorum. Yes, Mr. Farooqi-

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب والا — میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہمارے قانون کو مرتب کرنے والے محترم وزراء صاحبان نے اس چیز کو پیش نظر نہیں رکھا جو ۱۸۸۷ء میں انگریزوں نے سابقہ قانون پر نظرثانی کرتے وقت ملحوظ رکھا تھا، حالانکہ یہ اس ملک کے لوگوں کی روایات سے ۔ ان کے مذہبی جذبات سے ۔ ان کے معاشرتی حالات سے اچھی طرح باخبر ہیں ۔ اور ان کو یہ بات سمجھنی چاہئے تھی کہ ہمارے ملک کے وہ ۹۰ فیصد عوام جو دیہاتوں میں رہتے ہیں اور جن سے یہ قانون اور اس قانون کی یہ شق خاص طور پر متعلق ہے یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے گھروں کو ۔ اپنی معاشرت کو ۔ اپنی آخری جائے پناہ کو اور اپنے تمدن کو قلعہ سمجھتے ہیں (ہیئر ۔ ہیئر) ۔ اس قلعہ میں اور اس قلعہ کی دیواروں میں رخنہ پیدا کرتے وقت ان کو یہ سمجھنا چاہئے تھا کہ عوام پر یقیناً اس کا اثر پڑے گا ۔

جناب والا — میں اس ملک کی ایسی ۱ فیصد یا ۲ فیصد آبادی کا ذکر نہیں کرتا جو مغربی تہذیب و تمدن میں غرق ہے، جس کے اور میرے درمیان اسلامی اصول معاشرت کا پردہ پڑا ہوا ہے ۔ جو گھر کے اندر کسی غیر مرد کے آنے یا غیر محرموں سے ملنے جلنے یا ان کے گھر میں آزادی کے ساتھ رہنے کو کوئی اہمیت نہیں دیتے میں ملک کے ان نوے فیصد لوگوں کی بات کر رہا ہوں جو اس قانون سے متعلق ہیں ۔ اور میرے خیال میں میری اس بات سے ایوان کا ہر شخص متفق ہوگا ۔ اور وزراء بھی اس سے متفق ہوں گے ۔ کہ دیہات میں رہنے والی آبادی اپنے گھر کی چار دیواری کو کتنا محترم سمجھتے ہیں ۔ اور اپنے گھر کی چار دیواری کے اندر کسی غیر شخص کے داخلے کو کتنی بیزاری اور نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ۔ پھر اس پر تماشہ یہ ہے ۔ کہ جیسا میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے ۔ کہ ۱۸۸۹ء میں یہ قانون انگریزوں نے اس ملک کے حاکم کی حیثیت سے بنایا تھا ۔ اس میں انگریزوں نے اپنے افسروں کو کسی کے گھر کے اندر داخل ہونے کے جو اختیارات دیئے تھے ۔ تو اس میں انہوں نے ایک شرط

یہ رکھی تھی ۔ کہ کم از کم سات دن کا نوٹس انہیں صاحب خانہ کو دینا چاہئے ۔ چاہئے تو یہ تھا کہ آپ اس قانون پر موجودہ حالات کے پیش نظر نظرثانی کرتے لیکن آپ نے اس کے برعکس اسے مزید دو آتشہ کر دیا ہے کہ آپ کا Revenue Officer یہ سات دن کا نوٹس دینے کی بات تو علیحدہ رہی ۔ صاحب خانہ کو اس نوٹس کے دینے کا پابند ہی نہیں ہے ۔ جو نوٹس کہ قانون متعین کرتا ہے ۔ قانون میں آپ کے الفاظ یہ ہیں ۔ کہ ---

".....no premises used as human dwelling shall be entered upon except with the consent of the occupier thereof,....."

یعنی رہائشی مکان میں داخل ہونے کی پہلی شرط اور پابندی Revenue Officer پر یہ ہے کہ وہ مالک مکان سے اس کی اجازت لے اور جناب والا ! واضح رہے کہ یہاں پر لفظ "or" ہے "and" نہیں ہے۔

".....or without serving at the premises before entry such notice as may appear reasonable to the Revenue Officer."

یہ ریونیو آفیسر کوئی نوٹس جو اس کے نزدیک Reasonable ہو ۔ اور دلائل کی بنیاد پر مبنی ہو ۔ وہ دیکر صاحب خانہ کی مرضی کے بغیر اس کے مکان میں داخل ہو سکتا ہے سوال یہ ہے کہ ریونیو آفیسر کو یہ اختیار کہ جس نوٹس کو وہ ضروری سمجھے ۔ وہ نوٹس دے ۔ اور ہو سکتا ہے ۔ کہ وہ نوٹس ایک دن کا ہو ۔ اور وہ نوٹس ایک ہفتے کا بھی ہو سکتا ہے ۔ ایک گھنٹے کا بھی ہو سکتا ہے ۔ رات کے اوقات میں بھی ہو سکتا ہے ، دن کے اوقات میں بھی ہو سکتا ہے ، وقت کا کوئی تعین نہیں ہے ۔ اور نہ ہی اس میں مدت کا تعین ہے ۔ اور پھر اس کے لئے یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ وہ مکان میں تبھی داخل ہو ۔ جبکہ صاحب خانہ مکان کے اندر موجود ہو ۔ صاحب خانہ کی اجازت لینا تو درکنار ریونیو آفیسر کو یا اس کے چپڑاسی کو یا ایک تھانیدار اور پولیس کانسٹیبل کو یہ عام اجازت اور کھلی چھٹی ہے کہ وہ جس کے مکان میں بھی چاہے ۔ اور جس وقت بھی چاہے ۔ وہ بغیر کسی معقول نوٹس کے اور صاحب خانہ کی عدم موجودگی میں جس وقت

کہ صرف عورتیں ہی مکان میں موجود ہوں ۔ وہ کسی کے مکان میں داخل ہو جائے ۔ اسے اس بات کی عام اور کھلی اجازت ہے کہ وہ جب بھی چاہے ایسا کرے ۔ تو میں یہ دریافت کرتا ہوں ۔ کہ کونسی چیز مانع تھی ۔ کہ ۱۸۸۹ء کے قانون میں تو سات دن کے نوٹس کی ضرورت تھی ۔ لیکن ۱۹۶۶ء کے قانون میں ایک لمحے کے نوٹس کی بھی ضرورت نہیں ہے ۔ آپ یہ کہہ سکتے ہیں ۔ کہ کوئی بھی Revenue Officer اتنا unreasonable نہیں ہو سکتا ۔ کہ وہ کسی کے مکان میں بلا نوٹس کے داخل ہونے کی جرات کر سکے ۔ لیکن میں یہ کہوں گا ۔ کہ اگر آپ ریونیو آفیسر کو یہ اختیار دے رہے ہیں ۔ کہ وہ بغیر نوٹس کے کسی کے مکان میں جب چاہے داخل ہو سکے ۔ تو کیا عوام کا یہ حق نہیں ہے ۔ کہ ان کے حقوق کی حفاظت کے لئے ۔ ان کی معاشرتی ضروریات کے تحفظ لئے بھی قانون کے اندر کوئی گنجائش رکھی جائے ۔ اگر ۱۸۸۹ء کے قانون میں یہ گنجائش ضروری تھی ۔ تو اب اس کی ضرورت کیوں نہیں رہی ۔ اس وقت مالک مکان کا یہ قانونی حق تھا ۔ اگر اسے سات دن کا نوٹس نہ دیا جائے ۔ تو وہ ریونیو آفیسر یا ضلع کے بڑے بڑے حاکم یا چھوٹے سے چھوٹے کارکن کو اپنے مکان میں داخل ہونے سے روک سکے ۔ اس کے خلاف عدالت میں قانونی چارہ جوئی کر سکے ۔ کہ قانون ملک یا ضلع کے بڑے سے بڑے افسر کو بھی یہ اجازت نہیں دے سکتا ۔ کہ میری اجازت کے بغیر میرے مکان کے اندر داخل ہو سکے ۔ تو اگر آپ اس ملک کی پچانوے فیصدی آبادی اور ساڑھے چار کروڑ عوام سے یہ حق چھین رہے ہیں ۔ کہ ملک کا سب سے بڑا افسر بھی بلکہ اس ریونیو کے عملے کا ایک چھوٹے سے چھوٹا کارکن بھی اگر چاہے تو وہ کسی وقت بھی کسی صاحب خانہ کسی شریف آدمی کے مکان میں ایک لمحے کا نوٹس دیئے بغیر بھی داخل ہو سکتا ہے ۔ تو اس کی کیا وجہ ہے ۔ سب سے پہلا سوال یہ ہے ۔ کہ رہائشی مکان میں کسی کے داخل ضرورت ہی کیا ہے ۔ آپ Land Revenue بل بنا رہے

ھیں ۔ زمین کی پیمائش کے متعلق قانون بنا رہے ھیں ۔ آپ زمین پر مالیانے کی مقدار مقرر کر رہے ھیں ۔ آپ زمین کی نوعیت کو دیکھنے کے بعد کہ یہ درجہ اول زمین ھے ۔ درجہ دوئم یا درجہ سوئم زمین ھے ۔ اور اس پر اس قدر مالیانہ لگایا جائے ۔ آپ کو زمین کی حدود مقرر کرنی ھیں ۔ آپ کے سارے ھی کام زمین سے متعلق ھیں ۔ لیکن اس اراضی کا مالک جو کہ اپنے مکان میں رھتا ھے ۔ آپ کو اس کے مکان کی چار دیواری میں داخل ھو کر اس کے گھر کے سکون کو منتشر اور پریشان کرنے کا حق کہاں پہنچتا ھے ۔ آپ کو اس کے گھر کے اندر داخل ھونے کی کیا ضرورت ھے ۔ اور اگر کوئی ضرورت ھے بھی تو اسلامی تمدن اور اسلامی معاشرت کے علاوہ وہ مہذب ممالک جو اسلامی نہیں ھیں ۔ ان کا معاشرتی طریقہ بھی یہ ھے ۔ کہ کسی مکان میں مالک مکان کی اجازت کے بغیر آپ داخل نہ ھوں ۔ ھمارا ملک اسلامی ملک ھے ۔ ھم سب مسلمان ھیں ۔ ھم اسلام کے علمبردار ھیں ۔ اور دنیا کے وہ ممالک جو اسلام کے علمبردار بھی نہیں ھیں ۔ ان غیر اسلامی ممالک میں بھی کسی شخص کو صاحب خانہ کی اجازت کے بغیر کوئی قانون بھی یہ اجازت نہیں دیتا ۔ کہ وہ مکان میں داخل ھو سکے ۔ دنیا کے کسی قانون نے بھی بڑے سے بڑے حاکم کو اور بڑے سے بڑے افسر کو اور انہاں تک کہ ملک کے صدر اعلی کو بھی یہ اختیار نہیں دیا ھے ۔ کہ وہ کسی شخص کے مکان میں اس کی اجازت کے بغیر داخل ھو سکے ۔

Minister of Revenue : Sir, is it relevant? It is given clearly here that nobody can enter into the house of a person without his consent. The member is talking as if the Revenue Officer can enter into the house of any person without notice or without his consent.

Mr. Speaker : Yes, after giving notice.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Enter the House without his permission.

Minister of Revenue : I will just read out:

"Provided that no premises used as human dwelling shall be entered upon except with the consent of the occupier thereof, or....."

Mr. Mahmood Azam Farooqi : What do you mean by 'or' ?

Minister of Revenue : He must give his consent and if he does not give his consent he must give notice.

مسٹر محمود اعظم فاروقی—قانون کا کیا مطلب ھے ۔ قانون کا یہ مطلب ھے ۔ کہ فرض کیجئے کہ ایک شخص یا

ریونیو آفیسر جاتا ھے ۔ کسی کے مکان میں داخل ھونا چاھتا ھے ۔ اور مالک مکان موجود ھے .....

مسٹر سپیکر— جس چیز پر ان کو اعتراض تھا ۔ وہ تو آپ کہہ چکے ھیں ۔ اب انہوں نے فرمایا ھے ۔ کہ آپ Irrelevant ھیں ۔ اس لئے The Member may please proceed with his arguments.

مسٹر محمود اعظم فاروقی—میں اپنی دلیل پیش کرتے ھوئے اپنے آپ کو مزید واضح کرنے کے لئے ایک مثال عرض کرتا ھوں ۔ کہ اس قانون میں یہ صورت حال بھی پیدا ھو سکتی ھے ۔ کہ ریونیو آفیسر یا اس کا کوئی کارکن بھی جبکہ مالک مکان گھر میں موجود نہ ھو ۔ اور گھر میں صرف خواتین ھی موجود ھوں ۔ اور وہ خواتین ان کو گھر کے اندر داخل ھونے کی اجازت نہ دیں تو اس کلاز کی دوسری شق سے فائدہ اٹھاتے ھوئے وہ ان کو پانچ منٹ کا ھی نوٹس دے سکتا ھے ۔ یہ قانون اس کی پوری اجازت دیتا ھے کہ مالک مکان کی موجودگی یا اس کی اجازت کے بغیر ھی وہ پانچ منٹ کا نوٹس دے کر کسی کے گھر کے اندر داخل ھوں ۔ اور اس کے بعد ان خواتین کے ساتھ وہ جو بھی معاملہ چاھے کریں ۔ ان دلائل کے ساتھ میں سمجھتا ھوں کہ قانون کی یہ شق ترقی معکوس کے مترادف ھے ۔ اور یہ ھمیں ۱۸۸۹ء سے بھی پیچھے لے جا رھے ھیں ۔ اور میں سمجھتا ھوں ۔ کہ یہ اسلام کے اصولوں کے خلاف ھے ۔ اسلام کے تمدن اور اسلام کے معاشرتی نظام کے خلاف ھے ۔ اور اسلامی تقاضوں کے خلاف ھے ۔ اس لئے اس شق کو قانون کی کتاب سے خارج ھونا چاھئے ۔ مجھے امید ھے کہ وزیر مال میری بات مان لیں گے اور اس شق میں میری یہ ترمیم ضرور قبول کر لیں گے ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر حمزہ تقریر کرنے کے لئے کھڑے ھوئے) ۔

Mr. Speaker : Before Mr. Hamza proceeds with his speech, I may mention that I have received a notice of amendment from Khan Muhammad Yusuf. It reads —

> In lines 4—6 of the proviso to clause 30 for the words "or without serving at the premises before entry such notice as may appear reasonable to the Revenue Officer" the words "without serving on the occupier a notice of not less than seven days in the prescribed form" be substituted.

Let us take this amendment first and decide about it so that our discussion on that clause may be curtailed.

Mr. Munawar Khan : I may just suggest to Khan Muhammad Yusuf Khan through you Sir, that for "at any time", some suitable words might be entered in this amendment and than we might carry it.

In the first sub-clause for :

> "It shall be lawful for any Revenue Officer, and any person acting under the orders of a Revenue Officer, at any time to enter,.....",

it should be, "before sun-set and after sun-rise and not during night time," and if this is also included in it, I think we might carry it unanimously.

Mr. Speaker : That's about land and premises and not about dwelling houses.

Mr. Munawar Khan : But, Sir, it also qualifies for that.

Mr. Speaker : There is a proviso which deals with the dwelling houses. The Member fears that the Revenue Officer may go to the lands at night time.

Yes, Mr. Muhammad Yusaf Khan, may please move his amendment.

Khan Muhammad Yusuf Khan : Sir, with your permission, I beg to move :

> That in lines 3-5 of the first Proviso of Clause 30, for the words "or without serving at the premises before entry such notice as may appear reasonable to the Revenue Officer", substitute the following words:—
>
> "or without serving on the occupier a notice of not less than 7 days in the prescribed form".

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment, moved is:

> That in lines 3-5 of the first Proviso of Clause 30, for the words "or without serving at the premises before entry such notice as may appear reasonable to the Revenue Officer", substitute the following :—
>
> "or without serving on the occupier a notice of not less than 7 days in the prescribed form".

Is there any opposition to this amendment? I think there is no opposition. The question is :

> That in lines 3-5 of the first Proviso of Clause 30, for the words "or without serving at the premises before entry such notice as may appear reasonable to the Revenue Officer, substitute the following.—
>
> Or without serving on the occupier a notice of not less than seven days in the prescribed form.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Now we will dispose off other amendments. Yes, Mr Hamza.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) - جناب سپیکر - میں اس موقع پر اس کی مخالفت نہیں کرتا البتہ جب ساری کلاز آئے

گی تو میں کچھ عرض کروں گا ۔

مسٹر سپیکر—اب آپ اس ترمیم کی موجودگی میں کیا فرماتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ اس سے قبل جناب وزیر مال متعدد بار فرما چکے ہیں کہ پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ جس شکل میں بھی ۱۸۸۷ء سے ملک کے اس حصہ میں نافذ رہا اس کا مقصد اولین مالیہ کو اکٹھا کرنا یا مالیہ کی تشخیص کے لئے طریقہ کار مرتب کرنا تھا اور اس مقصد کے لئے اسے پورا پایا ۔ لیکن مکانوں میں داخل ہونے کی جو گنجائش اس دفعہ میں رکھی گئی ہے میرے خیال میں وزیر مال کو اس حد تک ترمیم کرنا چاہئے تھی کیوں کہ مکان میں داخل ہونا اتنی معمولی سی بات نہیں ہے کہ یہ کام یا یہ فریضہ ریونیو افسر کسی شخص کے سپرد کر سکے ۔

جناب سپیکر—جہاں تک رہائشی مکانوں میں داخل ہونے کا تعلق ہے میں تسلیم کرتا ہوں کہ بعض اوقات یہ رہائشی مکان کھیت میں بھی بنایا جا سکتا ہے ۔ تو ایسے رہائشی مکان یا کسی منقولہ جائداد کی ترقی یا ضبطی کی ضرورت محسوس ہو سکتی ہے ۔ لیکن جب جناب وزیر مال نے ہماری معروضات کے پیش نظر اس حد تک تسلیم کر لیا ہے کہ کوئی افسر یا افسر کا نامزد کردہ فرد کسی مکان میں داخل ہونا چاہے تو سات دن کا نوٹس دے گا ۔ تو یہ بھی لازم تھا کہ اس کے ساتھ ساتھ یہ شرط لگا دیتے کہ اس افسر کا کم از کم عہدہ کیا ہو گا اور کن اوقات میں وہ داخل ہو سکے گا ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو علم ہے کہ کام جو کسی ریونیو افسر کے سپرد کیا جاتا ہے ۔ اس کی نوعیت کیا ہے مجھ سے زیادہ وزیر مال صاحب جانتے ہیں کہ وہ کام رات کے مقابلہ میں دن کے وقت زیادہ بہتر طریقہ پر کیا جا سکتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو یہ علم ہو گا کہ لارڈ ہیسٹنگز نے ہندوستان میں جو کچھ کارہائے نمایاں کئے وہ کارہائے نمایاں

اس قسم کے تھے کہ جو کارھائے نمایاں ھماری حکومت اس ملک میں سرانجام دے رھی ھے ۔ جب لارڈ ھیسٹنگز کو عھدہ سے فارغ کر دیا گیا اور وہ انگلینڈ تشریف لے گئے تو ان کی غلط کارروائیوں کی وجہ سے ان کو impeach کیا گیا ۔ برق نے اس کے متعلق نہایت سخت الفاظ استعمال کئے ۔ ان کی کارروائیوں کو جو مقبوضہ ھندوستان میں انہوں نے کیں سخت ناپسند کیا خود انگریز قوم نے انہیں بے حد ملعون و مطعون گردانا ۔ افسوس یہ ھے کہ جناب وزیر مال جب ھماری معروضات کے پیش نظر رعایت دینے کو تیار تھے تو انہوں نے یہ ضروری ترمیم کیوں قبول نہیں کی ۔

جناب سپیکر ۔ اس معزز ایوان کے دائیں طرف بیٹھنے والے بعض ممبران نے یہ کہا ھے کہ اسلامی معاشرت اس قسم کی ھے کہ مسلمانوں کے گھروں میں خاص طور پر رات کے وقت کسی شخص کا داخل ھونا کوئی شخص بھی پسند نہیں کرے گا لیکن میرے نزدیک وہ لوگ جو مسلمان بھی نہیں ۔ جو لوگ نئی تہذیب کے دلدادہ ھیں وہ بھی اپنے گھروں میں privacy کو نہایت اھمیت دیتے ھیں ۔

صاحب سپیکر ۔ آپ یہ کہیں گے کہ تم یہ پابندی کیوں لگاتے ھو لیکن میری عرض ھے کہ وہ افسر جو کسی مکان میں داخل ھو کم از کم اس کا عھدہ مقرر کیا جائے اور یہ پابندی ھو کہ وہ رات کے وقت داخل نہ ھو ۔

Mr. Speaker : That is not the amendment.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اب دفعہ ۳۰ (as whole) کے متعلق عرض کرونگا ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ ایک ترمیم suggest کر رھے ھیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ حق ھے کہ اس کلاز میں جو نقائص ھوں ان کی نشان دھی کروں گا اور متبادل تجاویز جو تحریری طور پر پیش نہیں کی ھیں انہیں زبانی عرض کروں ۔ اور اس میں کوئی چیز مانع نہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رھا تھا کہ یہ زمانہ ۱۸۸۷ء کا نہیں ۱۹۶۶ء کا ھے ۔ میرے نزدیک ۱۸۷۹ء یا ۱۸۸۷ء

میں انتظامیہ کے حالات اتنے برے نہ تھے اور انتظامیہ کا معیار اس حد تک گرا نہ تھا جتنا کہ آج گرا ہوا ہے ہمیں اس لئے اس قسم کے تحفظات کی زیادہ ضرورت ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو علم ہو گا کہ آج سے چند دن پہلے اس ملک کی انتظامیہ کے ایک بہت بڑے افسر جو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کراچی تھے ان کے بارے میں میں نے عرض کیا تھا کہ وہ لاہور کے کسی ہوٹل میں رنگ رلیاں مناتے ہوئے پکڑے گئے ۔

Mr. Speaker : Mr. Hamza is not relevant. That has nothing to do with this.

Minister of Revenue : Sir, no officer should be mentioned by name nor any personal charge should be brought against him.

Mr. Speaker : I will not allow that.

مسٹر حمزہ—ریونیو آفیسر کون ہوتا ہے ۔ ریونیو آفیسر کے کردار کی حالت اس ملک میں یہ ہے

Mr. Speaker : I will not allow that. The Member should not make those remarks. He should be very specific about the clause under discussion.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ تحفظات جو کہ جناب وزیر مال نے آج از راہ کرم ایک ترمیم کی صورت میں بخشے ہیں وہ انتہائی ناکافی ہیں اور اسی دفعہ کی پہلی لائینوں میں جس قسم کے افسروں کو اختیارات دئے گئے ہیں ۔ وہ بہت وسیع ہیں اور جس قسم کی انتظامیہ اس ملک میں ہے وہ اس حکومت کا بد ترین انعام ہے ۔ میں ان حالات کے پیش نظر یہ سمجھتا ہوں کہ اس قسم کے اختیارات افسروں کو دینا (ہم جانتے ہیں کہ انہیں کس طریقہ سے استعمال کیا جائیگا) زیادتی ہے ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) : جناب من ۔ اس کلاز کا تعلق صرف بندوبست سے ہے اور بوقت بندوبست یہ اجازت افسروں کو ہونی چاہئے کہ وہ پیمائش کریں برجیاں لگائیں حد بندی کریں تشخیص مالیہ کریں وغیرہ وغیرہ ۔ اس سلسلے میں ان کو خواہ گورنمنٹ کی اراضی ہو یا کسی کی پرائیویٹ ملکیت ہو ان کو جانا پڑتا ہے ۔ کہ وہ وہاں جا کر پیمائش کریں تشخیص مالیہ کریں برجیاں لگائیں اور ایک بندوبست ختم ہونے کے بعد اور دوسرے بندوبست شروع ہونے سے پہلے اگر کوئی آباد ہوا ہے تو اس آبادی کے مالیہ

کی تشخیص کرتے ہیں لیکن اس کا مطلب یہ کہاں ہے کہ وہ کس کے گھر میں گھس جائیگا کیا وہ پاگل ہے یا باؤلہ ہے ان کو تو بلی کے خواب میں چھیچھڑے ہی نظر آتے ہیں - یعنی ریونیو آفیسر کسی کے گھر میں گھس جائے گا - یہ تو ہر معاملہ میں سیاسی مسائل کو لے آتے ہیں اس میں بھی لے آئے ہیں -

مسٹر حمزہ—پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - اس پر مجھے اعتراض ہے کہ یہ بلی کے خواب میں چھیچھڑے ہیں یہ تو چھیچھڑے کے خواب میں بلی ہے -

مسٹر سپیکر—یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

وزیر مال - تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کسی نے بندوبست کے بعد کھیت بنایا ہے تو اس کی تشخیص مالیہ کرنا ہوتی ہے اور اگر اس کی پیمائش نہیں کرتا تو تشخیص مالیہ کیسے ہوگی لیکن اس کی اجازت کے بغیر مالیہ کی تشخیص کے لیے افسران مجاز گھس نہیں سکتے - اجازت لینے پر اگر یہ سمجھا جائیگا کہ مالک مکان اجازت نہیں دیتا تو پھر اس کو ۷ دن کا نوٹس دیا جائے گا کہ وہ پیمائش کرے اس میں یہ کہیں نہیں ہے کہ اس کے مکان میں دن میں یا رات میں کوئی افسر بغیر اس کی مرضی کے گھس جائیگا۔

Mr. Munawar Khan: On a point of order.

Minister of Revenue: It is common sense. It is prescribed under the Rules at what time which Officer should enter which place. These are questions of details and rules and not for the enactment itself.

Mr. Munawar Khan: On a point of order. My submission is that each individual house is not measured during settlement. It is the entire village abadi which is given one Khasra number.

Mr. Speaker: Is it a point of order?

Mr. Munawar Khan: Just legal information.

Mr. Speaker: This is not a point of order.

I will now put the amendment to the vote of the House. The question is:

> That for clause 30 of the Bill, as reported by the Select Committee, the following be substituted, namely:—
>
> "30. Any Revenue Officer, and any person acting under the orders of a Revenue Officer, may, in the discharge of any duty under this Act enter upon and survey land and erect boundary marks thereon and demarcate the boundaries there and do all other acts necessary for the proper performance of that duty".

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is :

That clause 30 as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 31

Mr. Speaker : Clause 31. There is notice of an amendment by Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I move :

That in clause 31 of the Bill, as reported by the Select Committee--

(a) in sub-clause (1) the commas and words "other than an Assistant Collector of the first grade", occurring in lines 1-2, be deleted.

(b) the brackets and figure "(1)" and sub-clause (2) be deleted.

Mr. Speaker : Clause under consideration , amendment moved is:

That is clause 31 of the Bill, as reported by the Select Committee;—

(a) in sub-clause (1) the commas and words "other than an Assistant Collector of the first grade", occurring in lines 1-2, be deleted.

(b) the brackets and figure "(1)" and sub-clause (2) be deleted.

Minister of Revenue : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲)— جناب سپیکر - میری امنڈمنٹ سے یہ مراد ہے کہ کلاز ۳۱ کی پہلی اور دوسری لائن میں سے چند الفاظ کو حذف کر دیا جائے - کلاز ۳۱ یہ ہے :—

A Revenue Officer other than an Assistant Collector of the first grade, may exercise his powers under this Act at any place within the limits of his jurisdiction.

جناب والا - اس کے ساتھ ضروری ہے کہ Sub-clause (2) بھی عرض کردوں -

(2) An Assistant Collector of the first grade may exercise his powers at any place with- in the District in which he is employed.

جناب والا - amendment کرنے کے بعد یہ صورت ہو جائیگی -

"A Revenue Officer may exercise his powers under this Act at any place within the limits of his jurisdiction".

اور دوسری کلاز جو ہے اس کو بھی حذف کر دیا جائے - جناب سپیکر اس ہاؤس میں کم و بیش دو تین روز قبل کافی بحث و تمحیص ہوئی -

ریونیو آفیسرز کی جو various کلاززز ہیں اور جو ان کی classifications ہیں ان کے متعلق کافی کہا گیا اس کے بعد ریونیو آفیسر کی term کے بارے میں بھی بار بار کہا گیا ہے - اس طرح سے سیکشن میں دو جگہ یہ provide کر دینا کہ ریونیو

آفیسر کی کون سی jurisdiction ہو گی اور اسسٹنٹ کلکٹر کی کون سی jurisdiction ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس سے تضاد اور inconsistency پیدا ہو جائے گی ان دفعات کے ساتھ جن کو ہم پاس کر چکے ہیں ۔ جناب والا ۔ ریونیو آفیسر کی term سے اس کلاز میں کیا مطلوب ہے میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں ۔ یہ کہاں لکھا ہوا ہے کہ یہ ریونیو آفیسر جو ایک خاص jurisdiction میں اپنی پاورز excercise کرے گا اس کا status کیا ہوگا ۔

جناب سپیکر ۔ اسسٹنٹ کلکٹر بلکہ کلکٹر بھی ریونیو آفیسر کی term میں آ جاتا ہے ۔ تو دونوں افسروں کو یکجا کر دینا اور ایک جگہ اگلی کلاز میں ان کی jurisdiction کو علیحدہ کر دینا ایسا flaw ہے کہ جس کو میں کم از کم سمجھنے سے قاصر ہوں ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس کا کیا مطلب ہے اور اس سے کیا مراد ہے ۔ جناب سپیکر ۔ کہا جاتا ہے کہ ہم لوگ ریونیو لاز کو کیا سمجھتے ہیں ۔ یہ درست ہے کہ ہم ان کو نہیں سمجھتے ۔ در اصل ہم اس بل پر بحث کا آغاز کرنے سے قبل روشناس نہیں تھے ۔ وہی مثال ہے جیسے کہ ایک بوچڑ خانے میں قصاب ہر روز بھیڑوں کو ذبح کرتا ہے اور اس کے دل پر کوئی اثر نہیں ہوتا تو اسی طرح ہم بھی پہلے اس بل سے نا آشنا تھے اس لئے بعد میں جب ہمیں پتہ چلا تو ہم نے اس کے نقائص کو پکڑ لیا اور ان پر بحث کی اور اگر ہم نے کئی سالوں سے اس پر پریکٹس کی ہوتی اور ریونیو کے محکمہ کے متعلق پتہ ہوتا تو یقیناً آج یہ احساس پیدا نہ ہوتا ۔ جناب سپیکر ۔ اندازہ فرمائیے کہ غلطی پہ غلطی اور اس میں اس قدر ambiguity اور inconsistency ہے اور پھر اس پر یہ دلائل دینا کہ سندھ کے ریونیو کوڈ میں یہ دفعہ موجود ہے اس لئے اس کو repeat کیا جا رہا ہے تو کم از کم میں اس کو نہیں سمجھتا اور جہاں تک میری اپنی محدود انگریزی کا تعلق ہے اس میں مجھے تو کافی inconsistency نظر آتی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کلاز کے متعلق یا اس بل کے متعلق ؟

ملک محمد اختر - اس کلاز کے متعلق - تو جناب سپیکر - آپ یہ کر دیتے کہ لینڈ ریونیو افسران کی classification نہ کرتے بلکہ ان کی definition کو واضح کر دیتے پھر اس کے بعد ریونیو افسر کے عملے کے ہر آدمی کو شامل کیا گیا ہے اور آپ نے classification بھی کر دی ہے اور ایسا کرنے کے بعد ان کی jurisdiction کو مختلف کر رہے ہیں - میں نہیں سمجھتا یہ کہاں کا قانون ہے - میرا خیال ہے کہ لاء ڈیپارٹمنٹ سے ہو کر نہیں آیا - اس میں تو کافی انگریزی کی غلطیاں ہیں جنہیں دور کرنا چاہئے اور جناب والا میری ذرا سی ترمیم ہے جس کو اگر آپ مان لیں تو یہ پبلک کے مفاد میں ہوگا اور ان کے ق میں بڑا اچھا ہو گا - اگر نہ مانیں تو یہ آپ کی مرضی ہے اگر صرف یہ کر دیا جائے -

"Revenue Officer may exercise his powers under this Act at any place within the limits of his jurisdiction."

تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر اس چیز کو specify کر دیا جائے کہ فلاں کیا ہے فلاں کیا ہے کون سی jurisdiction ہے اور اس کی difinition and classification کیا ہے تو زیادہ بہتر ہو گا -

Mr. Speaker: Mr. Munawar Khan.

Mr. Munawar Khan (Bannu I): I have to make a few submissions in support of Mr. Akhtar, my Independent friend and Member. The complications are there. If you go through the two clauses as reported by the Select Committee, and then the amendment which he has proposed (and which I also submitted in the same way in which he did) you will find that it makes the meaning of the clause so very clear that it will remove any misunderstanding regarding the jurisdiction of a Revenue Officer. In the definition of a Revenue Officer they have included so many officers that the term 'Revenue Officer' would include everybody. So, whenever, a Revenue Officer of that cadre, of that rank is posted, naturally he will be exercising those powers under this bill, which will be enacted later on. As he would be exercising under this, so an Assistant Collector would exercise these powers in his area, and a First Class Revenue Officer will exercise these powers wherever he is posted. These are absolutely redundant and will be a source or great complications and misunderstanding. So if, the amendment, as proposed by my friend, that a Revenue Officer may exercise his powers under this Act at any place within the limits of his jurisdiction, is accepted, this would be so simple, so clear, so easily understandable that there would be no complications, no misunderstanding, no doubts, and every officer would be exercising the powers in the area wherever he is appointed as such. So I respectfully suggest to the Minister through you Sir that he might accede when we are reasonable, not that he should insist even when he is not right.

Minister of Revenue (Khan Habibullah Khan): As you are aware, Sir Assistant Collectors, are of two kinds; one is Assistant Collector, grade first, and the other is Assistant Collector, grade two. The Assistant Collectors of grade two comprise Naib-Tensildars and Tehsildars, and Assistant Collector grade first is,

what we call "Afsar Mal". Now every Naib-Tehsildar and Tehsildar is given a specified circle, not the whole district. Even a Tehsildar is not given a Tehsil. A district is divided into tehsils and a tehsil into circles. Now a Naib-Tehsildar and Tehsildar, who are posted to a district, are not given a whole district or a whole tehsil. They are given only specified circles in which they can exercise their respective jurisdiction. One Naib-Tehsildar cannot exercise his powers in the jurisdiction of another Naib-Tehsildar or in the jurisdiction of a Tehsildar. Similarly a Tehsildar cannot exercise the powers in the jurisdiction of the Naib-Tehsildar. But on the other hand, Assistant Collector, first grade, whom we have just now known by the name of "Afsar Mal', exercises his power throughout the district. He has to deal with the patwaris, the Qanungos, Naib-Tehsildars and Tehsildars of the whole district. An exception has been made that the Assistant Collector of the first grade will exercise his powers throughout the district while the Assistant Collector, second grade, will exercise his powers within his respective circle and area. That is the only difference. This was provided in almost the same terms in the former Punjab Act also. It is the same thing.

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب اس چیز کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے ۔ کہ سب کلاز (۱) میں دیا گیا ہے ۔

"A Revenue Officer other than an Assistant Collector of the first grade, may exercise his powers under this Act at any place within the limits of his jurisdiction".

limits سے پہلے لفظ local limits نہیں آنا چاہئے ۔ عام طور پر دو قسم کی ts ہیں ۔ ایک pecuniary limits اور دوسری territorial limits آپکا مفہوم territorial سے ہے لیکن عام طور پر قانون میں اسے local limit ہی define کیا جاتا ہے ۔

Section 22 of the old Punjab Act وزیر مال ۔ جناب پہلے ملاحظہ فرمائیں ۔

Assistant Collector should exercise his powers under this Act at any place within the limits of the District, and any other Revenue Officer may exercise his powers under this Act within the local limits of his jurisdiction.

مسٹر سپیکر ۔ کیا وہاں local limits تھی ؟

وزیر مال ۔ دونوں میں local limits ہے ۔ فرق کوئی نہیں

This is understood

مسٹر سپیکر ۔ اس چیز کی وضاحت ہونی چاہئیے تھی ۔

Minister of Revenue : I think this is more than sufficient.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 31 of the Bill, as reported by the Select Committee,—

(*a*) in sub-clause (1), the commas and words "other than an Assistant Collector of the first grade", occurring in lines 1-2, be deleted; and

(*b*) the brackets and figure "(1)" and sub-clause (2) be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : I will now put the clause to the vote of the House. The question is—

That clause 31 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 32

Mr. Speaker : Now Clause 32. There is a notice of amendment from Mr Mahmood Azam Farooqi who may please move his amendment.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : I beg to move Sir—

That in clause 32 of the Bill, as reported by the Select Committee, after substituting a colon for the full-stop, occurring at the end of the line 6, the following proviso be added, namely:—

"Provided that the parties concerned had agreed thereto.",

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is —

That in clause 32 of the Bill, as reported by the Select Committee, after substituting a colon for the full-stop, occurring at the end of line 6, the following proviso be added, namely:—

"Provided that the parties concerned had agreed thereto.".

Minister of Revenue : Opposed Sir.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ (کراچی ۔ ۸) ۔ اسے بھی oppose کرتے ہیں ۔ میں سمجھا تھا آپ اسے فوراً مان لیں گے ۔ جناب والا ۔ اس کلاز ۳۲ کے مطابق ریونیو افسر کو یہ اختیار ہے کہ وہ کسی ایسے دن کسی معاملہ کی سماعت کر سکے اور عدالت قائم کر سکے جس کے متعلق پہلے سے چھٹی کا اعلان کیا جا چکا ہو ۔ اکثر تراجم کے جواب میں قائد ایوان نے یہ فرمایا ہے کہ یہ قانون مجریہ ۱۸۷۹ء یا ۱۸۸۷ء میں اسی طرح سے موجود تھا ۔ جناب والا ۔ میں عرض کروں گا کہ کسی حکم کا کسی سابقہ قانون میں ہونا ۔ یہ اس بات کی کوئی دلیل نہیں کہ اسے کسی نظرثانی شدہ قانون میں بھی داخل کتاب کیا جائے ۔ اگر قانون کی صرف نقل ہی کرنا مقصد ہوتا تو چند معمولی تنخواہ پانے والے کلرک کافی تھے ۔ اس کے لئے اتنے بڑے ایوان مع قائد ایوان کی ضرورت نہ تھی ۔ اس لئے ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنی اس عقل کا استعمال کریں جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں دی ہے ۔ اور پرانے قانون کی خامیوں کو دور کر کے نیا قانون بنائیں ۔ اسی سال گذرنے کے بعد اب زمانہ کہیں سے کہیں جا چکا ہے ۔ ملک کے سیاسی معاشرتی اور تمدنی حالات بدل چکے ہیں ۔ اب حالات اس وقت سے مختلف ہیں جو اسی سال پہلے تھے ۔ قانون کی اسی طرح نقل کر دینا میں یہ سمجھتا ہوں کہ قانون سازی کا کوئی اچھا مظاہرہ نہیں ہوگا ۔

میں نے یہ چھوٹی سی ترمیم پیش کی ہے ۔ قانون کی اس دفعہ میں جس میں کسی افسر کو اجازت دی گئی ہے کہ وہ چھٹی کے دن بھی کوئی کارروائی کر سکتا ہے ۔ جناب والا ۔ چھٹی وہ بھی ہو سکتی ہے جس دن مسلمان کوئی کام نہیں کرتے ۔ مثلاً عید کا دن ہے ۔ جمعتہالوداع ہے ۔ عشرہ محرم ہے ۔ یہ وہ دن ہیں جس دن مسلمان بڑے سے بڑے کاروباری نقصان کو گوارا کر لیتے ہیں ۔ اب اگر کسی ایسے دن عدالت کی کارروائی رکھ دی جائے اور فریقین کو عدالت میں حاضر ہونے کا حکم دے دیا جائے تو اس سے کتنی مشکلات پیدا ہوں گی ۔ اس کے ساتھ اس پس منظر اور ان حالات کو بھی سامنے رکھیں جو آج کل ہمارے تعلیمی اداروں میں ہیں ۔ یہاں مسلمان نوجوانوں کو وہ تعلیم نہیں دی جا رہی جو ان کے اندر اسلامی روایات کا احترام پیدا کرے ۔

مسٹر ھمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ھاؤس میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker: Let there be count: The House is not in quorum, let the bells be rung (*bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس مسودہ قانون کی اس دفعہ کو ملک کے اس پس منظر میں دیکھنا چاہیئے کہ ہمارے ملک کی اسی یا نوے فیصد آبادی کا اپنی معاشرت ، تمدن اور مذہب کے متعلق ایک نقطہ نظر اور طرز عمل ہے اور اس کے برخلاف وہ نوجوان تعلیم یافتہ طبقہ پیدا ہو رہا ہے جو موجودہ مشنری سکولوں سے اور پبلک سکولوں سے تعلیم حاصل کر کے نکلتا ہے اور ہمارے اونچے طبقے کے وہ بچے جو انگلستان اور دوسرے ممالک سے تعلیم حاصل کر کے آتے ہیں ان کا نقطہ نگاہ اسلام کے بارہ میں اور اپنی ملکی روایات اور اقتدار کے بارہ میں وہ نہیں ہے ۔ جو عام لوگوں کا ہے ۔ ایک جمعتہ الوداع یا عید کا دن ہے ۔ ایک افسر یہ محسوس کرتا ہے کہ اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے کیوں کہ بڑا دن تو ۲۵ دسمبر کو ہوتا ہے ۔ اس لئے آج عدالت کی کارروائی ہو سکتی ہے اور وہ مقدمہ کے فریقین کو مجبور کرتا ہے کہ وہ اپنی معاشرتی زندگی اور ملکی روایات کے تصور کو چھوڑ کے اس دن عدالت میں مجبوراً حاضر ہوں ۔

جناب والا ۔ آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے ملک کی عدالتوں میں اور کسی ملک کی عدالتوں میں بھی جو چھٹی کا دن ہے ۔ اس دن وہ اپنے دفتر کے ملازموں سے کوئی کام نہیں لے سکتے ۔ الا یہ کہ

کام کی نوعیت اس طرح کی ہو کہ ملکی حالات کے تحت اسے کرنا ناگزیر ہو ۔ مثلاً ریلوے کے ملازموں کو چھٹی کے دن بھی کام کرنا پڑتا ہے لیکن مقدمہ کے فریقین کے لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر کسی چھٹی کے دن عدالت کرنا ناگریز ہو تو ضروری ہے اور مناسب ہے کہ یہ بات صرف افسر متعلقہ کی مرضی پر نہ چھوڑی جائے بلکہ اس کے لئے فریقین مقدمہ کی اجازت ناگریز ہو تو افسر متعلقہ پر یہ پابندی ہو کہ وہ مدعی اور مدعا علیہ کی بھی اس کے متعلق رضا مندی حاصل کرے کہ اگر یہ بات مدعی اور مدعا علیہ کے مفاد کے پیش نظر ضروری ہو گی کہ چھٹی کے دن عدالت کا کام کیا جائے تو وہ ضرور رضا مند ہو جائیں گے ۔ میرا مقصد صرف یہ ہے کہ اس بارہ میں ریونیو افسر کو مطلقاً اور کلیتہ یہ حق حاصل نہ ہو بلکہ اس پر یہ پابندی عائد کی جائے کہ وہ ان لوگوں سے بھی پوچھ لے ۔ جن کا مقدمہ ہے ۔ اگر مدعی ، مدعا علیہ اور دوسرے متعلقہ لوگ وہ دن اپنے خاندان یا اپنے ماحول میں گزارنا چاہتے ہوں تو ان کو مجبور نہ نہ کیا جائے کہ وہ چٹھی کے دن عدالت میں حاضر ہوں ۔

یہ پرانا تصور ہے کہ حاکم وقت رعایا کے مفاد کو زیادہ سمجھتے ہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ ہر شخص اپنے مفاد کو خود بہتر سمجھتا ہے ۔ کوئی کسی کے مفاد کو کسی سے بہتر نہیں سمجھتا ۔ نہ اسے دوسروں کے مفاد کا اتنا احساس ہو سکتا ہے ۔ میری ترمیم کا مقصد یہ ہے کہ جن لوگوں کا یہ مفاد ہے کہ اس دن مقدمہ کی سماعت ہو ان کی بھی رضامندی حاصل کر لی جائے ۔ اگر وہ راضی ہوں تو اس دن مقدمہ کی سماعت کر لی جائے ۔ میری ترمیم یہ نہیں ہے کہ چھٹی کے دن مقدمہ کی سماعت نہ ہی ہو سکے ۔ میں صرف یہ کہتا ہوں کہ اس کے لئے فریقین مقدمہ کی رضا مندی حاصل کر لی جائے اور ان کی رضامندی سے اس دن سماعت کی جائے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦)—جناب سپیکر - بہت سی ترمیمات جو کہ اس مسودہ قانون کے متعلق آج ہماری طرف سے دی گئی ہیں شاید ان کی ضرورت ۱۸۸۷ء میں نہیں پڑی تھی اب اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمیں یہ تلخ تجربہ ہے کہ مقدمات کے فیصلے کے اختیارات جناب ریونیو آفیسر کو دئے جا رہے ہیں اور ان کا معیار پہلے سے از حد گر چکا ہے ۔ شرط لگانے کی کئی ایک وجوہات ہیں ۔ پہلی تو یہ ہے . . .

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order. The House is not in quorum.

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*). The House is in quorum and the point of order is ruled out.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - پہلی وجہ تو یہ ہے کہ انگریزوں کے زمانے میں بنائے گئے قانون کے تحت حکومت پر یہ پابندی تھی کہ محکمہ مال سرکاری گزٹ میں سرکاری چھٹیوں کا اعلان کرے جو کہ محکمہ مال سال کے دوران منائے گا - اور اس مسودہ قانون میں حکومت اس سے بھی بے نیاز ہو گئی ہے - میرا خیال ہے کہ حکومت اپنی جگہ پر حق بجانب ہے اور ہم مطالبہ کرنے میں اپنی جگہ حق بجانب ہیں - حکومت حق بجانب اس لئے ہے کہ حکومت کو یہ پتہ چل گیا ہے اور خاص طور پر اسلامی تہواروں کے متعلق وقت پر یہ پتہ نہیں چلتا کہ وہ تہوار کس دن منائے جائیں گے کیوں کہ حکومت کی مقرر کردہ رویت ہلال کمیٹی کی کار گزاری حکومت کے سامنے آ چکی ہے - ایک سال پہلے تو کجا ان کو چند دن پہلے پتہ نہیں چلتا کہ فلاں تہوار کس دن ہو گا بجائے اس کے کہ اس کی کارکردگی کو بہتر بنایا جاتا آج جب کہ لوگ ۱۹۶۶ء میں مصنوعی سیاروں کے ذریعہ چاند پر پہنچ گئے ہیں تو ہمارے حکمرانوں کی یہ قابلیت اور اہلیت اس قسم کی ہے کہ ان بچاروں کو چاند کے دکھائی دینے کے دن کا پتہ نہیں چلتا - اگر چاند دیکھنے کے لئے ان کو ذمہ داری سونپی جائے تو معلوم ہو گیا ہے کہ اس ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے میں یہ کیا کیا گل کھلاتے ہیں - اگر اب یہ غلطی اس صورت میں انہوں نے تسلیم کر لی ہے تو پھر بھی یہ قابل مبارک باد ہیں -

جناب سپیکر - اس کے ساتھ ساتھ اس کی ضرورت اس لئے بھی ہے - جیسا کہ مجھ سے قبل جناب محمود اعظم فاروقی صاحب نے اشارتاً اس کا ذکر کیا تھا کہ ہمارے ہاں بہت سے افسران ایسے ہیں جو کہ مسلمان نہیں ہیں - بعض ایسے بھی ہیں جو غیر ممالک سے تعلق رکھتے ہیں - لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ ان میں اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جو کہ حلال و حرام میں تمیز عملاً نہیں کرتے اعتقاد چاہے رکھتے ہیں - جناب سپیکر - میرے نزدیک مسلمان چاہے رشوت کا روپیہ کھائے یا سود کھائے - یہ دونوں برابر ہیں کیوں کہ دونوں حرام ہیں

اب وہ لوگ جو کہ اکثر اوقات رشوت لیتے ہیں ان سے یہ توقع کرنا کہ وہ مسلمانوں کے تہوار اور مسلمانوں کے جذبات کا احترام کریں گے قطعاً عبث ہے۔

جناب سپیکر۔آپ بڑے مشہور زمیندار خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ کا ذاتی تجربہ بھی بتاتا ہو گا کہ وزیر مال کا محکمہ کوئی نیک نام محکمہ نہیں۔ اس سے زیادہ میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ عملاً میں تہوار کو کوئی اہمیت نہیں دیتا جب تک اس تہوار منانے کے لوازمات پر عمل نہ کیا جائے۔ اگر افسران عملاً حلال و حرام میں تمیز نہیں کرتے تو ان کی مرضی پر چھوڑ دینا کہ وہ اس دن عدالت نہیں لگائیں گے۔ جس دن مسلمانوں کا تہوار ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کا خطرناک ہتھیار ان کے ہاتھ میں دے دینا عام آبادی کے ساتھ خصوصاً اس ملک کے مسلمانوں کے ساتھ انتہائی زیادتی ہو گی۔

جناب سپیکر۔ جہاں تک حکومت کے اس جواز کا تعلق ہے کہ یہ دفعہ اس لئے رکھی گئی ہے کہ حکومت یہ چاہتی ہے کہ مقدمات کا جلد از جلد فیصلہ ہو تو آپ بھی اس امر سے آگاہ ہیں کہ حکومت کے اہلکار اور یہ فرشتے اور محکمہ مال کے بزرجمہر جتنی تیزی سے مقدمات کا فیصلہ کرتے ہیں وہ عام آبادی جانتی ہے۔

جناب سپیکر۔ عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ وہ شخص جس نے نیک نیتی سے کام کرنا ہو۔ جب اس کو ذمہ داریاں سونپی جاتی ہیں جب اس کو اختیارات دیئے جاتے ہیں تو وہ ہمیشہ اس سے گریز کرتا ہے۔ لیکن اس کے بر عکس جس نے نیک نیتی سے فرائض کو سر انجام نہیں دینا ہو بلکہ وہ فرائض کو فرائض ہی نہیں سمجھتا ہے۔ آپ ان کو جتنے وسیع اختیارات بھی دیتے چلے جائیں گے وہ اس سے بہت خوش ہو گا لیکن اس میں عام مخلوق کا نقصان ہو گا۔

جناب سپیکر۔ میرا عرض کرنے کا مقصد یہ ہے۔ اگر حکومت کا عملی کردار اس حد تک اچھا ہوتا کہ مقدمات کے فیصلے حکومت کے اہلکار یا عمال حد دنوں میں کر دیتے۔ تو ہم یہ سمجھتے کہ یہ انصاف کے مطابق ہے۔ یہ مشہور ہے کہ انصاف جلد از جلد کیا جائے لیکن جہاں انصاف جلد از جلد نہیں کیا جاتا اور حکومت یہ کہے گی کہ ایک دن کی تاخیر سے آسمان ٹوٹ جائے گا اگر چھٹی ہے تو اس دن لازمی عدالت ہونی چاہئے اور یہ جو وجہ

جواز ہے ۔ یہ محض عذر لنگ ہے کم از کم اس حکومت کی طرف یہ جواز کوئی ذی شعور انسان ماننے کو تیار نہیں ہو سکتا ۔

جناب سپیکر ۔ اس سے قبل جب بھی کسی دفعہ میں اس قسم کی ترمیم پیش کی گئی ۔ کہ اگر دونوں فریقین کی جب تک تعمیل نہیں ہوتی ۔ مقدمے کی سماعت نہیں ہو سکتی ۔ تو حکومت عالیہ کی طرف سے یہ کہا جاتا رہا ہے کہ اس صورت میں بعض آدمی دیدہ دانستہ سمن کی تعمیل سے گریز کر سکتے ہیں ۔ اور مقدمے کی کارروائی باضابطہ اور جلد نہیں ہو سکتی ۔ لیکن جو ترمیم ہماری طرف سے پیش کی گئی ہے ۔ اگر کوئی شخص عدالت میں نہ آنا چاہے ۔ تو ہم حکومت کی اس دلیل کو مان لیتے ہیں ۔ کہ محض اگر ایک چھٹی ہو ۔ تو وہ دوسرے دن آنے پر مجبور ہو گا ۔ تو حکومت کو چاہیئے ۔ کہ بجائے اس کے کہ اس قسم کے وسیع اختیارات اس قسم کے افسران کو دے ۔ جن کے بارے میں جناب وزیر مال بہت اچھی طرح جانتے ہیں ۔ اور اگر وہ اسے اس ایوان میں صاف طور پر بیان نہ کریں ۔ تو نہ کریں ۔ لیکن وہ اپنے دل میں اسے محسوس کرتے ہیں ۔ اور وہ اس کے بارے میں علیحدگی میں کہہ بھی چکے ہیں ۔

وزیر مال ۔ میں نے یہ کبھی نہیں کہا ۔ شاید کسی اور محکمے کے متعلق کہا ہو ۔ لیکن محکمہ مال کے متعلق ہرگز نہیں کہا ۔

مسٹر حمزہ ۔ انہوں نے افضل چیمہ کے بارے میں تو کسی دن فرمایا تھا ۔ عرض یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Revenue : I never said about Cheema. He had put a question about Cheema and then he had details of that case from me in my office. I did not say a word about him.

مسٹر حمزہ ۔ تو خیر ۔ جناب سپیکر ۔ میں معافی چاہتا ہوں ۔ کہ میں نے یہاں اس چیز کا ذکر کر دیا ہے ۔ جس کے متعلق میں درست تو ہوں ۔ چاہے وہ ریکارڈ پر موجود نہ ہو ۔

خان مکرم خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میرے خیال میں جھوٹ بولنا بھی ایسے ہی ہے ۔ جیسے سور کا گوشت کھایا جائے ۔ جھوٹ بولنا بھی تو اچھا نہیں ہے ۔ میرے خیال میں جھوٹ بولنا بھی گناہ عظیم ہے ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

مسٹر ھمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ افسوس ہے ۔ کہ انہوں نے جو کچھ کہا ہے ۔ مجھے اس کی سمجھ نہیں آئی ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کا جواب دینے کی ضرورت نہیں ہے ۔ آپ اپنی تقریر ختم کیجیئے ۔

مسٹر ھمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے ۔ کہ جہاں تک مجھے علم ہے ۔ اور سب سے زیادہ جناب وزیر مال کو علم ہوگا ۔ اور ھائی کورٹ کی بہت سی رولنگ موجود ہیں ۔ کہ کسی عدالت میں اور خاص طور پر سول کورٹس میں اگر مقدمے کی سماعت چھٹی کے دن کی جائے ۔ تو فریقین کی رضامندی حاصل کرنا ضروری ہے ۔ جناب وزیر مال یہ فرما سکتے ہیں ۔ کہ عملی طور پر ہم ایسے ہی کرتے رہے ہیں ۔ اور اس کی گنجائش شاید اس قانون کے تحت جو Rules یہ بنائینگے ۔ اس میں رکھ دی جائے گی ۔ لیکن ہم اس ترمیم کو اور اس ترمیم سے جو مقصد ہم حاصل کرنا چاہتے ہیں ۔ اس کو اتنی اہمیت دیتا ہوں ۔ اور قانون کے تقاضے اسی صورت پورے ہو سکتے ہیں ۔ کہ مال کے افسران جو کہ بطور حاکم اعلے اس وقت عدالت میں بیٹھتے ہوں ۔ ان کو پابند کیا جائے ۔ کہ وہ اسی صورت میں ہی چھٹی کے روز عدالت کر سکیں گے ۔ اگر فریقین پہلے سے عدالت میں اسی دن حاضر ہونے پر رضا مند ہوں ۔ اور اس کی وجہ محض یہ ہے ۔ کہ ان کو اس قسم کے اختیارات دینا نہایت زیادتی ہے ۔ ھائی کورٹ کی Rulings یا ھائی کورٹ جیسے دوسرے اداروں کے احکام کی تعمیل جس طریقے سے یہ حکومت کرتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ یہ تو بہت تاریک دور ہے ۔ اگر میں اس کی مثالیں عرض کروں ۔ تو جناب وزیر مال اس کو ناپسند کریں گے ۔ اور شاید وہ انہیں برداشت

بھی نہ کریں ۔ اس لئے میں عرض نہیں کرتا ۔ اس لئے میں جناب فاروقی صاحب کی پیش کی ہوئی ترمیم کی تائید کرتا ہوں ۔

Mr. Munawar Khan (Bannu I): Mr. Speaker, Sir, we have two sets of holidays; one, that is Sundays, and the other religious holidays. Now we have to see how far the officials are fond of disposing of work even on working days, and this has been proved during the Question Hours that thousands and thousands of cases are pending in courts and are pending over a year, two years and even three years. So Sir, my first submission would be that even if the officials are permitted to hold courts, specially the Revenue Officers, they would not perform those duties for which they would be fixing that holiday as a working day. Our experience has shown you have also been a pleader, Sir—that it is generally for the sake of an outing that on holidays occasionally Magistrates go out. I support the amendment put forth by my colleague because the Officer is invited on that day by somebody in a particular village or he fixes up a case to have T. A., and this tendency is developing daily. It is ignored that the parties, the litigants would be having their Vakils with them and that they would be paying their fees. That fact has now been taken into consideration when this provision or this clause of the Act is being considered.

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ۭ كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ۝ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَىِٕذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ۝ مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ ۝ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ۝

(پ ۲۱- س ۳۰- ع ۸- آیات ۴۱ تا ۴۵)

خشکی و تری دونوں میں لوگوں کے اعمال کے سبب فساد پھیل گیا ہے یہ اس لئے کہ اللہ ان کو ان کے اعمال کا مزا چکھائے شاید وہ باز آجائیں۔ کہدو کہ روئے زمین پر گھوم پھر کر دیکھو کہ جو لوگ تم سے پہلے ہوئے ہیں۔ ان کا کیسا انجام ہوا ہے اُن میں بیشتر مشرک تھے۔ تم اس دن سے پہلے جو اللہ کی طرف سے آکر رہے گا۔ اور رک نہیں سکے گا دین (کے راستے) پر سیدھا منہ کئے چلو اس دن سب لوگ منتشر ہو جائیں گے۔ جو شخص کافر ہو گیا تو اس کے کفر کا ضرر اسی کو ہے اور جس نے اچھے کام کئے تو ایسے لوگ اپنے ہی لئے آرام گاہ درست کرتے ہیں۔ البتہ جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اُن کو اللہ اپنے فضل سے اچھا بدلا دے گا۔ بیشک وہ کافروں کو دوست نہیں رکھتا۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS.

Mr. Speaker: Now the Question Hour. Chaudhri Idd Muhammad.

ALLOTMENT OF RESIDENTIAL PLOTS TO JOURNALISTS OF LAHORE

***1720. Chaudhri Idd Muhammad:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that some residential plots were allotted to the working journalists in Karachi, Hyderabad, Sukkur, Bahawalpur, Multan, Rawalpindi, Lyallpur and Peshawar;

(b) whether it is a fact that the Government have now decided to allot residential plots to the journalists of Lahore also; if so, the area where the plots are to be allotted and the time by which the allotment would be made?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (a) The position is detailed below:—

(i) No plots have been allotted in Karachi by K.D.A. to the Journalists as a class or group but this question is under consideration.

(ii) 33 plots have been allotted to the Working Journalists in their individual capacity in various Townships Scheme by Government in Hyderabad, Bahawalpur, Multan and Lyallpur. No such plots have been allotted to them in Rawalpindi, Peshawar and Sukkur.

(b) Yes. It is proposed to make allotment to plots to the journalists by the Lahore Improvement Trust in the new Development Scheme near Multan Road. The scheme is likely to be implemented during 1966-67 subject to availability of fund.

جناب والا ۔ اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ کراچی کے بارے میں رات کو کے ڈی اے سے اطلاع منگائی ہے اس case کے متعلق اس طرح فیصلہ ہو گا جس طرح لاہور امپرووومنٹ ٹرسٹ کے لئے ہو گا ۔ کونسل

آف منسٹرز میں یہ بات پیش ہو چکی ہے اور انہی خطوط پر صحافیوں کو پلاٹ دئے جائیں گے ۔ تین چار دنوں تک اس کے متعلق فیصلہ ہو جائے گا ۔

میاں محمد شفیع ۔ لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ نے صحافیوں کے لئے کتنے پلاٹ ریزرو کئے ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہاں پلاٹ کے تعین کرنے کا سوال نہیں ہے۔ کونسل آف منسٹرز میں یہ فیصلہ ہوا ہے کہ جہاں پہلے سرکاری ملازمین کے لئے ۳۰ فیصد پلاٹ ریزرو ہوتے تھے اب ۵۰ فیصد ریزرو کئے جائیں ۔ ان ۵۰ فیصد میں جو بیس فیصد کا اضافہ کیا گیا ہے اس اضافہ میں سے صحافیوں اور اس قسم کے دوسرے حضرات کو حق دار سمجھا جائے گا۔ یہ ۲۰ فیصد اتنی تعداد ہوجائے گی کہ ان کو پلاٹ مل سکیں گے۔ آخری طور پر فیصلہ تو نہیں ہوا لیکن مجھے امید ہے کہ بہت سے صحافیوں کو پلاٹ مل سکیں گے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ اس میں فرمایا گیا ہے کہ اگر ۱۹۶۶-۶۷ میں فنڈ available ہوئے تو اس کی implementation کی جائے گی ۔ تو ۱۹۶۶-۶۷ کا بجٹ تو ہم پاس کر چکے ہیں کیا اس بجٹ میں اس کے لئے رقم نہیں رکھی گئی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ ۵۸ لاکھ روپے کی ایک رقم ان چیزوں کے لئے رکھی گئی ہے اس کے بعد پلاننگ اور ڈولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ سنٹرل گورنمنٹ کے پاس جانا پڑے گا پھر اکنامک کونسل کے پاس جانا پڑے گا جب یہ formalities مکمل

ہو جائیں گی اس کے بعد جیسے ہی یہ سکیم approve ہو جائے گی تو ان سکیموں کو قرضہ جات سے شروع کیا جائیگا اور مکمل کیاجائیگا کیونکہ ان پلاٹس کا بعد میں نیلام بھی ہو گا تو جس وقت یہ ساری چیزیں مکمل ہو جائیں گی اسی سال اس کی sanction دی جائے گی اور اگر اس سال فنڈ مہیا نہ ہوئے اور اگلے سال فنڈ مہیا ہوئے تو جونہی مہیا ہو جائیں گے اس پر عمل درآمد ہو گا ۔

میاں محمد شفیع ۔آپ نے فرمایا ہے کہ reserved plots میں ۲۰ فیصد کا اضافہ کر دیا گیا ہے کیا وہ reservation صحافیوں کے لئے نہیں ہوگا وہاں طریقہ تو یہ ہے کہ پہلے ۳۰ ۔ فیصد گورنمنٹ ملازمین کی درخواستیں لے کر قرعہ اندازی ہو گی اور جنکا نام نکل آئیگا انکو پلاٹ مل جائے گا تو اسی طرح کیا آپ نے یہاں ۲۰۔ فیصد کا اضافہ کیا ہے ؟ کیا میں آپ سے یہ پوچھ سکتا ہوں کہ صحافیوں کیلئے بھی قرعہ اندازی ہو گی اور جس کا نام نکلے گا اس کو مل جائیگا چاہے پہلے نکل آئے یا بعد میں نکل آئے؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ میں اس وقت پروسیجر کے متعلق کچھ نہیں کہہ سکتا لیکن پروسیجر ایسے طریقہ پر adopt کیا جائے گا کہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہ ہو اور کسی کی نا جائز حمایت نہ ہو ۔

خان محمد یوسف خان ۔ آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ راولپنڈی میں صحافیوں کے لیے کوئی پلاٹ نہیں ہے ۔ راولپنڈی تو پاکستان کا پہلا شہر ہو رہا ہے وہاں تو اس کی بہت ضرورت ہے وہاں ایسی صورت کیوں نہیں کی جا رہی ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ وہاں کیلئے پہلے یہ مسئلہ نہیں آیا تھا لیکن میں فاضل ممبر کو یقین دلاتا ہوں کہ اب اس پر پوری ہمدردی کے ساتھ غور کیا جائیگا ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر بلدیات از راہ کرم یہ فرمائیں گے کہ جب اس ملک میں آزاد صحافت کا جنازہ نکل چکا ہے تو کیا وجہ ہے کہ آپ اب صحافیوں کو plots تقسیم کر رہے ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ میں یہ کہوں گا کہ

کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

جناب والا ۔ آجکل حمزہ صاحب کو روشنی میں بھی اتنا اندھیرا نظر آتا ہے کہ مجھے انکی بینائی پر شک ہونے لگا ہے۔

چودھری عید محمد ۔ کیا وزیر صاحب یہ فرمائیں گے کہ راولپنڈی میں اس وجہ سے تو زمینوں کی قلت نہیں ہو گئی ہے کہ وہاں زمینوں پر افسروں نے نا جائز قبضہ کر لیا ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ نہیں جناب والا ۔ فاضل ممبر کو اس سلسلے میں غلط فہمی ہو گئی ہے ۔

میاں محمد شفیع ۔ جناب والا ۔ آپ نے فرمایا ہے کہ صحافیوں کو reserved plots سے ملیں گے یا جن میں سے دوسروں کو ملیں گے ان ہی میں سے انکو بھی ملیں گے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ reserved plots سے بھی مطلب ہے کہ ان کو auction میں نہیں جانا پڑے گا جو reserved پلاٹس کیلئے قیمت مقرر کی جائے گی اسی کے مطابق ان کو دیا جائیگا ۔

سردار حاجی عطا محمد ۔ کیا جناب وزیر بنیادی جمہوریت بتائیں گے کہ یہ صحافیوں کے لیے جو پلاٹ آپ الاٹ کریں گے یہ قرعہ اندازی پر ہو گا یا جس طرح سے معاملہ یہاں چل رہا ہے اس طرح ہو گا ؟

مسٹر سپیکر ۔ اس کے متعلق جواب دیا جا چکا ہے ۔

میاں محمد شفیع ۔ ان سے قسطوں میں رقم لی جائے گی یا نقد پیسے لئے جائیں گے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس کے بارے میں اس سکیم میں کیا ہے میں تفصیل سے نہیں کہہ سکتا لیکن جو اس سے پہلے کا پروسیجر ہے اور جو شرائط اور جن مراعات پر دوسروں کو دی گئی ہیں انہی مراعات پر ان کو بھی پلاٹ دئے جائیں گے ۔

چودھری عید محمد ۔ جب یہ پلاٹ آپنے ملتان روڈ پر ان صحافیوں کو دئے ہیں تو کیا ان کے اخبارات کے دفتر بھی وہیں چلے جائیں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس بارے میں آپ fresh نوٹس دے دیں ۔

GRANTING LOANS TO MUNICIPAL COMMITTEES AND DISTRICT COUNCILS IN PROVINCE

*2191. **Mir Mir Muhammad Khan Talpur** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) the names of Municipal Committees and District Councils in the Province which have applied for Government loans since 1962-63 along with the amount of loan demanded by each of them ;

(b) whether it is a fact that some of the abovesaid Municipal Committees and District Councils have been given the said loans ; if so, (i) their names, (ii) the amount of loan given to each of them and (iii) the dates on which the said loans were given along with the reasons for not granting such loans to the remaining Municipal Committees and District Councils ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Information is still being collected from the Quarters concerned.

جناب والا ۔ اس سلسلے میں ہمارے پاس کچھ انفارمیشن پہنچ چکی ہے لیکن وہ مکمل نہیں ہے ہمیں تمام میونسپالٹیز کو حکم دیدیا ہے کہ وہ ٹیلیپرنٹر کے ذریعہ تمام اطلاعات جلد سے جلد بھیج دیں ۔

Mr. Speaker : Any supplementary ? Next question.

EXPENDITURE INCURRED BY DISTRICT COUNCILS OF SANGHAR, THARPARKAR AND HYDERABAD ON DIFFERENT SCHEMES DURING 1965-66.

***2196. Mir Mir Muhammad Khan Talpur:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) the amount allocated by each of the District Councils of Sanghar, Tharparkar and Hyderabad, under the following heads during the current financial year:—

(i) public health and medical (ii) education and (iii) other main heads;

(b) the expenditure actually incurred so far under each head;

(c) whether it is a fact that the said allocations have not been fully utilised; if so, reasons therefor?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muammad Yasin Khan Wattoo): The required statement is placed on the Table of the House.

Name of District Council	Public Health & Medical. Allotment	Exp:	Education. Allotment	Exp:	Other main heads Allotment	Exp:	REMARKS
	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	
Hyderabad.	2,20,000.	1,30,064.	8,20,000.	3,53,600.	2,15,000,	1,32,379.	The allocation will be fully utilized by the end of financial year.
Mirpurkhas.	2,71,104.	84,784,	10,74,916. (it includes Rs. 4,07,836 primary education share)	4,50,552.	1,81,145.	1,27,711.	1. The representation from District Council in respect of release of Primary Education share is under consideration of the Government.

2. Payment of Annual supply of medicines, arrears of consolidated pay to the employees and contribution to Government on account of pay of Medical Officers will be made in June.

3. Payment of annual supply of medicines & arrears of consolidated pay to the employees will be made in June.

Sanghar.	2,81,903.	36,793.	4,000.	3,946,	8,98,761.	1,27,663.	The reason for not utilizing the allocated amount is that the council funds amounting to Rs. 11,00,000/— lying in the fixed deposit with the City Co-operative Bank, Hyderabad were blocked; and could not be released during the current year. Efforts are being made to get funds released from the Bank.
Total:—	7,73.007.	2,51,641.	18,98,916.	8,08,098.	12,94,906.	3,87,753.	

IMPLEMENTATION OF DRAINAGE SCHEME IN MIRPURKHAS TOWN

*2287. **Mir Mir Muhammad Khan Talpur:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that a Drainage Scheme was approved for Mirpurkhas town sometime ago;

(b) whether it is a fact that Iron pipes purchased for the said purpose were not utilized and were taken to some other town; if so, the reasons therefor;

(c) the expenditure incurred on transportation of (i) the said pipes to the said town and(ii) on taking the said pipes to the other town;

(b) the reasons for not implementing the said scheme so far and the time by which the same will be implemented and whether any amount has been sanctioned for the implementation of the said scheme; if not, the reasons therefor?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (a) A scheme with an estimated expenditure of Rs. 33 lacs was drawn up but could not be included in Annual Development Programme because of paucity of funds.

(b) In view of above question of purchasing Iron Pipes for the said scheme does not arise.

(c) In view of replies to (a) and (b) above, the question does not arise.

(d) Being a new scheme it has not been approved by the P&D. Department. It will, however be taken up in subsequent Annual Development Programmes subject to availability of funds.

TRANSFERS OF SECRETARIES OF UNION COUNCILS AND UNION COMMITTEES IN THARPARKAR DISTRICT.

*2288. **Mir Mir Muhammad Khan Talpur:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) the number of Secretaries of Union Councils and Union Committees of Tharparkar District transferred within the period from 1st January 1965 to 31st March 1966 along with the names of the said Union Councils and Union Committees;

(b) the number of Union Councils in the said district where no Secretaries were appointed uptil 31st March 1966 and the reasons for not appointing the said officials in the said Union Councils;

(c) the year-wise income of Union Councils of Mirwah and Satrhyun of Talukas Mirpurkhas and Samaro, respectively of Tharparkar District from 1960 to 1965?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (a) 22 Union Councils Secretaries were transferred during this period.

Name of Union Councils—Tardose, Dahli, Charnore, Dirar, Gardro, Vejhiar, Khensar, Par, Nochotal, Adhigam, Nagarpar, Kar, Satidera, Jhirmir, Bhakvo, Kehri, Singario, Islamkot, Mohrano, Kharlo, Ghulam Shah, Jorou, Satriyun New Choie and seven Union Committees of Mirpur Khas Town.

(b) Every where Secretaries have been posted.

(c) Year-wise budget income of Union Councils Mirwah and Satriyun from 1960 to 1965 is as under:—

	INCOME OF	
Year	*Union Council Mirwah*	*Union Council, Satriyun*
1960-61	... No budget was prepared	
1961-62	.. 1,7650	... 9,625

1962-63	...	21,730	...	17,605
1963-64	...	43,718	...	12,300
1964-65	...	61,906	...	18,575

COLLECTION OF TAXES BY UNION COUNCILS OF SAMARO AND SATRHYUN IN THARPARKAR DISTRICT.

* 2289. **Mir Mir Muhammad Khan Talpur:** Will the Minister of Basic Democracies be pleased to state the year-wise amount of taxes collected by each of the Union Councils from 1960 to 1965 along with the nature of works on which the amount so collected were spent and the balance, if any, from the said amounts during each of the said years?

Minister of Basic Democracies (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): The requisite information is detailed in the statement placed on the Table of the House.

STATEMENT SHOWING YEARWISE COLLECTION OF TAXES & THE NATURE OF WORKS ON WHICH THE AMOUNT SPENT AND BALANCE FROM THE YEAR 1960—61 TO 1964—65 IN RESPECT OF UNION COUNCIL SAMARO AND SATRIYUN DISTRICT THARPARKAR.

Sr No.	Name of Union Council	TAXES COLLECTED BY UNION COUNCIL					AMOUNT SPENT Nature of work.					
		60—61	61—62	62—63	63—64	64—65		60—61	61—62	62—63	63—64	64—65.
1.	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13
1.	Samaro.	200/—	300/—	1600/—	5592/—	18884/—	Pay of staff.	200/—	300/—	1600/—	2592/—	6574/—
							School Bldg:	—	—	—	2000/—	—
							Hand Pumps.	—	—	—	1000/—	—
							M. Home.	—	—	—	—	1500/—
							Shopping Cen.	—	—	—	—	3500/—
							Union Ghar.	—	—	—	—	3222/—
							Payment of Streets.	—	—	—	—	3000/—
2.	Satriyun.	—	—	212/—	1000/—	667/—	Pay of Staff	—	—	212/—	300/—	107/—
							Link road.	—	—	—	700/—	—

	BALANCE				
	60—61:	61—62:	62—63:	63—64:	64—65
	14	15	16	17	18
1. Samaro	—	—	—	—	1088/—
2. Satriyun.	—	—	—	—	560/—

PENSION CASES OF RETIRED EMPLOYEES OF MUNICIPALITIES

*2384. **Mr. Hamaz:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that pension Rules for the employees of Municipalities of West Pakistan have been extended to the Municipal Committee, Lyallpur,—*vide* Notifications Nos, S.O.I. (LG) MISC.-25/63, dated 12th November 1963 and S.O. III (LG) 1/3 (18) LYP-64, dated 14th November 1964, respectively;

(b) whether it is a fact that the Municipal Committee, Lyallpur, recommended to Government a number of cases of its employeees, who retired before 1st July 1960, for grant of pension to them with effect from 1st July 1960, under Rules 14 of West Pakistan Municipal Committees (*Pension*) Rules, 1963;

(c) whether it is a fact that the said employees were sanctioned pension by the Government,—*vide* Memo. No. S. O. III (LG)/1 (21) 64-65, dated 14th January 1966 with effect from 1st January, 1966 instead of 1st July, 1960 as originally recommended by the said Municipal Committee ;

(d) whether it is a fact that the said Municipal Committee, unanimously adopted a resolution No. 1840, on 31st January 1966 recommending the grant of pension to all the retired employees of the said Committee with effect from 1st July, 1960, instead of 1st January 1966 as sanctioned by the Government but no action has so far been taken in this respect ;

(e) if answer to (c) and (d) above be in the affirmative, reasons therefor and whether Government intend to grant pension to the said retired employees of the said Municipal Committee with effect from 1st July 1960?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Watto): (a) Yes.

(b) Yes.

(c) Yes.

(d) and (e) Yes. The proposal involves financial implications and these are under examination.

مسٹر حمزہ ۔ پنشن کے واجبات جسکی آپنے اجازت دے دی ہے کہ وہ ادا کئے جائیں گے تو کیا وہ لائل پور کی میونسپل کمیٹی برداشت کرے گی یا محکمہ بنیادی جمہوریت برداشت کریگا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ وہ لائل پور میونسپل کمیٹی برداشت کریگی لیکن اس میں چونکہ ایک اصول کا مسئلہ ہے کہ اگر ہم اسبات میں میونسپل کمیٹی لائل پور کو اجازت دینگے تو باقی میونسپل کمیٹیوں کیلئے بھی وہی صورت رکھی جائے گی ۔

میاں محمد شفیع ۔ جناب والا۔ یہ معاملہ میونسپل کمیٹیوں کے ملازمین کا ہے اور پینشن کا ہے تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ میونسپل کمیٹی اور کارپوریشن سب کے پینشن کے فیصلے ہو چکے ہیں یا ابھی کچھ کا فیصلہ باقی ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ گورنمنٹ کی طرف سے نوٹیفیکیشن ہوا ہے اور وہ رولز جو متعلقہ کمیٹیز نے اختیار کرنا تھے ہر ایک میونسپل کمیٹی نے مختلف وقتوں میں وہ رولز اپنا لئے ہیں ۔ اگر آپ لاہور کے بارے میں خصوصی سوال فرمائیں تو میں تفصیل بتا سکتا ہوں جن جن میونسپل کمیٹیز نے رول اپنا لئے ہیں وہاں ان پر عمل درآمد ہو رہا ہے ۔

میاں محمد شفیع ۔ کیا امپروومنٹ ٹرسٹ میں بھی ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ امپروومنٹ کے بارے میں بھی عرض کروں گا کہ وہاں بھی ہو رہا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر بلدیہ بتائیں گے کہ جب ویسٹ پاکستان میونسپل کمیٹیز پنشن رولز ۱۹۶۳ء میں نافذ کئے گئے تو اس وقت آپ نے اس تمام معاملہ کا جائزہ نہیں لیا تھا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب ہم نے ہر معاملہ کا جائزہ لیا اگر فاضل ممبر کوئی اعتراض فرمائیں تو ہم اس کا جواب دینے کیلئے تیار ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ کہتے ہیں کہ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ دوسری کمیٹیز ادا کر سکتی ہیں یا نہیں تو پنشن رولز کے تحت جب لوگوں نے پنشن کا مطالبہ شروع کر دیا تو اسکے بعد آپ نے یہ اعتراض کیا یہ بات مناسب نہیں ہے ۔ آپ نے اسکا پہلے کیوں نہیں جائزہ لیا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ فاضل ممبر نے میرا جواب پڑھ لیا اپنا سوال نہیں پڑھا عرض یہ ہے کہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ جس میں ہم نے خصوصی رعایت دی ہے جس طرح آپ کو معلوم ہے اور فاضل ممبر کو بھی علم ہو گا کہ میونسپل کمیٹی کے ملازمین کو پہلے پنشن نہیں ملتی تھی بلکہ پراویڈنٹ فنڈ ملتا تھا ۔ پراویڈنٹ فنڈ میں یہ شرط تھی کہ ۵۔فیصد وہ اپنی تنخواہ میں سے خود کٹواتے تھے اور ۵۔فیصد میونسپل کمیٹی اپنی طرف سے دیتی تھی اور ان کو یہ رقم

یکمشت ملجاتی تھی لیکن موجودہ حکومت نے یہ پہلی مرتبہ کیا ہے کہ ان کو پنشن کی مراعات دی جائیں اور ویسے پنشن کی مراعات ان کو اس وقت سے ملنی چاہئے تھیں جس وقت سے یہ رولز بنائے گئے تھے لیکن ایک طرف تو ہم نے یہ پنشن کی مراعات دیں اور دوسری طرف ہم نے یہ کیا کہ جو لوگ ان رولز کے پہلے بھی ریٹائر ہو گئے ہیں اور جو لوگ میونسپل آرڈیننس کے بعد ریٹائر ہوئے ہیں اگر وہ ان رولز کو اپنا لیں تو ایک طرف تو ان کو پنشن کی رعایت ملیگی اور دوسری طرف ہم نے یہ طے کیا کہ جو لوگ سنہ ۱۹۶۰ کے بعد ریٹائر ہوئے ہیں اگر وہ ان رولز کو اپنا لیں تو ان کو بھی ہم پنشن کی رعایت دینے کیلئے تیار ہیں ۔ میونسپل کمیٹی لائل پور کے جتنے ملازمین ہیں ہم نے ان کے لئے یہ رعایت جنوری ۱۹۶۶ء سے دی ہے لیکن جھگڑا یہ ہے کہ میونسپل کمیٹی لائل پور والے یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ ان کو یکم جنوری ۱۹۶۰ء سے یہ پنشن دی جائے میں یہاں یہ عرض کروں گا کہ ہم نے اسکی detail work out کی ہے پوزیشن یہ بنتی ہے کہ جب یہ پنشن رولز کو adopt کریں گے یا opt کریں گے تو وہ اپنے پراویڈنٹ فنڈ کا ۵۰ فیصد حصہ لیں گے ۔

باقی ۵۰ فیصد ان کو refund کرنا پڑتا ہے اور جناب والا ۔ پھر بھی ان تمام چیزوں کے علاوہ gratuity دی جاتی ہے ۔ اور دس سال کی پنشن کا $\frac{1}{4}$ دیا جاتا ہے ۔ دس سال سے ضرب دی جاتی ہے اور جو رقم بنتی ہے وہ gratuity کے طور پر دی جاتی ہے ۔ چنانچہ موجودہ وقت میں بھی ہم نے حساب لگایا ہے ۔ اور اس کے مطابق بھی ۵۰ فیصد جو

واپس کرنا پڑتا ہے وہ میونسپل کمیٹی کا حصہ ہے ۔ لیکن اس کے باوجود بھی ان کو فائدہ ہو رہا ہے ۔ اگر اس چیز پر عمل کیا جائے جیسا کہ میرے فاضل دوست کا سوال ہے تو پوزیشن یہ بنتی ہے کہ کمیٹی کو پراویڈنٹ فنڈ کا اڑھائی ہزار روپیہ واپس کرینگے تو چھ سال کا retrospective effect دے کر کمیٹی کو چار پانچ ہزار دینا پڑتا ہے ۔ اس وجہ سے ہم نے کمیٹی کے مفاد کو مدنظر رکھا ۔ اور ملازمین کے مفاد کو بھی مد نظر رکھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ وضاحت کرتے وقت وزیر صاحب تقریر شروع کر دیتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ میونسپل کمیٹی لائل پور نے ۱۹۶۰ء سے پنشن دینے کا فیصلہ کیا ہے وہ آپ ہی کے بنائے ہوئے یا آپ کے محکمہ کے اپنائے ہوئے رول ۱۴ کے تحت ہے اب آپ مجھے بتائیے کہ اگر میونسپل کمیٹی اپنے آپ کو ایسی مالی حالت میں نہ پاتی تو وہ ان لوگوں کے کیس کا متفقہ طور پر کیوں فیصلہ کرتی ۔ آپ کیائے کیا قباحت ہے اور کس چیز کی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ میں نے عرض کر دیا ہے کہ ہمیں دو چیزوں کا خیال رکھنا ہوتا ہے ۔ ملازمین کے مفاد کا اور کمیٹی کے مفاد کا بھی ۔ کمیٹی کے پاس جو روپے ہونگے وہ کسی خاص شخص کی مالیت نہ ہونگے بلکہ وہ مفاد عامہ پر خرچ ہونگے ۔ جس سے ملازمین کا مفاد محفوظ ہو جائے ۔ اور عوام کے مفادات بھی محفوظ ہو جائیں تو زیادہ مناسب فیصلہ ہو گا ۔

خان محمد یوسف خان ۔ جناب وزیر بلدیات نے حمزہ صاحب کے جواب میں ارشاد فرمایا تھا کہ انہوں نے سوال اپنا نہیں پڑھا بلکہ جواب پڑھا ہے ۔ تو کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ میونسپل کمیٹی والوں نے انہیں یہ سوال لکھ کر دیا یا وہ ان پڑھ ہیں ؟

Mr. Speaker : This is not a supplementary question.

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ ۔ لائل پور میونسپل کمیٹی نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ اپنے ملازمین کو پنشن دے گی ۔ تو اسی طرح دوسری میونسپل کمیٹیاں یا ڈسٹرکٹ کونسلوں کے جو ملازمین ہیں ان کو بھی پنشن ملنی چاہیئے ۔ کیا حکومت اس کے متعلق کوئی غور کریگی ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ میں نے عرض کر دیا ہے کہ یہ رولز پہلے بنائے جا چکے ہیں ۔ اگر کسی خاص میونسپل کمیٹی یا ڈسٹرکٹ کونسل کے بارے میں ارشاد ہے تو اس کے بارے میں آپ فرما دیں ۔ میں تفصیلات عرض کر سکوں گا ۔ ویسے میں میونسپل کمیٹی کے بارے میں عرض کر سکتا ہوں کہ ہمارے بی ڈی کے محکمہ کی جو لوکل گورنمنٹ ہے اس میں ایک بات ضرور ہوتی ہے کہ ہم جو کئی معاملات میں رولز بناتے ہیں تو مقامی کمیٹی کو یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ انہیں خود اختیار کریں ۔ ان کے ریزولیشن کے تحت پھر ان کا نفاذ ہوتا ہے اور کئی جگہوں پر کمیٹی نہیں نافذ کرتی ۔ تو یہ چیزیں ان کے بنیادی اختیار میں ہیں ۔ ہم نمونہ کے طور پر ان کو یہ چیزیں دے دیتے ہیں اور وہ اس کو اختیار کر لیتے ہیں ۔

MISUSING OF AREA FROM SITLA MANDIR TO CHAUK ANARKALI, LAHORE AS TONGA STAND

*2420. **Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Minister of Baisc Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the area from Sitla Mander to Chauk Anarkali on the Circular Road, Lahore, has been declared by Government as silence zone due to the proximity of the Muslim Masjid, its attached hospital and Welfare Institutions ;

(b) whether it is a fact that the above place is being mis-used as tonga stand which causes great nuisance to the people praying in the said Mosque and the patients attending the said hospital ;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, the action not been Government intend to take in the matter ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) This concerns the District Magistrate, Lahore and inquiries made from him reveal that this area has declared as silence zone.

(b) This is an approved tonga stand and is located in front of the Sitla Mandir. This stand being far away from the Mosque and the hospitals does not cause any nuisance to the visitors of these places.

(c) Needs no answer in view of (b) above.

ویسے میں فاضل ممبر کی اطلاع کے لئے یہ عرض کر دوں کہ کل رات میں نے ہدایت جاری کر دی ہے کہ ڈی۔ ایم اور میونسپل کمیٹی کے افسران بھی اس بات کا جائزہ لیں اور یہ کوشش کریں کہ مسجد میں نمازیوں کی نماز اچھی طرح

سے ادا ہو سکے ۔ اور ٹریفک کی وجہ سے کسی قسم کی دقت نہ ہو ۔ اور اس کے لئے جو مناسب اقدامات ہوں گے وہ کر دئیے جائیں گے ۔

HELP OF WOMEN RENDERED WIDOWS BY THE INDIAN ARMY

*2806. **Chaudhri Manzur Hussain**: Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) the total number of women as have been rendered widows as the result of the murder of civilians by Indian Army during the month of September, 1965 in the war affected area of Lahore and Sialkot districts ;

(b) whether it is a fact that the Union Councils and Union Committees of the war affected areas of Lahore and Sialkot were directed to help the said widows ; if so, the steps taken in this regard by the Union Councils and Union Committees ; and the expenditure so far incurred in this behalf ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) The total number is 782.

(b) Specific directive was not issued, but the Union Councils/ Union Committees, and Basic Democrates in their individuals capacity have under taken the work of rendering help to war-affected persons, including widows.

In Sialkot, Social Welfare Department and local administration are jointly making arrangements for establishment of a Home for widows and orphans.

In Lahore District, Rs. 750 are being paid to each widow to compensate for loss of life of bread winner under instructions of Relief Commissioner.

جناب والا ۔ یہ میں نے عرض کر دیا ہے ۔ باقی چیزیں ہمارے محکمے کے متعلق نہیں ہیں ۔ یہ جو میرا جواب ہے اس میں صرف لاہور کی بیواؤں کے متعلق لکھا ہے اور باقی چیزیں ہمارے محکمے سے تعلق نہیں رکھتیں ۔ دوسرے اضلاع سے تعلق رکھتی ہیں ۔ میں نے ترمیم کر دی ہے ۔ اور میں یہ ترمیم کرکے عرض کر رہا ہوں ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ ان بیوہ عورتوں میں اکثر ایسی ہونگی جن کا ذریعہ معاش اور کوئی نہ ہو گا ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا ۵۰ء روپے کی رقم ان کے گزارے کے لئے معقول ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ اصل میں یہ معاملہ محکمہ بحالیات کا ہے ۔ اگر اس کے لئے آپ علیحدہ سوال کر دیں تو ہم زیادہ تفصیل سے جواب دے دینگے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ اگر ۵۰ء روپے کی رقم معقول ہے تو کیا یونین کونسلوں میں اس قسم کے فنڈ جاری کرنے کی آپ ہدایت کرینگے جس سے ان بیوہ عورتوں کے گزارے کا انتظام ہو سکے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ اگر ہمارے پاس رقم ہو تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے ۔ میرے فاضل دوست اس بات سے متفق ہونگے کہ ابھی یونین کونسلیں جو ہیں اکثر ان کا کام گرانٹوں سے چلتا ہے ۔ اس لئے میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ہم نے اس سے پیشتر اس سلسلے میں یہ کوشش کی ہے کہ جو کچھ ممکن ہو وہ کریں لیکن وسائل اجازت دیں تب کچھ ہو سکتا ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ یہ ۷۵۰ روپے کی جو رقم ہے یہ تو ریلیف کمشنر کی طرف سے ان کو مل رہی ہے ۔ میں دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے کیا امداد دی گئی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ یونین کونسلیں اور سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ حکومت کا ایک ہی محکمہ ہیں ۔ ریلیف کا کام ریلیف کے محکمے کے پاس ہے ۔ اور وہ سب کچھ اس سلسلے میں کر رہے ہیں ۔ اس سلسلہ میں لاہور میں دارالغربا اور یتیم خانے موجود ہیں جہاں بچوں کی دیکھ بھال ہو سکتی ہے ۔ اگر کوئی ایسے بچے یا بیوگان ہوں ۔ سیالکوٹ میں میں نہیں تھا وہاں سوشل ویلفیئر کے محکمہ نے سیالکوٹ کی مقامی انتظامیہ کے ساتھ مل کر کام کیا اور انتظام کئے ہیں ۔ اسکے علاوہ بھی محکمہ سماجی بہبود یہ کوشش کر رہا ہے کہ لاہور اور سیالکوٹ میں جتنا امدادی کام ہو سکے وہ کر دیا جائے ۔ ساتھ ہی ہم نے یہ مناسب سمجھا اور سماجی بہبود کی ایجنسی کو بھی درخواست کی ہے کہ وہ اس سلسلے میں کچھ کرے ۔

BIFURCATION OF PATWAR HALQAS ON RECONSTITUTION OF UNION COUNCILS.

***2941. Mr. Hamza:** Will the Minister of Basic Democracices and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that under Government instructions the Patwar Halqas are not to be bifurcated while reconstituting the Union Councils;

(b) the name of "Patwar Halqas" bifurcated while reconstituting the Union Councils in the former Punjab area;

(c) whether it is a fact that Patwar Halqas, Jajjail, Tehsil Chunian, District Lahore has been bifurcated and village Qila Dauke have been excluded from the said Halqa and iucluded in the newly constituted Union Council namely "Qal Union" Council ;

(d) whether it is a fact that Patwar Halqa, Kanganpur, in Tehsil Chunian, District Lahore has also been bifurcated and village Mank De Ke has been excluded from the said Halqa and included in Jajjiail Union Council;

(e) if answer to (c) and (d) above be in the affirmative, reasons for effecting the said changes;

(f) whether it is a fact that the limits of Union Council Hussain Khanwala, Tehsil Kasur which previously-consisted of five members have been extended and five more members have been included in it; if so, reasons thereof;

(g) whether it is a fact that Union Council of Fatehpur Nurpur, Tehsil Kasur, which previously consisted of seven members has been re-constituted to consist of five members; if so, reasons therefor;

(h) whether it is a fact that Union Councils of Abubakar and Kotli Rai in Tehsil Kasur have been joined together, although both the said Union Councils have constructed their respective Union Council buildings; if so, reasons therefor?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Information is being collected.

حمزہ صاحب لمبی بات سے ذرا گھبراتے ہیں۔

Mr. Speaker : Will information be furnished on the next turn?

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا۔ انشااللہ ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ موجودہ سیشن اگر ختم ہو گیا اور اس سے پہلے وزیر صاحب بھاگ گئے تو پھر ۔ ۔ ۔ ۔ ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اگر آپ کہیں تو میں بھاگ کر آپ کے پاس آجاؤں گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر سیشن ختم ہوا تو آپ اور وزیر صاحب اکٹھے بھاگیں گے (قہقہے)

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ہو سکتا ہے جناب والا ۔ کہ میں یہیں رہوں لیکن وہ ضرور بھاگیں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ جو سوال تھا اس کا زیادہ تر تعلق لاہور سے تھا ۔ جہاں تک ملک کے دوسرے حصوں کا تعلق ہے میرے خیال میں انہوں نے پچھلے سال حلقہ بندی کی ہے اور لاہور بیٹھ کر کی تھی ۔ ان کا پہلے پہل یہ فیصلہ تھا کہ پٹوار حلقے توڑے نہ جائیں کیونکہ جونہی انہوں نے پٹوار حلقے توڑے تو آپ کو یاد ہو گا کہ لوگوں نے اکثر ان کے پیچھے چکر لگائے ۔ تو میرے خیال میں ان کا حافظہ اتنا کمزور نہیں ہے ۔ یہ دیدہ دانستہ چھپا رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : This question will be repeated on the next turn.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ اطلاعات اکٹھی ہو رہی ہیں ۔

CONSTRUCTION OF A KULAH BRIDGE OVER RIVER HARRO

*2942. **Mr. Hamza:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that a grant-in-aid amounting to one thousand Rupees was sanctioned to Nambli Maira Union Council, Tehsil Abbottabad, District Hazara, in 1963 by the local authorities for construction of a 'Kulah bridge' over Harro River;

(b) whether it is a fact that the students of nearly 10 to 11 villages in the said area cross the said river to attend the Government High School, Bagnotar on Nathia Gali Road;

(c) if answar to (a) and (b) above be in the affirmative, whether the said amount has been spent on the said project; if not, reasons therefor and the time by which the said bridge will be constructed;

(d) whether it is a fact that one Muhammad Shafi, son of Aziz Khan, a 7th class student of the said school, while crossing the said river was drowned therein; in March, 1966; if so, the officials responsible for not constructing the said bridge so far?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (a) Yes.

(b) No. Students from village Jhoot Mang only, have to cross the river.

(c) Out of the sanctioned amount of Rs. 1,000, a sum of Rs. 608.80 has been spent on the said project, leaving a balance of Rs. 391,20 which is not sufficent for completing the construction of bridge.

(d) Yes. The student took risk to cross the Harro River from a 1½ mile downwards to the proposed bridge despite the fact that a temporary arrangement by placing wooden log on the proposed bridge was also

available. Had the student crossed the stream from the place of bridge, he would not have been drowned, The unfortunate incident occurred due to the mistake of the deceased. The question of fixing responsibility on the officials does not, therefore, arise. Directive has been issued to District Council, Hazara to complete the construction of bridge without delay.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ ایک تو جواب کے حصہ (ب) میں "جھوٹ" کا لفظ آیا ہے ۔ اور یہ unparliamentary لفظ ہے ۔ کیا ان کو یہ پتہ نہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہ تو جناب والا گاؤں کا نام ہے ۔ سارے جواب میں سے صرف اسی لفظ پر ہی ان کی نظر پڑی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ عرض یہ ہے کہ وزیر بنیادی جمہوریت نے ایک ہزار کی رقم اس پل کے لئے مختص کی تھی جس میں سے انہوں نے ۶۰۸ روپے ۸۰ پیسے صرف کئے ہیں ۔ اب یہ فرماتے ہیں کہ باقی پیسے اس پل کو بنانے کے لئے کافی نہیں ہیں میں ان سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ کیا انہیں وقت سے بعد سوجھا کرتی ہے ۔ وقت سے پہلے نہیں سوجھتی ۔ جب انہوں نے تخمینہ تیار کیا تھا اس وقت ان کے محکمہ نے یہ کیوں نہ دیکھا ۔ اب یہ بچہ جس کی جان وہاں سے گزرتے ہوئے ضائع ہو گئی ہے اس کی ذمہ داری کس پر ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جہاں تک اس بچہ کی موت کا تعلق ہے اس پر جتنا کسی پاکستانی کو دکھ ہو سکتا ہے مجھے بھی ہے ۔ وہ ہمارا بچہ

تھا ۔ قوم کا بچہ تھا ۔ اور مجھے اپنے بچوں کی طرح عزیز ہے ۔ اگر کوئی شخص کسی کی موت کا ذمہ دار ہوتا ہے تو ہم اسے پھانسی دے دیتے ہیں لیکن اگر کوئی شخص ذمہ دار نہ ہو اور محض اتفاق سے موت واقع ہو جائے تو پھر اسکا کیا کیا جا سکتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ انہوں نے دریافت یہ کیا تھا کہ آپ نے تخمینہ لگاتے وقت یہ کیوں نہ خیال کیا کہ یہ بہت کم رقم ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ تخمینہ لگانے میں غلطی ہو سکتی ہے ۔ یہ گرانٹ کی صورت تھی ۔ بہر صورت اب ہم نے ہدایت جاری کی ہے کہ وہ پل جلد تیار ہو جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ کو چاہیئے تھا کہ آپ وقت سے پہلے توجہ دیتے ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ کیا وزیر موصوف بتا سکیں گے کہ کون سی تاریخ کو یہ واقعہ پیش آیا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ چونکہ تاریخ پوچھی نہیں گئی تھی اس لئے میں تاریخ بتانے سے قاصر ہوں ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ کیا وزیر بلدیات یہ فرمائیں گے کہ اس پل کے بنانے پر اب کل کتنا خرچ آئیگا اور کیا اسکا ابتدائی کام شروع ہو چکا ہے اور کس تاریخ تک یہ پل مکمل ہو جائے گا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ تاریخ کا تعین تو مشکل ہے ۔ ۱۹۶۳ء میں یہ روپیہ دیا گیا تھا اس میں سے کچھ روپیہ خرچ ہو گیا ۔ باقی کے متعلق یہ

بتایا گیا ہے کہ اس سے پل مکمل نہیں ہو سکتا ۔ جب سے یہ بات ہمارے نوٹس میں لائی گئی ہے ہم نے ہزارہ ڈسٹرکٹ کونسل کو لکھ دیا ہے کہ وہ باقی رقم فراہم کریں اور اس پل کو مکمل کریں ۔

چودھری محمد نواز ۔ کیا وزیر موصوف یہ بتائیں گے کہ جہاں پر لکڑی رکھی ہوئی ہے وہاں سے دریا کی چوڑائی کتنی ہے ؟

مسٹر سپیکر ۔ اسکے لئے نوٹس چاہئیے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ کیا وزیر بلدیات فرمائیں گے کہ یہ جو ۶۰۸ روپے ۸۰ پیسے خرچ ہوئے ہیں یہ کس چیز پر ہوئے ہیں ؟ کیا پل کی بنیاد رکھی گئی ہے یا اسکے لئے سامان جمع کیا گیا ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ مٹی وغیرہ ڈالی گئی ہو گی ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ یہ ہم پر الزام لگاتے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہ تاب یہ مجال یہ طاقت نہیں سمجھے ۔ حمزہ صاحب ذرا حاجی صاحب کو پڑھ کر بتا دیجئے ۔

CONSTRUCTION OF AN OVER-HEAD WATER RESERVOIR BY LAHORE IMPROVEMENT TRUST IN 134-ACRE SCHEME

*2987. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that an over-head water reservoir was constructed by Lahore Improvement Trust in 134 Acre Scheme about 6 years back; if so, the amount spent on the construction of the Reservoir ;

(b) whether it is a fact that the said Reservoir has not been put into use since its completion; if so, reasons thereof;

(c) whether it is a fact that the said reservoirs is faulty and cannot be put in to use; if so, (i) the name of the Contractor who undertook the construction thereof; (ii) the names of the Officers of Lahore Improvement Trust who supervised the said work; (iii) the action taken or intended to be taken against the persons responsible for the said Reservoir?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) The 50,000 Gallons Overhead Reservoir was constructed by the then Social Welfare Works Department in the year 1960 on behalf of Lahore Municipal Corporation, Lahore. The total amount spent on its construction is Rs. 85,000.

(b) The said reservoir was put into use by the Public Health Engineering Department and was handed over to Lahore Municipal Corporation in 1962.

(c) No. The reservoir is not faulty and is fit for use. In view of this no action is proposed to be taken.

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر بلدیات نے فرمایا ہے کہ ۱۹۶۲ء میں پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے یہ ٹینکی لاہور میونسپل کارپوریشن کو دے دی تھی ۔ کیا اس وقت سے لے کر اب تک یہ استعمال میں ہے یا نہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ درمیان میں کچھ شکایت موصول ہوئی تھی ۔ پھر جاکر اس کا جائزہ لیا گیا ۔ مرمت کر دی گئی ۔ اب یہ ٹھیک چل رہی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ اسکی کیا وجہ ہے کہ آپ کا یہ Reservoir اتنی جلدی بوڑھا ہو گیا تھا اور اتنی جلدی اسکی مرمت کی ضرورت پیش آئی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ بوڑھا نہیں ہو گیا تھا جیسے حمزہ صاحب جوان ہونے کے باوجود بیمار ہو جاتے ہیں اسی طرح اسے بھی کچھ تکلیف ہو گئی ہو گی ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ حمزہ صاحب کا سوال ہے کہ آیا یہ امر واقعہ ہے کہ تکمیل سے اب تک اسے استعمال نہیں کیا گیا ہے ۔ اگر ایسے ہے تو اسکی وجہ کیا ہے ؟ اس کا جواب ہے کہ پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے اسے تعمیر کیا تھا اور ۱۹۶۲ء میں یہ کارپوریشن کے حوالے کر دیا گیا ۔ کیا انہوں نے اسے مکمل کر کے کارپوریشن کے حوالے کیا تھا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ مکمل کر کے حوالے کیا تھا ۔ کام کرتا رہا ہے ۔ تعمیر میں تھوڑی سی خرابی تھی وہ درست کر دی گئی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ وہ تھوڑی سی خرابی کیا تھی ؟

Minister of Basic Democracies : The reservor was put into use by the Public Health Engineering Department and was handed over to Lahore Municipal Corporation in 1962.

اب جب اسے بھرا گیا ہے تو اس میں کوئی خرابی نہیں تھی ۔

میاں محمد شفیع ۔ جناب والا ۔ میں وزیر موصوف سے یہ پوچھتا ہوں کہ وہ ٹینکی technically غلط طریقے پر تعمیر ہوئی ہے جب اسکو بھرا گیا تو اس میں سے پانی باہر نکلنا شروع ہو گیا جب اس کو پوری طرح بھرتے ہیں تو اس میں سے leakage ہو جاتی ہے ۔ اسکا کیا جواب ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ مجھے ٹیکنیکل لوگوں نے بتایا ہے کہ وہ فنی طور پر درست بنی ہے ۔ کسی مسئلہ میں رائے کا معاملہ ہوتا ہے اس بارے میں ان کی یہ رائے ہے تو ان کی رائے پر بھی ہمیں اعتماد کرنا پڑتا ہے ۔ میں اپنے فاضل دوست کی خدمت میں عرض کر سکتا ہوں کہ یہ ٹیکنیکل افسر کی رائے پر منحصر ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ وزیر بلدیات نے فرمایا ہے کہ وہ ٹیکنیکل لوگ ہیں ۔ میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ ایوان میں جس معزز رکن نے سوال کیا ہے وہ اس کے بارے میں پوری معلومات رکھتے ہیں ان کا کاروبار بھی اسی قسم کا ہے ۔ وہ لاہور کے رہنے والے ھیں اور وہ لاہور کارپوریشن کے ممبر بھی ھیں جو اطلاع انہوں نے دی ہے اور جو مطلوبہ لوازمات بتائے ہیں وہ پورے ہیں بلکہ انہوں نے جو اطلاع دی ہے اس سے آپ کو اطمینان ہو جانا چاہئے تھا کہ بنیادی طور پر اس کی تعمیر میں نقص ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ کیا جناب والا اس سلسلے میں جواب عرض کرنا ضروری ہے ۔

Mr. Speaker : Yes.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ میں اس سلسلے میں عرض کروں گا کہ میرے فاضل دوست نے فرمایا ہے کہ ممبر صاحب کی واقفیت خاص کر ٹیکنیکل مسئلہ کے بارے میں پوری ہے ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ فاضل ممبر صاحبان کی رائے افسران کی رائے سے مقدم ہوتی ہے ۔ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ واقعاتی طور پر جو اطلاعات فاضل ممبر

صاحبان فراہم کرتے ہیں میں نے ہمیشہ ان اطلاعات کو افسران کی اطلاع پر مقدم سمجھا ہے ۔ اس میں نقص ہے یا نہیں ہے لیکن یہ درست ہے کہ leakage ہوئی ہے ۔ تھوڑی بہت خامی رہ سکتی ہے ۔ آپ کہہ سکتے ہیں کہ یہ اس قدر مکمل نہیں ہے جس قدر مکمل ہونے کی ہم اس کام سے توقع رکھ سکتے ہیں ۔

POSTING OF DOCTORS IN HOSPITAL AND DISPENSARIES OF THARPARKAR.

*3032. **Rana Chandar Singh** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) the names of Hospitals and Dispensaries run by the District Council of Tharparkar in Talukas Umerkot, Nagarparkar and Chhachhro ;

(b) names of Dispensaries where there is no Doctor and reasons therefor ;

(c) whether there is any proposal under consideration of Government to post Doctors and Lady Doctors in the said Dispensaries, if so, when ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) One medical dispensary at Dhoro Naro.

(b) Dhoro Naro dispensary is run under a qualified doctor.

(c) Does not arise.

Rana Chander Singh : Sir, would it mean that there is only one dispensary in Dhoro Naro in all the three Talukas ?

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا۔ اس کا یہ مطلب لینا چاہئے کہ جہاں تک میرے محکمہ کا تعلق ہے یعنی بنیادی جمہوریت

کے محکمہ کا تعلق ہے وہاں ڈسٹرکٹ کونسل کی ڈسپنسری نہیں ہوسکتی ہے ۔ شاید محکمہ صحت کی کوئی ڈسپنسری ہو ۔

Rana Chander Singh : Will he please inquire into this ?

Mr. Speaker : The member should give fresh notice to the Health Department.

Rana Chander Singh : Sir, other dispensaries are run by the Basic Democracies Department.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ میں اس کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ اگر ڈسٹرکٹ کونسل کی طرف سے یا یونین کونسل کی طرف سے یا یونین کمیٹی کی طرف سے کوئی ڈسپنسری ہے تو میں اس کے متعلق پوری طور پر enquire کروں گا ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ جناب وزیر صاحب کہتے ہیں کہ مجھے اس کے متعلق پوری معلومات نہیں ہیں کہ یہ ڈسپنسری ڈسٹرکٹ کونسل کی ہے یا محکمہ صحت کی ہے ۔ لیکن اس کے باوجود آپ نے بتایا ہے کہ یہ ایک سند یافتہ ڈاکٹر کی زیر نگرانی چل رہی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ زیر نگرانی سے یہ مطلب ہے کہ وہاں ڈاکٹر تعینات ہے ۔

GIVING REPRESENTATIONS TO THE LABOUR, WOMEN AND SOCIAL WORKERS IN THE DISTRCT COUNCILS AND DIVISIONAL COUNCILS IN THE PROVINCE.

***3118. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether there is any proposal under consideration of Government to give separate representation to the labour, women and social workers in the District Councils and Divisional Councils in the Province ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the time by which the said proposal is likely to be implemented?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) The matter is under consideration.

(b) No-definite time-limit can be laid down at this stage.

چودھری محمد نواز ۔ کیا وزیر موصوف صاحب فرمائیں گے کہ جو معاملہ زیر غور ہے اس کے متعلق کوئی واضح تاریخ مقرر نہیں کر سکتے کہ یہ دو چار چھ مہینے میں معاملہ ختم ہو جائے ۔ یہ معاملہ بڑا اہم ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ انتخابات ہو چکے ہیں اور ہم اس پر غور کر رہے ہیں ۔ یہ مسئلہ ایسا ہے جس میں مرکز کی ہدایات بھی لینی ضروری ہیں ۔ اور مشرقی پاکستان کی رائے بھی لینی ہو گی اس وجہ سے دیر ہو گئی ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ ''خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک''

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ آپ ہمیشہ ختم ہونے کے بارے میں کیوں سوچتے ہیں آپ زندہ رہنے کے بارے میں سوچیں ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ یہ مسئلہ کب سے زیر غور ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ میں فاضل ممبر کو یقین دلاتا

ہوں کہ عمل شروع ہو چکا ہے انشاء اللہ نتائج کی جلد توقع کریں - ابھی ان کی جوالی کا عالم ہے -

---

SOCIAL WELFARE PROJECTS IN KARACHI

*3119. **Kazi Muhammad Azam Abbasi**: Will the Minister of Social Welfare be pleased to state:—

(a) the number of Social Welfare Projects so far implemented in Karachi;

(b) the number of organisers recruited for the said projects from Karachi;

(c) the results achieved on account of implementation of the said projects during last five years?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum): (a) Ten.

(b) Twelve.

(c) The Urban Community Development Project in Karachi have established the following activities during the last five years:—

(i)	Industrial Centres for Women	21
(ii)	Vocational and Technical Training Centres for Youth and Adults.	3
(iii)	Community Centres Buildings constructed on self help basis.	3
(iv)	Maternity and Child Health Centres ...	4
(v)	Dispensaries ...	5
(vi)	Co-operatives ...	2
(vii)	Adult Literacy Centres ...	13

(viii) Youth Clubs ... 30

(ix) Mothers Clubs ... 41

(x) Children Clubs

(xi) Libraries

(xii) Girl Guides trained ... 300

(xiii) Blue Birds trained ... 100

(xiv) Community Councils ... 10

(xv) Numerous other Social and cultural activities like holding of Milads, observing of days of national importance, organising of health and cleanliness campaigns, etc.

Kazi Muhammad Azam Abbasi: The revised answer has not been supplied to me Sir.

Minister for Basic Democracies: Only para (b) has been revised, as on checking I found the exact number is 12 and not 10 and so we amended it.

Kazi Muhammad Azam Abbasi : But there are so many other changes.

Minister for Basic Democracies: I think this is just an ordinary thing which we have amended accordingly. You can put your supplementary.

SCHEMES SUBMITTED BY SOCIAL WELFARE CO-OPERATIVE COUNCIL, KALI KOAD, HYDERABAD

*3120. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Social Welfare be pleased to state whether it is a fact that Social Walfare Co-operative Council, Kali Road, Hyderabad, has submitted detailed schemes regarding establishment of co-operative housing societies,

industrial societies, credit societies, co-operative consumers, stores, family welfare co-operative societies and educational co-operative societies in the said area if so, whether any action has been taken for the implementation of the said scheme, if so, the details thereof and if not, the time by which they are expected to be implemented ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : No.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ کیا وزیر سماجی بہبود لفظ "No" کی وضاحت فرمائیں گے ؟

وزیر سماجی بہبود ۔ "No" کے معنے اردو میں نہیں کے ہوتے ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ سوال تو یہ کہ کیا وزیر سماجی بہبود ازراہ کرم فرمائیں گے کہ آیا یہ امر واقعہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب یہ چیز سوال میں لکھی ہوئی ہے کیا آپ "نہیں" کے علاوہ کچھ اور پوچھنا چاہتے ہیں ؟

ESTABLISHMENT OF URBAN COMMUNITY DEVELOPMENT PROJECT AT KALI ROAD, HYDERABAD CITY.

***3121. Kazi Muhammad Azam Abbasi:** Will the Minister of Social Welfare be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that members of Social Welfare Cooperative Council, Hyderabad and the Basic Democrats of the area through resolutions and representations have demanded from the Director, Social Welfare Hyderabad to establish Urban Community Development Project at Kali Road, Hyderabad city;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, whether the said demand have been accepted; if not, reasons therefor and the time by which the said project is expected to be established there?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum): (a) Yes.

(b) No. There are no plans to open another project in the near future as it is felt that the U.C.D Projects functioning at Latifabad Colony and Liquat Colony and the Social Welfare Co-operative Council are adequately serving the people of this area.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ بتائیں گے کہ سماجی بہبود کے کاموں میں بنیادی جمہوریت کے ممبران کا تعاون حاصل کیا جاتا ہے؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ ضرور کیا جاتا ہے۔

وزیر سماجی بہبود (میاں محمد یاسین خاں وٹو) ۔ جناب والا ۔ اس کے متعلق پہلے کچھ شکایت تھی اب قانونی طور پر کمیٹیاں قائم کر دی گئی ہیں اور انشاءاللہ مزید کوشش کی جائے گی کہ سماجی بہبود کے کاموں کے لئے بنیادی جمہوریت کے ارکان کا زیادہ سے زیادہ تعاون حاصل کیا جائے ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ کیا وزیر سماجی بہبود یہ بتائیں گے کہ اس پروگرام کیلئے جو بنیادی جمہوریت کے ممبران کو شکایت ہے کہ ان کی یہاں ضرورت محسوس نہیں کی گئی اور جو ان کی ڈیمانڈز ہیں آپ ان پر غور نہیں کرتے۔

وزیر سماجی بہبود ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا اور مجھے اس بات سے یقیناً دلی طور پر خوشی ہے کہ وہاں کے بنیادی جمہوریت کے

ممبران سماجی بہبود کے کاموں میں بڑی دلچسپی لے رہے ہیں میں معزز ممبر کی اس بات سے متفق ہوں کہ پروجیکٹ اس علاقے میں Urban Community Development کیلئے کام کر رہے ہیں۔ یہ سوسائیٹی بھی کام کر رہی ہے۔ ابھی تک تو ہم کام کی ابتدا کر رہے ہیں۔ سماجی بہبود اور Urban Community کے لئے ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس سے زیادہ سےزیادہ علاقے کو فائدہ پہنچے اور پسماندہ علاقوں میں بھی Urban Community Centre کھولے جائیں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں اگر ہمیں وسائل اس بات کی اجازت دیں گے تو ہم مزید Urban Community Centre وغیرہ کھولنے کی کوشش کریں گے۔

AUCTIONING OF MOHINPURA QUARTERS IN RAWALPINDI

*3161. **Mr. Hamza**: Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that 20 Mohinpura quarters in Rawalpindi are being auctioned by the local Improvement Trust authorities;

(b) whether it is also a fact that no alternative arrangements have so far been made to rehabilitate the families to be disturbed by such auction;

(c) whether it is also a fact that some vacant plots of land in the said locality have been given on rent, lease basis to some parties and are not being auctioned;

(d) if answer to (c) above be in the affirmative, reasons for not auctioning the said vacant plots and auctioning the built up quarters occupied by the poor families in the same locality?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (a) Yes.

(b) No displaced persons occupied these quarters at the time of auction. These 20 quarters were occupied by Government officials of different Departments who were merely tenants and were paying rents. As such they have no permanent claim over these quarters.

(c) No.

(d) In view of the position at (c) above the question does not arise.

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر دوں کہ پہلے وہاں ۲۰ خاندان آباد تھے جن کے لیے کوارٹرز بنائے گئے تھے لیکن ان میں سے کوئی صاحب بھی کوارٹر لینے کے لیے تیار نہ تھے ۔ صرف ایک صاحب آئے وہ بھی کچھ عرصہ کے بعد چھوڑ گئے ۔ اس کے بعد یہ کوارٹر سرکاری ملازمین میں نیلام کیا گیا ہے ۔ تو پہلی choice انکی دی گئی ہے ۔ ان میں سے دو آدمیوں نے ایک مرتبہ اور تین آدمیوں نے بعد میں choice دی ۔ انکی وہ choice بھی accept کر لی گئی ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ ہمارے جواں سال وزیر بلدیات عام طور پر سوالوں کے جوابات صحیح دیتے ہیں ۔ لیکن اس جگہ وہ غلطی فرما گئے ہیں۔ وہ یہ ہے کہ حمزہ صاحب نے اس سے سوال کے حصہ (ب) میں یہ پوچھا کہ ۔

"Whether it is also a fact that no alternative arrangements have so far been made to rehabilitate the families to be disturbed by such auction."

اور انہوں نے اسکے جواب میں یہ کہا ہے کہ

"No displaced persons occupied these quarters....."

حمزہ صاحب نے یہ نہیں پوچھا تھا کہ displaced persons کو accommodate کیا گیا ہے ۔ یا نہیں۔ بلکہ انہوں نے تو یہ پوچھا ہے کہ جو آدمی وہاں پر disturb ہوں گے ان کو متبادل جگہ دیں گے یا نہیں۔

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ جواں سال ممبر کا ذہن بھی بڑا جوان ہے۔ میں نے جواب میں جو باقی تفاصیل عرض کی ہیں ان کی روشنی میں اگر کوئی ابہام ہے تو وہ انکے اپنے ذہن میں ہو گا جو اب دور ہو جائیگا۔

(قطع کلامی) رائے صاحب اگر ناراض بھی ہوں تو میری بات سے زیادہ خوش ہوتے ہیں۔

PRESENTATION OF BUDGET PROPOSALS OF MUNICIPAL COMMITTEES TO THE FINANCE SUB-COMMITTEE.

*3165. **Kazi Muhammad Azam Abbasi:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the Budget proposals of Municipal Committes are to be presented to the Finance Sub-Committee on or before the 7th day of March every year ;

(b) if the answer to (a) above be in the affirmative, whether it is a fact that the Municipal Committee, Hyderabad has not followed the above said procedure 1965-66; if so, reasons thereof?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (a) Yes.

(b) The Finance Sub-Committee was constituted on 24th May 1966, and as such the budget proposals could not be submitted to the Sub-Committee before the 7th of March 1966.

اور جناب والا اس سلسلے میں میں ایک اور بات عرض کر دوں۔ کہ میرے فاضل دوست نے ایک اور سوال بھی دیا تھا ۔ جسکے بارے میں میں نے عرض کیا تھا کہ چھ تاریخ سے پہلے ان کا جواب ویسے ہی Unstarred question کے طور پر (اور میری جو بات انکے ساتھ یہاں ہوئی تھی اسکا جواب بھی تیار ہو گیا ہے) عرض کر دوں گا۔ اور پرسوں میں نے فاضل ممبر کے متعلق شام کے وقت ٹیلیفون پر معلوم کروایا تھا لیکن وہ pipals میں موجود نہیں تھے۔ تو جواب موصول ہو چکا ہے۔ کہ حیدرآباد میونسپل کمیٹی میں جو irregularities ہوئی ہیں ان کو condone کرنے کے لئے لکھ رہے ہیں۔ تو جب وہ کیس ہمارے پاس آئے گا تو ہم on merits اسکو دیکھیں گے۔ اسکا جواب بھی تیار ہے۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ ایک ضمنی سوال میں پوچھنا چاہتا ہوں تاکہ اسکا جواب بھی وزیر صاحب تیار کر لیں۔ کہ اس سے پہلے بھی ایک فنانس کمیٹی تھی۔

There was a Finance Committee previous to this newly-formed Finance Committee. They could put the Budget proposals before the Finance Committee which existed.

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ شائد بات یوں تھی کہ پہلی فنانس کمیٹی تو پہلی کمیٹی تھی اور اس جواب میں انتخابات کے بعد کا ذکر آیا ہے۔ اور میرے خیال میں اس سے یہی اندازہ ہو سکتا ہے ۔

قاضی محمد اعظم عباسی۔ یہ کمیٹی پہلے بھی بنائی گئی تھی۔

ALLOTMENT OF QUARTERS IN DRIGH COLONY, KARACHI

*3209. **Mr. Mahmood Azam Farooqi:** Will the Minister for Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that in the Drigh Colony, Karachi, Government have allotted (i) plots of sq-yds, each, without any construction thereon (ii) one roomed quarters constructed on plots measuring 80 sq-yds each and (iii) one roomed quarters with boundary walls constructed on plots of 80 sq-yds each;

(b) whether it is a fact that each of the allottees of the said plots and quarters is required to pay a total sum of Rs. 1,200 in 240 instalment of Rs. 5 each without any discrimination;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, reasons for the recovery of similar amounts for various types of allotments in the said Colony and whether Government intend to take steps to remove this disparity?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (a) Yes.

(b) No. The allottees of plots without any construction have to pay the total cost of Rs. 240 only in monthly instalments of Rs. 2 each. The allottees of one roomed quarter without boundary wall will have to pay total cost of Rs. 1,200 in monthly instalments of Rs. 5 each. The allottees of one roomed quarters without boundary wall will have to pay a lesser amount i.e. Rs. 1,200 minus cost of boundary wall. At present monthly instalment of Rs.5 each are being recovered from them which will be adjusted against the total cost minus boundary wall.

(c) In view of (b) above, the question does not arise.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ آپ نے خود تسلیم کیا ہے کہ جہاں کوارٹروں میں boundary wallas نہیں ہیں انکی قیمت کم ہو گی۔ تو

اسکی کیا وجہ ہے کہ دونوں قسم کے allottees سے آپ ایک ہی قیمت وصول کرتے ہیں چاہیے تو یہ کہ جسکی قیمت کم ہو اسکی اقساط بھی کم لی جائیں۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ پانچ روپے اور پونے پانچ روپے اگر لیں۔ تو اس طرح پیسوں کا جھگڑا پڑتا ہے۔ اس وجہ سے انکا تعین الگ الگ نہیں کیا گیا۔ لیکن اسکا یہ مطلب نہیں ہو گا کہ انکو زیادہ قیمت ادا کرنی پڑے گی اسکو adjust کر دیا جائیگا۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ کیا جناب وزیر بنیادی جمہوریت کو یہ علم ہے کہ ڈرگ روڈ کے تمام allottees سے جنکو زمین الاٹ کی گئی ہے پانچ روپے وصول کئے جا رہے ہیں۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس کے متعلق تو میں نےجواب میں عرض کر دیا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ کیا یہ امر واقعہ نہیں ہے اور کیا آپ کے علم میں یہ بات ہے اور اگر نہیں ہے تو آپ معلوم کریں کہ ڈرگ روڈ کے ہر الاٹی سے خواہ اسکے پاس کوارٹر بغیر boundary wall کے ہو خواہ صرف پلاٹ ہو ۔ خواہ boundary wall والا کوارٹر ہو اس سے پانچ روپے وصول کئے جاتے ہیں۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب‌والا ۔ میری اطلاع تو یہی ہے کہ جو plots ہیں۔ اسکے لئے دو روپے وصول کئے جا رہے ہیں اور باقی بات آپکی درست ہے کہ پانچ روپے وصول کئے جا رہے ہیں۔ اگر میرے فاضل دوست

جو کچھ فرما رہے ہیں اور ان کا خیال ہو کہ ایسا ہو رہا ہے تو جن لوگوں سے وصولی کی جا رہی ہے ان کو رسیدیں مل رہی ہوں گی ۔ اگر وہ کوئی ایسا کیس پائیں تو اسکے بارے میں میرے پاس شکایت کریں ۔ ہم اس کے خلاف سخت اقدامات کریں گے ۔

PROVIDING CERTAIN AMENITIES IN SHER SHAH COLONY, KARACHI

*3211. **Mr. Mahmood Azam Farooqi:** Will the Minister of Basic Domocracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that residents of Sher Shah Colony, Karachi have not been provided with any amenities such as Electricity, Primary Schools, Hospital, Drainage and Water connections;

(b) whether it is a fact that certain taxes have been levied by the local Municipal Corporation in the said Colony;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, the justification for the levy of the said taxes?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (a) Yes.

(b) The areas was formerly outside the Municipal limits. It was included within the Municipal limits in 1964, and on such inclusion it became subject to the said taxes in force in the Municipal area of Karachi.

(c) The Municipal taxes are general in their application and are leviable under the law without reference to any specific amenities provided in a particular area. Development in the area has taken place in an unauthorised manner, and the case is pending in the Supreme Court in which the Karachi Municipal Corporation and the Sind Industrial

Trading Estate are parties. After the decision of the case, the Corporation will prepare a regularisation plan for the area, including the amenities to be provided.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - جہاں تک مجھے معلوم ہے کراچی میں صورت یہ ہے - کہ پہلے کسی علاقے کو K.D.A. ڈیویلپ کرتا ہے - اور اس میں بنیادی ضروریات زندگی مثلاً سڑک،پانی اور بجلی وغیرہ مہیا کرنے کے بعد جب وہ علاقہ آباد ہو جاتا ہے - تو اسے کارپوریشن کو دے دیا جاتا ہے - اور اس کے بعد کارپوریشن اس پر ٹیکس لگاتی ہے - یعنی بنیادی اصول یہ کار فرما ہے کہ پہلے علاقہ ڈیویلپ ہو اور اس کے بعد جب وہ کارپوریشن کے تحت آئے تو اس میں تمام مراعات مہیا ہو چکی ہوں تا کہ وہ ٹیکس عائید کریں - جب آپ خود ہی مانتے ہیں کہ اس علاقے میں مراعات نہیں ہیں تو پھر کارپوریشن کے پاس ٹیکس لگانے کی کیا وجہ جواز ہے -

وزیر لوکل گورنمنٹ - جناب والا - میں نے عرض کیا ہے - کہ یہ unauthorized construction تھی اور اس کے بعد parties کا اس پر جھگڑا چلتا رہا ہے - اور اب یہ علاقہ میونسپل حدود میں شامل کر دیا گیا ہے - اگر ایسی کوئی unauthorized construction کسی جگہ پر ہو جائے اور وہ علاقہ ساتھ ہو اور عوام کے مفاد کو میونسپل حدود میں شامل کیا جائے تو اس وجہ سے وہ علاقہ K.D.A. نے اسے ڈیویلپ نہیں کیا اسلئے اس کو نظر انداز کر دینا چاہئیے میرے خیال میں یہ مفاد عامہ کے منافی ہو گا - کہ جب علاقہ میونسپل کارپوریشن میں آ گیا تھا اور

دو تین ٹیکس جو عام لوگوں پر عائید کئے جاتے ہیں اگر وہ عائد ہو جاتے ہیں ۔ تو میں نے عرض کیا ہے ۔ کہ جو نہی سپریم کورٹ کا فیصلہ آ جائے ۔ ہم کوششش کریں گے کہ ان لوگوں کو تمام مراعات دیئے جائیں ۔ جہاں پر پہلے یہ مراعات نہیں تھیں ۔ آخر ان کو لانے اور دوسری چیزیں وغیرہ بنانے میں وقت لگے گا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا۔ میرے سوال کا جواب نہیں دیا گیا ۔ میں نے سوال یہ کیا تھا کہ .K.D.A نے کیوں ڈیلوپ نہیں کیا ۔ اصول کار فرما یہ ہے کہ جس علاقے میں سہولتیں مہیا کر دی جاتی ہیں تو اس کے بعد کارپوریشن کا جائز حق بنتا ہے کہ وہ ٹیکس عائید کریں ۔ لیکن کوئی علاقہ چاہے authorized ہو یا unauthorized ہو ۔ اور کارپوریشن نے سڑک یا بجلی یا پانی کا کوئی انتظام نہیں کیا ۔ تو اس کے بعد کارپوریشن کو ٹیکس وصول کرنے کی وجہ جواز کیا ہے ؟

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ وہ علاقہ شامل کر دیا گیا ہے ۔ یہ ہر صورت میں ضروری نہیں ہے ۔ کہ پہلے مراعات مہیا کی جائیں ۔ اور پھر ٹیکس عائید کیا جائے ۔ ٹیکس پہلے بھی لگایا جا سکتا ہے ۔ اور مراعات بعد میں بھی دی جا سکتی ہیں ۔ اعلیٰ هذالقیاس ۔ اور یہ دونوں ہی اصول وہاں پر کار فرما ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں جناب وزیر بنیادی جمہوریت سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ کیا یہ جو دو قسم کے ٹیکس ہیں۔ کیا ایک ٹیکس سہولتیں بہم پہنچانے کا اور ایک سہولتیں بہم نہ پہنچانے کا ٹیکس ہے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ اس سوال سے "حمزائیت" صاف جھلک رہی ہے ۔ ورنہ میرے جواب سے تو یہ سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

خان اجون خان جدون ۔ کراچی میں شیر شاہ کالونی کے متعلق یہ فرمایا گیا ہے ۔ کہ وہاں پر مراعات اس لئے بہم نہیں پنچائی جا رہی ہیں کہ سپریم کورٹ میں مقدمہ ہے اور یہ کہ یہ unauthorized construction ہے ۔ تو یہ unauthorized construction تو ہر بڑے شہر میں ہر جگہ اور ہر مقام پر ہوتی ہے تو پھر اس کو مراعات نہ دینے میں کیا روکاوٹ ہے ؟

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ یہ علاقہ ۱۹۵۴ء میں میونسپل کارپوریشن میں شامل ہوا ہے ۔ اور یہ اس سے پہلے کی unauthorized construction ہے ۔ اور مراعات بہم پنچانے کے لئے میرے دوست مجھ سے متفق ہوں گے کہ پہلے سڑکوں کی سروے ہو گی لائین لگانا کھمبے نصب کرنا اور اسی قسم کی بہت سی چیزوں کو دیکھنا ہو گا ۔ اور یہ اسی وقت ہو سکتا ہے کہ جب ہمیں ایسا کرنے کا قانونی حق حاصل ہو کہ ہم جو تجویز کریں اس پر عمل درآمد بھی کر سکیں ۔ ابھی چونکہ اس کا title ہی جھگڑے میں ہے اور سپریم کورٹ کا فیصلہ اس کے متعلق ہونے ہی والا ہے ۔ اگر ہم اس سے پہلے کوئی چیز کریں گے اور اگر بعد میں سپریم کورٹ کا فیصلہ اس کے خلاف آ گیا ۔ تو پھر اس طرح بہت سی رقم کے ضائع ہونے کا احتمال ہو سکتا ہے ۔ تو اس وقت فاضل ممبر کا یہ اعتراض بھی درست ہو گا ۔ کہ اس بات کا خیال پہلے ہی کیوں نہیں کیا گیا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ آپ فرماتے ہیں کہ سپریم کورٹ کے فیصلہ کے بعد amenities مہیا کریں گے ۔ پھر جب آپ نے اس علاقہ میں amenities مہیا ہی نہیں کیں تو وہاں ٹیکس کیوں لگایا گیا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ٹیکسوں کے لئے یہ دیکھنا ضروری نہیں ہوتا کہ کسی علاقہ میں کوئی سہولتیں مہیا کی گئی ہیں یا نہیں ۔ البتہ حکومت ہر ممکن کوشش کرتی ہے کہ amenities مہیا کی جائیں کسی علاقہ میں پہلے مہیا کی جائیں کسی علاقہ میں بعد میں یا کسی میں کم یا کسی میں زیادہ ۔ یہ حالات پر منحصر ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ یہ تنازعہ عدالت میں کراچی میونسپل کارپوریشن اور Sind Industrial Trading Estate کے درمیان ہے اگر یہ SITE کے حق میں فیصلہ ہو جائے تو کیا میونسپل کارپوریشن وصول شدہ ٹیکس واپس کر دے گی ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جن اشخاص کے کلیمز SITE کے خلاف ہیں ۔ جب تک سپریم کورٹ کا فیصلہ سامنے نہ آئے میں حق بجانب نہیں ہوں کہ کچھ بتاؤں ۔ فیصلہ سامنے آ جانے کے بعد ہی کوئی اقدامات کرنا پڑیں گے اور ہمیں سپریم کورٹ کے فیصلہ کا احترام کرنا لازمی ہو گا ۔

SAUDABAD COLONY, KARACHI

*3212. **Mr. Mahmood Azam Farooqi:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that ejectment notices have been served on the occupants of the quarters in Saudabad Colony, Karachi ; if so, reasons therefor;

(b) whether it is a fact that inspite of the representations made by the residents of the said quarters they are not being granted any leases in respect of plots and quarters occupied by them; if so, reasons therefor?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): This question has been transferred to the Board of Revenue, Land Utilization, West Pakistan, Lahore.

ALLOTMENT OF QUARTERS IN CERTAIN COLONIES OF KARACHI

*3213. **Mr. Mahmood Azam Farooqi** : Will the Minister for Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) the following details in respect of—

(A) Malir extension one room quarters;

(B) Korangi one room quarters;

(C) Korangi-Landhi and North Karachi 1/2 room quarters; and

(D) Korangi 2 rooms quarters which have been allotted to refugees;

(b) whether it is a fact that no subsidy has been granted to the allottees of two roomed quarters in Korangi Colony, Karachi, if so, reasons therefor;

(c) whether it is a fact that there is vast variation in the percentage of discount allowed on the cash payment of the prices of quarters in the colonies mentioned in (a) above; if so, reasons therefor;

(d) whether it is a fact that the period for the recovery of hire purchase instalments in respect of two roomed quarters in Korangi colony, has been reduced from 20 years to 15 years, if so, reasons therefor;

(e) whether it is a fact that Government had decided to grant a subsidy of 33 per cent in respect of the 1-1/2 roomed quarters in Korangi; Landhi and North Karachi colonies;

(f) if answer to (e) above be in the affirmative, whether it is a fact that the said subsidy has been reduced to 30 percent if so, reasons therefor ;

(g) whether it is a fact that the amount of instalment payable under the hire purchase system in respect of the quarters in the said colonies is too excessive for the poor residents of the said quarters, with the result that a large amount on account of the said instalments has gone in heavy arrears;

(h) if answer to (g) above be in the affirmative, whether Government intend to consider the advisibility of reducing the amount of instalments in respect of the quarters in the said colonies to accelerate the pace of recovery of Government dues?

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ نفسیاتی طور پر اس میں یہ بات ہو گئی تھی کہ میں اس کے متعلق پہلے کچھ عرض کرنا چاہتا تھا ۔ بہر حال اب اس سوال کے حصہ (الف) کے جواب میں پوری تفصیل تو نہیں دی گئی البتہ جو کچھ میں نے سمجھا ہے وہ عرض کر دیتا ہوں ۔ یعنی

"(a) the following details in respect of—

(A) Malir extension one room quarters;

(B) Korangi one room quarters;

(C) Korangi-Landi and North Karachi 1-1/2 room quarters; and

(D) Korangi 2 rooms quarters which have been allotted to refugees;"

فاضل ممبر کی طرف سے proposal آئی تھی ہمارے پاس وہ examine ہونے کے بعد پہنچی ہے - اب اس کے مطابق اقدامات کئے جائیں گے میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا کہ اس سیشن کے ختم ہونے کے بعد میں کراچی کا دورہ رکھنے والا ہوں اور میں نے محکمہ کو کہہ دیا ہے کہ ایسے جتنے cases ہوں ان کے متعلق تمام تفاصیل ساتھ رکھ لی جائیں - تاکہ مقامی طور پر مفاد عامہ کے پیش نظر ان کو settle کیا جائے -

اب میں پورا جواب پڑھ دیتا ہوں -

(a) Question to part (a) is incomplete. The member is presumbly asking the total number of quarters allotted, and this information is given as follows:—

	No. of Quarters
(a) (a) Malir extension one roomed quarters ...	7,568
(b) Korangi one roomed quarters ...	14,094
(c) Korangi 1-1/2 room quarters ...	5,193
(i) Landhi 1-1/2 room quarters ...	5,985
(ii) North Karachi 1-1/2 room quarters ...	18,652
(d) Korangi 2 rooms quarters ...	512

(b) Yes. It was decided by the former National Housing and Settlement Agency of Ministry of Rehabilitation, Government of Pakistan, that as a matter of policy no subsidy be given to these quarters.

(c) Yes; The concessions of discount were fixed by the Communications and Works Department after giving due consideration to all aspects of the case. The matter can be examined if a proposal is received.

(d) No, the period of recovery was originally fixed at 15 years.

(e) Yes.

(f) No. It is not a fact.

(g) No. The amounts of instalments payable under hire purchase system are not excessive and fixed by Government after consideration of various aspects of the case. The reasons for the accumulation of arrears are not only the poor capacity to pay but also their unwillingness to pay.

(h) Does not arise. If any specific proposals are made these would however be examined on merit.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - مجھے افسوس ہے کہ آپ کا سیکرٹریٹ آپ سے تعاون نہیں کرتا اور غلط جواب دیتا ہے - جس کی وجہ سے آپ کو یہاں embarrass ہونا پڑتا ہے - (ای) کے جواب میں کہا ہے yes جب کہ یہ پوچھا تھا -

"(e) whether it is a fact that Government had decided to grant a subsidy of 33 per cent in respect of the 1-1/2 roomed quarters in Korangi, Landhi and North Karachi colonies;"

The answer given is 'Yes'.

(ایف) میں یہ تھا ۔

"(f) if answer to (e) above be in the affirmative, whether it is a fact that the said subsidy has been reduced to 30 per cent if so, reasons therefor;"

And the answer given is 'No.'

لیکن کے ڈی اے کا ڈائرکٹر جنرل مجھے یہ بتاتا ہے کہ اصل قیمت تھی /۵۲۳۶ روپیہ اور اس میں subsidy جو دی گئی وہ تھی -/۱۵۷۱ روپیہ - یعنی ۳۰ فیصد subsidy دی گئی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ حساب میں غلطی ہو گئی ہو گی ۔ جو میں نے جواب دیا ہے ۳۳ فیصد کے مطابق yes درست ہے اور ۳۰ فیصد کے مطابق No درست ہے ۔ اگر کوئی غلطی ہو تو اس کی درستی ہو سکتی ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ تو اس کا میں کیا مطلب سمجھوں اگر subsidy کی رقم غلطی سے کم نکالی ہے تو اب اسے ٹھیک کر کے لوگوں سے کم رقم وصول کریں گے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جہاں حساب کی غلطی ہو گی وہاں درست کر دیا جائے گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر بلدیات نے غلط بیانی کی ہے میرے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے فرمایا تھا کہ اجلاس ختم ہو گیا تو میں یہاں رہوں گا اور حمزہ بھاگ جائے گا لیکن انہوں نے فرمایا ہے کہ اجلاس کے ختم ہونے کے فوراً بعد میں کراچی چلا جاؤں گا ۔ اب یا تو انہوں نے اب غلط جواب دیا ہے یا پہلے غلط جواب دیا تھا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ آج حمزہ صاحب غالباً اچھے موڈ میں نہیں ہیں کراچی جانے کا مطلب بھاگنے کا نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا اس کا مطلب یہ تو نہیں کہ آپ انہیں کراچی ساتھ لے جانا چاہتے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میرے سوال کے حصہ (جی) کے جواب میں وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ حکومت نے اقساط سوچ سمجھ کر متعین کی ہیں اور وہ زیادہ نہیں ہیں ۔ میں ان سے دریافت کرتا ہوں کہ کراچی میں کورنگی اور لانڈھی کے لوگوں کی اوسط آمدنی سو یا ڈیڑھ سو روپے ماہوار ہے وہاں ۔ /۳۰ اور ۱۵/۵۰ روپیہ ماہوار کرایہ کیا زیادہ نہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ فاضل ممبر کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا کہ اسی تفاوت کو دیکھنے کے بعد ہم نے ہدایات جاری کی ہیں ایسے تمام cases کو examine کیا جائے گا ۔ آپ کی طرف سے representation آ گئی ہے اور ہم یہ کوشش کریں گے کہ کے ڈی اے کے مفاد کا بھی خیال رکھا جائے اور لوگوں کو بھی آسانی ہو جائے ۔

PROVIDING SEWERAGE FOR GHAKKAR TOWN IN GUJRANWALA DISTRICT

***3233. Chaudhri Muhammad Sarwar Khan:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to refer to part (e) of the answer to my starred question No. 1455 laid on the Table of the House on the 26th May, 1966 and state :—

(a) whether the Town Committee, Ghakkar carried out the drainage work by itself or through any Contractor and if the work was carried out by the Contractor, the name of the Contractor along with the amount paid to him or the amount spent by the said Town Committee;

(b) whether the said Town Committee while carrying out the said work acted on the technical advice of the Public Health Circle, Lahore;

(c) in case answer to (b) above be in the negative, whether any action has been taken or intended to be taken by Government against the persons responsible for the wastage of public money referred to in part (a) if no action intended to be taken reasons therefor;

(d) whether the defects if any, have been removed from the drainage system, if not, why not, and the time by which it will be completed?

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یسین خان وٹو) ۔ اس کا جواب پہلے بھی دے چکا ہوں ۔ آج جواب نہیں دے سکا کیونکہ مصروفیت تھی ۔ لیکن رات کو جب میں نے سوال دیکھا تو میں نے یہ احکامات جاری کر دئیے تھے کہ حکومت کی طرف سے ایک افسر جائے اور وہاں جا کر مسئلہ کا جائزہ لے اور جو ضروری اقدامات کرنے ہوں کرے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ آپ کو اس بات کا احساس ہو چکا ہے کہ پہلے جواب میں اور اس جواب میں تضاد ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ approve کرنے سے پہلے میں یہ سوال نہیں دیکھ سکا تھا ۔ البتہ پہلا جواب دیکھا تھا اور اسی کی روشنی میں یہ جواب دیا گیا ۔ اب احکامات دے دیئے گئے ہیں کہ گورنمنٹ level پر ایک افسر جائے اور سارے معاملات کے متعلق ضروری اقدامات کرے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ جواب مکمل نہیں ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ اس میں فاضل ممبر یہی چاہتے ہیں کہ جس طرح بھی ہو کام کیا جائے ۔ جواب تو مکمل تھا لیکن اس جواب کے بعد یہ دوسرا سوال دیا گیا ہے اور یہ وہی پہلا سوال ہے اسی کو دھرایا ہے ۔ ان کا اصل مقصد یہی ہے کہ کام مکمل ہو جائے اس لئے ہم گورنمنٹ level پر ایک افسر کو بھیج رہے ہیں تاکہ سارے معاملات کو دیکھے ویسے تو ڈسٹرکٹ کونسل نے -/۹۲۰۰۰ روپیہ کی گرانٹ ٹاؤن کمیٹی کو دے دی ہے ۔ یہ گرانٹ ایک سکیم کے لئے نہیں بلکہ سارے کاموں کے لئے ہے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ کام کے متعلق بھی یہ سوال تھا ۔ لیکن میں محسوس کرتا ہوں کہ دوسرے سوال کے پیش نظر کچھ گڑ بڑ قسم کی بات ہے پہلا جواب یہ تھا کہ تین ماہ کے اندر ٹھیکیدار کو payment کر دی گئی ہے لیکن یہ معلوم نہیں کہ کتنی رقم دی گئی ہے ۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ اس case کو examine کرنے کے بعد اگر انکوائری کی ضرورت ہوئی تو انکوائری کر کے کیا وزیر صاحب ہاؤس کو مطلع کریں گے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اصل میں اس چیز کے بارے میں اتنا تضاد نہیں ہے کیونکہ ہم نے کام کے مکمل ہونے کیلئے ۳۔ مہینے کہے تھے ۔ اور اسکے لئے ہم کوشش کریں گے اور افسر بھیجیں گے ۔ لیکن اگر تین مہینے سے کچھ زیادہ عرصہ لگ

گیا تو آپ معاف فرمائیے گا باقی payment کے معاملہ میں کوئی تضاد نہیں تھا میں نے اس کے لئے کہہ دیا ہے کہ payment کر دیجائے ۔ لیکن اس کے علاوہ کچھ مقدمہ بازی کا جو معاملہ ہے اسکی تفاصیل میں نے پہلے نہیں دیکھی تھیں اب میں نے وہ دیکھ لی ہیں اسمیں کچھ contradiction کی گنجائش پیدا ہوئی ہے جسکی وجہ سے یہ سوال پڑھنے کے بجائے میں جناب کی اجازت سے یہ عرض کروں گا کہ میں نے یہ آرڈر دے دیا ہے کہ ایک افسر جائے اور سارے معاملہ کی چھان بین کرے اور پھر اگر کسی نے کوئی غلطی کی ہو گی تو ہم اسکے لئے تیار ہیں ۔

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ ۔ جناب میری عرض یہ ہے کہ ٹھیکیدار کو ٹھیکہ دیا گیا تھا اور وہ ۳۴۸۵۰ ۔ روپے کا تھا مگر اسکو ۲۵۲۹۲ روپے دئیے گئے ۔ تو کیا یہ کام کمیٹی نے بند کروا دیا یا اسنے خود بند کر دیا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اسکے لئے میں نے عرض کیا ہے کہ ہم ایک افسر بھیجیں گے اور وہ ساری تحقیقات کرے گا اگر کسی کی یہ ذمہ داری نکلے گی تو اس کے خلاف ہم اقدامات کریں گے ۔ ساتھ ہی میں نے اس افسر کو ہدایت کی ہے کہ وہ کام مکمل ہوا یا نہیں ہوا بہر حال جتنی بھی چیزیں ہو گئی ہیں وہ ان کو دیکھے اور اگر کوئی اسکا ذمہدار ہو تو اسکے خلاف اقدامات کئے جائیں اور کام بھی مکمل کرانے کی کوشش کیجائے ۔

Mr. Speaker : The Question Hour is over.

SHORT NOTICE QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker: We will now take up Short Notice Questions Chaudhri Muhammad Nawaz may please read out his question.

ALLOTMEMT OF RESIDENCES IN G.O.R. II AND G.O.R.III

***2754. Chaudhri Muhammad Nawaz:** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state:—

(a) (i) category-wise accommodation available in G.O.R. II and III at Lahore; (ii) class of Officers entitled there to; (iii) names and designations of Officers on the wsiting list for allotment of each category of accommodation there as on 31st May, 1966, along with the date of enrolment of each officer on the said waiting list;

(b) whether any other officer mentioned in the lists stated in (a) above was transferred out of Lahore after his enrolment on the said waiting list; if so, reasons for continuing his name on the said waiting lists;

(c) whether any of the officers on the said waiting lists have applied for the requisitioning of residential accommodation for them in case no accommodation in G.O.R. II or G.O.R. III was available;

(d) if answer to (c) above be in the negative, whether Government would consider the advisibility of providing accommodation to such officers by requisitioning private houses?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din): (a) (i) Category-wise accommodation available in GOR II and GOR III is as under:—

GOR II	S-Type houses	4	Numbers.
,,	(B type) houses	47	,,
,,	C-Type houses	24	,,

GOR III	B-Type houses	15	"
"	C-Type houses	38	"
"	C-I Type houses	8	"
"	Bachelor Flats	17	"

(ii) Officers drawing pay Rs. 2000/— and above are entitled to "S" Type houses, those drawing between Rs. 1250/— to 1999/— are entitled for "B" Type and those drawing between Rs. 750/— to 1249/— are eligible for "C" Type houses. C-I Type and Bachelor Flats are meant for officers drawing pay less than Rs. 750/—.

(iii) Lists attached Annexures A,B-& C.*

(b) No such intimation has been received in the Estate Office.

(c) Yes.

(d) Question does not arise.

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ میں آپ کے نوٹس میں یہ چیز لانا چاہتا ہوں کہ سوال کا جواب وہی ہے جو اس سے پیشتر دو دفعہ اس ہاؤس میں پیش کیا جا چکا ہے ۔ آپ نے فرمایا تھا اور پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب کو آرڈر دیا تھا کہ جو تفصیلات میں نے مانگی تھیں وہ دوسری تاریخ کو اس ہاؤس میں پیش کی جائیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ جی ہاں انہوں نے فرمایا تھا کہ وہ revised answer دیں گے ۔ what is the position ?

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ جناب والا ۔ اسکے متعلق پوزیشن کیا ہے کہ جو پہلی دفعہ serial نمبر ۱۷ - - - -

*Please see Appendix I at the end.

مسٹر سپیکر - پہلے آپ نے فرمایا تھا کہ revised answer دیں گے کیا یہ revised answer ہے -

پارلیمنٹری سیکریٹری - جی نہیں یہ جواب وہی ہے -

مسٹر سپیکر - کل آپ نے فرمایا تھا کہ revised answer دیا جائے گا -

پارلیمنٹری سیکریٹری - جناب والا - اس کے متعلق پوزیشن یہ ہے کہ میں نے اپنے محکمہ سے پوچھا تھا کہ یہ کونسا جواب ہے تو انہوں نے کہا کہ یہ uptodate جواب ہے - اسکے بعد میں نے یہ پوچھا کہ serial نمبر جو ہے اسمیں وہی نمبر دیا ہوا ہے جو پچھلی دفعہ دیا گیا تھا اور جسے آپ نے پوائنٹ آؤٹ کیا تھا serial نمبر ۱۷ - میں - یعنی صفحہ نمبر ۲ پر اور چودھری ممتاز احمد چیمہ کے سلسلے میں تھا جنکی تبدیلی کراچی ہو گئی تھی کے سلسلے میں کئی اصحاب نے پوچھا تھا تو میں نے یہ معلوم کیا اس کے متعلق ایک صاحب نے فرمایا تھا کہ یہ آپ نے پھر لکھ دیا ہے - تو انہوں نے فرمایا کہ جن افسران کی transfer ہو جاتی ہے - اگر ہمیں ان کا پتہ نہ چلے تو ہم ان کا نام لسٹ پر رکھتے ہیں -

مسٹر سپیکر - پچھلی دفعہ آپ نے وعدہ کیا تھا کہ revised answer دیں گے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب ان افسر کے تبادلہ کے بارے میں یہ نہیں معلوم ہو سکا کہ ان کا تبادلہ ہو گیا ہے اب revised list پیش کیجائیگی -

مسٹر سپیکر ۔ لیکن اس کے باوجود revised list کیوں نہیں پیش کی گئی ۔

پارلمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ اس سلسلے میں جو کچھ پوزیشن تھی میں نے وہ عرض کر دی ہے کہ پہلے یہ پتہ نہیں چلا تھا کہ انکا تبادلہ ہو گیا ہے اب revised لسٹ prepare کر لیں گے اور انکا نام کاٹ دیا جائیگا ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس سلسلے میں ہاؤس کی یہ خواہش تھی کہ revised لسٹ ہاؤس میں پیش کیجائے اور اسیوجہ سے اسکو ملتوی کیا گیا تھا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ اس میں کچھ دیر تو ضرور ہوئی ہے اور کچھ وقفہ دے دیا جائے تو revised لسٹ پیش کر دی جائے گی ۔

مسٹر سپیکر ۔ اب کس دن پیش کی جائے گی ؟ کیا آپ ۱۱۔ تاریخ کو پیش کر سکیں گے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ ۱۳۔ کو پیش کر دیں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ چودھری صاحب آپ اس سلسلے میں جو انفارمیشن چاہتے ہوں وہ بھی تیار رکھیں ۔

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ مجھے اسٹیٹ افسر صاحب ملے تھے میں نے انہیں تمام تفصیلات بتا دی ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ اسٹیٹ افسر کو ملنے کے بجائے میاں معراج الدین کو بتائیے۔

خان ملنگ خان ۔ جناب والا ۔ یہ معلوم ہی نہیں ہوتا کہ کب سیشن ختم ہو گا ۔ اگر یہ معلوم ہو جائے تو سوالات کا نوٹس دیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب جہاں تک میرے ہاؤس کو sine die adjourn کرنے کا سوال ہے میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میرے پاس کوئی ایسا پروگرام نہیں ہے ۔ اور ہاؤس کو sine die adjourn کرنے کا میرا کوئی ارادہ نہیں ہے ۔ باقی اگر کسی اور اتھارٹی کی طرف سے جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ گورنر صاحب اسمبلی کو prorogue کر سکتے ہیں اگر انکی طرف سے کوئی ایسا آرڈر ہو تو فی الحال اس کی کوئی اطلاع نہیں ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ ممبران دسمبر تک کا پروگرام بنالیں تو اچھا ہے ۔

Mr. Speaker : This question will be taken up on the 11th.

سردار حاجی عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ہمارے یہ پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب اس ہاؤس میں پارلیمنٹری سیکریٹری ہیں باہر انکا کوئی کہنا نہیں مانتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

POINT OF ORDER

WHETHER A PARLIAMENTARY SECRETARY COULD ASK QUESTIONS FROM AN OTHER PARLIAMENTARY SECRETARY.

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان)۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا۔ کل کے 'نوائے وقت' کے راولپنڈی کے ایڈیشن کی اطلاع کے مطابق پرسوں قومی اسمبلی کی کارروائی کے دوران جب ایک پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب نے دوسرے پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب پر کوئی سوال کیا تو ایک معزز رکن کے پوائنٹ آف آرڈر پر جناب سپیکر نے رولز کی study کے بعد یہ اپنی رولنگ دی کہ پارلیمنٹری سیکریٹری سوال کر سکتے ہیں تو اس رولنگ کے تحت اور اس کی روشنی میں ہم آپ کی رولنگ کے منتظر ہوں گے کیونکہ وہاں بھی یہ تبدیلی ہو چکی ہے اور آپ بھی اس پر رولنگ دیں۔

Mr. Speaker : I will inquire what is the position in the National Assembly and then I will give my ruling.

IMPLEMENTATION OF DEVELOPMENT AND PUBLIC WELFARE PLANS

***3522. Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that during 1965-66 a sum of Rupees two crores was allocated for implementation of the Development and Public Welfare Plans prepared by the Local Bodies in District Montgomery ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, whether the said amount has been fully utilized for the purpose and the said schemes have been completed ;

(c) if answer to (b) above be in the negative, reasons therefor and the action taken or intended to be taken by Government against the Officers responsible for not utilizing the allocated amount and thus failing to implement the said schemes ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) A sum of Rs. 1,95, 29, 477 was allocated by local bodies in Montgomery District for development schemes, including Rural Works Programme.

(b) Schemes costing Rs. 16, 23, 355 under the Rural Works Programme have been completed ; and work on schemes estimated to cost Rs. 8, 72, 953 is in progress. Because of emergency and late release of funds, schemes costing Rs. 7, 82, 162 could not be started in time. It is expected that work on these would be completed by the end of August, 1966.

With regard to the schemes of Municipal Committee, an expenditure of Rs. 20, 56, 361 has been incurred on completed schemes. Work on other schemes costing Rs. 35, 40, 596 is in progress. Preliminary preparations like detailed estimates and technical and administrative approval are being made for schemes with a total estimated cost of Rs. 1, 04, 81, 520.

(c) Efforts are being made to speed up the work. Local bodies as well as Departments concerned are being instructed accordingly.

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ وزیر موصوف نے اپنے بیان میں فرمایا ہے کہ ایک کروڑ پچانوے لاکھ ۲۹ ہزار چار سو ستتر روپے جو ہیں یہ کل رقم تھی جو مختص کی گئی اس میں انہوں نے مختلف سکیموں اور items کے لحاظ سے جو رقمیں دی ہیں ان کا ٹوٹل ایک کروڑ ترانوے لاکھ چھپن ہزار نو سو روپیہ بنتا ہے ۔ اور باقی جو فرق ان دونوں رقموں میں ہے وہ ایک لاکھ بہتر ہزار پانچ سو روپے کا ہے ۔ کیا وہ یہ بتائیں گے کہ اتنے تضاد کی کیا وجہ ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اصل میں contingency کے لئے رورل ورکس پروگرام میں رقم رکھی جاتی ہے وہ ہم اپنی طرف سے ان کو دے دیتے ہیں ۔ اور متعلقہ لوکل باڈیز ان کو استعمال کر لیتی ہیں ۔ لیکن وہ پروجیکٹ اسٹیمیٹ میں شامل نہیں ہوتیں ۔ لیکن ہماری طرف سے وہ ٹوٹل میں شامل ہوتی ہیں ۔ تو یہ فرق ہے جس کے متعلق فاضل ممبر نے فرمایا ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ پارٹ (بی) میں یہ لکھا ہوا ہے کہ ۔

"work on schemes estimated to cast Rs. 8,72,953 is in progress"

اس کے ختم ہونے کے متعلق کیا آپ کوئی وقت کا تعین کر سکتے ہیں ۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ یہ سکیم کب ختم ہو گی ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ یہ مختلف سکیمیں ہیں ۔ ان کے وقت کا تعین کرنا تو مشکل ہے ۔ لیکن میں فاضل ممبر کو یقین دلاتا ہوں کہ کافی اور خاصی توجہ ہم اس طرف دے رہے ہیں اور اتفاق سے ہمارے جو ڈپٹی کمشنر منٹگمری ہیں وہ ذاتی طور پر ان معاملات میں دلچسپی لے رہے ہیں ۔ اور امید ہے کہ اگر اس کوشش کے ساتھ کام جاری رہا تو زیادہ دیر نہیں لگے گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر بنیادی جمہوریت مجھے یہ بتائیں گے کہ محض اتفاق کی بات ہے کہ جناب چودھری محمد نواز صاحب آپ کے ضلع سے

تعلق رکھتے ہیں اگر دیہی ترقیاتی پروگراموں کے منصوبوں اور ان کی تکمیل کا یہی حال ہے اور خصوصا اس جگہہ پر جس کی طرف آپ کی خاص توجہ ہے تو آپ اندازہ لگائیے کہ دوسرے اضلاع کی کیا حالت ہو گی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا۔ اگر میرے فاضل دوست صرف سوال پر توجہ فرماتے تو ان کو سپلیمنٹری کرنے کی ضرورت نہ پڑتی ۔ آپ ملاحظہ فرمائیے کہ دیہی ترقیاتی پروگرام کے بارے میں جواب تفصیل سے دیا گیا ہے اور صرف ہنگامی حالات کی وجہ سے فنڈز چند معاملات میں مہیا نہ ہو سکے اور ان کی منظوری میں دیر ہوئی ۔ ورنہ دیہاتی کاموں کی ترقی کے لئے خاصی توجہ دی گئی ہے اور پروگرام خاصے تسلی بخش ہیں ۔ آپ جواب میں ملاحظہ فرما لیں میونسپل کمیٹیوں کی وہ رقوم جو دوسرے محکموں کے پاس ہیں ان میں دیر ہوئی لیکن ان میں بھی کام کیا جا رہا ہے اور دیہی ترقیاتی پروگرام یقیناً تسلی بخش طور پر کیا جا رہا ہے ۔ نہ صرف ہمارے ضلع میں بلکہ اتفاق سے ٹوبہ ٹیک سنگھ اور گوجرہ کے علاقے میں بھی یہ کام تسلی بخش طور پر کیا جا رہا ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ یہ بڑا اہم سوال ہے ۔ عرض یہ ہے کہ انہوں نے جواب میں فرمایا ہے کہ سکیمیں ایک کروڑ چار لاکھ اکاسی ہزار روپے کی ہیں ۔ ان کے تخمینہ جات اور تفصیلات تیار کی جا رہی ہیں ۔ تو میں ان سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ جب آپ نے ابھی اس کی ابتداء کی ہے اس کے نقشے بننے شروع ہوئے ہیں تو اتنی بڑی رقم جو تھی وہ ان کاموں پر آپ نے کیوں مختص کر دی تھی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - یہ مختلف کمیٹیوں کی وہ رقوم ہیں جو انہوں نے نیشن بلڈنگ کے محکموں کے پاس جمع کرانی ہوتی ہیں اور وہ مختلف کاموں کے لئے ہوتی ہیں تو اس چیز کے لئے مناسب اقدامات کئے جا رہے ہیں اور جو اقدامات کئے جا رہے ہیں ان کے بارے میں میں عرض کرتا ہوں کہ ہم نے ہدایات جاری کر دی ہیں کہ اگر کہیں ایسی بات ہوئی ہے جس کی وجہ سے دیر ہو رہی ہے تو اس کا ازالہ کیا جائے اور کام کو پورا کیا جائے اور جہاں کہیں کوتاہی ہوئی ہے اسے دور کیا جائے -

چودھری محمد نواز - جناب والا- مجھے میرے سوال کا جواب نہیں ملا میں دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ جب آپ نے کام شروع نہیں کیا اور آپ کی سکیم نہیں بھی تھی تو اتنی بڑی رقم کے allocate کرنے کا کیا جواز تھا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت - آپ ملاحظہ فرمائیں جواب یہ ہے

"Preliminary preparations like detailed estimates and technical and administrative approval are being made..."

تو approval میں دیر کئی دفعہ لگ جاتی ہے اور رقم پہلے مہیا کر دی جاتی ہے اور administrative approval بعد میں آ جاتی ہے کیونکہ otherwise یہ ہو جاتا ہے کہ دو دو سال بات رک جاتی ہے - اگر ساری چیز پہلے مکمل کی جائے تو مختلف کمیٹیوں کے ایسے مسائل ہوتے ہیں جن میں پانی کا مہیا کرنا کئی دوسری چیزیں کرنی- تو کئی جگہ یہ کر دیا جاتا ہے کہ In anticipation of administrative approval رقم مہیا کر دی جاتی ہے -

NON-PAYMENT OF OCTROI DUTY BY SHEIKH AZIZ-UR REHMAN, EX-MEMBER OF MUNICIPAL COMMITTEE BAHAWALNAGAR.

*3547. **Pir Muhammad Zaman Chishti** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that some time back Sheikh Aziz-ur-Rehman, Ex-Member of Municipal Committee, Bahawalnagar imported a fridge alongwith other construction material without payment of Octroi duty;

(b) whether it is a fact that an order was passed by the Municipal Authority concerned for taking legal action against Sheikh Aziz-ur-Rehman in this connection ;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, result of the legal action and if no action was taken, reasons therefor ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) These consignments were imported and payments of octroi duty for both the items were made.

(b) No.

(c) Does not arise.

پیر محمد زمان چشتی ۔ میں بہاول نگر کا رہنے والا ہوں ۔ پچھلے سال بھی غلط جواب دیا گیا تھا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔اگر ان کا خیال یہ ہے کہ جواب غلط ہے تو وہ مجھے لکھ کر دیدیں میں انکوائری کر کے ان کو ساری چیز سے آگاہ کر دوں گا اور ایوان سے باہر کر دونگا ۔

سردار حاجی عطا محمد ۔ یہ جتنے جوابات ہیں یہ غلط ہیں کیا آپ سارا سال انکوائری کرتے رہیں گے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ مجھے حاجی صاحب پر افسوس ہے وہ لوگ صحیح پڑھکر نہیں بتاتے اور اس وجہ سے آپکو بہت سی غلط فہمیاں ہو جاتی ہیں ۔

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE.

ALLOTMENT OF QUARTERS TO WORKING JOURNALISTS OF LAHORE

*3251. **Chaudhri Idd Muhammad** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state whether it is a fact that some residential plots were allotted to the working journalists of Lahore some time ago, if so, the number of such plots ?

Minister of Basic Democracies and Local Government : (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : It's not a fact that some residential plots were allotted to working journalists some time ago, and so the question of giving number does not arise.

NON-AVAILABILITY OF DRINKING WATER IN VILLAGES OF LAHORE DISTRICT

*3263. **Chaudhri Idd Muhammad** : Will the Minister of Basic Democracies Social Welfare and Local Government be pleased to state:—

(a) the names of villages in Lahore District which have been deserted due to non-availability of drinking water there ;

(b) whether Government intend to provide drinking water to the village mentioned in (a) above ; if so, when ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) Nil. (b) Question does not arise.

GAZETTED AND NON-GAZETTED POSTS HELD BY RESIDENTS OF HYDERABAD AND KHAIRPUR DIVISION IN HEADQUARTERS OFFICE IN WEST PAKISTAN INDUSTRIAL DEVELOPMENT CORPORATION

*3328. **Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo :** Will the Parliamentary Secretary, Industries and Commerce, be pleased to state :—

(a) the number of Gazetted and non-Gazetted posts held by residents of Hyderabad and Khairpur Division in the headquarters office of West Pakistan Industrial Development Corporation ;

(b) whether Government have fixed any quota on Divisional basis for appointment in the said office ; if so, the percentage fixed for said Divisions ?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan) : (a) There are no Gazetted and non-Gazetted posts in the West Pakistan Industrial Development Corporation. However, 10 Officers and 4 subordinate staff belonging to Hyderabad and Khairpur Divisions are working in the headquarters office of the West Pakistan Industrial Development Corporation.

(b) Government have not fixed any quota on Divisional basis for appointment in the West Pakistan Industrial Development Corporation.

SETTING UP A CIGARETTE FACTORY IN OKARA TOWN

*3346. **Rao Muhammad Afzal Khan :** Will the Parliamentary Secretary Industries and Commerce be pleased to state whether it is a fact

that Government have sanctioned setting up a Cigarette Factory in the private sector in Okara Town, District Montgomery; if so, the approximate date by which the construction of the said factory will be started along with the name of the party who is to set up the said Factory?

Parliamentary Secretary (Khan Mukarram Khan) : Yes. Most of the machinery and equipment has already been imported. M/s Yusaf and Co., who were accorded sanction for the setting up of the said factory are presently engaged in negotiations for the purchase of land. The date by which the construction of the said factory will be started is dependent on the finalization of the acquisition of land.

ALLOTMENT OF SOME QUARTERS IN NEW KARACHI FOR THE PURPOSE OF OPENING HOSPITAL.

*3351. Mr. **Mahmood Azam Farooqi** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that Mr. Abdul Qayum Khan, Chief of Jamia Islamia Education Society, Karachi,obtained allotment of some quarters in New Karachi for the purpose of opening a Hospital but these quarters are used for running a school on commercial basis ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the action taken by Government in the matter?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) Yes. But it cannot be said if the said school is actually running on commercial basis.

(b) The Karachi Development Authority served a notice for the resumption of the quarters but the party concerned has obtained an interim injuction restraining the Karachi Development Authority from taking further action. The Karachi Development Authority is being asked to move the court for the vacation of the injunction, and further necessary action will be taken thereafter.

CONSTRUCTION OF NEW ROADS IN DISTRICT PESHAWAR

*3356. **Mr. Jalal-ud-Din Khan :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that there is no metalled road in the areas of Union Councils Sher Karrah, Bazad Khel, Rakhakhel, Drig, Aman Kot, Matni, Taro Jabbah, Shekhani, Bad Bher and Shahkot of District Peshawar with the result that inhabitants of the said area are experiencing great inconvenience ;

(b) whether there is any scheme under consideration of Government to construct new roads in the above said area; if so, the time by which the needful will be done?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) All the said Union Councils are not connected by metalled roads.

(b) Yes. Comprehensive plans have been prepared to connect all the villages by roads during the Third Five Year Plan period, depending upon the availability of funds.

INSTALLATION OF HYDRANTS ON BOTH SIDES OF MAIN ROAD SAMANABAD LAHORE.

*3385. **Pir Muhammad Zaman Chishti :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that Hydrants for the supply of water to grassy plots on both sides of Main Road, Samanabad, Lahore, are installed on one side of the said road only;

(b) whether it is a fact that while supplying water to the grassy plots on the other side, the said road, submerges into water resulting in much inionvenience to the people and traffic and wastage of water;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative reasons for which Hydrants are not installed on both sides of the said road?

Minister of Basic Democracies and Local Government (a) Yes.

(b) Yes. To remove this difficulty the Lahore Corporation intends to construct culverts at suitable places and in the meantime the arboriculture staff have been directed to use canvas hose pipe for watering the grassy plots on the other side of the road.

(c) The Hydrants were provided for fire purposes only. Gardening requirements were not envisaged in the original planning. It would be highly expensive to provide parallel pipe line on the other side of the road now when the pipes are not available.

METALLING OF ONE MILE STRETCH OF KACHA ROAD FROM RAILWAY STEELSHOP TO FATEHGARH.

*3386. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that road leading from Moghalpura Canal Bridge to Railway Steelshop is a matalled one and Omni Bus Service No. 9 ply thereon upto the said Steelshop ;

(b) whether it is a fact that there are villages having population more than 15,000 people namely Fatehgarh New Abadi Fatehgarh, Shahdipur, Maskeenpura, etc., at a distance of only one mile from the said Steel shop ;

(c) whether it is a fact that a stretch of one mile from the said Steel shop to village Fatehgarh is a Kacha one causing inconvenience to the students and Government employees residing in the said village who have to go to the city ;

(d) if answer to (a) to (c) above be in the affirmative, whether the said stretch of road from the said Steel shop to village Fatehgarh is likely to be metalled; if so, when, and if not, reasons thereof?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) Yes.

(b) Yes.

(c) Yes. There is a stretch of one mile from the Moghalpura steel shop to the village Fatehgarh which is Kacha.

(d) The road will be matalled when the residents contribute their share of the expenditure involved, under Section 81 (3) of Municipal Administration Ordinance, 1960.

MUNICIPAL PRIMARY SCHOOLS FOR BOYS AND GIRLS IN VILLAGE FATEHGARH, TEHSIL LAHORE.

*3387. **Khan Ajoon Khan Jadoon:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that two Municipal Primary Schools, one for Boys and the other for Girls are functioning in village Fatehgarh, Tehsil and District Lahore ;

(b) whether it is a fact that electricity has not so far been provided to both the said schools;

(c) whether it is a fact that no arrangements for drinking water have been made in the Municipal Primary Schools for Girls, Fatehgarh;

(d) whether it is a fact that the said Primary Girls School Fatehgarh, is functioning in a rented building which is not commodious;

(e) if answer to (a) to (d) above be in the affirmative, when electricity is likely to be provided to the said schools and the time by which building for the Primary Girls Schools, Fatehgarh, is to be constructed?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (a) Yes.

(b) Yes.

(c) No. Adequate arrangements for providing drinking water to the children exist. One part time bahishti and whole time maidservant employed to keep the pitchers filled with water during school hours.

(d) It is true that the Girls Primary School is located in a rented building which is commodious enough to meet the requirements of the school.

(e) The building of the boys primary school is owend by the Corporation and electricity will be provided this year during summer vacations. The girls primary school is a rented building and the owner has not been able to electrify it although he was asked to do so. Instead of constructing a new building the Corporation prefers to have another building with electric fittings if the owner of this building finally refuses to electr ify it.

RECONSTRUCTION OF THE BUILDING OF IKHWAN HIGH SCHOOL BARKI, TEHSIL LAHORE.

*3392. **Malik Miraj Khalid** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the building of Ikhwan High School, Barki, Tehsil, Lahore, was severly damaged due to Indian attack ;

(b) whether it is a fact that the said school was a model community educational institution of Lahore district and was being managed by all Union Councils of the border areas;

(c) whether it is a fact that the said Union Councils are not in a position to (i) repair the building of the said school, (ii) pay the salaries of staff and (iii) purchase equipments, etc,, for the said school;

(d) whether it is a fact that other school buildings in the war hit area are being rebuilt under general Rehabilitation scheme except the building of Ikhwan High School, Barki;

(e) if answers to (a) to (d) above be in the affirmative, reasons for not including the reconstructions of the building of the said school in the scheme referred to (d) above?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammmad Yasin Khan Wattoo) : Yes.

(b) No. It was managed by a private body and not by the Union Councils.

(c) Yes.

(d) No. Some buildings are being repaired out of Rural Works Programme funds to the extent of the funds available. No funds are being provided under general Rehabilitiation scheme for this purpose.

(e) In view of replies to Part (b) and (d), the question does not arise.

COMPENSATION OF LAND ACQUIRED FOR CONSTRUCTION OF TANDO ADAM-MIRPUR KHAS ROAD.

*3407. **Rais Atta Muhammad Khan Mari Baloch** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) the date on which land was acquired or construction of Tando Adam-Mirpur Khas Road;

(b) whether the land owners whose lands were acquired for the purpose have been paid compensation ; if so, , total amount thereof ;

(c) the date on which work was started and completed on the said road;

(d) in case work on the said road has not so far been started, reasons therefor?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) ; (a), (b), (c), and (d) The information is being collected from the districts concerned.

INQUIRY AGAINST MALIK GHULAM NABI. *Ex*-M.L.A.

*3423. **Malik Muhammad Akhtar** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government please refer to answer to my starred question No.2116 placed on the Table of the House on 25th May, 1966 and state the details of the allegations levelled against Malik Ghulam Nabi, *Ex*-M.L.A. other than that mentioned in the said answer ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Khan Wattoo) : This Starred Assembly Question was received from the Home Department on the 27th June 1966, but was returned as the Basic Democracies Social Welfare and Local Government Department was not concerned with it. Now the question has been passed on to the Services and General Administration Department.

MEDICAL FACILITIES TO PEOPLE OF UNION COUNCIL SARRI IN DADU DISTRICT.

*3430. **Rais Atta Muhammad Khan Mari Baloch**: Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that no medical facilities are available to the people of Union Council Sarri in Mahal Kohistan in Dadu District;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, whether Government intend to provide medical facilities to the people of the area mentioned in (a) above.

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (a) Yes. There is only one District Council Dispensary at Thana Bola Khan at a distance of 21 miles from Sarri.

(b) District Council is being requested to look into the matter.

METALLING OF KANDIWALA ROAD IN TEHSIL AND DISTRICT SARGODHA

*3439. **Qazi Ghulam Shabbir:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state whether it is a fact that sanction for the metalling of Kandiwala Road in Tehsil and District Sargodha was accorded about three years ago but the same has not so far been metalled, if so, reasons therefor and the approximate time by which metalling of the said road is likely to be taken in hand?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): Yes, a sum of Rs 1,50,000.00 was provided in the Rural Works Programme of Sargodha District for 1964-65. This sum was a contribution to the main road project being undertaken by Jhang District Council. This amount was carried over to the Rural Works Programme of Sargodha District for 1965-66. Then came the Emergency and consequent reduction in allocation of funds.

This project is expected to be taken up during 1966-67.

CONFIRMATION OF POSTS OF DEVELOPMENT OFFICERS AND ASSISTANT DIRECTORS OF BASIC DEMOCRACIES DEPARTMENT.

*3442. **Khan Malang Khan:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

28.	28-12-63	Syed Taqi Muhammad Naqvi, Section Officer, Agr. Deptt.	800/-

1	2	3	4
29.	11-1-64	Mr. Aziz-ur-Rehman, Professor, Govt. College, Lahore.	765/-
30.	20-1-64	Sh. Rashid Ahmad PCS Magistrate 30-Lahore.	750/-
31.	10-4-64	Mr. M. Yasin, Inspector of Mines, Directorate of Labour Welfare.	1200/.
32.	9-5-64	Mr. M.H. Qureshi, Disease Investigation Officer, Vetterinary Research Institute.	900/-
33.	21-9-64	Dr. Muhammad Mazhar Ali Hashmi, S.O. Health Department.	1170/-
34.	17-6-64	Mrs. Q.A. Sh. Prof. Lahore College foı Women.	
35.	22-7-64	Dr. S.M. Azhar A. Jafri, S.O. Health Deptt.	1100/-

1	2	3	4
36.	22-8-64	Mr. Rafiq Ahmed, Deputy Director Labour Welfare.	750/-
37.	2-9-64	Mr. Bashir Ahmed Khan, PCS S.O. Home Department.	870/-
38.	10-9-64	Qazi Abdul Khaliq, E.A.C.I., Inspection Team, Board of Revenue	920/-
39.	17-9-64	Mr. Muhammad Said Mahfuz Khan, XEN., C&W Department.	1000/-
40.	28-9-64	Syed Mahmud Nasim, XEN., V-Provl. Divn. Lahore.	1075/-
41.	12-10-64	Mr. Abdur Rauf Soomro, Sr. Manager Forms Press.	800/-
42.	15-10-64	Ch. Muhammad Aziz-ud-Din, PCS Land Acq. & Control Officer, B&R	800/

1	2	3	
43.	24-10-64	Qazi Zahur-ud-Din, Chief Statistician, Directorate of Ind. & Commerce.	900/-
44.	19-11-64	Mr. Muhammad Yunis Khan, PCS., Dy. Secy. (Colonies), Board of Revenue.	920/-
45.	19-11-64	Agha Abdul Ghani Khan, D.S.P., Special Branch, Lahore.	770/-
46.	26-11-64	Mr. A.P. Gill, S.O. P&D.	1170/-
47.	1-21-64	Miss Khawar Sultana, Inspectress of Physical training, Lahore.	750/-
48.	3-12-64	Mr. Bashir Ahmad Ch. Asstt. Economist, P&D Deptt.	750/-
49.	7-12-64	Mr. Aziz Muhammad Khan, Admn. Officer, Irrigation, Lahore Regn.	765/-

1	2	3	4
50.	9-12-64	Mr. Muhammad Iqbal Ahmed, Prof. Central Training College, Lahore.	800/-
51.	16-12-64	Mr. Ashfaq Ahmad Qureshi, XEN, B&R.	850/-
52.	9-1-65	Mr. Allah Bux Khan, Addl. Distt. & Sessions Judge, Lahore.	1050/-
53.	12-1-65	Mr. Fazal Haq Qureshi, Asstt. Design Officer, B&R, Lahore Bridge Directorate.	755/-
54.	13-1-65	Mr. Muhammad Rafiq Khan, Deputy Director, C&W, Deptt.	850/-
55.	16-1-65	Mr. Minhaj Hussain, Deputy Director of Industries, Lahore.	750/-
56.	5-2-65	Mr. Abdur Rashid Malik, Demonstrator Dental College, Health Deptt.	850/-

1	2	3	4
57.	9-2-65	Dr. M. Arshad Khan, Officer Incharge Government Medical Stores.	1050/-
58.	22-2-65	Mr. Zafar Iqbal Qureshi, Deputy Director, Housing & Settlement Agency.	850/-
59.	1-3-65	Mr. Abdul Basir, Deputy Director of Industries (Inspection Wing), Lahore.	1125/-
60.	1-3-65	Mr. S.M. Rashid Asstt. Director, Public Health Engg. Lahore.	925/-
61.	27-3-65	Mr. S.S. Wahid-ul-Hamid, Associate Professor, Animal Husbandry.	1050/-
62.	9-4-65	Mr. M.M. Malik, OSD, Directorate of Tech. Education, Lahore.	1120/-
63.	19-4-65	Mr. Habib Alam, S.O. Education Deptt.	1195/-

1	2	3	4
64.	24-4-65	Dr. Munawar Hayat, Asstt. Professor of Neurology and Neurophysi, Mayo Hospital.	925/-
65.	1-5-65	Raja Adalat Khan, DSP., Tele. North Zone, Lahore.	970/-
66.	20-5-65	Mr. M.A. Arif, Public Prosecutor, Law Department,	1155/-
67.	24-5-65	Syed Arshad Ali, XEN, L.I.T. Public Health Engg. Division, Lahore.	1075/-
68.	25-5-65	Mr. S.M. Amin Haider, Excise Taxation Officer, Lahore.	845/-
69.	2-6-65	Mr. L.R. Niblett, Deputy Supdt. of Police, M.T. Zone, Lahore.	890/-
70.	15-6-65	Dr. S. Zafar Durrani, Dir. Health Service.	900/-

1	2	3	4
71.	21-6-65	Syed Mazhar Abbas, Asstt. DirectorSurvey, Public Heath Engg.	850/-
72.	24-6-65	Syed Sarfraz Hassan, PCS,, S.O. Industries Deptt.	920/-
73.	10-7-65	Sardar Ghulam Jafar Khan, Executive Engineer, Mec. Provl. Div.	1150/-
74.	15-7-65	Mr. Abdul Aziz Bhatti, Registrar, Industrial Court West Pakistan (N.Z.) Lahore.	900/-
75,	23-7-65	Mr. Abdul Ghani, Dy. Conservator of Forests/S.O., FT. IV, Agril. Deptt.	1070/-
76.	28-7-65	Mr. Saeed Ahmed Sh. Executive Engineer, Dy. Dir. Planning & Design Office of the Chief Engineering B&R Central Region, Lahore.	850/-
77.	7-8-65	Mr. M. Karim Khan, Dir. Press, Information Deptt. Lahore.	1050/-

1	2	3	4
78.	13-8-65	Mr. Muhammad Ashraf Khan, EXN., B&R 6th Provl. Division Lahore.	1225/-
79.	2-9-65	Mr. Maj-ud-Din Khan, Abdul/ Deputy Settlement Commissioner.	1025/-
80.	16-9-65	Mr. S.W. Hamid, S.O. Agrl. Deptt.	1050/-
81.	22-9-65	Mr. Amir Fayyaz Ali Khan, Asstt. Dir, Highways, C&W, Deptt.	1200/-
82.	28-9-65	Mr. Abdul Aziz Bela, PSE,. E.E. (Tech. Officer) Anti-Corruption.	1160/-
83.	29-9-65	Mr. Yar Mohammad Supdt. of Police Survey Team, Lahore.	750/-
84.	16-10-65	Sh. Abdul Jabbar, PCS., Waterlogging Officer Board of Revenue.	915/-

1	2	3	4
85.	25-10-65	Mrs. Hameed. J. Khowaja, Prof. Government Lahore College for Women.	1000/-
86.	28-10-65	Mr. B.R. Minwala, Section 30 Magistrate, Lahore.	900/-
87.	30-10-65	Mr. Abdul Waheed, Asstt. Prof. Surgory K.M. College, Lahore.	1075/-
88.	6-11-65	Mr. Ghulam Mujtaba Khan, Asstt. Dir. Highway Organization, Lahore.	850/-
89.	9-11-65	Sh. Saeed Iqbal Shami, PCS, Magistrate Section 30 S&GAD.	750/-
90.	13-11-65	Capt. Inam Ullah Kazi, Asstt. Bureau of National Re-Construction Information Deptt.	850/-
91.	15-11-65	Mr. Muhammad Ayub Khan, Officer B & R Central Dy. Dir. (P&D) Chief Eng's Region, Lahore.	850/-

1	2	3	4
92.	6-12-65	Mr. Zahurul Haq Faruqil Dir. Audio-Visual Aids Bureau, W.P. Lahore.	765/-
93.	11-12-65	Haji Abdul Rahim Khan, S.O. Home Deptt.	1000/-
94.	11-12-65	Mr. Abdul Ghafoor Mufti. Dy. Dir. Educ. Deptt. Lahore.	1120/-
95.	27-12-65	Mr. Ghulam Mnstfa Qazi, Design Officer Office of the Chief Eng. Central Region, Lahore.	1150/-
96.	11-1-66	Mr. Maula Bakhsh Lohar, Asstt. Dir. I., Floo.l Commisssion, Irr. Deptt.	1140/-
97.	17-1-66	Mr. Salim A. Jillani, CSP., Special Judge, Lahore.	1100/-
98.	29-1-66	Mir Ahsan Akhtar, Dy. Dir. Region B&R Lahore.	100/-

1	2	2	4
99.	8-2-66	Mr. Mohammad Ajmal Ali Wasty, Dy. Settlement Commr. Lahore.	1000/-
100.	9-2-66	Mr. Satramdas Asstt. Dir, Public Health Engg. Deptt.	1070/-
101.	11-2-66	Mr. Abdul Karim, Executive Eng. PWD B&R (S.O.)	1070/-
102.	16-2-66	Dr. Saida K. Karamat, Vice Principal College of Home and Social Science, Gulberg Lahore.	900/-
103.	17-2-66	Mr. Khalid Ahmed, CSP., Dy. Dir. P&D Deptt.	870/-
104.	22-2-66	Mr. Mohammad Siddique, Asstt. Chief of Section P&D Deptt.	1220/-

1	2	3	4
105.	24-2-66	Dr. Mohammad Rashid Ch. Neuro Pshchiatrist Mayo Hospital, Lahore.	1225/-
106.	8-3-66	Dr. Mohammad Aslam Cheema, Asstt. Prof. K.E. Medical College.	850/-
107.	18-3-66	Mr. A.H. Zidi, S.O., Law Deptt.	900/-
108.	11-4-66	Miss. Mannan Yaseen, Prof. Physics Deptt. Govt. College, Lahore.	750/-
109.	15-4-66	Dr. Syed Imtiaz Hussain Bokhari, Eye Specialist 21-Temple Road, Lahore.	1050/-
110.	20-4-66	Mr. M.A. Rasheed, Dy. Dir., Agrl. Deptt.	785/-
111.	20-4-66	Ch. Allah Dad, DSP., Special Branch, Lahore.	890/-

1	2	3	4
112.	27-4-66	Mr. Ghulam Ahmad Durrani, Asstt. Dir. Asstt. Dir. Anti-Cor. Deptt.	1115/-
113.	29-4-66	Mr. Khalid Mahmood, PSEI., Executive Eng. I&P Deptt.	1150/-
114.	12-5-66	Mr. Mohammad Sadiq Khan, Agri. Eng. Agri. Department.	1200/-
115.	14-5-66	Malik Mohammad Azam Magistrate Ist Class.	800/-
116.	16-5-66	Mr. Altaf Ali Shah, CSP., Dy. Secy. (Commerce)	1125/-
117.	20-5-66	Ch. Abdul Hafeez, S.O. Statistics C&W Deptt.	1070/-
118.	21-5-66	Mr. Ijaz Hussain, D.F.O.,/S.O. FTII, Agri. Deptt.	1020/-

ANUEXURE 'C'

LIST OF OFFICERS DRAWING RS. 2000/-PM. ON THE WAITING LIST

Sr. No.	Date of Application	Name and Desg.	Pay	Remarks
1.	16-7-63	Mian Bashir Ahmed, S.E.. Lahore Drainage Circle, Lahore.	200/-	
2.	14-11-63	Mr. Tajmal Hussain Qureshi, S.E., B&R., C&W Deptt.	2040/-	
3.	24-5-66	Mr, Mairaj Hussain, Member, Governor's Insp. Team.	2075/-	

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

THIRD SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMLY OF WEST PAKISTAN

Friday, the 8th July, 1966

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-30 a. m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qair Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ۝ وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ۝ وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ۝ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝

(پ ۱۹۔ س ۲۶۔ ع ۴۔ آیات ۷۰ تا ۷۶)

مگر جس شخص نے توبہ کی اور ایمان لایا اور اچھے کام کئے تو ایسے لوگوں کی برائیوں کو اللہ نیکیوں سے بدل دیگا اور اللہ تو بڑا بخشنے والا مہربان ہے۔ اور جو شخص توبہ کرتا اور اچھے کام کرتا ہے تو بیشک وہ اللہ کی طرف رجوع کرتا ہے۔ اور وہ جو جھوٹی گواہی نہیں دیتے اور جب اُن کو بیہودہ چیزوں کے پاس سے گذرنے کا اتفاق ہوتا ہے تو شریفانہ طور سے گذر جاتے ہیں۔ اور وہ کہ جب انکو پروردگار کی باتیں سمجھائی جاتی ہیں تو اُن پر اندھے اور بہرے ہو کر نہیں گرتے بلکہ غور و فکر سے سنتے ہیں۔ اور وہ جو اللہ سے دعا مانگتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو ہماری بیویوں کی طرف سے اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا دے۔ ایسے لوگوں کو اُن کے صبر کے بدلے اونچے اونچے محل دیئے جائیں گے اور وہاں فرشتے ان سے دعا و سلام کے ساتھ ملاقات کیا کریں گے اس میں وہ لوگ ہمیشہ رہیں گے اور وہ ٹھہرنے اور رہنے کی بہت عمدہ جگہ ہے۔ وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker: Now the Question Hour. Mr. Hamza.

CHALLANS SENT UP BY GOJRA POLICE STATION IN LYALLPUR DISTRICT SINCE 1963

***1496. Mr. Hamza**: Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to state:—

(*a*) the number of challans sent up by each of the Police Stations in Lyallpur district since 1963 which are at present pending in criminal courts;

(*b*) whether it is a fact that the number of such cases sent up by Gojra Police Station is comparatively large, if so, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din): (*a*) The requisite information is contained in the attached statement.

(*b*) There were 122 cases pending in court relating to Gojra Police Station for 1965 at the end of the year. The pending file is no doubt large but it was due to transfer of Mr. Javeed Ahmad Qureshi, C.S.P., S.D.M., Toba Tek Singh who was succeded by a Magistrate having not been invested with first class powers. Moreover he too proceeded on training and a substitute was not posted for a long time. At persent there is only one Magistrate at Toba Tek Singh who is disposing of criminal work for Police Stations, Gojra, Toba Tek Singh, Chutiana and Rajana.

STATEMENT SHOWING PENDING CASES AT THE CLOSE OF THE YEAR 1965

Serial No.	Police Station	1963		1964		1965	
		Challan	Pending	Challan	Pending	Challan	Pending
1	Kotwali	224	..	250	110	326	174
2	Gulberg ..	175	23	203	50	160	111
3	Factory area ..	230	30	287	132	298	248
4	Peoples Colony ..	187	29	211	100	186	156
5	Civil Lines ..	119	30	170	59	182	139
6	Sadar Lyallpur ..	162	129	192	143	177	158
7	Chak Jhumra ..	165	35	148	75	170	151
8	Thikriwala ..	91	16	105	68	97	90
9	Dijkot ..	83	11	79	26	72	57
10	Jaranwala ..	175	15	196	70	180	137
11	Khurrianwala ..	83	34	112	62	85	69
12	Lundianwala ..	108	28	96	34	122	91
13	Staiana ..	107	5	135	41	105	71
14	Sammundarie ..	138	16	115	43	124	104
15	Tandianwala ..	129	49	136	82	81	72

Serial No.	Police Station	1963		1964		1965	
		Challan	Pending	Challan	Pending	Challan	Pending
16	Bahlak	100	43	119	75	111	108
17	Mamukanjan ..	75	13	130	39	84	73
18	Garh ..	57	16	79	60	66	60
19	Toba Tek Singh..	98	12	94	21	88	39
20	Gojra ..	145	9	114	25	158	122
21	Chutiana ..	17	..	27	1	19	14
22	Pir Mahal ..	88	4	78	18	57	38
23	Kamalia ..	98	11	108	33	80	68
24	Rajana ..	61	4	57	29	74	65
25	Railway Lyallpur	58	2	52	8	66	21
26	Railway Jaran. wala.	39	2	55	5	53	27
	Total ..	3,012	566	3,348	1,409	3,121	2,468

مسٹر حمزہ—جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ زیادہ تر مقدمات کا التوا مسٹر جاوید احمد قریشی کے تبادلے کی وجہ سے ہوا تھا تو کیا محکمہ تبادلے کرتے وقت اس امر کا خیال نہیں رکھتا کہ جس افسر کو وہاں پر تعینات کیا جارہا ہے اس کی ذمہ داریاں وہاں پر کیا ہوں گی ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو)—جناب والا ۔ اس بات کا ضرور خیال رکھا جاتا ہے ویسے قانون کے مطابق یہ ضروری نہیں ہے کہ S.D.M. فرسٹ کلاس مجسٹریٹ ہی ہو اور میں فاضل ممبر کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ اب وہاں پر دو مجسٹریٹ تعینات کر دیئے گئے ہیں ایک S.D.M اور دوسرے مسٹر عبدالشکور P.C.S. اور اس طرح کام میں جو تاخیر ہوتی ہے اب وہ ٹھیک ہو جائے گا ۔

مسٹر حمزہ— جناب سپیکر ۔ میں نے جو سوال کیا تھا مجھے اس کا جواب نہیں دیا گیا میں نے یہ پوچھا ہے کہ جس افسر کو ٹوبہ ٹیک سنگھ بھیجتے ہیں تو اس بات کا خیال رکھا جاتا ہے کہ اس کی وہاں پر کیا ذمہ داریاں ہوں گی ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ— اس بات کا ضرور خیال رکھا جاتا ہے ۔

مسٹر حمزہ—لیکن اس سے تو ظاہر ہوتا ہے کہ خیال نہیں رکھا جاتا اگر ایسا ہے تو اس کی وجہ کیا ہے

وزیر لوکل گورنمنٹ— میں نے عرض کیا ہے کہ یہ ضروری نہیں ہے کہ S.D.M. فرسٹ کلاس میجسٹریٹ ہی ہو ۔ کیوں کہ اس کے علاوہ اختیارات بھی اس کے پاس ہوتے ہیں اور چونکہ وہ C.S.P. ہوتے ہیں اور ان کی ٹریننگ بھی ساتھ ساتھ ہوتی رہتی ہے مجھے احساس ہے کہ اس کی طرف توجہ دینی ضروری تھی اور توجہ دی گئی ہے کہ اس بات کا خیال رکھا جانا چاہئیے ۔ کہ صرف اس وجہ سے مقدمات کے فیصلہ ہونے میں تاخیر نہ ہو ۔ مگر کوئی بات سہواً بھی ہو سکتی ہے ۔

مسٹر حمزہ—کیا آپ کے علم میں ہے کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ایس ڈی ایم کی تبدیلی کے بعد جب ریذیڈنٹ میجسٹریٹ تعینات ہوئے تو ان کی تعیناتی ساڑھے چار ماہ کے بعد ہوئی ۔ اس کی کیا وجہ ہے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ— اب وہ تعینات ہو چکے ہیں اور تمام معاملات کے متعلق جتنی دقتیں تھیں وہ دور ہو چکی ہیں ۔

مسٹر حمزہ— انتظامی معاملات کے سلسلہ میں ہمارے ملک کی حکومت جو نہایت خوفناک اور طاقت ور ہے اور جس کو اپنی انتظامیہ پر فخر ہے کیا اسے اس صورت حال سے شرم محسوس نہیں ہوتی ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ—ان کی تعیناتی میں دیر کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ چونکہ حمزہ صاحب میجسٹریٹ صاحبان کے خلاف اکثر اعتراضات کرتے ہیں اس لئے وہ کچھ عرصہ آزادی محسوس کریں ۔

سید عنایت علی شاہ—آپ نے جواب میں جو تفصیلات دی ہیں ان میں بتایا گیا ہے کہ ۳۱۲۱ چلان ہوئے اور ۲۳۶۳ مقدمات ایسے ہیں جو ابھی تک pending ہیں ۔ ان کی تعداد بہت زیادہ ہے کیا آپ بتا سکیں گے کہ زیر سماعت مقدمات کی تعداد اتنی زیادہ کیوں ہے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ— ان کی وجوہات تو ظاہر ہیں مقدمات کافی ہوتے ہیں اس لئے زیر سماعت مقدمات بھی کافی ہیں - لائل پور ایک بہت بڑا ضلع ہے وہاں آبادی زیادہ ہے اور مقدمات کی تعداد بھی اسی تناسب سے ہے -

مسٹر حمزہ— اگر آپ سمجھتے ہیں کہ یہ بڑا ضلع ہے اور اس تناسب سے مقدمات ہوتے ہیں تو میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ آپ اس تناسب سے مجسٹریٹ کیوں مقرر نہیں کرتے -

وزیر لوکل گورنمنٹ—حکومت کسی جگہ جتنے مجسٹریٹوں کی ضرورت محسوس کرتی ہے اتنے ہی مجسٹریٹ وہاں تعینات کر دیئے جاتے ہیں -

سید عنایت علی شاہ— یہ جو مقدمات میں تاخیر ہوتی ہے اس سے ایک تو عوام کو تکلیف ہوتی ہے دوسرے جرائم بڑھ جاتے ہیں اور تیسرے Justice delayed is Justice denied اس لئے آپ اتنے مجسٹریٹ کیوں مقرر نہیں کرتے کہ تمام مقدمات کی سماعت کر سکیں -

وزیر لوکل گورنمنٹ—ہم اس پر غور کریں گے -

SHRINE OF SHAH KHAIR DIN AT SUKKUR

*1631. **Kazi Muhammad Azam Abbasi**: Will the Minister of Auqaf be pleased to state:—

(*a*) year-wise income of the Auqaf Department from the Shrine of Shah Khair Din at Sukkur during 1964 and 1965;

(*b*) the yearwise details of the amount spent on the said Shrine during the said years;

(*c*) whether it is a fact that a number of persons from distant places visit the said Shrine;

(*d*) whether it is a fact that the said visitors necessarily stay at the said Shrine for a night or two but no residential facilities are available there to the said visitors;

(*e*) if answer to (*d*) above be in the affirmative whether Government intend to provide residential facilities to the visitors at the said Shrine: if so, when; and if not, reasons thereof?

Minister of Auqaf and Jails (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman):

		1964 Rs.	1965 Rs.
(*a*) Income	..	4,889·74	7,893·00
(*b*) Expenditure—			
Establishment	..	2,632·00	2,665·32
Contingencies	..	323·39	1,409·14
Repairs	..	*Nil*	2,000·00
Total	..	2,955·39	6,074·46

(c) Yes.

(d) Two big halls and 5 rooms are available and are used as Musafar-khanas by the visitors to the shrine. This provides enough accommodation to such visitors to the shrine who stay there during nights.

(e) Question does not arise.

MURDER OF SANAI BROTHERS IN SARGODHA CITY

*1942. **Mr. Hamza**: Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to state :—

(a) the date on which Sanai Brothers were alleged to have been murdered by one Sub-Inspector Police in Sargodha City;

(b) whether it is a fact that the accused has taken refuge somewhere in the tribal territory, if so, the action taken by Government so far to arrest the accused along with the reasons as to why the accused has not yet been apprehended ?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din): (a) 14th July 1962.

(b) Yes. He is stated to be residing in an area close to the Durand Line which is inaccessible. The Political Agent Mohmands, Peshawar, taking every necessary step to secure the surrender of the accused. The District Police and Crime Branch are also keeping close watch on his movements through their respective sources and his arrest will be affected as soon as possible.

Action under section 87/88 and 512, Cr. P. C. has however, been taken and his property has been taken into possessin by Government.

مسٹر حمزہ— کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب مجھے بتائیں گے کہ حکومت اس حد تک لا چار ہے کہ وہ پاکستانی قاتل جو دو قیمتی جانیں ضائع کر چکا ہے اور ڈیورنڈ لائین کے قریب ہے حکومت اسے چار سال سے گرفتار نہیں کر سکی ۔ کیا ہماری حکومت اس صورت حال سے مطمئن ہے اور جو دعوے کرتی ہے کیا ان میں حق بجانب ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ وہ علاقہ inaccessable ہے ۔ اس لئے اس معاملہ میں دیر ہو گئی ہے ۔ جہاں تک حکومت کا تعلق ہے وہ پوری کوشش کر رہی ہے ۔ عدالت کے ذریعہ اور ہر ممکن ذرائع سے اسے گرفتار کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ لیکن عملی طور پر کچھ دقتیں ہیں جن کی وجہ سے وہ گرفتار نہیں ہو سکا آپ جانتے ہیں کہ tribal area میں access مشکل ہے ۔ بہر صورت کوشش کی جا رہی ہے اور امید ہے کہ جونہی اس پر ہاتھ ڈالا جا سکا حکومت اس سے احتراز نہیں کرے گی ۔

مسٹر حمزہ— میں نے یہ عرض کیا تھا کہ آپ بتائیں کہ حکومت اس صورت حال سے مطمئن ہے کہ پچھلے سال سے ایک قاتل آزاد علاقہ میں ہے اسے سزا دی جا چکی ہے اس کی جائداد قرق کر

لی گئی ہے لیکن ابھی تک وہ گرفتار نہیں ہو سکا اس کے باوجود کہ وہ علاقہ پاکستان کا حصہ ہے ۔ آپ بتائیں کہ حکومت لا اینڈ آرڈر maintain کرنے میں کہاں تک مطمئن ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت— اس علاقہ میں لا اینڈ آرڈر maintain کرنے کے سلسلہ میں فاضل دوست مجھ سے متفق ہوں گے کہ پہلی حکومتوں کے عہد میں بھی جو آپ کے پیارے تھے یہی صورت رہی ہے وہاں کچھ عملی دقتیں ہیں ۔ اس کے باوجود حکومت پوری کوشش کر رہی ہے کہ قاتل گرفتار کیا جائے ۔

خان محمد یوسف خان—ان علاقوں میں حکومت پاکستان کے پولیٹیکل ایجنٹ موجود ہیں کیا ان کے ذریعہ دباؤ نہیں ڈالا جا سکا کہ قاتل جلدی گرفتار کیا جائے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت— جیسا کہ بتایا گیا ہے کہ سہمند اور پشاور کے پولیٹیکل ایجنٹوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ اپنے resources استعمال کر کے کوشش کریں تا کہ قاتل جلد از جلد گرفتار کیا جائے ۔

مسٹر حمزہ— جناب وٹو صاحب نے سابقہ حکومتوں کا والہ دیا ہے جب آپ کہتے ہیں کہ آپ کی انقلابی حکومت ہے تو اس انقلابی حکومت کے ہوتے ہوئے آپ نے ان حکومتوں کے حوالے کی زحمت گوارا کیوں فرمائی ہے ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

سردار حاجی عطا محمد لنڈ—میں جناب وٹو صاحب سے پوچھتا ہوں کہ ہر شخص جو ملزم قرار پائے اور اس علاقہ میں چلا جائے تو کیا وہ اسے حاصل نہیں کر سکیں گے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت— ہم کوشش کرتے ہیں کچھ گرفتار ہو جاتے ہیں اور کچھ گرفتار نہیں ہوتے وہاں کچھ کچھ دشواریاں ہیں ۔

خان اعوان خان جدون— کیا آپ یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ ملزم قبائلی علاقہ میں ہے یا افغانستان چلا گیا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت — ہمارے لئے یقین کے ساتھ یہ کہنا مشکل ہے کہ وہ کہاں ہے ۔ لیکن ہماری اطلاعات یہ ہیں کہ

وہ ڈیورنڈ لائین کے کہیں قریب ہی ہے ہمیں اس کے صحیح مقام کے بارے میں معلوم نہیں صرف ایریا کے متعلق معلوم ہوا ہے۔

خان محمد یوسف خان— میں یہ عرض کرتا ہوں کہ جس طرح دوسرے ممالک میں extradition act کا استعمال ہوتا ہے وہاں ایسی provision موجود ہے کہ دوسرے ممالک سے بھی آدمی منگا سکتے ہیں میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ کیا آپ سنٹرل گورنمنٹ کو recommend کرنے کو تیار ہیں کہ ایسے معاہدہ یا legislation دونوں فریقوں میں ہو جائے کہ کوئی شخص قبائلی علاقہ میں چلا جائے تو اسے واپس کیا جائے۔

وزیر بنیادی جمہوریت— یہاں اس علاقہ کا ذکر ہے جس کے لئے اس قانون کے علاوہ اور کئی دفعتیں ہیں جو اس علاقہ کے خصوصی حالات کے تحت ہیں۔ یہ پوزیشن پہلے سے چلی آ رہی ہے۔ بہر صورت ہم اپنی جگہ پر کوشش کر رہے ہیں قبائلی علاقہ میں دوسرے علاقہ جات کی نسبت زیادہ دفعتیں ہوتی ہیں اور موجودہ حکومت نے جیسا کہ آپ کو معلوم ہے جب وہاں کے حالات درست ہو گئے اور قانون کے مطابق ہر چیز کنٹرول میں آ گئی تو ان کو settled areas قرار دے دیا اور آپ جانتے ہیں کہ قبائلی علاقہ کی حالت پہلے سے بہت بہتر ہے۔ ہاں لا اینڈ آرڈر کے لحاظ سے ابھی کچھ علاقے ایسے ہیں جہاں قانون کے مطابق ابھی کنٹرول نہیں کیا جا سکتا جس حد تک باقی علاقوں میں ہے۔ بہر صورت کوشش کی جا رہی ہے انشاء اللہ جونہی حالات improve ہوں گے ہم انہیں بھی اس level پر لے آئیں گے۔

خان محمد یوسف خان—میرے سوال کا جواب تو آپ نے دیا ہی نہیں۔ میں نے عرض کیا تھا کہ آیا آپ سنٹرل گورنمنٹ کو recommend ہی کرنے کو تیار ہیں کہ کوئی قانون دونوں فریقوں کی مرضی کے مطابق بنائیں یا کوئی agreement کریں جس سے آئندہ تکلیف نہ ہو۔

وزیر بنیادی جمہوریت— میں فاضل ممبر سے عرض کروں گا کہ Durand Line کے اس طرف کا جو علاقہ ہے وہاں کے لئے بھی دقت ہے اور ٹرائیبل ایریاز کے لئے بھی دقت ہے ٹرائیبل ایریاز کیلئے خصوصی حالات ہیں اور مرکزی حکومت ان حالات کا جائزہ لیتی رہتی ہے اور جو مناسب اقدامات ہیں وہ کئے جاتے ہیں۔

CASES REGISTERED BY THE POLICE IN THE PROVINCE

*2040. **Chaudhri Idd Muhammad**: Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state :—

(*a*) the number of cases registered by the Police in the Province during the years 1957-58 and 1964-65 for the Commission of folowing crimes:—

Murder, Attempts to murder, Criminal Assault, Suicide, Grievous injuries, Simple injuries, Abduction, Child lifting, Dacoities and Robberies and Thefts, Cattle lifting, Fraud and Forgeries, House Trespassing, illegal, Restraint, un-natural offences and Rape;

(*b*) whether it is a fact that there is an increase in the incidences of crimes in the year 1964-65 as compared to the year 1957-58;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, reasons thereof and the steps Government intend to check the increase?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din):

	1957	1958	1964	1965
(*a*) Murder	3,002	2,543	2,921	3,329
Attempt to murder	2,782	2,761	3,649	3,807
Criminal assault	789	771	763	742
Suicide	170	181	165	173
Grievous hurt	2,996	2,880	3,831	3,963
Simple injuries	3,684	3,564	4,420	4,640
Abduction	1,480	1,382	1,531	1,575
Child lifting	201	205	251	281
Dacoities	272	199	136	142
Robberies	1,143	1,039	710	794
Thefts	18,024	16,729	11,786	11,572
Cattle lifting	7,328	6,355	6,324	5,564
Fraud and forgeries	1,387	1,356	1,191	1,129
House-trespass	5,637	5,508	5,078	4,941
Illegal restraint	513	516	384	338
Unnatural offences	251	307	242	256
Rape	314	369	279	324

(*b*) As will be seen from the above statement there is an increase under the following crimes :—

Murder (1965 only), attempt to murder, grievous hurts, simple hurt, abduction, child-lifting and cattle lifting (in 1965).

(*c*) The main reason of increase is increase in population and trend of urbanization.

Free registration of cases was insisted upon and it was one of the factors which contributed towards the increase.

The procedural law to afford speedy justice, various schemes to improve the social and economic condition of population are already in hand and will yield results in due course.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر—ایسا معلوم ہوتا ہے اور جیسا کہ عملی طور پر پتہ چل رہا ہے کہ پارلیمانی سیکرٹری کھانے کا انتظام کچھ اچھا کر سکتے ہیں ان کو داروغہ مطبخ مقرر کیا جائے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) — جناب والا ۔ رات کو جو دعوت میں حمزہ صاحب نے کھانا کھایا میں سمجھتا ہوں اس نمک کی وساطت سے ان کو ایسا نہیں کہنا چاہئے ۔

سردار حاجی عدا محمد—جناب ہماری حکومت مان رہی ہے کہ جرائم بڑھ رہے ہیں اور اس کی وجہ یہ آبادی میں اضافہ بتا رہے ہیں کیا میں یہ ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ یہ ان کی نااہلی کی وجہ سے بڑھ رہے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت— جناب والا ۔ یہ قطعاً نا درست ہے اور ہم یہ insist کر رہے ہیں کہ مقدمات پہلے درج نہیں ہوتے تھے درج کئے جائیں زیادہ درج نہ ہوں آبادی میں بہت زیادہ اضافہ ہو گیا ہے پولیس میں بھی مزید اضافہ کیا جا رہا ہے اور انشاء اللہ ہم پوری کوشش کر رہے ہیں کہ جرائم کی تعداد میں اضافہ نہ ہو ۔

چودھری محمد نواز—کیا وزیر موصوف یہ بتائیں گے کہ اگر آبادی بڑھ رہی ہے تو اس کے ساتھ لوگ مر بھی تو رہے ہیں تو کیا اس طرح آبادی گھٹ نہیں رہی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—جناب والا ۔ وہ حساب لگا لیں تو حقیقت یہ ہے کہ آبادی بڑھ زیادہ رہی ہے اور گھٹ کم رہی ہے ۔

Dr. Mrs. Ashraf Abbasi : Will the Minister-in-Charge be pleased to state as to what he means by "and trend of urbanisation"?

Minister of B. D. and Local Government: Most probably what is intended is that people are now flocking to cities from the rural areas. Industrialisation is coming up and more people are coming to the cities in search of employment. People coming from different parts of the country settle down in cities. Their record is not there, proper control is not there. Urbanisation is increasing with a great speed resulting in an increase in crime.

Khan Muhammad Yusuf: May we presume that the increase in crime is more in urban than in rural areas ?

Minister of B. D. and Local Government : This is not so. This is one of the factors which has been mentioned. This is one of the factors due to which there has been an increase in crimes.

عنایت علیشاہ ۔ کیا میں جناب وزیر صاحب سے یہ دریافت کر سکتا ہوں کہ جرائم کی زیادتی کی ایک وجہ تو lack of modern and scientific investigation ہے اس کے علاوہ پولیس والوں کے پاس ٹرانسپورٹ کی کمی ہے اور non co-operation of the people ہے اور تیسرے عرصہ دراز تک جرائم کے مقدمات زیر سماعت رہتے ہیں اگر ایسا ہے تو کیا آپ اس کے لئے کوئی انتظام کریں گے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ generally کہنا کہ لوگوں کی طرف سے تعاون نہیں ہے تو یہ مناسب ہے لیکن بعض معاملات میں ایسا بھی ہو سکتا ہے اور جہاں تک ٹرانسپورٹ کا معاملہ ہے جہاں تک ہمارے لئے ممکن ہے اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب محمد یاسین وٹو صاحب نے فرمایا ہے کہ جرائم کی تعداد اس لئے بڑھ رہی ہے کہ جرائم بہت زیادہ درج کئے جاتے ہیں میں یہ عرض کرونگا کہ جرائم کی تعداد جسقدر بڑھ رہی ہے اسی تناسب سے جرائم کا اخفاء ہو رہا ہے اس لئے میں دریافت کرونگا کہ کیا میرا بیان درست ہے یا انکا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب اگر کسی جگہ پر اخفاء ہوا ہے اور مقدمات درج نہیں ہوئے ہیں تو فاضل ممبر ہمیں اطلاع دیں تو ہم متعلقہ افسروں کے خلاف سخت کارروائی کرینگے ۔ لیکن ویسے زبانی جمع خرچ سے کام نہیں پورا ہوگا میرا بیان درست ہے اور آپ کا بیان درست نہیں ہے ۔ اگر آپ تحریری بات کریں تو ہم غور کرنے کے لئے تیار ہیں ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ جس speed سے جرائم بڑھ رہے ہیں اور جس طرح cases کی تعداد بڑھ رہی ہے اس کے پیش نظر کیا آپ نے cases کے disposal کے لئے مزید مجسٹریٹوں کے معاملے پر بھی غور کیا ہے اور نظر رکھی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ ویسے اس کے لئے نئے نوٹس کی ضرورت ہو گی ۔ لیکن جہاں تک میرے علم کا تعلق ہے میں subject to correction عرض کرتا ہوں کہ اس کے

بارے میں غور کیا جا رہا ہے ۔

میاں محمد شفیع ۔ جناب والا ۔ اس لسٹ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جہاں جرائم کی تعداد بہت بڑھ رہی ہے معلوم ہوتا ہے کہ چوریوں کی تعداد حد سے زیادہ بڑھ رہی ہے اور مجھے اپنے ضلع لاہور کے متعلق ذاتی مشاہدہ ہے کہ یہاں مال مویشیوں کی چوریاں ہوتی ہیں اور پانچ سے ۱۰ ۔ پرسنٹ بھی وہ trace out نہیں ہوتی ہیں تو کیا پولیس trace out نہیں کرتی ہے یا investigation میں خرابی ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ سوال کے مطابق جتنی چوریاں ہوئی ہیں وہ ہم نے عرض کر دی ہیں اب ان کا trace out ہونا اور یہ کہ اس کی percentage کیا ہے اس کے لئے نئے نوٹس کی ضرورت ہے اس کے بغیر یہ سوال صرف رائے پر مبنی ہوگا کہ اتنی recoveries ہوئی ہیں یا نہیں ہوئی ہیں ہم recoveries کے لئے پوری کوشش کرتے ہیں اور پوری کوشش کی جاتی ہے لیکن یہ کہنا کہ ۱۰ فیصد تک نہیں ہوئی یہ نامناسب ہے اور percentage کا تعین بڑا مشکل ہے ۔

میاں محمد شفیع ۔ کیا یہ فرمائینگے کہ مال مویشی کی چوری کے بعد اپنے بارڈر کی crossing ہو رہی ہے اور اس کا کوئی تدارک نہیں ہو رہا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جہاں تک حکومت کا تعلق ہے اور پولیس کا تعلق ہے اس سلسلے میں کافی اقدامات کئے جاتے ہیں اور جہاں بھی ایسا کوئی case نوٹس میں آتا ہے اس بارے میں پوری کارروائی کی جاتی ہے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ کیا وزیر موصوف فرمائینگے کہ پورے اقدامات کے باوجود بھی سمگلنگ کا کاروبار ہوتا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ پوری کوشش کے باوجود دنیا میں جرائم ہوتے ہیں اور ہوتے رہتے ہیں مجھے اس وقت جناب فاروقی صاحب کی ایک بات یاد آ رہی ہے ایک مرتبہ انہوں نے فرمایا تھا کہ نسل انسانی میں جرائم کی تعداد باوجود ہر کوشش کے رہے گی لیکن جہاں تک ہمارا تعلق ہے ہم پوری

کوشش کرتے ہیں اور پھر بھی وارداتیں ہو جاتی ہیں اور ان کے خلاف چارہ جوئی کی جاتی ہے ۔

مسٹر عبدالقیوم قریشی ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب فرمائینگے کہ جرائم بڑھنے کی ایک وجہ یہ نہیں ہے کہ مجرموں اور ملزموں کو وہ سزائیں جن کے وہ مستحق ہیں نہیں ملتی ہیں اور وہ مختلف ذرائع سے بری ہو جاتے ہیں اور اس وجہ سے جرائم کا سلسلہ بڑھ رہا ہے ۔

Mr. Speaker : Disallowed.

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ جناب وٹو صاحب نے فرمایا ہے کہ اگر تحریری ثبوت دیا جائے تو ہم کارروائی کریں گے کیا میں ان کو تحریری ثبوت پڑھ کر دوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ کس قسم کا ؟

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ یہ میں پڑھکر سنائے دیتا ہوں اس سے معلوم ہو جائیگا کہ یہ ان کا انتظام ہے اور کیا ان جرائم میں پولیس کا ہاتھ نہیں ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—جناب والا ۔ یہ نا درست ہے کہ پولیس کا کسی جرم میں ہاتھ ہے اگر کسی کا ہاتھ ہوگا تو ہم اس پولیس افسر کو فوراً گرفتار کریں گے اور اس کے خلاف کارروائی کریں گے ۔ حمزہ صاحب نے فرمایا تھا کہ مقدمہجات کا اخفا ہو رہا ہے اگر ایسی صورت ہو تو مجھے اطلاع دیں میں کارروائی کرونگا ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ—جناب سپیکر ۔ آپ کی وساطت سے جناب منسٹر صاحب کو پوچھتا ہوں کہ چوروں پر پولیس کا ہاتھ ہے اور پولیس پر آپکا ہاتھ ہے ۔

Mr. Speaker: Disallowed ; no more supplementaries.

سردار حاجی عطا محمد لنڈ—پوائنٹ آف آرڈر—جناب سپیکر ۔ دیکھئے میں یہ غلط نہیں کہتا جتنی وارداتیں ہیں تو پولیس کے خلاف شکایت ہے اور منسٹر صاحب اس کو غلط قرار دیتے ہیں بعض چوروں کی مدد کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : This is not a point of order.

وزیر بنیادی جمہوریت—ہم کسی کو ناجائز defend نہیں کرتے (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker: Order please.

CONDEMNED PRISONERS IN THE JAIL OF LAHORE DIVISION

*2041. **Chaudhri Idd Muhammad:** Will the Minister of Jails be pleased to state :—

(*a*) the present number of condemned prisoners in the Jails of Lahore Division ;

(*b*) the year wise number of condemned prisoners whose death sentences have been executed from 1964-65 up-to-date separately in each jail of the said Division ?

Minister of Jails (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) :

(*a*)	.. ..	.. 31
(*b*) (*i*)	District Jail, Lahore	.. 15
(*ii*)	District Jails, Gujranwala	.. 15
(*iii*)	District Jail Sialkot	..

EXTERNMENT OF MOULANA GHULAM ULLAH OF RAWALPINDI FROM RAWALPINDI DISTRICT

*2198. **Mr. Hamza:** Will the Parliamentary Secretary, Home be pleasad to state the reasons for which Moulana Ghulam Ullah of Rawalpindi wae externed from Rawalpindj District during the month of April, 1966 ?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din) : The matter is subjudice in a writ petition pending in the High Court of West Pakistan, Lahore.

منشی حمزہ—جناب سپیکر ۔ میں نے پارلیمانی سیکرٹری امور داخلہ سے یہ سوال کیا تھا کہ آپ مجھے وجوہات بتائیں میں نے ان سے یہ دریافت نہیں کیا کہ آیا وہ عدالت میں ہے یا یہ وجوہات غلط ہیں یا درست ہیں ۔ ہم یہ جاننا چاہتے ہیں کہ کن وجوہات کی بنا پر آپ کے محکمہ نے یہ مناسب سمجھا کہ ان کو راولپنڈی سے ضلع بدر کیا جائے ۔ ہم تو محض یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو)—جناب والا ۔ یہ ساری چیز عدالت میں جا چکی ہے ۔ عدالت میں مقدمہ زیر بحث ہے ۔ ہم نے یہ سمجھا کہ چونکہ مقدمہ عدالت میں زیر بحث ہے اس لئے اسمبلی میں سوال کا جواب دینا درست نہ ہوگا ۔ چیزیں تو بہت کہی جا سکتی ہیں ۔ مقدمہ عدالت میں ہے اس کے فیصلے کے بعد اگر وہ فرمائیں گے تو اس کے نتائج ہم سب بتانے کے لئے تیار ہونگے ۔

منشی حمزہ—پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ سوال منظور کر لیا گیا ہے اور اس کے بعد ان کی طرف سے یہ کہا جائے کہ ہم وجوہات اس لئے نہیں بتاتے کہ مقدمہ عدالت میں زیر سماعت ہے اور اس خدشہ کے پیش نظر کہ ایوان میں سوالات ہوں گے اور ان سے مقدمے کی سماعت متاثر ہوگی تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ کسی حد تک درست ہے ۔ ہم یہاں ضمنی سوالات کرتے ہیں اور اگر آپ سمجھتے ہیں کہ اس

سے مقدمہ کی سماعت ہائی کورٹ میں متاثر ہوگی تو آپ ان کو rule out کر دیں ۔ یہ آپ کا بنیادی حق ہے ۔ مجھے تو افسوس اس بات کا ہے کہ وہ عالم دین ہیں جن کو پہلے مسجد سے نکالا گیا بعد میں شہر بدر کیا ۔ آپ مجھے اس چیز کے وجوہات بتائیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—جب ہمارے پاس سوال آیا تو یہ ہمارے علم میں نہیں تھا کہ اس پر رٹ پٹیشن ہو چکی ہے ہم نے ایوان کو اطلاع دی اس کے بعد چند وجوہات کی بناء پر تفصیلی جواب نہ دیا ۔ جونہی ہم نے مناسب سمجھا ہم جواب دے دینگے ۔

مسٹر سپیکر—جو وجوہات ہیں وہ حمزہ صاحب کو تحریری طور پر پہنچا دیجئے گا ۔

سردار حاجی عطا محمد اینڈ—میں وٹو صاحب کو یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ انہوں نے یہ سوال نہیں پڑھا تھا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—میں نے سوال پڑھا تھا ۔ حاجی صاحب آج بہت زیادہ غصہ میں ہیں اس کی کیا وجہ ہے ۔

مسٹر حمزہ—علاقے میں اتنے جرائم ہوتے ہیں کہ لوگوں کا رہنا دوبھر ہو گیا ہے۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب والا ۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا ان کو پتہ ہے کہ ملک میں بنیادی حقوق کسی کو حاصل نہیں ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—آئین میں حقوق موجود ہیں صرف آپکو نظر نہیں آتے ۔

مسٹر حمزہ—ماسوائے ڈاکوؤں کے ۔

FINANCIAL ASSISTANCE TO FAMALIES OF PERSONS WHO DIED IN DISTURBANCES IN MULTAN

***2428. Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani:** Will the Parliamentary Secretary, Home, be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that on the request of Student's Delegations, Government decided to give financial assistance to the famalies of those who died in disturbance in Multan during the 2nd week of January 1966;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the said decision has been implemented; if not, reasons therefor and the date by which financial aid is likely to be given to the said families?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراجدین)— (الف) اس طالبعلم کو گھر والوں کی طرف سے جو جنوری ۱۹۶۶ء کے دوسرے ہفتہ کے دوران

میں ملتان کے فسادات میں ہلاک ہوا تھا کسی مالی امداد کا مطالبہ نہیں کیا گیا ہے لہذا حکومت کی طرف سے کوئی مالی امداد دینے کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

(ب) سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

سید عنایت علی شاہ—کیا ان کو مالی امداد دینے کا فیصلہ کیا ہے؟

پارلیمنٹری سیکرٹری—یہ الف کے جواب میں میں نے عرض کیا ہے ۔ چونکہ کسی نے کلیم نہیں کیا اس لئے دینے کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

خان اجون خان جدون—کیا یہ ضروری ہے کہ وہ کلیمز کریں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—جناب والا ۔ کلیم کرنا ضروری ہے ۔

STAGING OF CABARET IN HOTELS

***1554. Rai Mansab Ali Khan Kharal :** Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state :—

(*a*) the names of hotels in the Province permitted to stage cabaret by Pakistani or foreign dancers;

(*b*) whether Government intend to impose any restrictions on such cabaret; if so, when ?

Parliamentary Secratary (Mian Miraj Din) : (*a*) *Karachi* Hotels :—

1. Intercontinental.
2. Taj.
3. Palace.
4. Imperial Liddo.
5. Beach Luxury.
6. Metropole.
7. Roma Shabana.

Lahore.

1. Pak Luxury.
2. Flatties.

Rawalpindi.

1. Flashmans.

(*b*) Government has not so far considered the proposals for imposing restrictions on the staging of Cabaret in hotels.

سردار حاجی عطا محمد لنڈ—اردو میں جواب دیجئے ۔

مسٹر سپیکر—اگر انگریزی میں پڑھیں گے تو بھی وھی جواب ھوگا اور اگر اردو میں پڑھیں گے تو بھی وھی جواب ھوگا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—جناب والا ۔ اس کو انگریزی ھی میں چلنے دیں ۔

Dr. Mrs. Ashraf Abbasi: Are there only two hotels in the whole of the province; he has asked about the whole province.

وزیر بنیادی جمہوریت—کراچی کے بارے میں دیئے ہیں اور لاہور کے بارے میں نہیں دیئے ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ—سوال کے حصہ (ب) میں جو ہے کہ آیا حکومت پابندی عاید کرنے کا ارادہ رکھتی ہے مجھے اس کا جواب چاہئیے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—اس سلسلے میں فاضل ممبر کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یہ سوال جب میں کل شام تیار کر رہا تھا تو اس وقت مجھے خیال آیا کہ گورنروں کی کانفرنس میں اس کے متعلق فیصلہ ہوا تھا کہ اس کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔ ابھی تک میں ascertain نہیں کر سکا ۔ اس ضمن میں گورنر کانفرنس کا فیصلہ ہے ۔ اگلی باری پر اگر اس سوال کو رکھ دیں تو زیادہ مناسب ہوگا ۔

مسٹر سپیکر—اگلی مرتبہ اس سوال کا جواب دیا جائیگا ۔

SPEECH DELIVERED BY DEPUTY COMMISSIONER, HYDERABAD

***2644. Mr. Mahmood Azam Farooqi:** Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to state:—whether Government are aware of fact that the Deputy Commissioner, Hyderabad made a speech which was published in the "Dawn" of Karachi, dated 13th March 1966 in which he commented on the role and activities of Political Leaders of the Country; if so, the action Government intend to take against the said officer?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din): It is a fact that Deputy Commissioner, Hyderabad made a speech which was published in Dawn of Karachi, dated 13th March 1966. It is not a fact that Deputy Commissioner commented on the role and activities of political leaders of the country. The speech was delivered to the students in which he made the following three points:—

(*i*) The students should think themselves and develope spirit of inquiry and criticism.

(*ii*) The students should study various matters dispassionately on their own merits.

(*ii*) They should not allow themselves to be swayed by dis-ruptionists and those politicians who have no genuine interest in the educational institutions and who play with sentiments.

This happened when the students of various colleges of Hyderabad came to the Deputy Commissioner with their problems.

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب والا ۔ اس سوال کے پہلے تو انہوں نے یہ فرمایا ہے ۔

"It is not a fact that Deputy Commissioner commented on the role and activities of the political leaders of the country.....

کہ ہم نے سیاست دانوں کے طرز عمل پر کوئی تنقید نہیں کی ۔ پھر پیرا ۳ میں انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ ڈی ۔ سی نے یہ فرمایا تھا ۔

"They should not allow themselves to be swayed by disruptionists.....

طلباء کو تخریب پسند سیاستدانوں کے جال میں نہیں آنا چاہیئے - میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب انہوں نے سیاستدانوں کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا - تخریب پسند اور غیر تخریب پسند تو کیا ان پر اس طرح نکتہ چینی کرنا سیاسی طرز عمل نہیں ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خاں وٹو) - ہم نے جواب میں یہ کہا ہے - کہ انہوں نے ایسے سیاسی لوگوں کے بارہ میں کہا - جنہیں تعلیمی اداروں سے کوئی ہمدردی نہیں ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی—آپ نے ہیں کہ انہوں نے سیاستدانوں کے بارہ میں کہا ہے - سیاسی لیڈروں کے بارہ میں نہیں کہا -

وزیر بنیادی جمہوریت—انہوں نے ایسے سیاستدانوں کے متعلق کہا ہے - جو لیڈر نہیں ہیں - جو صرف اپنے آپ کی نمائندگی کرتے ہیں -

who have no genuine interests in the educational institutions and who play with sentiments.

دوسرے لوگوں کے متعلق انہوں نے نہیں کہا - انہوں نے ایسے لوگوں کے متعلق کہا ہے جو بزعم خود سیاستدان ہیں - مگر انہیں تعلیمی اداروں کے ساتھ کوئی دلچسپی نہیں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب والا - مجھے وزیر بلدیات کی اس رائے سے اتفاق نہیں - یہ سیاست دانوں یا سیاسی لیڈروں میں کوئی فرق نہیں سمجھتے - وہ ان کو دو حصوں میں تقسیم کرتے ہیں - تخریب پسند اور غیر تخریب پسند - یہ بالکل سیاست ہے - وہ اپنے افسروں کو سیاست میں حصہ لینے سے روکیں - ورنہ ملک مزید برے حالات سے دو چار ہو جائیگا -

مسٹر سپیکر—یہ سپلیمنٹری نہیں ہے -

مسٹر حمزہ—میں جناب وٹو صاحب سے دریافت کرنا چاہتا ہوں - کہ میں نے ان کی خدمت میں ایک تجویز پیش کی تھی - کہ وہ ہر ضلع کے ڈپٹی کمشنر کو وہاں کی سرکاری مسلم لیگ کا صدر بنا دیں - کیا وہ اس پر غور کر کے کوئی فیصلہ کرنے کے تیار ہیں ؟

مسٹر سپیکر—اس سوال کی اجازت نہیں -

مسٹر محمد ہاشم لاشی—انہوں نے فرمایا ہے کہ کراچی میں ایسے لوگ ہیں جو سیاستدان ہیں - مگر سیاسی لیڈر نہیں ہیں - کیا وہ ایسے لوگوں کے نام بتا سکتے ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت—میں نے یہ نہیں کہا ۔

حاجی سردار عطا محمد لنگڑ—وزیر صاحب یہ فرما رہے ہیں ۔ کہ ڈی ۔ سی نے طلبا کو کہا ہے کہ وہ تخریب پسند سیاستدانوں سے بچیں ۔ کیا وزیر صاحب بتا سکتے ہیں کہ وہ تخریب پسند سیاستدان کون ہیں تاکہ ہم بھی ان سے پرہیز کریں ؟

خان محمد یوسف خان—کیا جناب وزیر صاحب بتا سکتے آیا ڈپٹی کمشنر سیاسی بیان دے سکتے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—عام طور پر وہ نہیں دے سکتے ۔ اس معاملہ میں صورت یہ ہوئی کہ طلباء ان کے پاس آئے ان کے آنے پر جو لفظ انہوں نے کہے ہیں ۔ وہ وضاحت سے بیان کر دیئے گئے ہیں ۔

"... ..They should not allow themselves to be swayed by disruptionists and those politicians who have no genuine interest in the educational institutions and who play with sentiments...."

باقی اس چیز کے بارہ میں کوئی کسی کا نمائندہ ہے یا نہیں ۔ یا کسی کی سیاسی سرگرمی کے بارہ میں ان کی تقریر میں کوئی ذکر نہیں ۔

مسٹر سپیکر—آپ کا خیال ہے کہ سیاسی بیان دینا ان کے لئے واجب نہیں ہے ۔ مگر اس حد تک واجب ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—جناب والا ۔ فاروقی صاحب نے ایک بار فرمایا تھا کہ کسی لفظ کے پارلیمانی یا غیر پارلیمانی ہونے کا فیصلہ اس سے لگانا چاہیئے کہ وہ کس context میں استعمال کیا گیا ۔ اس طرح ڈپٹی کمشنر صاحب کی یہ بات بھی اس context میں دیکھنی چاہیئے ۔ طلباء ان کے پاس آئے بہت سی باتیں ہوئیں ۔ ان میں سے ایک بات یہ تھی کہ طلبا ایسے سیاسی لوگوں سے بچیں جو تعلیمی اداروں میں کوئی دلچسپی نہیں رکھتے ۔

چودھری محمد سرور خان—جب ڈی ۔ سی کا یہ دائرہ اختیار نہیں ہے اور وہ سیاست پر تنقید نہیں کر سکتا ۔ خواہ وہ کسی قسم کا تبصرہ ہو ۔ تو کیا اس کے لئے یہ بات کہنا جائز ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—یہ بات عمومی طور پر کی گئی ہے ۔ اگر وہ کسی سیاسی جماعت کے بارہ میں کہتے یا فاروقی صاحب کے متعلق کہتے ۔ تو ہم فوراً سختی سے اقدام کرتے ۔ لیکن یہ تو ایک عام بیان ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنگڑ—میں جناب وزیر صاحب سے پوچھتا ہوں ۔ میں ان کا شکریہ بجا لاتا ہوں کہ وہ مجھے تخریب پسند

سیاست دانوں سے نکال گئے ہیں - لیکن کیا منسٹروں میں سے کوئی ایسا ہے جس سے ہم پرہیز کریں -

مسٹر سپیکر—اس کی اجازت نہیں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی—انہوں نے جواب میں فرمایا ہے کہ ڈپٹی کمشنروں کو عام طور پر ایسے بیان دینے کی اجازت نہیں - کیا وہ بتا سکتے ہیں کہ وہ خاص حالات کیا ہیں جن کے تحت ان کو ایسے بیان دینے کی اجازت ہے؟

وزیر بنیادی جمہوریت—انہوں نے جو الفاظ استعمال کئے تھے ان کی میں نے وضاحت کر دی ہے - انہوں نے ان سیاستدانوں کے بارہ میں کہا تھا جو صحیح طور پر ملک میں دلچسپی نہیں رکھتے جو ملک کے تعلیمی اداروں میں دلچسپی نہیں رکھتے - یہ بالکل عام سا ریمارک ہے -

---

SCHOOLS OF AGENCIES IN TRIBAL AREA

***2787. Haji Ghulab Khan Shinwari :** Will the Parliamentary Secretary Home, be pleased to state :—

(*a*) the number and locations of High Schools in each of the agencies in Tribal Area ;

(*b*) the distance between each of the middle and the nearest High School in each of the agencies ;

(*c*) the number of middle schools along with the distance between each of the primary school and the nearest middle school in each of the said agencies ;

(*d*) the number of primary schools in each of the agencies along with the distance between each primary school and the nearest other primary school ;

(*e*) whether it is a fact that the existing number of schools and colleges in tribal areas is insufficient for the requirements of the residents of the said areas and to bring the people there at par with the people in other parts of Province ?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din) : Kindly see the enclosed statements relating to parts (*a*) to (*e*)*.

۱۰ **سید عنایت علی شاہ** - کیا یہ حقیقت نہیں ہے - کہ سابق صوبہ فرنٹیئر کے قبائلی علاقہ میں ۳۰ لاکھ کی آبادی ہے - اور وہاں کوئی کالج نہیں ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - اس کے لئے نیا نوٹس چاہیئے -

خان اجون خان جدون - میں اس سوال کا جواب چاہتا ہوں -

"Whether it is a fact that the existing number of schools and colleges in tribal areas is insufficient for the requirements of the residents of the said areas and to bring the people there at par with the people in other parts of Province".

---

*Please see Appendix I at the end.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس کا جواب کیا ہے ۔جناب والا اگر اس سوال کو آئندہ باری پر لے لیا جائے تو اس کا جواب تفصیل سے دیا جائے گا ۔ فی‌الحال ہم نے لسٹ دے دی ہے اور اس کے ساتھ ریمارکس بھی دے دیئے ہیں ۔

Mr. Speaker This question would be repeated on the next turn.

PROVIDING BULDOZERS TO CULTIVATORS OF KHYBER AGENCY

***2923. Haji Ghulab Khan Shinwari** : Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a considerable area of land is lying barren and uncultivated in Khyber Agency ;

(*b*) whether it is a fact that with a view to making the said land cultivable Agriculture Department had provided two Buldozers on the recommendations of the Political Agent, Khyber Agency ;

(*c*) whether it is a fact that the said two Buldozers are insufficient to meet the requirements of the said area and there is a need of at least 10 Buldozers ;

(*d*) whether there is any proposal under consideration of Government to provide more buldozers to the said area, if so, when, if not reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din) :

(*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) the need for more than two existing buldozers has been felt for the said area.

(*d*) Steps will be taken to provide more buldozers to the said area during the 3rd Five Year Plan Period.

حاجی گلاب خاں شنواری—تیسرے پنجسالہ منصوبہ کے کون سے سال میں ہمارے علاقہ میں بلڈوزر بھیجے جائیں گے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خاں وٹو) ۔ وقت کا تعین تو مشکل ہے کوشش کریں گے کہ جلد از جلد ہو جائے ۔

سید عنایت علی شاہ—جناب عالی ۔ انہوں نے جواب میں ''جلد از جلد'' کا لفظ کہا ہے کیا ہم یہ توقع رکھ سکتے ہیں کہ قبائلی علاقہ کی پسماندگی اور وہاں کی اشد ضرورت کے پیش نظر انہیں امسال بلڈوزز مہیا کئے جائیں گے کیونکہ تیسرا پنجسالہ منصوبہ تو شروع ہو چکا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—جناب والا ۔ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ یہ کہنا مشکل ہے کہ کس وقت تک ہم یہ

کام کر سکتے ہیں ہم کوشش کر رہے ہیں کہ یہ کام جلد از جلد سرانجام پا جائے ۔

خان محمد اکبر خان—جناب والا ۔ کیا وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کہ پہلے بلڈوزر کا کرایہ ۱۰ روپے ہوتا تھا اب ۳۱ روپے کیوں ہو گیا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت—جناب والا ۔ یہ ایک واقعاتی معاملہ کے متعلق سوال ہے اس لئے اس کے متعلق نیا نوٹس دیا جائے ۔

PROVIDING ELECTRICITY TO SOME AREAS OF KHYBER AGENCY

***2924. Haji Ghulab Khan Shinwari :** Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that in the area Kajori of Khyber Agency electricity has been provided up to Forsalf, where as a considerable area of the said Agency particularly Malagori, Tehsil Jamrood along the Warsak Dam and Loi Shalman and Kam Shalman, Tehsil Bara Maidan Kajori have not so far been provided with electricity ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to supply electricity to those areas where it has not been supplied so far if so, when and if not, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج—دین) جناب والا ۔ مطلوبہ اطلاعات اکٹھی کی جا رہی ہیں اگلی turn پر اس کا جواب دے دیا جائے گا ۔

(*As this stage Mr. Senior Deputy Speaker, Syed Yusaf Ali Shah, occupied the Chair*).

INSTALLATION OF TUBE-WELLS IN KHYBER AGENCY

***2925. Haji Ghulab Khan Shinwari :** Will the Parliamentary Secretary, Home be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there are certain un-cultivated and barren lands in Khyber Agency which can be made cultivable by installing tube-wells there ;

(*b*) if answer to (*a*) above in the affirmative, whether Government intend to install tube-wells in the said Agency ; if so, the time by which the tube-wells will be installed there ; and if not, reasons therefor ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo : (*a*) There are uncultivated and barren lands in Khyber Agency and whether these can be made cultivable depends on availablity of water.

(*b*) The survey and investigation programme of Irrigation Department envisages exploration of all possibilities to irrigate any land in Khyber Agency but so far no tube-well scheme has been found feasible.

سید عنایت علی شاہ—کیا وزیر موصوف سے میں یہ پوچھ سکتا ہوں کہ خیبر ایجنسی میں محکمہ آبپاشی کا کس قسم کا

سروے ہو چکا ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ—جناب والا - ٹیوب ویلز کے سلسلے میں سروے ہوا ہے اور میرے پاس جو سپلیمنٹری اطلاع ہے اس کے مطابق یہ ہے کہ

The brightest prospects of tube-wells were considered in the vicinity of Supena thana and the tribal boundary with Muttani where there are lots of springs. There too exploration and several trial borings by WAPDA have shown no feasibility for tube-wells.

بہت سی جگہوں پر سروے کیا گیا ہے سب سے بہتر جگہ پر جو تجویز کیا گیا ہے وہ تھانہ پینہ ہے جہاں کچھ چشمے ہیں متنی کا علاقہ boundary کے پاس ہے وہاں بھی چشمے ہیں وہاں بھی کوشش کی گئی ہے واپڈا نے جتنے بھی تجربے کئے ہیں ان سے ٹیوب ویل کے لئے کافی پانی دستیاب نہیں ہوا بہر حال کوشش کی جارہی ہے -

خان اچون خان جدون—جناب والا - خیبر ایجنسی ایک میدانی علاقہ ہے کیا وہاں ٹرائل بورنگ کیا گیا ہے وہاں پینے کے لئے پانی موجود ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ—جناب والا - جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ ضمنی اطلاع میرے پاس ہے جن علاقوں کا میں نے ذکر کیا ہے وہاں اس کے زیادہ امکانات تھے وہاں پر ٹرائل بورنگ کیا گیا ہے اور اس کے علاوہ باقی جگہوں پر بھی ٹرائل بورنگ ہوا ہے لیکن پانی دستیاب نہیں ہو سکا اس کے متعلق مزید کوشش کی جارہی ہے -

سید عنایت علی شاہ—جناب والا - وزیر صاحب نے جو متنی کا ذکر کیا ہے وہ خیبر ایجنسی میں نہیں ہے متنی boundary پر واقع ہے کیا دریں بارہ اس کے متعلق مزید تحقیقات فرمائیں گے -

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ—جناب والا—یہ ہو سکتا ہے کہ وہ خیبر ایجنسی کے قریب ہو اور ٹیوب ویل کے لئے بورنگ کی گئی ہو پینہ تھانہ تو خیبر ایجنسی میں ہے اس علاقہ کو پانی مہیا کرنے کے لئے اور باقی جو مقامات ہیں ان کو پانی مہیا کرنے کے لئے جائزہ لیا جا رہا ہے بہر صورت

اس سلسلہ میں کام جاری ہے اگر وہاں پانی نکل سکتا ہے تو ہم واپڈا کو ہدایات کرنے کو تیار ہیں کہ وہ اس کا جائزہ لے لیں ۔

مسٹر جلال الدین خان—جناب والا ۔ مٹنی ایجنسی کی سرحد کے قریب ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ—سرحد کے قریب نہیں ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر—یہ سرحد کے قریب ہے ۔

خان اجون خان جدون—جناب والا ۔ وزیر موصوف نے میرے سوال کا جواب نہیں دیا میں نے یہ پوچھا تھا کہ آیا ٹرائل بورنگ کیا گیا ہے جب تک وہ ٹرائل بورنگ نہیں کریں گے ان کو کیسے پتہ چل سکے گا کہ یہاں ٹیوب ویل کی کوئی گنجائش نہیں ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ—جناب والا۔ اس سلسلے میں ٹرائل بورنگ کی گئی ہے انہوں نے کہا تھا کہ یہاں زیادہ پانی کے امکانات ہیں لیکن اس کے علاوہ اور بھی کئی جگہوں پر ٹرائل بورنگ کی گئی ہے اگر فاضل ممبر کسی خصوصی علاقہ کے متعلق سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو وہ اس کے متعلق دوبارہ سوال دے دیں میں اس کا جواب دے دوں گا ۔

حاجی گلاب خان شنواری—کیا وزیر موصوف یہ بتائیں گے کہ جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے کہ وہاں ٹرائل بورنگ کی گئی ہے وہ ٹرائل بورنگ کہاں کی گئی ہے ؟

(*a*) whether it is a fact that some of the grazing fields (Rakhs) in Dera Ghazi Khan District have been taken over by Forest Department and no one is allowed to graze his camels in the said fields without obtaining a permit after paying the prescribed fee ;

(*b*) whether it is a fact that the camel owners who obtain the said permits have also to pay Tirini Fee for grazing their camels in the said Rakhs ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, (*i*) reasons for charging the said Tirini Fee from the said camel-owners, (*ii*) the location of the said Rakhs, and (*iii*) whether Government intend to stop charging the said fee ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka) : (*a*) No. Not all the grazing fields but 48 Civil Rakhs were transferred to the Forest Department during 1953. No camel grazing is permitted in these Rakhs even on permits.

(*b*) In view of (*a*) the question does not arise.

(*c*) Since no grazing is permitted even on permits, the question does not arise.

سردار منظور احمد خان قیصرانی - جن تحصیلوں کے اندر Rakhs نہیں ہیں اور آپ جانور چرانے کی اجازت بھی نہیں دیتے ہیں تو وہاں پر آپ ترنی ٹیکس معاف کرنے کے متعلق دوبارہ غور کریں گے ؟

وزیر زراعت (مخدوم حمیدالدین) - ترنی ٹیکس اور camel ٹیکس ہم نہیں assess کرتے یہ ریونیو والے assess کرتے ہیں -

سردار منظور احمد خان قیصرانی - جو آپ نے جواب دیا ہے اس میں آپ نے لکھا ہے - - - - - - - -

وزیر زراعت - ہم نے لکھا ہے کہ -

48 civil rakhs were transferred to the Forest Deptt. during 1953.

ہم اس پر grazing کیلئے پرمٹ issue نہیں کرتے - جہاں تک ترنی ٹیکس کا تعلق ہے ہم اسے assess نہیں کرتے ہیں یہ ریونیو بورڈ یا محکمہ مال کرتا ہے -

سردار منظور احمد خان قیصرانی - میری گذارش camel ٹیکس کے متعلق تھی جو rakhs کی وجہ سے عائید ہوتی ہے - rakhs اب فارسٹ ڈیپارٹمنٹ کے پاس ہیں اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ کسی صورت میں بھی پرمٹ سے یا ویسے بھی جانوروں کو چرانے کی اجازت نہیں تو پھر اس ٹیکس کا justification کیا ہے ؟

وزیر زراعت - میں عرض کرتا ہوں - - - - - - - -

مسٹر سپیکر - اس کے متعلق آپ علیحدہ سوال دیجئے -

وزیر زراعت ۔ جناب میں اس کے لئے عرض کئے دیتا ہوں کہ اس transfer سے پہلے ممکن ہے کہیں grazing کا ٹیکس لیا جاتا ہو جب سے یہ اس محکمہ کو transfer ہو گیا ہے ہم grazing allow نہیں کرتے ہیں اور نہ پرمٹ دیتے ہیں اور نہ اس کی رقم وصول کرتے ہیں جو محکمہ اس کی رقم وصول کر رہا ہو یہ اس کو اطلاع کریں کہ وہ اس کی Justification establish کریں ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جواب میں سول rakhs اور rakhs دو معلوم ہو رہے ہیں ۔

وزیر زراعت ۔ پوچھنے والے صاحب کو غلطی ہوئی ہے انہوں نے bracket میں rakhs لکھا ہے ۔ ہم نے تو جواب میں سول rakhs لکھا ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ میں ان دونوں کا فرق معلوم کرنا چاہتا ہوں ۔

خان محمد یوسف خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ یہ اسمبلی ہال ہے یا سکول ہے ؟

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

رائے منصب علیخان کھرل ۔ کیا آپ فرمائیں گے کہ جب آپ grazing کے لئے پرمٹ بھی نہیں دیتے ہیں تو شتر بے مہار کا کیا کرتے ہیں ؟

* X X X X X X X X پارلیمنٹری سیکرٹری ۔

Mr. Speaker : The remarks made by Mr. Maneka are uncalled for. They are expunged from the proceedings of the Assembly and the Member should be careful in future.

PROMOTION OF AGRICULTURAL MARKETING

***3238. Mr. Mahmood Azam Farooqi :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Agricultural Marketing has not been promoted by the Agriculture Department during the 1st and the 2nd Plan Periods ;

(b) the research works done by the Agriculture Department for increasing *per capita* income of the farmers and augmenting the produce ;

(c) whether the research works mentioned in (b) above have been published ; if not, reasons therefor ?

(الف) : **پارلیمنٹری سیکرٹری** (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا)

جی نہیں ۔

(ب) حکومت نے زرعی پیداوار میں اضافہ کر کے کسانوں کی آمدنی بڑھانے کے لئے تین زرعی تحقیقاتی ادارے قائم کئے ہیں ۔ یہ لائل پور ۔ تونسا (پشاور) اور ٹنڈو جام میں واقع ہیں ۔

---

*Expunged as ordered by the Speaker.

اگرچہ ان اداروں کی مکمل تحقیقی سرگرمیاں یہاں بیان نہیں کی جا سکتیں - پھر بھی مختصراً یہ عرض کر دینا کافی ہو گا کہ ان اداروں نے اعلیٰ اقسام کے بیج کیمیائی کھادیں - کیڑے مکوڑے مارنے والی دواؤں اور زرعی آلات میں بہت کام کیا ہے -

(ج) جی ہاں

مسٹر حمزہ - کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ وہ کون سی کتب ہیں اور ان کی کتنی تعداد ہے جو کہ ریسرچ انسٹیٹیوٹ نے اب تک شائع کی ہیں -

وزیر زراعت (مخدوم حمیدالدین) - بہت سی تعداد ہے ان میں leaflets بھی ہیں پمفلٹ ہیں - اس میں پورے سائز کی کتابیں بھی ہیں - اس میں میگزین ہیں تو ایسے لٹریچر کی کافی تعداد ہے -

مسٹر حمزہ - تعداد آپ بتا دیجئیے -

وزیر زراعت -بہت تعداد ہے -

چودھری محمد ادریس - یہ جو ریسرچ کی کتابیں انہوں نے شائع کی ہیں ان میں سے کسی سٹینڈرڈ کتاب کا نام آپ بتائیں گے؟

وزیر زراعت - میں عرض کرتا ہوں کہ ہماری ایک سٹینڈرڈ کتاب ہے - جو کہ ملک خدا بخش صاحب نے لکھی ہے -

مسٹر حمزہ ۔ کیا ملک خدا بخش بچہ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے ڈائریکٹر ہیں ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

وزیر زراعت ۔ یہ national contribution ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ میرا سوال جناب یہ تھا کہ جو کتابیں شائع کی گئی ہیں ان میں سے کسی کتاب کا نام بتائیے ؟

وزیر زراعت ۔ جناب والا ۔ اس کے متعلق سالانہ رپورٹیں شائع ہوتی ہیں ۔ اگر وہ کہیں تو میں انہیں ایک کاپی سپلائی کر دوں گا ۔

By courtesy of the Agriculture Department.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ آج ظاہر ایسا ہوتا ہے ۔ کہ جو معزز ممبر سوال کرتا ہے ۔ اس سے جناب مخدوم صاحب کچھ خفا ہو جاتے ہیں تو سوال کرنے میں بلکہ ضمنی سوال کرنے میں خاص طور پر دقت محسوس ہو رہی ہے ۔ وہ وزیر جنگلات ہیں ان سے ڈر بھی لگتا ہے ۔

وزیر زراعت ۔ جناب سپیکر ۔ اگر حمزہ صاحب کا بغور مطالعہ کیا جائے تو جنگلات والوں سے سب سے بڑا قریبی رشتہ ان کا ثابت ہوتا ہے (قہقہہ)

AGRICULTURAL RESEARCH AT RATTA KULACHI IN DERA ISMAIL KHAN DISTRICT

*3239. **Mr. Mahmood Azam Farooqi :** Will the Minister of Agriculture, be pleased to state :—

(*a*) the amount spent on Agricultural Research at Ratta Kulachi in D. I. Khan District during the second plan period and out of that the amount spent on the (*i*) buildings and Laboratory equipment ; and (*ii*) the number of officials of the following category engaged therefor ;

(1) Class I, (2) Class II, and (3) Class III ;

(*b*) whether it is a fact that the Government is spending more money on construction of buildings which are of no use to the technical personnel working there, who have not been provided with Laboratory facilities;

(*c*) whether it is a fact that agriculture is not treated as a technical subject in West Pakistan with the result that the employees of Agriculture Department are not allowed technical pay, whereas in East Pakistan Agriculture has been recognised as a Technical subject and the employees of Agriculture Department are being given Technical Pay as well ?

Parliamentary Secretary (Miao Ghulam Muhammad Ahmad Khan Maneka) : (a) (i) Rs. 37.21 lakhs which inculdes Rs. 28.75 lakhs for buildings and Rs. 1.20 lakhs for laboratory equipment.

(ii) One Class I, Three Class II, and Forty-nine subordinates.

(b) Buildings for staff and laboratories completed by the end of finan cial year 1964-65. Funds were provided for the equipment and additional staff in the year 1965-66, but were not released by the Finance Department due to Emergency. Budget for requisite laboratory equipment and additional staff has been provided in the year 1966-67. No sooner the funds are released than measures will be taken to obtain equip-

ment and recruitment of additional staff.

(c) Yes. In West Pakistan the employees of the Agriculture Department are not allowed technical pay, while in East Pakistan Technical Pay is allowed to the employees of the Agriculture Department.

مسٹر حمزہ ۔ اس کی وجوہات تو بتا دیں کہ آپ نے مشرقی پاکستان کی نقل نہیں کی ہے ۔

وزیر زراعت (مخدوم حمید الدین) ۔ ویسٹ پاکستان میں ملازمین کے پے سکیل مشرقی پاکستان سے زیادہ ہیں ۔ اگر وہاں ۳۷۰ یا ۳۸۰ لے رہے ہیں تو یہاں ملازمین ۵۰۰ لے رہے ہیں ۔ تو یہ offer کی گئی تھی کہ اگر آپ کچھ ایڈیشنل لینا چاہتے ہیں تو پے سکیل کو برابر کر دیں کیونکہ یہاں کا پے سکیل زیادہ ہے ۔ اور اسی لئے تکنیکی اعتبار سے یہ جو ایڈیشن ہے اس کا دینا مناسب نہیں سمجھا گیا ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا میں جناب وزیر صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ جب آپ تعمیرات کا کام شروع کر دیتے ہیں تو اس کے ساتھ ساتھ کیا فوری طور پر یہ مناسب نہیں ہے کہ لیبارٹری کی سہولتیں آپ یہاں مہیا کریں کیا یہ صورت حال اب پیدا ہوئی ہے جب کہ آپ نے ۳ لاکھ روپیہ سے عمارات تعمیر کی ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ لیبارٹرین کے نہ ہونے سے جو آپ نے وہاں سٹاف تعنیات کیا ہوا ہے اس سے پورا استفادہ نہیں کیا جا سکتا ۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آپ آئندہ کے لئے ایسی غلطی کا ارتکاب نہیں کریں گے ؟

وزیر زراعت ۔ جہاں تک میں سمجھا ہوں جناب سپیکر ۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اس میں کچھ وزن ہے ۔ لیکن میں نے دریافت کیا ہے کہ

یہ بلڈنگ ۲۸ لاکھ میں پہلے مکمل کی تھی تو مجھے بتایا گیا کہ فائننس ڈیپارٹمنٹ کی کوئی ٹیکنیک ہے سکیموں کی منظوری کے لئے اور اس کے علاوہ جب تک Line Plan مکمل نہ ہو اور پی ڈبلیو ڈی والے سرٹیفیکیٹ تحریری ہمیں نہ دیدیں تو اس وقت تک ہم اس چیز کا تعین نہیں کر سکتے کہ ہمارے پاس جو accommodation ہے وہ مکمل ہے اور ہم تیار ہیں زیادہ سامان لینے کے لئے اس وقت تک شاید وہ اس قسم کی منظوری نہیں دیتے ۔ تو بہر حال میں عرض کروں گا کہ اس بجٹ میں provision ہے جس سے پورا سامان بھی ہو جائے گا اور سٹاف بھی بڑھ جائے گا ۔ فنڈز بھی مل جائیں گے اور ہم اس ادارے کو اس پوزیشن میں لے آئیں گے کہ وہ اپنے فرائض کو پوری طرح سر انجام دے سکے اور کام شروع کر سکے ۔

خان اجون خان جدون ۔ اس سال لیبارٹری اور سٹاف کے لئے کتنی رقم مخصوص کی گئی ہے ۔

Mr. Speaker : The Member should give a fresh notice for that.

CONSTRUCTION OF NEW GRAIN MARKET IN LYALLPUR

*3302. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Food, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government had auctioned a piece of land outside Jhang Bazar, Lyallpur, for construction of a new Grain Market ;

(*b*) whether it is a fact that at the time of auction of the said land Government promised to construct roads, lanes and provide other facilities for the opening of the said market within 2 years ;

(c) whether it is a fact that the said promise has not been fulfilled so far and instead of opening a market, the office of the Market Committee is functioning in the said building at present ;

(d) if answer to (a) to (c) above be in affirmative, reasons for which Government did not construct roads and provide lanes and other amenities required for the market as promised and when such amenities will be provided ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) ۔ (الف) ۔ جی ہاں ۔ یہ درست ہے ۔

(ب) جی ہاں ۔ یہ بھی درست ہے کہ حکومت نے قطعوں کے متوقع خریداروں سے سڑکیں پلیٹ فارم بنانے اور دوسری سہولتیں دینے کا وعدہ کیا ہے تاہم اس وعدے کو پورا کرنے کے لئے وقت مقرر نہیں کیا گیا تھا ۔

(ج) یہ درست ہے کہ سڑک نہ ہونے کی وجہ سے منڈی نے صحیح طرح سے کام شروع نہیں کیا یہ بھی درست ہے کہ مارکیٹ کمیٹی نے اپنا دفتر نئی غلہ منڈی کے ایک قطعہ میں تعمیر شدہ عمارت میں منتقل کر لیا ہے ۔ تاہم یہ کہنا غلط ہے کہ دفتر کی تبدیلی سے منڈی کی ترقی میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا ہوئی ہے ۔

(د) شہری منصوبہ بندی کی ابتدائی سکیموں کے مطابق توقع تھی کہ حکومت سڑکیں اور پلیٹ فارم وغیرہ بنائے گی ۔ لیکن بعد میں یہ کام مارکیٹ کمیٹی لائل پور کے سپرد کر دیا گیا تھا

کاشتکاروں کے لئے ایک ریسٹ ہاؤس اور دو گدھے خانے دو لاکھ پندرہ ہزار روپے کی لاگت سے تعمیر کئے جا چکے ہیں علاوہ ازیں کمیٹی نے پلیٹ فارموں کی تعمیر کے لئے دو لاکھ تہتر ہزار روپے پی۔ڈبلیو۔ڈی کے استعمال کے لئے علیحدہ رکھے ہیں ۔ اس کام کے لئے ٹنڈر طلب کر لئے گئے ہیں اور امید ہے کہ کام جلد شروع ہو جائے گا۔ کمیٹی سے سڑکیں بنانے کے لئے بھی کہا جا رہا ہے ۔ توقع ہے کہ کمیٹی کاشتکاروں اور تاجروں کے لئے تمام سہولتیں دو سال میں مہیا کر دے گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر زراعت از راہ کرم فرمائیں گے کہ منڈی کے لئے جو اراضی نیلام ہوئی تھی وہ کس سال ہوئی تھی ۔

وزیر زراعت (مخدوم حمید الدین) ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے متعلق میں عرض کروں گا کہ دراصل گورنمنٹ نے اس کو auction کیا تھا اور اس سے جو حاصل شدہ رقم تھی وہ اسی کے پاس رہی ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں نے تو ان سے بہت مختصر سا ضمنی سوال پوچھا تھا ۔

Mr. Speaker : He requires fresh notice for that.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جیسا کہ انہوں نے جواب میں فرمایا ہے انہوں نے یہ وعدہ کیا تھا کہ دوسرے سال کے اندر اندر تمام مراعات یعنی پلیٹ فارم اور سڑکیں وغیرہ تعمیر کی جائیں گی ۔ جہاں تک مجھے یاد ہے یہ اراضی آج سے ۱۰ سال پہلے نیلام ہوئی تھی ۔ کیا آپ کے محکمے کو احساس ہے کہ لوگوں نے لاکھوں روپیہ صرف کر کے وہاں پلاٹ خریدے

اور تعمیرات کیں ۔ مارکیٹ کمیٹی آپ کی تحویل میں ہے اور لوگوں کو جائز سہولتیں بہم نہ پہنچانا یہ کہاں تک درست اور واجب ہے ۔ یہ آپ کو بھی احساس ہے کہ لائل پور میں جو مارکیٹ ہے وہ شہر کے اندر آ گئی ہے اور وہاں اس قدر بھیڑ بھاڑ ہوتی ہے کہ کاشتکاروں کے لئے وہاں تک اپنا گڈہ لیجانا بھی ممکن نہیں رہا ۔ کیا آپ ان دو بڑی مشکلات کے پیش نظر جس سختی اور رعب سے آپ ہمیں جواب دیتے ہیں اسی سختی اور رعب سے اس کی تعمیر کرائیں گے ۔

وزیر زراعت ۔ جناب انہوں نے جو دس سال کا فرمایا ہے اس کے متعلق عرض ہے کہ ہم نے ان کی توجہ اس طرف منعطف کی ہے کہ دس سال سے نہ یہ ہماری تحویل میں ہے اور نہ ہم نے اسے نیلام کیا تھا اور نہ اسے بنانے کی ذمہ داری ہم پر تھی ۔ سمجھئے تو یہ محکمہ سنبھالے صرف دس گیارہ ماہ کا عرصہ ہوا ہے۔ گورنمنٹ کو بار بار reminder بھیجے گئے مگر اس پر کوئی عمل نہ ہوا ۔ اب ہم نے حال ہی میں محض خدمت خلق کے جذبہ کے تحت اپنے اوپر یہ ذمہ داری لے لی ہے اور ہم نے اس وقت کئی لاکھ روپے کی investment بھی کر دی ہے ۔ جتنی سہولتیں بقایا ہیں ہم ان کی زیادہ سے زیادہ گنجائش رکھ کے تکمیل کریں گے ۔

خان محمد یوسف خان ۔ حمزہ صاحب نے فرمایا ہے کہ جناب وزیر زراعت نے بڑے رعب سے کہا ہے ۔ مگر وزیر صاحب نے اس کی تردید نہیں فرمائی۔ کیا آپ مانتے ہیں کہ آپ نے رعب سے فرمایا ہے ۔

وزیر زراعت ۔ میں تو بہت ہی پیار اور انکساری سے جواب عرض کرتا ہوں ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی۔ وزیرموصوف نے فرمایا تھا کہ دو سال کے اندر یہ سہولتیں مہیا کی جائیں گی ۔

چودھری محمد نواز ۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ انہوں نے یہ خدمت خلق کے جذبہ کے تحت کیا تھا ۔ میں سمجھا تھا شاید انہوں نے مخدوم ہونے کی وجہ سے کیا تھا ۔

وزیر زراعت ۔ یہ بنیادی جذبہ انسانی کے تحت کیا گیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر زراعت نے یہ فرمایا ہے کہ انہیں قلمدان وزارت سنبھالے ہوئے ابھی دس گیارہ ماہ ہوئے ہیں ۔ آپ کے محکمہ نے آپ کے وزیر بننے سے پہلے اگر کوئی ذمہ داری لی ہو تو کیا آپ اسے کوئی اہمیت نہیں دیتے ۔

OPENING OF A MEDICAL COLLEGE FOR GIRLS AT HYDERABAD

*3426. **Rais Atta Muhammad Khan Mari Baloch :** Will the Minister of Health, be pleased to state whether there is any scheme to open a Medical College for Girls at Hyderabad ; if so, the approximate time by which said College is likely to be opened ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : No, there is no such scheme at present under consideration to open a Medical College for Girls at Hyderabad.

حاجی سردار عطا محمد ۔ آپ نے جواب دیا ہے کہ اس وقت نہیں ۔ کیا بعد میں کوئی ایسی سکیم ہے ؟

MEDICAL COLLEGE FOR GIRLS IN THE PROVINCE

*3427. **Rais Atta Muhammad Khan Mari Baloch** : Will the Minister of Health, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is only one Medical College for Girls in the Province ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to open more medical colleges for girls in the Province ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Yes. (*b*) No.

سید عنایت علی شاہ ۔ جو لڑکیاں یہاں سے فارغ التحصیل ہوئی ہیں ۔ کیا حکومت مطمئن ہے کہ ان سے صوبہ کی ضرورت پوری ہو جاتی ہے ؟

وزیر صحت (خان محمد علی خاں) ۔ جہاں تک عورت ڈاکٹروں کا سوال ہے ۔ فاطمہ جناح کالج سے ہر سال کافی لڑکیاں پاس ہو جاتی ہیں ۔ فی الحال اس کالج میں ۸۵ لڑکیوں کو لیا جاتا ہے ۔ ۸۰ لوکل اور ۵ foreign لیکن یہ گنجائش ۱۲۵ تک بڑھائی جا سکتی ہے ۔ لڑکیوں کے لئے ۱۰ فیصد سیٹیں دوسرے میڈیکل کالجوں میں بھی مخصوص ہیں ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ کیا جناب وزیر صحت یہ فرمائینگے کہ خواتین کی علیحدہ یونیورسٹی کے مطالبہ کے پیش نظر یہ صورت حال مناسب ہے کہ لڑکوں کے کالج میں لڑکیاں داخلہ لیں ۔

وزیر صحت ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے فاطمہ جناح میڈیکل کالج میں ۸۵ سیٹیں موجود ہیں اور ان سیٹوں کو ۱۲۵ تک بڑھایا جا سکتا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ ۸۵ لڑکیوں کے لئے داخلہ کی گنجائش ہے جسے باآسانی ۱۲۵ تک بڑہایا جا سکتا ہے ۔یہ باآسانی آپ کتنے عرصہ میں لے جائینگے ۔

وزیر صحت ۔ جب ضرورت پڑے گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا آپ کو ابھی ضرورت کا احساس نہیں ہوا ۔ کیا داخلے کے لئے جتنی درخواستیں آتی ہیں ۔ ان سب کو جگہ مل جاتی ہے کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ اس سال کتنی لڑکیوں نے وہاں داخلے کے لئے درخواستیں دی تھیں ۔ کیا یہ درست ہے کہ جتنی وہاں سیٹیں ہیں اس سے بہت زیادہ لڑکیوں نے درخواستیں دی تھیں ؟

وزیر صحت ۔ جتنی لڑکیوں نے درخواستیں دی تھیں اس میں سے جتنی فرسٹ کلاس اور سیکنڈ کلاس تھیں ان کو وہاں داخلہ مل گیا تھا ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ سارے صوبہ کی مردم شماری پانچ کروڑ ہے اس میں سے لڑکیاں ڈھائی کروڑ ہیں تو ڈھائی کروڑ لڑکیوں کے لئے ۱۲۵ سیٹیں رکھی ہیں کیا یہ کافی ہیں ۔

وزیر صحت ۔ انہیں کس نے بتایا ہے کہ ڈھائی کروڑ لڑکیاں ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب آپکا کہنا ہے کہ جتنی فرسٹ کلاس اور سیکنڈ کلاس لڑکیوں نے وہاں درخواستیں دی تھیں انہیں داخلہ مل جاتا ہے ۔

وزیر صحت ۔ ۸۵ سیٹیں فاطمہ جناح میڈیکل کالج میں ہیں اور دس فیصد دوسرے میڈیکل کالجوں میں رکھی ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا فاطمہ جناح میڈیکل کالج میں کسی فرسٹ یا سیکنڈ کلاس کو reject نہیں کیا جاتا ؟

مسٹر حمزہ ۔ کیا یہ درست ہے کہ پچھلے سال داخلہ کے وقت جن سیکنڈ ڈویژن لڑکیوں نے وہاں درخواستیں دی تھیں انہیں داخلہ نہیں ملا ؟

وزیر صحت ۔ یہ سیٹیں ۱۲۵ تک بڑھائی جا سکتی ہیں ۔ یہ حکومت کے زیر غور ہے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ کیا ملکی ضروریات کے لحاظ سے آپ کا فرض نہیں کہ آپ تھرڈ ڈویژن والی لڑکیوں کے cases بھی زیر غور رکھیں ۔

وزیر صحت ۔ انکے لئے ایک اور سکیم زیر غور ہے پہلے جو L-S-M-F کلاسسز ہوتی ہیں انہیں دوبارہ جاری کرنے کی سکیم زیر غور ہے جن لوگوں کو میڈیکل کالجوں میں داخلہ نہیں ملیگا وہ ان سکولوں میں داخلہ لیں گے اور جنہیں ہم Rural Health Officers کہیں گے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ کیا آپ لڑکیوں کے لئے نیا میڈیکل کالج نہیں بنائیں گے ؟

Minister of Health : I require fresh notice for that.

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ ۔ کیا یہ درست ہے کہ جتنی لڑکیاں ڈاکٹر بنتی ہیں ان میں سے بہت سی شادی ہو جانے کے بعد یہ پیشہ چھوڑ دیتی ہیں کیا اس سے قوم کا نقصان نہیں ہوتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کے لئے نیا نوٹس چاہیے ۔

CIVIL HOSPITALS AND DISPENSARIES, ETC., IN MAHAL KOHISTAN IN DADU DISTRICT

*3431. **Raís Atta Muhammad Khan Mari Baloch** : Will the Minister of Health be pleased to state, the number of Civil Hospitals, Dispensaries, Rural Health Centres and Sub-Health Centres functioning in the area of Mahal Kohistan in Dadu District ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ تھانو بلا خان کے مقام پر ایک اسسٹنٹ افسر کی زیرنگرانی ایک ڈسپنسری ہے ۔

Here is additional information for the member :—

"The population of Mahal Kohistan (in Dadu Distt) is approximately 30,000. There are five Union Councils in Mahal Kohistan ; one of which has its headquarter at Thanu Bula Khan. A District Council Dispensary in charge of an AMO is located at Thanu Bula Khan. There is no Rural Health Centre/MCH Centre/Sub Health Centre in the said area. The Government proposes to establish modified Health Centres at each Union Council and Mahal Kohistan will get its due share out of the 3rd Plan. It is expected that all the Union Councils will be given such Centres by the end of 4th Plan subject to the Government allocating adequate funds for the Rural Health Programme in the 4th Plan. There is no big population centre in this Mahal to justify the establishment of a Primary Health Centre."

حاجی سردار عطا محمد ۔ آپنے انگریزی میں جو جواب دیا ہے وہ تو بہت لمبا ہے مگر اردو میں ہمارے پاس جو جواب ہے اس میں صرف یہ لکھا ہے کہ ایک ڈسپنسری وہاں کام کر رہی ہے ۔

وزیر صحت (خان محمد علی خان)۔ محال کوھستان کی آبادی ۳۰ ہزار کے قریب ھے ۔ ہم ایک ہسپتال اسی ہزار یا ایک لاکھ کی آبادی تک دیتے ہیں۔ تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں زیادہ طبی سہولتیں دینے کا پروگرام ہے اس کے مطابق ہر ایک یونین کونسل کو ایک ڈسپنسری یا ہیلتھ سنٹر مل جائے گا ۔

WARD ATTENDANTS OF CIVIL HOSPITAL, KARACHI.

*3434. **Mr. Mahmood Azam Farooqi :** Will the Minister of Health be pleased to state whether it is a fact that Sain Muhammad Usman, Akbar and Umar Qureshi, Ward Attendants of Civil Hospital Karachi are made to work as Telephone Operators in the said Hospital, if so, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ (سردار محمد اشرف خان) ۔ وارڈ بوائے محمد عثمان سول ہسپتال کراچی میں بطور ٹیلیفون آپریٹر کام کر رہا ھے ۔ ٹیلیفون آپریٹروں کی قلت کی وجہ سے اس وارڈ بوائے کو عارضی طور پر اس کام پر لگایا گیا ہے جب تک کہ ٹیلیفون آپریٹروں کی مزید آسامیاں منظور نہیں ہو جاتیں ۔

یہ امر واقعہ نہیں ہے کہ وارڈ بوائے اکبر بطور ٹیلیفون آپریٹر کام کر رہا ہے وہ بطور ایک خدمتگار کام کر رہا ھے ۔

عمر قریشی نام کا کوئی شخص سول ہسپتال کراچی کی ٹیلیفون ایکسچینج میں کام نہیں کر رہا ھے ۔

NEGLIGENCE SHOWN BY STAFF OF CIVIL HOSPITAL, KARACHI.

*3435. **Mr. Mahmood Azam Farooqi** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that some time in the month of June, 1966 one Mr. Ghulam Nabi was admitted in the Civil Hospital, Karachi as an indoor patient and subsequently without being cured of his ailment he was discharged from the said Hospital ;

(*b*) whether it is a fact that the sick patient was thrown on the foot-path from where he was picked up by the Local Police and a case was registered ;

(*c*) if the answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, the action taken or intended to be taken by Government against the medical officials responsible for the said inhuman act ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) No patient by the name of Ghulam Nabi was admitted in this Hospital. There was however, a patient by the name of Muhammad Nabi whose particulars are as follows :—

(1) Age ... 45 years.

(2) Address ... Drigh Road, 21-A Hajirabad, Begum Qayyum ... Colony, Karachi.

(3) Disease .. Corpulmonale.

(4) He was admitted on 5th February 1966 in Cardiac Ward at Bed No. 1 under treatment of Professor A. R. Piracha, Honorary Professor of Cardiology and he left the hospital against medical advice on 29th May 1966.

(*b*) No.

(*c*) Question does not arise.

SELECTION OF UNQUALIFIED DISPENSER IN FAMILY PLANNING DEPARTMENT

*3446. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Khurshid Bano daughter of Imtiaz Ali of Jhang, Saddar a qualified matriculate dispenser applied for post of Medical Attendant in Family Planning Department, Jhang ;

(*b*) whether it is also a fact that application of the said candidate was rejected and an unqualified candidate was selected for the said post ; if so, reasons therefor ;

(*c*) whether it is also a fact that the said Khurshid Bano complained about the said injustice, to the Chairman, Family Planning, Jhang ; if so, when was the said complaint made and the action taken thereon ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) No. Khurshid Bano only submitted a complaint to the Chairman, District Family Planning Board in December, 1965, about four months after the appointment of Miss. Parveen Akhtar to the said post.

(b) No, the candidate appointed is not unqualified. She is a matriculate which is the educational qualification prescribed for the post under the Family Planning Scheme.

(c) She complained to the Chairman, District Family Planning Board on 2. 12. 1965, but the complaint was rejected as Miss Parveen Akhtar possessed the prescribed qualifications and was performing her duties satisfactorily since 18. 8. 1965.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب مجھے بتائیں گے کہ آیا خورشید بانو نے اس وقت جب پہلے پہل آسامی پر کی جانی تھی دوسرے امیدواروں کے ساتھ درخواست دی تھی ؟

وزیر صحت (خان محمد علی خان) ۔ ایسا نہیں تھا ۔ اس نے ۴ ماہ کے بعد درخواست دی تھی اور یہ ایک درخواست کی شکل میں نہ تھی بلکہ ایک representation لکھ کر دی تھی کہ میں زیادہ qualified ہوں ۔ مجھ سے کم qualification رکھنے والی لڑکی رکھی گئی ہے ۔ اس آسامی کیلئے جو تعلیمی قابلیت مقرر کی گئی تھی وہ لڑکی اسکو پورا کرتی تھی ۔ وہ لڑکی میٹریکیولیٹ بھی ہے اور اسکا کام بھی تسلی بخش ہے اس لئے اسکو رکھ لیا گیا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ وزیر صحت صاحب کے جواب میں تضاد ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ۴ ماہ بعد اس لڑکی نے representation کی کہ مجھ سے کم qualified لڑکی کو ملازم رکھا گیا ہے ۔ اس کے representation کرنے سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اس وقت دونوں نے درخواستیں دی تھیں . . . .

Mr. Speaker : He has already replied to that question.

SALE OF FORESTS IN DISTRICT HAZARA

*3486. **Khan Malang Khan :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a separate procedure i.e. other than that prevalent in other regions of the Province has been adopted for sale of privately owned forests in the merged area of District Hazara ;

(*b*) whether it is a fact that Settlement is still to be conducted to determine the rights of ownerships of land and forests in the merged area of District Hazara and at present no records are available to show the ownership of forests ;

(*c*) whether it is also a fact that prior to the sale of forests it is necessary to demarcate forests and prepare working plan for the sale ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative the policy of Government for the sale of forests in the merged areas of District Hazara?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا) : (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں

(ج) جی ہاں

(د) وزارت داخلہ نے ضلع ہزارہ کے شمولہ علاقے کی سیٹلمنٹ اور نشان مکمل ہونے تک وہاں کے درختوں کو فروخت کرنے کا طریق کار وضع کیا ہے ۔ اس کے تحت مالکانہ حقوق کے طالب جو درخت فروخت کرنا چاہیں ڈپٹی کمشنر ہزارہ کو درخواستیں دیتے ہیں ۔ اس پر ڈپٹی کمشنر مالک ، متوقع خریدار ، پولیٹیکل افسر اور فارسٹ افسر پر مشتمل ایک جرگہ بلاتا ہے ۔ یہ جرگہ مالکانہ حقوق کے ساتھ ہی ساتھ درختوں کی فروخت کا بھی فیصلہ کرتا ہے ۔ محکمہ جنگلات درختوں کی کٹائی کے بارے میں جرگے کو مشورے دیتا ہے ۔ اگر جرگہ درختوں کی فروخت منظور کرے تو ان پر نشانات لگائے جاتے ہیں اور محکمہ جنگلات کے افسران کی نگرانی میں ان کی کٹائی ہوتی ہے ۔ مالک کو درختوں کی حفاظت کی ضمانت دینی ہوتی ہے ۔ سیٹلمنٹ مکمل ہونے تک پولیٹیکل حکام درخواست دھندہ کے قبضہ اور علاقی رواج کو مد نظر رکھتے ہوئے مالکانہ حقوق کا فیصلہ کرتے رہیں گے ۔

خان ملنگ خان ۔ جناب والا ۔ سوال کے حصہ "سی" کے جواب میں فرمایا گیا ہے "جی ہاں" میں نے جو سوال کیا تھا وہ یہ ہے کہ :

> "Whether it is also a fact that prior to the sale of forests it is necessary to demarcate the forest and prepare working plan for the same .....

میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ جب وہاں ورکنگ پلان نہیں ہے demarcation نہیں ہوئی ہے چونکہ عام قاعدہ یہ ہے کہ مغربی پاکستان میں جنگلات کی فروخت یا درختوں کی فروخت ورکنگ پلان کے تحت کی جاتی ہے تو بغیر ورکنگ پلان کے درختوں کو کیوں فروخت کیا جاتا ہے ؟

وزیر زراعت (مخدوم حمید الدین) ۔ جناب سپیکر ۔ یہ صحیح ہے کہ ورکنگ پلان بنایا جاتا ہے جو long range ہوتا ہے اور اس میں re-plantation کو بھی پیش نظر رکھا جاتا ہے merged area کے متعلق آپ کو معلوم ہے کہ وہاں خصوصی حالات ہیں ۔ وہ ابھی تک باقی ملک کے ساتھ at par نہیں ہیں البتہ کوشش کی جا رہی ہے کہ ان کو بھی at par لایا جائے ۔ جیسا کہ واضح ہے حقیقت یہ ہے کہ وہاں ابھی تک سیٹلمنٹ نہیں ہوئی ہے وہاں ابھی سیٹلمنٹ ہو رہی ہے ۔ یہ تو وہاں ہے لوگوں کی پولیٹیکل nature اور ان کی ضروریات کے پیش نظر حکومت بعض اوقات اس بات کا فیصلہ کر لیتی ہے کہ اگر کوئی خاص ضرورت ہو یا اس سلسلہ میں اجازت دینی مطلوب ہو تو پھر اس قسم کا پروسیجر adopt کر لیتی ہے ۔ وہاں کے جرگہ یا وہاں کے important آدمیوں کو بلا کر کوشش کی جاتی ہے کہ اگر right establish ہو سکے تو پھر درختوں کے کاٹنے کی اجازت دی جا سکتی ہے ۔ اور اگر کوئی دشواری ہو جائے کہ

right determine نہیں ہو سکتا ہے تو اس کی اجازت نہیں دی جاتی ۔ بہر حال یہ جتنا تھوڑا بہت departure from the accepted practice ہوا ہے یہ اس علاقے کے خصوصی اور سیاسی حالات اور ضرورت کے پیش نظر اس کو کچھ allow کر دیا جاتا ہے ۔

خان ملنگ خان ۔ جناب والا ۔ وزیر موصوف نے فرمایا ہے کہ وہاں کے خصوصی حالات کے پیش نظر ایسا کیا جاتا ہے ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہاں صرف محکمہ جنگلات کے لئے جنگل فروخت کرنے کے سلسلہ میں خصوصی حالات ہیں اور ان کے لئے خصوصی قانون بنایا جاتا ہے باقی محکموں کے لئے کوئی ضرورت نہیں ہوتی ہے ۔

وزیر زراعت ۔ جناب والا ۔ ہماری طرف سے ایک authorisation بھی ابھی نہیں ہوئی ۔ البتہ دریافت کرنے پر ہمیں معلوم ہوا ہے کہ ہوم ڈیپارٹمنٹ نے اس علاقے کے ڈپٹی کمشنر اور پولیٹیکل ایجنٹ کو ایک سرکلر بھیجا ہے جس میں ان کو اس حد تک اجازت دی ہے ۔ ہم اپنے اصول اور قانون پر اس حد تک پابند ہیں کہ ورکنگ پلان کے بغیر ہم درخت نہیں کاٹا کرتے ہیں ۔

خان ملنگ خان ۔ جناب والا ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ہوم ڈیپارٹمنٹ نے میرے ایک سوال کے جواب میں فرمایا ہے کہ وہاں چونکہ سیٹلمنٹ نہیں ہوئی ہے اس لئے یہ compensation دی ہے ۔ اس کے متعلق فیصلہ نہیں کیا جا سکتا کہ compensation کس کو دی جائے کیونکہ ابھی تک وہاں سیٹلمنٹ نہیں ہوئی ہے ۔ ہوم ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے

اس سیشن میں مجھے جواب ملا ہے اور آپ فرماتے ہیں کہ ہوم ڈیپارٹمنٹ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہاں بغیر سیٹلمنٹ کے اور بغیر right تعین ہونے کے جنگلات فروخت کئے جا رہے ہیں ۔

وزیر زراعت ۔ جناب والا ۔ ہمارے پاس اس قسم کی کوئی اطلاع نہیں ہے ۔ میں اس وقت یہ عرض کروں گا کہ نہ ہم درخت کاٹ رہے ہیں اور نہ ہم نے کسی کو authorise کیا ہے ۔ میں نے پھر کہا ہے کہ شاید ان کو facilitate کیا جا سکے جو ہمیں اطلاع موصول ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ ہوم ڈیپارٹمنٹ نے اس قسم کا کوئی سرکار بھیجا ہے ۔

خان ملنگ خان ۔ کیا میں وزیر موصوف سے پوچھ سکتا ہوں کہ ان کا جو جواب ہے وہ یہ ہے کہ اس پر ڈپٹی کمشنر مالک اور متوقع خریدار ۔ پولیٹیکل آفیسر اور فارسٹ آفیسر پر مشمل ایک جرگہ بلاتا ہے یعنی ڈپٹی کمشنر مالک اور متوقع خریدار اور پولیٹیکل آفیسر وغیرہ کو بلاتا ہے تو میں ان سے پوچھتا ہوں کہ اس علاقے میں پولیٹیکل آفیسر کون ہے ۔ اس کا نام کیا ہے؟ اس کا وجود کیا ہے ؟ اور اس کا عہدہ کیا ہے ؟ ہمیں تو معلوم نہیں کہ وہاں کوئی پولیٹیکل آفیسر ہے ۔ آپ نے اپنے جواب میں کہا ہے کہ پولیٹیکل آفیسر اس جگہ پر ہو گا ۔ فارسٹ آفیسر بھی ہے اور وہاں ہر جرگہ پولیٹیکل آفیسر اور فارسٹ آفیسر پر مشتمل ہوتا ہے ۔

خان منگ خان ۔ اگر آپ اس جواب سے مطمئن ہیں تو میں سمجھتا ہوں میں بھی مطمئن ہوں ۔ لیکن یہ جواب جو انہوں نے دیا ہے یہ غلط ہے اور غیر تسلی بخش ہے ۔ وہاں کوئی پولیٹیکل آفیسر نہیں ہے ۔ پولیٹیکل آفیسر وہ ہوتا ہے جو ٹرائیبل ایریا کے لئے مقرر کیا جاتا ہے لیکن وہ علاقہ merge ہو چکا ہے اور وہاں پر کوئی پولیٹیکل آفیسر نہیں ہے ۔ صرف وہاں ڈپٹی کمشنر ہوتا ہے ۔ ڈپٹی کمشنر جو جرگہ بلاتا ہے وہ جرگہ قومی ہوتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ شاید رولز کا پرانا حوالہ ہو ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ یہ جرگہ کس ایکٹ کے تحت ہوتا ہے ۔

وزیر زراعت ۔ یہ مجھے معلوم نہیں ہے کہ یہ کس ایکٹ کے تحت ہوتا ہے ۔ اس کے لئے نیا سوال چاہئے ۔

Mr. Speaker : The Question Hour is over.

SHORT NOTICE QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : We will now take up the Short Notice Questions. The first question is from Chaudhri Muhammad Nawaz. This question was deferred for today and so he need not read the question.

ALLOTMENT OF RESIDENCES IN G.O.R. II AND G.O.R. III

***2754. Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state :—

(a) (i) category-wise accommodation available in G.O.R. II and III at Lahore ; (ii) class of officers entitled thereto : (iii) names and designations of officers on the waiting list for allotment of each category of accommodation there as on 21st May, 1966, along with the date of enrolment of each officer on the said waiting list ;

(b) whether any other officer mentioned in the lists stated in (a) above was transferred out of Lahore after his enrolment on the said waiting list ; if so, reasons for continuing his name on the said waiting lists ;

(c) whether any of the officers on the said waiting lists have applied for the requisitioning of residential accommodations for them in case no accommodation in G.O.R. II or G.O.R. III was available ;

(d) if answers to (c) above be in the negative, whether Government would consider the advisibility of providing accommodation to such officers by requisitioning private houses ?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din) : (a) (i) Category-wise accommodation available in GOR II and GOR III is as under : –

GOR II	S-Type houses	4 Numbers.
,,	(B type) houses	47 ,,
,,	C-Type houses	24 ,,
GOR III	B-Type houses	15 ,,
,,	C-Type houses	38 ,,
,,	C-I Type houses	8 ,,
,,	Bachelor Flats	17 ,,

(ii) Officers drawing pay Rs. 2000/- and above are entitled to "S" Type houses, those drawing between Rs. 1250/- to 1999/- are entitled

for "B" Type and those drawing between Rs. 750/- to 1249/- are eligible for "C" Type houses. C-I Type and Bachelor Flats are meant for Officers drawing pay less than Rs. 750/-.

(iii) Lists attached, Annexures A,B. & C.*

(b) The lists now furnished do not include the names of those Officers who have either been transferred out of Lahore permanently, or retired or are dead, or have since been accommodated.

(c) Yes.

(d) Question does not arise.

چودھری محمد نواز ۔ جیسا کہ انہوں نے جواب میں فرمایا ہے ۔ اور ان کی فراہم کردہ نئی فہرست کے مطابق کچھ صاحبان ریٹائر ہو چکے ہیں کچھ تبدیل ہو چکے ہیں یا فوت ہو چکے ہیں تو میں ان سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ جولائی ۶۵ء میں جو ایک فہرست دی گئی تھی اس میں کچھ نام تھے اور اب جو فہرست دی گئی ہے اور اس میں جو نام دئیے گئے ہیں اس میں وہ نام درج نہیں ہیں حالانکہ اس وقت وہ لاہور سیکرٹریٹ میں موجود ہیں ریٹائر بھی نہیں ہوئے اور ان کا کہیں تبادلہ بھی نہیں ہوا ۔ مثلاً نمبر ۲۹ پر محمد سلیم صاحب S.O. ہیں محکمہ C. & W. کے اور اس کے بعد صغیرالدین S O. ہیں فنانس ڈیپارٹمنٹ کے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ چودھری صاحب آپ کس فہرست کا حوالہ دے رہے ہیں ۔

چودھری محمد نواز ۔ میں نے جو سوال پچھلی مرتبہ دیا تھا میں نے اس وقت ان سے پوچھا تھا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

*Please see Appendix II at the end.

مسٹر سپیکر ۔ میں آپ کا ضمنی سوال سمجھ گیا ہوں ۔ لیکن آپ یہ بتائیے کہ اب آپ کونسی فہرست کا حوالہ دے رہے ہیں ؟

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا۔ ۶۵ء کی فہرست کا حوالہ دے رہا ہوں آپ اس کا annexure 'A' ملاحظہ فرمائیں ۔ پرانی فہرست میں نمبر ۲۹ ، ۳۱ ، ۳۳ ، ۳۵ ، ۳۶ ، ۳۸ - - - -

مسٹر سپیکر ۔ سب کا جواب تو نہیں مل سکے گا ۔ آپ ایک وقت میں ایک ہی نمبر کے متعلق پوچھیں ۔

چودھری محمد نواز ۔ آپ نمبر ۲۹ پر نام ملاحظہ فرمائیں ۔ یہ ہے محمد سلیم صاحب ۔

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب آپ نے جو پرانی فہرست ان کو مہیا کی تھی ۔ اس میں نمبر ۲۹ پر محمد سلیم صاحب کا نام تھا ۔ لیکن موجودہ فہرست میں ان کا نام نہیں ہے ۔ کیا وہ تبدیل ہو چکے ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہاں پر میرے پاس اس فہرست میں نمبر ۲۹ پر ڈاکٹر ریاض الحق کا نام ہے ۔ کیا وہ اسکے متعلق پوچھنا چاہتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ نمبر ۲۹ پر محمد سلیم کا نام ہے ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ ایک تو ہے ۔ ساڑھے سات سو سے چودہ سو ننانوے تک تنخواہ پانے والوں کے نام ہیں - - - - -

مسٹر سپیکر ۔ پہلی فہرست کا annexure 'A' ملاحظہ کریں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ یہ جو فہرست ہے۔ اس میں ایک تو ان لوگوں کے نام ہیں جن کا گریڈ ۱۴۹۹-۵۰۷ روپے تک ہے

مسٹر سپیکر ۔ آپ کا annexur 'A' جو ہے ۔ وہ ساڑھے سات سو روپے تنخواہ پانے والوں کے متعلق ہے ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ آپ نے جو فہرست دی ہے آپ اس کا serial نمبر ۲۹ ملاحظہ فرمائیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یکم جنوری ۶۴ء کی فہرست ۔

چودھری محمد نواز ۔ جی ہاں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ محمد سلیم S.O. ہیں ۔ C. & W. کے ۔

Mr. Speaker : Yes.

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ چونکہ ان کا اپنا مکان ہے ۔ اس لئے ان کا نام نہیں لکھا گیا ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ کیا انہوں نے اس کے متعلق آپ کو اطلاع دی تھی ۔ کہ ان کا اپنا مکان ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ انہوں نے تو اطلاع نہیں دی تھی ۔ لیکن ہمیں پتہ تھا ۔ کہ ان کا اپنا مکان ہے ۔ اور ان کو نہیں دیا جا سکتا ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ اگر میں یہ عرض کروں کہ بہت سے ایسے افسر ہیں ۔ کہ جن کے اپنے مکان ہیں اور انہوں نے وہ کرائے پر چڑھا رکھے ہیں ۔ اور وہ خود گورنمنٹ کے بنگلوں میں رہتے ہیں ۔ تو پھر ان کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری - باقی لوگوں کے متعلق تو میں عرض نہیں کرسکتا ان کے متعلق مجھے علم ہے کہ ان کا اپنا مکان ہے اور اسی لئے ان کو نہیں مل سکا ہے -

مسٹر سپیکر- میرا خیال ہے کہ وہ یہ پوچھنا چاہتے ہیں - کہ اگر آپکو ایسے افسروں کی تفاصیل دے دی جائے - تو کیا آپ ان کے خلاف کارروائی کریں گے-

پارلیمنٹری سیکرٹری - اس کے متعلق نوٹس دے دیں تو اس کے بعد میں عرض کرسکونگا - اور اس سے آگے ہے - - - ایس صغیرالدین ایس - او - - -

مسٹر سپیکر - میاں صاحب - جب آپ نے اس فہرست سے ایک ایسے افسر کو خارج کیا ہے کہ اس کا اپنا مکان ہے تو پھر آپ کو تو یہ معلوم ہے کہ آپ کے محکمے کی یہ پالیسی ہے کہ جس افسر کا اپنا مکان ہو اس کو اس فہرست میں نہیں رکھا جاتا یا اس کو مکان نہیں دیا جاتا -

پارلیمنٹری سیکرٹری - یہ تو درست ہے لیکن میں اس کے متعلق بالوضاحت عرض نہیں کر سکتا - لیکن میں پھر یہ عرض کرونگا کہ ہمیں یہ پتہ تھا کہ اس کا اپنا مکان تھا کیونکہ جب اس سے پوچھا گیا تھا تو اس نے کہا تھا کہ میں اپنے مکان میں رہ رہا ہوں -

مسٹر سپیکر - در اصل آپ نے اس اصول پر اس کا نام خارج کیا تھا -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جی ہاں - جب اس سے پوچھا گیا تو اس نے کہا تھا کہ میں اپنے مکان میں رہ رہا ہوں - تو مجھے مکان کی ضرورت نہیں ہے -

مسٹر سپیکر ۔ تو آپ کی یہ پالیسی ہے کہ جس افسر کے پاس اپنا مکان ہو تو اس کو option دی جاتی ہے ۔ کہ خواہ وہ اپنے مکان میں رہے یا سرکاری مکان میں رہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جی ہاں ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا۔ جن افسروں نے اپنی بیویوں یا بچوں کے نام پر مکانات بنائے ہوئے ہیں ۔ اور وہ پانچ پانچ چھ چھ ہزار روپے ماہوار پر کرائے چڑھاتے ہیں ۔ ان کی کیا صورت ہے ۔ کیا ان کو بھی آپ option دیتے ہیں یا ان کے لئے بھی ضروری ہے کہ انہوں نے جو مکان بنایا ہوا ہے یا تو وہ اس میں رہیں ورنہ اس مکان کا کرایہ حکومت کو دے دیں ۔ بجائے اس کے کہ وہ مکانات کو تو foreigners کو کرایے پر دیں اور خود ساڑھے سات فی صدی یا وہ اپنے مکان میں رہیں اور یا جو مکان انہوں نے بنایا ہے اس کا کرائہ حکومت کو دیں۔تنخواہ کا کرایہ دے کر سرکاری مکانات میں کم از کم کرایہ دے کر رہیں اور اس طرح دھرے دھرے فوائد حاصل کریں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ میں ان کا سوال سمجھ نہیں سکا ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ یہ دریافت کرنا چاہتے ہیں ۔ کہ جو سرکاری ملازمین ایسے ہیں کہ جنہوں نے اپنی بیوی یا بچوں کے نام پر مکان بنائے ہوں ۔ اور ان کے نام پر مکان موجود ہے تو ان کے متعلق آپ کی پالیسی کیا ہے کیا آپ ان کو بھی یہ option دیتے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ اسکے متعلق نوٹس دیں ۔

Mr. Ahmedmian Soomro : Let me remind him that it is not so. He may verify it from his Department. Those who have their own houses

are not allowed to stay in Government houses. They are provided with Government accommodation only if it is proved that the house owned by an Officer is not upto the required standard of the officer-concerned. It is under special circumstances only that such officer is allowed to stay in Government accommodation.

Mr. Speaker : This information can be said to be authentic if it comes from the Parliamentary Secretary or the Minister.

Mr. Ahmedmian Soomro : I am only requesting him to verify from the Department and to find out whether he is correct or I am correct.

Khan Muhammad Yusuf : May the House presume that the Parliamentary Secretary does not know what his Department's policy is ?

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ یہ ایسے نہیں ہے ۔ جو کچھ میں نے عرض کیا ہے وہ تو جو کچھ مجھے محکمے نے اطلاع دی ہے وہ میں نے بتا دی ہے ۔ جو کچھ میں نے عرض کیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ چونکہ اس کا اپنا مکان تھا ۔ اس لئے اس سے پوچھا گیا تھا ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ یہ دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ کیا وہ یہ سمجھیں کہ آپ کو اپنے محکمے کی پالیسی کے متعلق علم نہیں ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے ۔ جو کچھ مجھ سے پوچھا جاتا ہے ۔ میں اس کے متعلق اطلاع دے دیتا ہوں ۔

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ جہاں تک residences کا تعلق ہے جن افسروں کے پاس اپنی residences ہیں ۔ ہم ان کو as a policy گورنمنٹ کی طرف سے local accommodation نہیں دیتے ہیں۔ لیکن اگر کوئی افسر گورنمنٹ accommodation لینے پر مصر ہو ۔ کہ اسے ضرور

دیا جائے ۔ اور اسکی اپنی personal residence ہو۔ تو اس کو اس سے جو کرایہ ملتا ہے ۔ وہ گورنمنٹ کو surrender کرنا پڑتا ہے ۔ اس لیے جو بھی مکان اس کے پاس پہلے ہو تو گورنمنٹ as a policy اس کو نہیں دیتی ہے ۔ جب تک وہ اپنے پہلے مکان کا benefit گورنمنٹ کو نہ دے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جن افسروں کے اپنے مکان بنے ہوئے ہیں یا ہاؤسنگ سوسائٹیز میں ان کے مکانات ہیں انہوں نے foreigners کو کرایہ پر دئے ہوئے ہیں ۔ بعض نے تو اشتہار بھی دیا ہے کہ ۴ ہزار روپیہ ماہوار پر مکان خالی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ جی او آر کے متعلق سوال پوچھیں ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ یہ بھی اس ہی ضمن میں آتے ہیں ۔

Mr. Speaker : But the Member should ask a question about G.D.R. The question is very specific and it is not about other colonies.

میجر محمد اسلم جان ۔ very well, Sir تو ان افسروں کو جن کے اپنے مکان ہیں کیا آپ نوٹس دیں گے کہ وہ اپنے مکان میں جائیں یا اپنے مکان کا کرایہ surrender کریں ۔

وزیر مواصلات ۔ ایسا کوئی خاص افسر نہیں جس نے اپنا ذاتی مکان کرایہ پر دیا ہو ۔ اگر کوئی ایسا ہے اور اس کے پاس سرکاری مکان ہے تو اسے جتنا زیادہ benefit ہوتا ہے وہ گورنمنٹ کو واپس کر رہا ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ جو نام باقی رہ گئے ہیں پارلیمنٹری سیکرٹری کا ان کے متعلق کیا ارشاد ہے ؟

سپیکر ۔ اور کونسا نمبر ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ نمبر ۲۹ اور ۳۱ ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ ان کا مکان پونچھ ھاؤس میں ہے ۔

Mr. Speaker : What is the position about Mr. Saghir-ud-Din ?

کیا ان کو مکان مل چکا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جی ھاں ۔

چودھری محمد نواز ۔ اگر ان کو مکان وھاں نہ ملا ہو تو پھر آپ کا کیا ارشاد ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہ اطلاع مجھے محکمہ کی طرف سے ملی ہے ۔ اگر اس میں کسی قسم کا شک ہو تو میں پتہ کرکے بتا دوں گا ۔

چودھری محمد نواز ۔ آگے نمبر ۳۳ ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہ ٹرانسفر ہو چکا ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ اور ۳۸ کے متعلق آپ کیا فرماتے ہیں ۔

Mr. Speaker : He is the Deputy Secretary of our Assembly Department.

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ ان کو requisition کرکے مکان دیا گیا ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ کیا وہ اس میں رہ رہے ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جی ہاں ۔

چودھری محمد نواز ۔ اس کے بعد نمبر ۵۴ اور نمبر ۵۶ ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ نمبر ۵۴ ۔ ان کو بھی مکان requisition کرکے دیا گیا ہے ۔ نمبر ۵۶ ۔ ان کا اپنا مکان ہے وہ اس میں رہتے ہیں ۔

چودھری محمد نواز ۔ نمبر ۵۲ کے متعلق کیا ارشاد ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ ان کو requistion کر کے مکان دیا گیا ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ پھر نمبر ۵۶ ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ ان کو پونچھ ہاؤس میں مکان دیا گیا ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ کیا ان کو category یعنی pay اور service کا خیال رکھ کر مکان دیا گیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے اسے پہلے لسٹ میں include کیا تھا اور بعد میں exclude کر دیا کیونکہ یہ معلوم نہیں تھا کہ آیا وہ فوت ہو گیا ہے یا تبدیل ہو گیا ہے آپ کی مراد یہ ہے کہ category کے مطابق مکان دیا گیا ہے ۔ ان کا سوال ہے کہ ان کو entitlement کے مطابق مکان دیا گیا ہے اور پھر لسٹ میں سے کیوں خارج کیا گیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب میں آپ کو اور آپ کے محکمے کو عرض کر دوں کہ اگر آپ نے سوالات کا جواب بر وقت اور صحیح نہ دیا تو آپ کے خلاف پرولیج موشن بھی آ سکتی ہے ۔ اور اس کے نتائج آپ کو معلوم ہونے چاہیئں کہ کیا ہو سکتے ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہ جناب والا بالکل درست ہے ۔ اسی لئے میں نے جواب نہ دینے کے متعلق آپ کی خدمت میں عرض کیا ہے کہ چونکہ محکمہ نے سوال کے متعلق میرے ساتھ تعاون نہیں کیا اسی لئے میں نے کہا کہ میں اس کا جواب نہیں دے سکتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ تساہل اس سلسلہ میں جو ہوا ہے اور ایس اینڈ جی اے ڈی کے وزیر صاحب اس ایوان میں موجود نہیں ہیں بلکہ یہ محکمہ گورنر صاحب کے متعلق ہے تو میں قائد ایوان کی خدمت میں یہ عرض کر دوں گا کہ یہ جو واقعہ ہوا ہے کہ وہ جواب پارلیمانی سیکرٹری متعلقہ تک نہیں پہنچاتے تو اس کے متعلق آپ توجہ فرمائیے گا ۔ یہ سوال اگلے روز دوہرایا جائیگا ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ بہت اچھا جناب ۔

Mr. Speaker : This question would be repeated tomorrow.

CASE OF ABDUCTION OF A WOMAN REGISTERED IN POLICE STATION THERI, DISTRICT KHAIRPUR

*3677. **Haji Sardar Atta Muhammad Lund :** Will the Parliamentary Secretary. Home be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Gul Muhammad Sanjrani of Taluka Mir Wah, District Khairpur, lodged a report on 9.3.66 under Section

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ میں نے خارج نہیں کیا ۔ ان کو پونچھ ہاؤس میں مکان دیا گیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا اس کو category کے مطابق دیا گیا ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جی ہاں ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا اس لسٹ کے مطابق آپ کی اطلاع درست ہے ۔ یہ مسٹر اطہر صاحب ہمارے اسسٹنٹ سیکرٹری ہیں ۔ ان کے پاس یہ مکان اس وقت سے ہے جب یہ سپرنٹنڈنٹ تھے ۔ اب یہ کہا گیا ہے کہ ان کا نام اس لئے خارج کیا ہے کیونکہ ان کو مکان ملا ہوا ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ باقی جواب بھی اسی طرح کا ہے اور بالکل غلط ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ مجھے تو محکمہ سے جو اطلاع ملی ہے عرض کر دیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب پچھلی لسٹ اور نئی لسٹ تیار کر کے ہر ایک کے سامنے reason دے کر کل ہاؤس میں پیش کی جائے ۔ یہ سوال دوبارہ پوچھا جائے گا ۔

CASES REGISTERED AGAINST AKBAR JHABAIL, SON OF HAJI RESIDENT OF PIR GHAR, TEHSIL MINCHINABAD

*3596. **Rao Muhammad Afzal Khan** : Will the Parliamentary Secretary, Home, be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that Registers R-L 2 of villages Pir Ghar and Ismail Pur Ratika in Tehsil Minchinabad, District Bahawalnagar were stolen about 4 months ago and the same have not yet been recovered;

(b) whether it is a fact that the said case was handed over to C.I.A., but neither the said registers could be recovered nor the accused have been apprehended despite the fact that the names of the accused were mentioned in F. I. R. ;

(c) whether it is a fact that a case was registered against Akbar Jhabail, son of Haji, resident of Pir Ghar, Tehsil Minchinabad, District Bahawalnagar under sections 420/468, with Police Station, Ganj-Mcleod Tehsil Minchinabad but no document was recovered;

(d) whether it is a fact that over and above the said case another case was registered against Akbar Jhabail and others with Police Station, Minchinabad, some 4 months back in respect of forged mutations;

(e) whether it is a fact that the said persons have not yet been arrested; if so, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج دین) ۔ (الف) جی ہاں ۔ دستاویزات کو برآمد کرنیکی کوشش کیجا رہی ہے

(ب) کیس مذکور سی ۔ آئی ۔ اے منچنا آباد کیطرفسے درج کیا گیا تھا اور شکایت کنندہ کی درخواست پر تفتیش کا کام تھانہ منچنا آباد کو منتقل کر دیا گیاتھا ۔ F.I.R. میں بیان کیا گیا تھا کہ اختر جاوید اور عطا محمد شکایت کنندہ نے اپنے گھر کے قریب دیکھا تھا تاہم اسنے انکے پاس چوری شدہ ۔ آر ۔ ایل نمبر ۲ رجسٹر نہیں دیکھا تھا ۔ کیس ابھی زیر تفتیش ہے ۔ ۸ ۔ ۴ ۔ ٦٦ ۔ کو اکبر اور عطا محمد نے عدالت عالیہ سے قبل از گرفتاری اپنی ضمانتیں منظور کرا لی تھیں ۔ کیونکہ وہ

عدالت عالیہ کے منظور کردہ ضمانت پر تھے اور چوری شدہ آر - ایل نمبر ۲ برآمد نہیں کیا جا سکتا تھا اسلئے انکو گرفتار نہیں کیا جا سکتا تھا - کیس ابھی زیر تفتیش ہے - اختر جاوید کے خلاف ایک کیس F.I.R نمبر ۳ مورخہ ۳ - ۱ - ۶۶ زیر دفعہ ۴۲۰/۴۶۸ تھانہ منچنا آباد میں درج کیا گیا تھا - تفتیش جاری ہے - ملزم نے عدالت عالیہ سے ضمانت قبل از گرفتاری منظور کرا لی تھی - دستاویزات کے برآمد کرنیکی کوشش کیجا رہی ہے -

(د) جی ہاں - اکبر جاوید کے خلاف ایک دوسرا کیس F.I.R نمبر ۸۸ ۱۷ - ۱ - ۶۶ زیر دفعہ ۴۲۰/۴۶۸ تھانہ منچنا آباد میں درج کیا گیا تھا -

(ہ) جی نہیں - اکبر جاوید کو کیس F.I.R نمبر ۸۸ مورخہ ۱۷-۱-۶۶ کے سلسلے میں گرفتار کیا گیا تھا -

میاں نذر محمد کالوکا - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بتا سکتے ہیں کہ یہ case کس کی طرف سے رجسٹر ہوا تھا یا اس case کا مستغیث کون تھا -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا سوال میں یہ نہیں پوچھا گیا تھا کہ کس کیطرف سے رجسٹر ہوا تھا اگر وہ پوچھتے تو بتایا جاتا جو کچھ انھوں نے پوچھا تھا اسکا جواب دیدیا گیا ہے -

چودھری عبدالغنی - جب اسکے خلاف متعدد مقدمات تھے اسکو گرفتار بھی کیا گیا تھا تو کیا وجہ ہے کہ اسکا ہسٹری شیٹ نہیں کھولا گیا اور ایک ایسا آدمی جو اتنے جرائم کا مرتکب ہو اسکو اتنی ڈھیل کیوں دی گئی-

Mr. Speaker : This is not a supplementary but a suggestion for action.

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ میں انکی اطلاع کیلئے عرض کرتا ہوں کہ پچھلی دفعہ میاں محمد یسین وٹو صاحب نے assurance دی تھی کہ ایس پی کو حکم بھیج دیا گیا ہے کہ اسکے خلاف جو مقدمات ہیں انکو چلایا جائے اور فوری طور پر اس کا ہسٹری شیٹ کھولا جائے اور ہسٹری شیٹ کھولا جا رہا ہے ۔

میاں نذر محمد کانوکا ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے ذاتی علم ہے کہ اس شخص کا ۱۱۰ میں چالان کیا گیا تھا اور اسکے علاوہ اسکے خلاف بہت سے مقدمات ہیں جو کسی اور نے نہیں کئے ہیں بلکہ گورنمنٹ نے خود اسکے خلاف پرچے کاٹے ہیں لیکن پھر بھی ایس ۔ پی نے کوئی دلچسپی نہیں لی تو کیا یہ اسکے ساتھ رعایت کیجا رہی ہے یا یہ انکی نا اہلی کا ثبوت ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ انہوں نے اس سپلیمنٹری جواب میں کہا ہے کہ اسکا ہسٹری شیٹ کھولا جا رہا ہے اور احکامات نافذ کردئے گئے ہیں ۔

DEMARCATION OF BOUNDARY LINE BETWEEN DERA GHAZI KHAN DISTRICT AND ITS TRIBAL AREA.

*3671. **Sardar Manzoor Ahmed Khan Qaisrani :** Will the Minister of Revenue please refer to answer to my starred question No. 3293, given on the floor of the House on 4th July 1966, and state whether any pillars by the Survey of Pakistan to demarcate the boundary between Dera Ghazi Khan and its Tribal Area have been disturbed by the officials of the Revenue Department without informing the Survey of Pakistan; if so, reasons therefor and the action Government intend to take against the officials concerned ?

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ ڈیرہ غازی خان میں محکمہ سروے پاکستان کی قائم کردہ برجیوں میں بندوبست کے عملہ نے کوئی رد و بدل نہیں کیا ۔ لہذا کسی کارروائی کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ کیا میں اپنے محترم وزیر صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ وہاں کے پولیس سٹیشن پر محکمہ مال نے ان pillars کی نسبت کوئی case رجسٹر کیا تھا ۔

Minister of Revenue : I have no knowledge of it.

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ کیا یہ بات آپ کے علم میں ہے کہ بارڈر پولیس سٹیشن لکھانی پر آپ کے محکمہ نے ان pillars کی نسبت کوئی case رجسٹر کرایا ہے ۔

Minister of Revenue : I don't know anything about it.

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ کیا میں جناب سے گذارش کر سکتا کہ ان pillars کی نسبت مقدمات رجسٹر ہوئے ہیں ۔ فسادات بھی ہوئے ہیں فائرنگ کی نوبت پہنچ چکی ہے تو کیا آپ از راہ کرم اسکی تفتیش کرنے کا حکم دے دیں گے تاکہ حقیقت معلوم ہو اور سیٹلمنٹ کے عملہ اور عوام کے درمیان جو کشیدگی پیدا ہو رہی ہے وہ نہ ہو اور تعاون پیدا ہو جائے ۔

وزیر مال ۔ میں نے جواب دے دیا ہے کہ سروے آف پاکستان کے بنائے ہوئے کسی برج یا pillars کو ریونیو ڈیپارٹمنٹ نے نہیں ہٹایا جب انہوں نے ہٹایا ہی نہیں تو ان کے خلاف کیسے case ہو سکتا ہے ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی - اگر میں یہ کہوں کہ ان pillars کو ہٹانے کے سلسلے میں وہاں پولیس سٹیشن پر بھی رپورٹ ہوئی ہے اور آپ کے محکمہ کیطرف سے ہوئی ہے اور آپ کے محکمہ کیطرف سے ان pillars کے سلسلے میں ٹرائیبل ایریاز کے پولیس سٹیشن پر پرچہ ہوا ہے اس کے علاوہ فسادات ہوئے ہیں اور فائرنگ کی نوبت بھی پہونچی ہے تو ازراہ کرم کیا آپ تفتیش کرنے کا حکم دیں گے تاکہ حقیقت ظاہر ہو اور سیٹلمنٹ ڈیپارٹمنٹ اور عوام کے درمیان کشیدگی نہ بڑھے کیونکہ یہ ۳۵۰ میل کی boundary ہے -

وزیر مال - سوال میں آپ نے پوچھا ہے کہ ہمارے محکمہ مال نے سروے آف پاکستان کی برجیوں کو ان کی جگہ سے ہٹا دیا ہے اگر یہ بات درست ہو تو پھر محکمہ مال کے برخلاف رپورٹ ہونا چاہئیے نہ کہ محکمہ مال خود رپورٹ کرے - آپ ضمنی سوال میں یہ پوچھنا چاہئے ہیں کہ محکمہ مال کی طرف سے رپورٹ ہوئی ہے - لیکن آپ نے اس وقت سوال میں یہ پوچھا ہے کہ محکمہ مال نے سروے آف پاکستان کی برجیوں کو اپنی جگہ سے ہٹا دیا ہے تو جیسا کہ آپ نے سوال کیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی اور نے بندوبست کے افسروں کے خلاف شکایت کی ہے یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے کہ ہمارے محکمہ والے شرارت کریں اور خود اس کے خلاف رپورٹ کریں ؟

سردار منظور احمد خان قیصرانی - ایک رپورٹ محکمہ کی طرف سے پبلک کے خلاف ہوئی ہے - اور ایک رپورٹ بارڈر پولیس سٹیشن پر ہوئی ہے -

وزیر مال ۔ اگر جناب اتنی تکلیف فرماتے اور اس سوال کے ساتھ یہ بھی کہہ دیتے کہ کوئی کیس رجسٹر ہوا ہے تو میں دریافت کر کے جواب دے دیتا ۔ جو آپ سوالات کر رہے ہیں یہ ایسے سوالات ہیں جن کے جوابات میں نہیں دے سکتا کیونکہ اگر مجھے پہلے معلوم ہوتا کہ کوئی ایسا کیس رجسٹر ہوا ہے تو اسکی تفتیش کر کے میں اس پوزیشن میں ہو جاتا کہ اسکا جواب دے دیتا ۔

POSTS OF DEPUTY SECRETARIES IN CIVIL SECRETARIAT

وزیر ریلوے - جناب والا - میں زحمت گوارا کرنے کے لئے تیار ہوں لیکن ایک ، دو یا دس ٹرینوں کو دیکھنے سے یہ اندازہ نہیں ہو سکتا کہ ان کی جو پابندی اوقات ہے وہ کتنی ہے - جیسا کہ تمام مشہور گاڑیاں جس وقت پر پہنچتی ہیں سارے صوبے میں ان کا ریکارڈ رکھا جاتا ہے - اس کے بعد ان سب کو اکٹھا کرکے اس کی فیصد شرح نکالی جاتی ہے کہ ان کی پابندی اوقات اتنی ہے - بہر حال ہم افسر مقرر کر رہے ہیں اس بات کو دیکھنے کے لئے کہ پابندی اوقات کس طرح سے improve کر سکتے ہیں - کون کون سی چیز راستے میں رکاوٹ ہو سکتی ہے - تاکہ اس کے متعلق اندازہ کیا جائے -

مسٹر حمزہ - کیا وزیر ریلوے یہ بتائیں گے کہ جو گاڑی ایک گھنٹہ یا اس سے کم لیٹ ہو اسے لیٹ نہیں گنا جاتا ؟

وزیر ریلوے - جناب والا - لیٹ کے معنی لیٹ ہیں - گاڑی جتنی بھی لیٹ ہو خواہ ایک گھنٹہ لیٹ ہو وہ اس حساب سے لیٹ شمار ہوگی - سات گھنٹہ لیٹ ہے یا بارہ گھنٹہ لیٹ ہو گئی ہے وہ لیٹ ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - حمزہ صاحب ۱۲ کے لفظ سے ناراض ہوتے ہیں -

وزیر ریلوے - اگر وہ ناراض ہوتے ہیں تو میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں -

Mr. Munawar Khan: You might remember, Sir, that I had given a name to the Railway running between Kalabagh and Bannu-Heat Stroke Express. I invite the Minister and Mr. Qureshi specially to travel by that train in this season and to say whether the name that I have suggested for the train is correct or not ?

Mr. Speaker: That has got nothing to do with this question.

حاجی سردار عطا محمد - جناب والا - جواب کے حصہ ''سی'' میں کہا گیا ہے کہ اگست ۱۹۶۰ء میں ۸۱٫۶ فیصد گاڑیاں اپنی منزل مقصود پر بر وقت پہنچی

ہیں ۔ آپ تو ریلوے کا ہفتہ بھی مناتے ہیں ۔ پورے سال کے اعداد و شمار کیا ہیں ؟

وزیر ریلوے ۔ یہ پورے سال کے اعداد و شمار نہیں ہیں جو آپ کی خدمت میں پیش کئے ہیں ۔ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ یہ اگست ۱۹۶۵ء یعنی ایک مہینے کے اعداد و شمار ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ وزیر ریلوے صاحب نے فرمایا ہے کہ اس کام کے لئے افسر مقرر کئے گئے ہیں کہ وہ لیٹ وغیرہ کا معائنہ کر کے اندازہ لگائیں گے کہ پابندی اوقات کس طرح سے improve کر سکتے ہیں ۔ ان افسران کی ڈیوٹی سندھ میں بھی ہے یا صرف پنجاب میں ہے ؟

وزیر ریلوے ۔ جناب والا ۔ یہ جتنا بھی سسٹم ہے تمام صوبہ کے طول و عرض میں پھیلا ہوا ہے ، وقتاً فوقتاً وہ اس بات کے متعلق اندازہ لگائیں گے اور ways and means تجویز کریں گے ، جہاں جہاں روکاوٹ پڑتی ہے جہاں جہاں دشواریاں ہوتی ہیں ، ان سب کا جائزہ لیں گے ۔ جہاں کہیں لیٹ گاڑی ہے وہاں دیکھیں گے کہ کیا نقص ہے ۔ دیر کی کیا وجہ ہے ؟ ان باتوں کی طرف زیادہ توجہ دی جائے گی ۔ پچھلے سال ٹریفک میں کافی روکاوٹیں تھیں دوبارہ اس چیز کا مطالعہ کرنا ہے ۔ سابقہ سندھ کا جو حصہ ہے ہم اس کو سندھ کا حصہ نہیں سمجھتے ہیں ۔ نہ پنجاب کا حصہ سمجھتے ہیں نہ سابقہ صوبہ سرحد کا حصہ سمجھتے ہیں ہم تو اپنے آپ کو مغربی پاکستان کا حصہ سمجھتے ہیں ۔ بہر حال سابقہ سندھ میں یا دوسرے مقامات پر وہی کام ہوتا ہے جو ملک کے باقی حصوں میں ہوتا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں جناب وزیر صاحب کو عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان افسروں کا پتہ کیا ہے تاکہ ہم ان کو اطلاع بھیجتے رہیں اور ان سے پتہ کرتے رہا کریں ۔

وزیر ریلوے - آپ کو جتنی شکایات ہوں - جس ڈویژن میں آپ کا علاقہ واقع ہو یا جس علاقے کے متعلق آپ کو شکایت ہو ، وہاں جو ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ہوگا آپ اپنی شکایات ان کو لکھ کر بھیجیں - ایسی تمام شکایات اکٹھی ہو کر یہاں پر پہنچ جاتی ہیں اور پھر اس کے بعد ان پر غور کیا جاتا ہے -

Mr. Speaker: Next question.

مسٹر ہمزہ - جناب سپیکر - میں نے سوال نمبر ۱۲۳۲ واپس لے لیا ہے - اب نمبر ۱۲۳۳ پوچھ لیتا ہوں -

---

BUILDING OF TIME OFFICE OF RAILWAY STEEL WORKSHOP MOGHULPURA, LAHORE.

***1233. Mr. Hamza:** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the building of the Time Office of Railway Steel Workshop Maghalpura, Lahore, has been declared dangerous by the Engineering Authorities concerned ;

(*b*) whether it is a fact that the construction of the building of the New Time Office in Railway Steel Shop has been stopped, if so, reasons therefor;

(*c*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, reasons for allowing the Time Office Staff to work in a dangerous building?

Minister for Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman): (*a*) One room of the Time Office, and not the entire Time Office building has been declared as unsafe by the Engineering Department.

(*b*) The work of construction of the New Time Office was programmed to be undertaken in two phases, plase I was to be completed in 1964-65 and Phase II in 1965-66. Whereas the work under Phase I was completed in 1964-65, and the completed portion of the building occupied by the staff, implementation of Phase II had to be deferred to owing to the freezing of the funds for this new work and all other new works, which was ordered arising from the Emergency in September 1965. The work is now programmed for execution in 1966-67.

(*c*) This question does not arise as the particular room declared unsafe has been vacated, and is not being used by the staff.

RECONSTRUCTION AND WIDENING OF BRIDGES BETWEEN DUNGA GALI AND ABBOTTABAD ON ABBOTTABAD-NATHIA GALI ROAD

***3087. Sardar Gul Zaman Khan:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) the number of bridges widened between Dunga Gali and Abbottabad at the time of widening the Abbottabad-Nathia Gali Road in District Hazara ;

(*b*) the number of bridges on the said road being widened at present ;

(*c*) whether it is a fact that the bridges near Bagnota which is at a distance of 10 miles from Abhottabad is dangerous ;

(*d*) whether it is a fact that bridge on the Harnowa Nullah is also dangerously narrow ;

(*e*) if answer to (*c*) and (*d*) above be in the affirmative, the date by which the said two bridges are likely to be reconstructed and widened ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) :

(الف) تین عدد

(ب) کوئی نہیں۔

(ج) یہ پل تنگ ہے ۔ لہذا آمد و رفت میں دشواری ہے ۔

(د) ایضاً۔

(ہ) سڑک کو کشادہ کرنے کے تخمینہ میں بگنوتر کے قریب پل کو کشادہ کرنے کی تجویز شامل تھی اور کام مطلوبہ رقوم کی فراہمی پر شروع کر دیا جائے گا ، فی الحال ہر نو پل بنانے کے لئے تخمینہ میں کوئی تجویز نہیں ہے ، لیکن ایک تخمینہ لگایا جا رہا ہے ۔ اور کام سکیم کے منظور ہونے اور تیسرے پانچ سالہ منصوبہ کے تیسرے یا چوتھے سال میں شامل ہونے پر شروع کیا جا سکے گا ۔

TRANSFER ON PROMOTION OF MR. M. S. CHUGHTAI, FROM CENTRAL REGION TO NORTHERN REGION

***3408. Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Minister of Communications and Works, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that upto class II services regional cadres have been constituted and all promotions in the said services in a Region are to be made from amongst the officials included in the Regional Cadre;

(*b*) whether it is a fact that Mr. M.S. Chughtai, an Assistant belonging to Central Region of the B. and R. Department has been posted in the Northern Region of the said Department as Superintendent;

(*c*) whether it is a fact that many Assistants in the Northern Region have longer service to their credit and possess more experience than Mr. Chughtai;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, reasons for transfer on promotion of Mr. Chughtai to the Northern Region ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon): (*a*) Yes.

(*b*) No. Mr. M. S. Chughtai, was not an Assistant of the Central Region at the time of his posting to Northern Region. He was in fact a surplus Superintendent of the office of the defunct Chief Engineer, West Pakistan which was abolished on Provincial Re-organization with effect from 30th April 1962 (A. N.).

(*c*) Since Mr. Salim Chughtai already held the post of Superintendent on the date of his posting to the Northern Region, the length of service of the Assistants of that Region did not carry any weight *vis-a-vis* his position, because the seniority of Superintendents is maintained separately from that of Assistants.

(*d*) The transfer of Mr. Salim Chughtai did not involve any promotion as he was already promoted and was only adjusted in his own grade viz., that of Superintendent in accordance with the Government policy about accommodating the staff which was rendered surplus on account of Provincial re-organization.

خان اجون خان جدون - جناب والا - میں نے اصل سوال جو پوچھا ہے اس کے حصہ (الف) کو آپ ملاحظہ فرمائیں تو آپ کو معلوم ہو گا کہ جب یہ مسٹر چغتائی ناردرن ریجن میں سپرنٹنڈنٹ تھے تو آپ نے اسے چیف انجینیئر پشاور کے دفتر میں بھیج دیا ہے - اس طرح سے وہاں کے لوگوں کی سینیارٹی پر اس کا اثر پڑا ہے -

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو) : جہاں تک ریجنل کلاس II کا تعلق ہے - انضمام مغربی پاکستان سے لے کر اپریل ۶۳ء تک West Pakistan-basis پر promotions ہوتی تھیں - اس کے بعد regional cadre بنا اور اب promotions ریجنل basis پر ہو رہی ہیں -

خان اجون خان جدون جناب والا — میرے ضمنی سوال کا جواب نہیں دیا گیا ہے - عرض یہ ہے کہ مسٹر چغتائی سنٹرل ریجن میں تھے اور اب آپ نے انہیں اس ریجن میں تبدیل کر دیا ہے کیوں کہ ان کا وہ دفتر ختم ہو گیا ہے تو اب ان کے پشاور جانے سے وہاں کے لوگوں کی سینیارٹی پر اس کا اثر پڑتا ہے -

وزیر مواصلات - جیسا کہ چغتائی صاحب کے متعلق پہلے کہا گیا ہے کہ وہ reorganization سے پہلے چیف انجنیئر ، ویسٹ پاکستان ، لاہور کے دفتر میں سپرنٹنڈنٹ تھے - reorganization ۶۲ء میں ہوا تو ان کو پشاور تبدیل کر دیا گیا - پھر regional cadre ۶۳ ء میں عمل میں آیا ، لیکن جب وہ پشاور تبدیل کئے گئے تھے اس وقت یہ regional cadre نہیں تھا -

خان اجون خان جدون - اس میں شک نہیں کہ regional cadre ۶۳ ء میں بنایا گیا تھا ، لیکن ان کی تبدیلی سے سابق صوبہ سرحد کے لوگوں پر اس کا اثر پڑا ہے -

وزیر مواصلات - ہم اس کو examine کر رہے ہیں کہ جو لوگ ان سے senior تھے ان کی سینیارٹی کا کیا حشر ہو گا - اب جو لوگ ان کے وہاں جانے سے متاثر ہوئے تھے - وہ ترقیاں پا چکے ہیں - اس لئے اب دیکھنا یہ ہے کہ مسٹر چغتائی ان لوگوں سے جونیئر ہوں گے یا سینئر ہوں گے - امید ہے کہ اس کا فیصلہ چند ماہ میں ہو جائے گا - کہ آیا ہم اسے allow کریں - کہ وہ وہاں پر رہے یا اسے تبدیل کر کے لاہور میں تعینات کیا جائے -

خان اجون خان جدون - کیا یہ درست نہیں ہے کہ انہوں نے opt بھی کیا ہے - یہ ریکارڈ پر بھی موجود ہے کہ وہ واپس اپنے ریجن میں آنا چاہتے ہیں - تو اس کے پیش نظر ابھی تک واپس کیوں نہیں بلایا گیا ہے -

وزیر مواصلات - ہم اس پر غور کر رہے ہیں تاکہ اس علاقے کے افسروں کو تکلیف نہ ہو اور ان کی سینیارٹی intact رہے -

---

ROUTE PERMITS ISSUED BY REGIONAL TRANSPORT AUTHORITY, PESHAWAR FOR PLYING BUSES BETWEEN ABBOTTABAD AND MURREE.

***3409. Sardar Gul Zaman Khan**: Will the Parliamentary Secretary, Transport, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that some route permits were issued on 21st December 1965 by the Regional Transport Authority, Peshawar for plying buses between Abbottabad and Murree;

(*b*) whether it is also a fact that appeals were filed against the grant of the said permits, if so, the date on which the decision on the said appeals was given ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon): (*a*) Yes. Five route permits were sanctioned for Abbottabad-Murree route *via* Barian on the 22nd December, 1965.

(*b*) Yes. The appeals were decided on the 29th April, 1966.

سردار گل زمان خان - ان پانچ روٹ پرمٹوں پر ابھی تک کتنی گاڑیاں چلائی جا چکی ہیں ؟ -

پارلیمنٹری سیکرٹری - سر دست دو روٹ پرمٹ ہی جاری کئے گئے ہیں -

سردار گل زمان خان - یہ روٹ پرمٹ جاری کرتے وقت عوام کے مفاد کو پیش نظر رکھا گیا ہے یا ان لوگوں کے مفاد کو ہی پیش نظر رکھا گیا تھا جن کو کہ روٹ پرمٹ جاری کئے گئے ہیں ؟ -

پارلیمنٹری سیکرٹری - عوام کے مفاد کو پیش نظر رکھ کر ہی یہ روٹ پرمٹ جاری کئے گئے تھے -

سردار گل زمان خان - جناب والا - میرے اس سوال کے جواب میں غالباً چودہ جون کو یہ فرمایا گیا تھا کہ روٹ پرمٹ جاری ہونے کے بعد پچپن دن کے اندر اندر ان پر بسیں چلائی جانی چاہئیں ، لیکن ابھی تک اس معاملے میں ان لوگوں کے خلاف کوئی کارروائی کیوں نہیں کی گئی - کیا ان کے روٹ پرمٹ منسوخ کر دیئے جائیں گے ؟ -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - میں ان کا سوال نہیں سمجھا -

مسٹر سپیکر - انہوں نے فرمایا ہے کہ آپ نے اپنی پچھلی باری پر یہ فرمایا تھا کہ روٹ پرمٹ جاری ہونے کے بعد پچپن دن کے اندر اندر اگر گاڑیاں نہ چلائی گئیں تو ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی - تو اب تک ان کے خلاف کیا کارروائی ہوئی ہے ؟ -

پارلیمنٹری سیکرٹری - پچپن دن کے لئے عرض کیا گیا تھا کہ کارروائی کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی - البتہ.....

The remaining three permits have not yet been issued as the grantees have not produced buses. They have applied for extension in time to produce the vehicles, which the R. T. A. is competent to grant on payment of late fee. The case of these grantees is under the consideration of the Regional Transport Authority.

سردار گل زمان خان - جناب سپیکر - میں عرض کروں گا کہ جو یہ روٹ پرمٹ جاری کئے گئے تھے - ان میں ایک آدمی پشاور کا ہے - اور دوسرا ہری پور کا اور ان کے خلاف اپیلیں بھی ہوئی تھیں ، جس کا فیصلہ ۲۹ اپریل کو ہوا تھا اور ان کو انہوں نے کہا تھا کہ پچپن دن کے اندر اندر ان کا روٹ پرمٹ منسوخ کر دیا جائے گا ، لیکن اس پر ابھی تک عمل کیوں نہیں کیا گیا ؟

مسٹر حمزہ - جناب والا - اگر اجازت ہو تو اس کا جواب میں دے دوں -

Mr. Speaker : But not from this seat. You should reply this question from Parliamentary Secretary's Seat and that too by the order of the Governor.

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب سپیکر - مجھے شبہ ہے کہ ایسی کوئی commitment کی گئی ہے کہ پچپن دن کے اندر اندر یقینی طور پر روٹ پرمٹ منسوخ کر دئے جائیں گے -

مسٹر محمد ہاشم لاسی - کیا آر - ٹی - اے - کے ایسے کوئی رولز ہیں کہ اگر وقت کے اندر اندر گاڑیاں نہ چلائی جائیں تو ان کے روٹ پرمٹ cancel کر دئے جائیں -

Parliamentary Secretary : R. T. A. is competent to grant permits.

مسٹر سپیکر - کیا آپ کو fresh notice کی ضرورت ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - میں عرض کرتا ہوں کہ آر - ٹی - اے - کو اختیار ہے کہ ان کے پرمٹ کی میعاد کو بڑھا دے -

مسٹر سپیکر - معزز ممبر یہ پوچھتے ہیں کہ آیا رولز میں کوئی provision ہے جس میں میعاد کا تعین ہو اور اگر میعاد گزر جائے تو روٹ پرمٹ cancel کر دئیے جائیں -

خان محمد یوسف خان - کیا آپ ان پانچ اصحاب کے نام بتا سکتے ہیں ، جن کو روٹ پرمٹ دیئے گئے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - اس کے لئے مجھے fresh notice دیا جائے -

Khan Muhammad Yusaf Khan: When he knows that five route permits have been issued, he must know as to who are the grantees of these permits.

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو) - جناب والا - یہ سوال لا منسٹر صاحب سے متعلق ہے کیوں کہ یہ portfolio گورنر صاحب کے پاس ہے - ہم نے آج نام دریافت کئے تھے ، مگر نام نہیں ملے - اگر آپ چاہیں تو میں وقفہ سوالات کے بعد نام دے سکتا ہوں -

If the members are keen I can produce the names after some time.

Mr. Speaker: The Parliamentary Secretary may just inquire from the official concerned sitting in the official gallery and give the names.

مسٹر حمزہ - جناب والا - اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ خوش بخت افراد تھے ، جن کو روٹ پرمٹ دئیے گئے - کیا آپ بتائیں گے کہ وہ سرکاری مسلم لیگ سے تعلق رکھتے ہیں ؟

Mr. Speaker: Disallowed.

خان ملنگ خان - جب روٹ پرمٹ دئیے جاتے ہیں تو کیا اس علاقہ کے لوگوں کو ترجیح دی جاتی ہے یا باہر کے لوگوں کو بھی دئیے جاتے ہیں -

وزیر مواصلات - آر - ٹی - اے - کو اختیار ہے کہ وہ دیکھے کہ کون مستحق ہے اور اس کو روٹ پرمٹ دے -

خان اجون خان جدون - آر - ٹی - اے - کے اختیارات بہت وسیع ہیں - کیا حکومت اپنے موٹر وہیکل ایکٹ میں ترمیم کرے گی کہ صرف ان لوگوں کو وہ روٹ پرمٹ دے، جن کے پاس پہلے سے بسیں موجود ہیں اور ان کو نہ دئیے جائیں جو ۵۵ دن کے اندر بھی بسیں نہ چلا سکیں -

Mr. Speaker: That is a suggestion for action

سردار گل زمان خان - ان کے روٹ پرمٹ کی میعاد کے لئے کتنی دفعہ extension دی گئی ہے -

مسٹر سپیکر - روٹ پرمٹ کے لئے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - یہ مسئلہ زیر غور ہے -

Mr. Speaker: Has the Parliamentary Secretary inquired from the official concerned those names ?

Minister of Communications & Works: He has gone to collect the names. we will place the names before the House in a short while.

Mr. Speaker: Will the Ministster supply the names at the end of the Question Hour ?

Minister of Communications: Yes, Sir.

میاں محمد شفیع - جن لوگوں نے بسیں ثابت نہیں کیں ان کو آپ اب تک کتنے chances دے چکے ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - میں نے عرض کیا ہے کہ ۲۲ دسمبر ۱۹۶۵ء کو ان کو روٹ پرمٹ دئیے گئے تھے - اور جب ان کے خلاف اپیلیں کی گئیں تو ان کا فیصلہ ۲۹ اپریل ۱۹۶۶ کو ہوا -

ایک معزز ممبر - کیا فیصلہ ہوا تھا -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جو اپیلیں کی گئی تھیں وہ نا منظور ہو کر خارج ہو گئیں - اور ان کے روٹ پرمٹ بحال رہے -

میاں محمد شفیع - کیا ان کا وقت expire نہیں ہوا -

پارلیمنٹری سیکرٹری - ان کا وقت expire ہو چکا تھا - لیکن انہوں نے in time میعاد کے لئے extension کی درخواستیں دے دیں اور آر - ٹی - اے - اب اپنی آئندہ میٹنگ میں ان پر غور کرے گی -

---

TRANSPORTATION OF COAL TONNAGE OVER DEGARI COAL MINES ROAD

***3451. Mian Saifullah Khan :** Will the Minister of Communications and Works, be pleased to state :—

(*a*) the annual amount being received through contractors of (*i*) Store Range Coal Mines Road Tool Tax ; (*ii*) Degari Coal Mines Road Toll Tax ;

(*b*) the coal tonnage transported over Sore Range Coal Mines Road during 1965 ;

(*c*) the coal tonnage transported over Degari Coal Mines Road during 1965 ;

(*d*) the average of the said toll tax in rupees per ton coal transported ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) : (الف)

(i) مبلغ ۲,۶۲,۰۰۰ روپے-

(ii) مبلغ ۷۵,۲۰۰ روپے-

(ب) ۳,۰۵,۸۱۹ ٹن-

(ج) ۹۹,۸۳۴ ٹن-

(د) محصول گزرانہ بحساب ۶ روپے فی ٹرک (وزن) وصول کیا جاتا ہے - محصول گزرانہ وزن کے تخمینہ سے وصول نہیں کیا جاتا -

سردار محمد اسحاق خان - یہ Toll tax کس لئے جمع کیا جا رہا ہے ؟

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو) — اس علاقہ میں جو نئی سڑکیں بنی ہیں ، وہ mines کی facilities کے لئے ہیں ، انہوں نے اس بات کے لئے کہا تھا کہ راستے بنا دئیے جائیں - چنانچہ جو خرچ ہوا ہے وہ Toll Tax کے طور پر جمع کیا جا رہا ہے -

سردار محمد اسحاق خان - کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ یہ جو Toll Tax جمع کیا جا

رہا ہے ان سڑکوں کی maintenance کے لئے خرچ کیا جائے گا ۔

وزیر مواصلات - Toll Tax سے سڑکوں کی maintenance پر فرق پڑتا ہے ، جتنی سڑکیں ہیں حکومت خود ان کی مرمت پر خرچ کرتی ہے محکمہ اس کی دیکھ بھال کرتا ہے ۔ ہمارا ملک advanced نہیں اور ہم ہر جگہ راستے نہیں بنا سکتے ۔ ان پس ماندہ علاقوں میں جہاں اس قسم کے راستے بنائے گئے ہیں Toll Tax عائد کیا جاتا ہے ان سے لوگوں کو سہولت ملتی ہے اور حکومت کو Toll Tax کے ذریعہ پیسہ مل جاتا ہے ۔

میاں محمد شفیع - Toll Tax کی شرح سارے مغربی پاکستان میں equal ہے یا مختلف ہے ۔

وزیر مواصلات - یہ علاقہ علاقہ میں vary کرتی ہے ۔

سردار محمد اسحاق خان - ان سڑکوں کی maintenance کا کون ذمہ دار ہے ؟

وزیر مواصلات - حکومت ذمہ دار ہے ۔

سردار محمد اسحاق خان - یہ جو Fair Weather Road کہلاتی تھی ۔ اب وہ بالکل خستہ حالت میں ہے ۔ حکومت نے اس کی مرمت نہیں کی ، وہ بہت خراب حالت میں ہے ۔

وزیر مواصلات - معزز ممبر اس بات کو میرے نوٹس میں کبھی نہیں لائے ۔ اب میں instructions دے دوں گا کہ اس سڑک کی طرف توجہ دی جائے ۔

خان محمد یوسف خان - یہ جو Toll Tax Agreement کے تحت وصول کیا جا رہا ہے ۔ جب راستہ بنانے پر جتنی رقم خرچ ہوئی تھی وہ پوری ہو جائے تو کیا یہ معاف ہو جائے گا ۔

وزیر مواصلات - جی ہاں ۔

CONSTRUCTION OF ROADS IN NAWABSHAH DISTRICT

*3494. **Haji Rais Darya Khan Jalbani :** Will the Minister of Communications and Works, be pleased to state :—

(*a*) the total milage of metalled and unmetalled roads at present in Nawabshah District ;

(*b*) the year-wise allocation of amount made for the (*i*) maintenance and (*ii*) construction of new roads in the said district, since Integration ;

(*c*) whether it is a fact that no new roads have been constructed in the said district since Integration; if so, reasons therefor;

(*d*) whether there is any proposal under consideration of Government to construct metalled and unmetalled roads in the said district during current 5 year plan; if so, the milage there of alongwith the amount likely to be spent for the said purpose?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) :

(الف) ضلع نواب شاہ میں ان پختہ سڑکوں کی لمبائی جو محکمہ بی اینڈ آر کے چارج میں ہیں ۔ ۱۶۱ میل ہے اور کچی سڑکوں کی لمبائی جو اس محکمہ کے چارج میں ہیں ۷۰ میل ہے —

(ب) :—

سال	دیکھ بھال		تعمیر	
۱۹۵۵-۵۶ء	۳.۸۵	لاکھ	۰	لاکھ
۱۹۵۶-۵۷ء	۰.۸۷	لاکھ	۳۶.۹۲	لاکھ
۱۹۵۷-۵۸ء	۵.۰۳	لاکھ	۱۰.۰۳	لاکھ
۱۹۵۸-۵۹ء	۶.۸۳	لاکھ	۱.۰۵۳	لاکھ
۱۹۵۹-۶۰ء	۰.۶۷	لاکھ	۳.۸۸	لاکھ
۱۹۶۰-۶۱ء	۲.۳۳	لاکھ	۳.۷۳	لاکھ
۱۹۶۱-۶۲ء	۳.۷	لاکھ	۱۱.۲۳	لاکھ
۱۹۶۲-۶۳ء	۳.۵۹	لاکھ	۸.۳	لاکھ
۱۹۶۳-۶۴ء	۳.۸۱	لاکھ	۷.۵۶	لاکھ
۱۹۶۴-۶۵ء	۳.۶۷	لاکھ	۱۷.۹۰	لاکھ
۱۹۶۵-۶۶ء	۳.۹۳	لاکھ	۱۰.۳۰	لاکھ

(ج) مغربی پاکستان صوبہ بننے کے بعد مندرجہ ذیل سڑکوں کی تعمیر کا کام ہوا :—

۱ ۔ نواب شاہ تا نصرت میل نمبر ۶۰	۱۰ میل
۲ ۔ ہلیانی مہراب پور	۶ میل
۳ ۔ ریگستانی سڑکیں	۶ میل
۴ ۔ کنڈیارو تا نوشہرو فیروز وایا دریلو	۲ میل
۵ ۔ ستھارجا تا نیو جتوئی	۱۰۳۷ میل
میزان	۲۶۰۱۲ میل
(ii) دوبارہ مرمت ویسٹ پاکستان ہائی وے	۱۰ میل

۶ (د) وہ جاری سکیمیں جن کے لئے سال ۶۷-۱۹۶۶ء میں فنڈز مہیا کئے گئے مندرجہ ذیل ہیں ۔ ان کے علاوہ ایک سکیم قاضی احمد نواب شاہ تیسرے پانچ سالہ منصوبہ میں ۲۰ لاکھ روپے کی رقم سے منظور شدہ ہے ۔

سڑک کا نام	۶۷-۱۹۶۶ء میں جو رقم مہیا کی گئی
۱ ۔ ستھارجا تا نیو جتوئی (۸۰۳۷ میل)	۲۰۰۰ لاکھ
۲ ۔ ہلیانی مہراب پور (۶۰۳۰ میل)	۱۰۰۰ لاکھ
۳ ۔ ضلع نواب شاہ اور سانگھڑ حلقہ کی سڑکوں کی بہتری (۲۳۰۱ میل)	۱۰۵۰ لاکھ
۴ ۔ ویسٹ پاکستان ہائی وے کنڈیارو تا نواب شاہ ہونڈری کی دوبارہ مرمت (۱۰۰۰ میل)	۴۰۰ لاکھ

مندرجہ ذیل نئی سڑکیں تیسرے پانچ سالہ منصوبہ میں شامل کی گئیں اور اس کے تخمیناً لاگت حسب ذیل ہے :-

سڑک کا نام	منصوبہ کے تیسرے پلان کی الاٹمنٹ
قاضی احمد نواب شاہ (۱۸۰۷۵ میل)	۲۰۰۰ لاکھ -

تیسرے پانچ سالہ منصوبہ کی کل تخمینہ کی رقم ضلع نواب شاہ کے لئے علیحدہ نہیں دی جا سکتی - اس کا انحصار تیسرے پانچ سالہ منصوبہ کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے فنڈز کی دستیابی پر منحصر ہے -

---

PROMOTION OF CLERKS OF ACCOUNTS SIDE OF RAILWAY DEPARTMENT AS TRAVELLING TICKET EXAMINERS

*3498. **Haji Sardar Atta Muhammad :** Will the Minister of Railways please refer to answer to starred question No. 1709, given on th floor of the House, on 17th June 1966 and state :—

(*a*) whether it is a fact that according to Circular letter Nos. IA/178/48-51-1, dated 22nd December, 1958 and 2nd January 1959, issued by Deputy Chief Accounts Officer, Travelling Allowance Branch of Pakistan Western Railway Selection of Travelling Ticket Examiners is open only to (*i*) Class II Clerks (*ii*) Routine Clerks and (*iii*) for those, who have passed the Appendix II-A Examination of the Railway Accounts Department, but have not been promoted as clerk Class I;

(*b*) whether it is a fact that according to letter No. IA/178/48-51-I., dated 10th September 1958 issued by the Deputy Chief Accounts Officer, Travelling Allowance of Pakistan Western Railway Selection of Travelling Ticket Examiner is open to Clerk Class II and Routine Clerks who are fit for outdoor duties and are not above 40 years of age and have completed 3 years service;

(*c*) whether it is a fact that Messrs. Saleem Akhtar, Muhammad Islam Qureshi and M. A. Qadir Siddique, who have already been promoted as clerk Class I were selected as Travelling Ticket Examiners;

(*d*) the ages of Mr. Abdul Baqi, Clerk Class II and Mr. Abdul Azim Bukhari, Clerk Class I (U. Q.) and length of service of Mr. M. Shamim Khan, Clerk Class II, who have been selected as Travelling Ticket Examiners;

(*e*) whether it is a fact that selection of the said Travelling Ticket Examiners has been made on the basis of service records of the candidates;

(*f*) if answers to (*a*) to (*e*) above be in the affirmative, reasons for making selection against the rules contained in the said circular?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان ٹمن) : (الف) جی ہاں -

(ب) جی ہاں -

(ج) جی ہاں -

(د) عبدالباقی کلرک اور عبدالعزیز بخاری (نہ کہ عظیم بخاری)۔ کی عمر میں علی‌الترتیب ساڑھے بیالیس سال اور بیالیس سال ہے اور شمیم خان کلرک درجہ دوئم کی مدت ملازمت تین سال ہے۔

(ہ) جی ہاں ۔

(و) چناؤ سوال میں مذکورہ سرکاروں کے مطابق نہیں، بلکہ افسر مجاز کی منظوری سے نظر ثانی شدہ قوانین جو ۱۹۶۵ء میں نافذ ہوئے تھے کے مطابق دوا تھا پرانے قوانین پر نظر ثانی کرنے کی ضرورت اس لئے محسوس کی گئی کہ کلرک درجہ اول کی طرف سے بیشمار عرضداشتیں موصول ہوئی تھیں کہ انہیں اس چناؤ کے لئے اہل قرار دیا جائے اس کے علاوہ عدالت کے ایک فیصلہ کے تحت ٹی ۔ ٹی ۔ ای ۔ کے کل واجبات بڑھ گئے تھے، لہذا یہ لازمی ہو گیا تھا کہ کلرک درجہ اول کو اس چناؤ کا اہل قرار دیا جائے اور اسی وجہ سے روٹین کلرکوں کو اس چناؤ کی اہلیت سے خارج کرنا پڑا تھا ۔ نظر ثانی شدہ قوانین کے تحت ٹی ۔ ٹی ۔ ای ۔ کی جگہیں مقررہ مدت کی قرار دی گئی ہیں تا کہ اول بدل کر مختلف لوگوں کو ان جگہوں پر کام کرنے کے مواقع ملیں گے اور اس سے انہیں انصاف اور برابری حاصل ہوگی اس تصریح کی بنا پر یہ بات صاف ہوگئی کہ چونکہ یہ چناؤ پرانے قوانین کے تحت نہیں ہوا، لہذا ان قوانین کے خلاف ورزی ہونے کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

مسٹر حمزہ — جناب وزیر ریلوے نے فرمایا ہے کہ نظر ثانی شدہ رولز کے تحت ان لوگوں کی تعیناتی کیگئی ہے کیا میں آپ سے یہ دریافت کر سکتا ہوں کہ آپ نے کس تاریخ کو نظرثانی شدہ رولز جاری کئے ؟

وزیر ریلوے — لیٹر نمبر یہاں نہیں ہے ۔ یہ رولز ۱۹۶۵ء میں بدلے ہیں ۔

مسٹر حمزہ — آپ نے دفتر میں اپنے پاس رکھ لئے تھے یا آپ نے تمام دفتروں میں circulate کئے تھے اور

اگر circulate کئے تو کس تاریخ کو circulate کئے تھے ؟

وزیر ریلوے — اگر آپ تاریخ دریافت کرتے تو میں لکھ دیتا ۔ ویسے جب رولز frame ہوتے ہیں تو سب divisions میں circulate کئے جاتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ — آپ نے حصہ (سی) میں فرمایا ہے کہ آپ نے سروس ریکارڈ دیکھ کر یہ تعیناتیاں کی ہیں آپ مجھے بتائیے کہ سب سے پہلے جو نام جاری کئے گئے تھے یا جن s.l ct es یا نیک بختوں اور خوش بختوں اور منظور نظر لوگوں کے نام چٹھیوں میں جاری کئے گئے، تھے ان میں پہلا نام شمیم احمد خان کا ہے، دوسرا نام محمد سلیم اور تیسرا نام مسٹر اسلام احمد قریشی کا ہے ، لیکن بعد میں اسکی تصحیح کیگئی اور پھر پہلا نام سلیم اختر کا اور دوسرا نام شمیم احمد خان اور تیسرا نام مسٹر اسلام احمد قریشی کا ہوگیا ۔ تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب آپ نے ریکارڈ دیکھ کر تعیناتیاں کی تھیں تو پہلے ناموں کا کیوں غلط اندراج کیا تھا ؟

وزیر ریلوے — جہاں تک آپ نے منظور نظر ہونیکے متعلق کہا ہے یہ میں نہیں کہہ سکتا کہ وہ منظور نظر تھے یا نہیں تھے ۔

حاجی سردار عطا محمد — کام کیوجہ سے ؟

وزیر ریلوے ۔ کام کیوجہ سے ریکارڈ کیوجہ سے اور for their good record جو آدمی کسی محکمہ میں اچھا کام کرتا ہے تو وہ خود نظر میں ہوتا ہے جیسا کہ آپ حمزہ صاحب کے منظور نظر ہیں تو اسکے متعلق گذارش یہ ہے کہ ...

حاجی سردار عطا محمد — اور حمزہ صاحب آپ کے منظور نظر ہیں ۔

وزیر ریلوے — تو گذارش یہ ہے کہ حمزہ صاحب نے پہلے وعدہ فرمایا تھا کہ وہ تین نام جو وہاں پر غلط تحریر ہوئے انکی photastat کاپی بھیج دیں گے ۔ اس مسئلہ پر ایک investigation اور آئی ہے جس پر تحقیقات ہو رہی ہے اگر وہ

مجھے photostat کاپی بھیج دیں گے تو ہمیں اسمیں مدد ملیگی -

مسٹر حمزہ - آپ نے حصہ (ڈی) میں فرمایا ہے کہ عبدالعزیز بخاری اور عبدالباقی کی عمر ۴۲ سال ۶ ماہ اور ۴۲ سال تھی تو کیا آپ مجھے بتائیں گے کہ پہلے رولز میں زیادہ سے زیادہ ۴۰ سال عمر اسلئے رکھی گئی تھی - کہ نکٹ Examiner کو بھاگ دوڑ کرنی پڑتی ہے تو کیا نئے رولز میں اس قسم کی پابندی لگانا مناسب نہیں سمجھا گیا -

وزیر ریلوے - جناب والا - میں اسکی تھوڑی سی تشریح کر دوں تو بہتر ہے اور وہ یہ کہ پہلے ٹی - ٹی - ای - کی تنخواہ کی شرح کم تھی، اس سلسلے میں انڈسٹریل کورٹ کا ایک فیصلہ آیا جسمیں انہیں running الاؤنس دینا منظور کیا گیا جس سے انکا معاوضہ بڑھ گیا تو پہلے چونکہ تنخواہ کم تھی اسلئے گریڈ II کے جو کارک تھے انکو ان posts پر eligible سمجھا جاتا رہا، جب انکی تنخواہ بڑھ گئی تو گریڈ I کے کارکوں نے representation کیا - اسکے علاوہ جہاں تک عمر کا سوال ہے پہلے یہ ۴۰ سال تھی، اسکے بعد نئے رولز میں جو frame کئے گئے اسکو ۵۰ سال رکھا گیا - پچھلے رولز کے تحت سروس تین سال کی ضروری تھی اسکے بعد اسکو ۲ سال کر دیا گیا، لہذا جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ تنخواہ اور معاوضہ بڑھ جانیکی وجہ سے گریڈ I کے کارکوں نے representation کیا بڑا شور مچایا کہ ہمیں بھی eligible قرار دیا جائے اسلئے ان قوانین میں ترمیم کیگئی اور ان posts کو tenure posts کر دیا گیا اور ۵ سال تک کی قید لگا دی گئی تاکہ بہت سے لوگوں کو اسپر کام کرنے کا موقع مل سکے - اب اچھے آدمی select کئے جاتے ہیں اور یہ tenure پوسٹ ہے - ۱۹۵۹ء اور ۱۹۶۵ء کے رولز میں یہ فرق ہے -

چودھری محمد نواز - کیا جناب air-conditioner بند کر دیا گیا ہے اور اس خیال سے بند کر دیا گیا ہے کہ

اجلاس آج ختم ہوجائیگا تو ہم لوگ باہر کے موسم میں جانے کے لئے adjust ہو جائیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ بند نہیں کیا گیا ہے ایزکنڈیشنر خود بخود بند ہوگیا ہے ۔ اسمیں الیکٹرک کا کچھ defect ہے جسکی وجہ سے آپ کو یہ تکلیف ہے ۔ ہمارا عملہ کام کر رہا ہے جوں ہی الیکٹرک defect مل جائیگا یہ تکلیف دور ہو جائیگی ۔

TEMPORARY STAGE CARRIAGE PERMITS ISSUED BY REGIONAL TRANSPORT AUTHORITIES, LAHORE AND RAWALPINDI.

*3518. **Malik Muhammad Akhtar** : Will the Parliamentary Secretary, Transport, be pleased to state :—

(a) the number of temporary Stage Carriage permits issued by the Regional Transport Authorities, Lahore and Rawalpindi during the period from January to June 1966, alongwith the names of persons, whom the permits have been issued, duration of such permits and justification thereof ;

(b) the number of temporary Stage-Carriage permits out of those mentioned in (a) above which were renewed after expiry of their first four month's duration and the reasons for their renewal ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) :
(الف) ۵۹۳ عارضی پرمٹ جاری کئے گئے جس کے کوائف گوشوارہ پیش خدمت میں درج ہیں * ۔
(ب) کسی عارضی پرمٹ کی تجدید نہیں کی گئی ۔

ملک محمد اختر — جناب والا — یہ ۵۹۳ جو مقدمات رشوت ستانی کے ہیں ان کی سفارش جن جن بااثر افراد نے کی کیا ان کے بھی ریکارڈ موجود ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہ مقدمات رشوت ستانی کے نہیں ہیں بلکہ عارضی پرمٹ کا سوال ہے اور یہ پبلک مفاد میں دئے گئے نہ کہ کسی کی سفارش پر ۔

ملک محمد اختر ۔ کیا یہ درست ہے کہ آپ کو یہ ۵۹۳ افراد کی جو لسٹ دی گئی ہے اور اس کے سر فہرست پر جو نام ہیں یہ مسلم لیگ کنونشن کی ورکنگ کمیٹی کے ممبر ہیں اور اس لئے ان کو پرمٹ دئے گئے ہیں ۔

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو) ۔ اگر کوئی شخص ورکنگ کمیٹی کا ممبر ہے اور اگر کسی individual

*Please see Appendix I at the end.

کا تعلق ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ پاکستان کا شہری ہونے کی حیثیت سے qualified ہے اور اس طرح سے اس کا پرمٹ حاصل کرنا کوئی جرم نہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ کیا اس سے قبل جبکہ محکمہ ٹرانسپورٹ سے روٹ پرمٹ حاصل کئے گئے ، ان کے خلاف روٹ پرمٹ بیچنے کے الزام میں انکوائری نہیں چل رہی تھی ۔

وزیر مواصلات ۔ مجھے اس کا کوئی علم نہیں ہے اور نہ ہی میرے علم میں کوئی ایسی بات آئی ہے ۔

ملک محمود اختر ۔ آپ نے فرمایا ہے کہ کسی عارضی پرمٹ کی تجدید نہیں کی گئی ہے ، کیا یہ درست ہے کہ یہ روٹ پرمٹ آپ کے مہیا کردہ قواعد کے مطابق expire ہو جانے چاہئیں لیکن وہ ابھی تک چل رہے ہیں ۔

وزیر مواصلات ۔ میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا کہ جس آدمی کو عارضی روٹ پرمٹ ایک دفعہ دیا جاتا ہے اور جب وہ ختم ہو جاتا ہے یعنی اس کی میعاد ختم ہو جاتی ہے تو اس کو renew یا اس کی تجدید نہیں کیجاتی ۔ ہمارے پاس ایسی کوئی پروویژن نہیں ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا — اگر کوئی ایسا روٹ پرمٹ استعمال کیا جا رہا ہے تو کیا وہ رولز کے منافی نہیں کیا جا رہا اور اگر آپ کو اس کا ثبوت دیا جائے تو کیا آپ متعلقہ کمشنر کے خلاف کارروائی کریں گے ؟

وزیر مواصلات ۔ یقیناً ۔ آپ مجھے بتائیے کہ کس آدمی کا روٹ پرمٹ ختم ہو چکا ہے اور وہ ابھی تک بسیں چلا رہا ہے ۔ ہم اس کے خلاف ایکشن لیں گے ۔

خان محمد یوسف خان ۔ جب عارضی پرمٹ ختم ہو جاتا ہے تو کیا یہ درست ہے کہ از سر نو اسکی تجدید نہیں کی جاتی ۔

وزیر مواصلات ۔ یہ ایک specific question تھا کہ آیا ان لوگوں کی روٹ پرمٹ کی تجدید کی ہے — یا نہیں ،

لیکن اس میں ایسا کوئی پروویژن نہیں ہے کہ دوبارہ اسکی تجدید کی جائے لیکن یہ ہو سکتا ہے کہ روٹ پرمٹ جاری ہو اور جب وہ ختم ہوتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ اس کی تجدید کی جائے تو ہم ایسا نہیں کرتے بلکہ ہم اس کو fresh جاری کر دیتے ہیں، لیکن پہلے کی تجدید نہیں کرتے -

مسٹر حمزہ - کیا آپ مجھے بتائیں گے کہ جب ایک عارضی روٹ پرمٹ حاصل کرنے والا *XXXXXXXX چھ ماہ کے بعد آتا ہے اور کہتا ہے کہ روٹ پرمٹ کی میعاد مزید بڑھا دی تو کیا حکومت جو fresh روٹ پرمٹ دیتی ہے وہ بھی عارضی ہوتا ہے ؟

Mr. Speaker : The words XXXXXXX* are expunged from the proceedings of the Assembly. That was unnecessary so far as this supplementary question was concerned.

وزیر مواصلات - جہاں تک ضمنی سوال کا تعلق ہے اس کے متعلق یہ ہے کہ جو روٹ پرمٹ جاری ہوتے ہیں وہ لوکل آر - ٹی - اے - جاری کرتی ہے اور جب ان کے نمائندے یا آفیشیل ممبر بیٹھ کر فیصلہ کرتے ہیں تو یہ لازم ہے کہ وہ صحیح فیصلہ کریں گے -

مسٹر حمزہ - میں نے یہ نہیں کہا کہ وہ کھڑے ہو کر فیصلہ کریں -

ملک محمد اختر - جواب دیا گیا ہے کہ کسی عارضی پرمٹ کی تجدید نہیں کی گئی - جناب والا — میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ یہ واضح جواب دینے کی کوشش نہیں کرتے اور جو جواب دینے والا محکمہ ہے اس میں اس کی بھی connivance پائی جاتی ہے، بعض پرمٹ ایسے ہیں جو چل رہے ہیں آپ کو واضح طور پر کہہ دینا چاہیئے کہ ان کے جو روٹ پرمٹ تھے آپ نے ان کو renew کر دیا ہے یا ان کو نئی فارم میں چلا دیا ہے، کیونکہ آپ کے جواب سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کسی عارضی پرمٹ کی تجدید نہیں کی گئی - حالانکہ یہ شکایت ہے کہ عارضی روٹ پرمٹوں کو آپ نے renew کر دیا ہے -

Mr. Speaker : That is not a supplementary question.

*Expunged as ordered by the speaker.

BUS STANDS APPROVED BY REGIONAL TRANSPORT AUTHORITIES IN LAHORE, RAWALPINDI AND MULTAN REGIONS.

*3520. **Malik Muhammad Akhtar**: Will the Parliamentary Secretary, Transport, be pleased to state:—

(*a*) the number of "C" and "D" class bus stands approved by the Regional Transport Authorities in Lahore, Rawalpindi and Multan Regions alongwith the following particulars:—

(*i*) the prescribed fees to be charged from the Bus Operators for the use of the stands and (*ii*) the amenities provided at the said bus stands to passengers and the employees of the transport companies;

(*b*) whether it is a fact that no such Bus Stand has been provided in Urban areas of Sialkot, Gujranwala, Lahore and Sheikhupura Districts, if so, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon): (*a*) (*i*) Number of 'C' class bus stands is 4 and 'D' class stands are 7.

(*ii*) Fees for 'C' class stands range from Re. 1·00 to Rs. 2·00 per permit per day.

(*iii*) No fee is prescribed for 'D' class stands.

(*iv*) The following amenities are provided at approved bus stands.

(1) Covered accommodation for waiting passengers.
(2) Shelter for parking buses.
(3) Booking Offices for the issue of tickets to passengers.
(4) Latrines for Ladies and Gents.
(5) Hand Pump for drinking water.
(6) Rest room for employees.

(*b*) Yes, except that a 'C' class bus stands exists at Kasur in Lahore District as no applications for stands at other places have been received by the R. T. As.

ملک محمد اختر ۔ کیا یہ درست ہے کہ لاہور میں جو بس سٹینڈ ہے اور اس کا تمام فرش ٹوٹا ہوا ہے اور بارش ہونے کے بعد پانی جوہڑ کیصورت میں کھڑا رہتا ہے اور مسافروں کو تکلیف ہوتی ہے ۔

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو): ہمارے علم میں یہ بات نہیں ہے کہ بس سٹینڈ ایسی خراب حالت میں ہے ۔

مسٹر حمزہ — کیا میں آپ کی توجہ اخبار میں چھپی ہوئی خبر کی طرف دلاؤں، جو حال ہی میں شائع ہوئی ہے کہ بارش ہونے کے بعد وہاں کسقدر کیچڑ ہو گیا تھا؟

وزیر مواصلات ۔ آپ نے تو پوچھا ہے کہ آپ کے پاس کتنے بس سٹینڈ ہیں ۔ میں نے اس کا جواب دیدیا ہے اگر ممبر صاحب پوچھتے کہ ان بس سٹینڈوں کی کیا

کیا حالت ہے تو میں اس کا بھی جواب دیدیتا ۔

ملک محمد اختر ۔ میں نے amenities کے بارے میں پوچھا ہے ۔

وزیر مواصلات ۔ میں نے اس کے متعلق بتا دیا ہے ۔

میاں محمد شفیع ۔ کیا وزیر موصوف یہ بتائیں گے کہ آیا لاہور میں جو بس سٹینڈ ہے وہ اتنی بڑھتی ہوئی آبادی کے لئے ناکافی ہے ۔ کیا آپ کا لاہور میں کسی دوسری جگہہ بھی بس سٹینڈ بنانے کا پروگرام ہے ؟

Mr. Speaker : You must give a fresh notice for that.

مسٹر حمزہ ۔ کیا وزیر مواصلات مجھے یہ بتائیں گے کہ کیا کیچڑ اور غلاظت کو آپ amenities کی فہرست میں شمار کرتے ہیں ؟

Mr. Speaker : Next supplementary.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر — ان کو بتانا چاہیئے یہ حقیقت ہے کہ اس چیز کے خلاف احتجاج کیا گیا ہے ، اخبارات میں فوٹو بھی آئے ہیں اور اس کا تو ایک عام آدمی کو پتہ ہے اور وہ تو پھر بھی وزیر ہیں اور با تدبیر بھی ہیں ۔

وزیر مواصلات ۔ ممکن ہے کہ یہ چیز اخبار میں آئی ہو کیونکہ اس کا کچھ حصہ زیر تعمیر ہے اور اس لئے وہاں کچھ نہ کچھ کیچڑ ہوئی ہوگی ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا — وہاں کیچڑ بہت زیادہ ہے اور حالت اتنی خراب ہے کہ اس کے لئے ناگفتہ بہ اور شرمناک کے الفاظ استعمال کرنے چاہیئں You kindly go and have a look at it.

میاں محمد شفیع ۔ یہ لاہور بس سٹینڈ کے لئے بہت سی مراعات کا ذکر آپ نے فرمایا ہے کہ بیت الخلا بھی ہے اور نلاں نلاں چیز ہے ، لیکن میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ کوئی صاحب بھی اگر وہاں جاکر دیکھے تو انہیں معلوم ہو جائے گا کہ کوئی چیز بھی وہاں نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : I think Mr. Junejo will look into it.

وزیر مواصلات - میں نے آپ کو جواب دینے سے پہلے واضح طور پر اپنے محکمہ سے پوچھا تھا کہ فلاں فلاں مراعات دی گئی ہیں اور فلاں نہیں دی گئیں اور یہ چیز میں نے ان کو تسلی سے بتائیں ہیں - اگر ممبر صاحب کہیں کہ amenities بالکل موجود نہیں ہیں تو میں اس ایوان میں کہتا ہوں کہ میں اس سلسلے میں تفتیش کرنے کے لئے تیار ہوں میری اطلاع کے مطابق یہ amenities موجود ہیں -

خان ملنگ خان - منسٹر صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ وہ اس چیز کی انکوائری کرائیں گے اور ملاحظہ بھی فرمائیں گے -

مسٹر سپیکر - انہوں نے یہ وعدہ کیا ہے کہ وہ اس چیز کے متعلق انکوائری کرائیں گے اور موقع پر بھی جا کر ملاحظہ فرمائیں گے -

حاجی سردار عطا محمد - میں جونیجو صاحب سے پوچھتا ہوں کہ آپ اس سرزمین پر جا کر کیوں دریافت نہیں کرتے ، جب سوال آتا ہے تب محکمہ سے پوچھتے ہیں -

---

RUNNING OF AN OMNI BUS BETWEEN KOT KHAWAJA SAEED AND LAHORE CITY

***3530. Dr. Sultan Ahmad Cheema :** Will the Parliamentary Secretary Transport, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that most of the residents of village Kot Khawaja Saeed, District Lahore have to come daily to the city of Lahore to earn their livelihood ;

(*b*) whether it is a fact that no Omni Bus is plying on the said route and the absence of which is causing inconvenince to the residents of the said village ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to run an Omni Bus between Kot Khawaja Saeed and Lahore City ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) :

(الف) جی ہاں -

(ب) روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن چاہ میراں تک جو کہ کوٹ خواجہ سعید سے تقریباً ایک میل کے فاصلے پر واقع ہے ، مقامی سروسیں چلا رہی ہے کوٹ خواجہ سعید کے باشندے ان سروسوں سے فائدہ اٹھا رہے ہیں -

(ج) جی نہیں کیونکہ چاہ میراں سے آگے سڑک بھاری موٹر گاڑیوں کے چلنے کے قابل نہیں ہے -

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ - یہ سڑک گاڑیاں چلانے کے قابل نہیں یہ کب اس قابل ہو جائے گی ؟

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو)- جہاں تک سڑک کا تعلق ہے یہ تو لوکل کونسل کی سڑک ہے اور وہی اس کی جوابدہ ہے - میں تو صرف یہ بتا سکوں گا کہ اس کو improve کرنے کی کیا progress ہے -

---

METALLING OF ROADS IN SUB-TEHSIL YAZMAN, DISTRICT BAHAWALPUR

***3539. Sahibzada Noor Hassan:** Will the Minister of Communications and Works, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is no metalled road in Sub-Tehsil Yazman, District Bahawalpur and the inhabitants of the area are facing great inconvenience on this account ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the steps Government intend to take to redress the grievances of the inhabitants of the said area ?

پارلیمنٹری سیکرٹری - (خان محمد اقبال خان جدون) :—

(الف) جی نہیں بہاولپور تا یزمان سڑک کے سات میل اور یزمان کڈ والا سڑک کے چھ میل جو تحصیل یزمان میں واقع ہیں پختہ کئے جا چکے ہیں -

(ب) سوال ہی پیدا نہیں ہوتا -

COST OF INGOT AND BILLET PRODUCED IN RAILWAY STEEL SHOP, MOGHALPURA.

***3549. Khan Munawar Khan:** Will the Minister of Railways be pleased to state, the per ton cost of ingot and billet size 2½" by 2½" (common commercial size) (*i*) produced in the Railway Steel-Shop Moghalpura ; (*ii*) imported from abroad and (*iii*) purchased locally from the Furnances working in the Public Sector ?

Minister of Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : The required information is given below:—

	COST PER TON	
	Ingots	Billets 2½—2½"
	Rs.	Rs.
(*i*) Produced in Steel Shop, Moghalpura ..	376·80	493·60
(*ii*) Imported from abroad ..	Not imported	819·98
(*iii*) Purchased locally from furnaces working in public sector.	700·00	Not purchase

Steel ingots/billets are manufactured in Private Sector on a small scale. From this source, a quantity of only 14 tons of ingots was purchased in 1964-65.

Mr. Munawar Khan : May I know from the Minister as to what is the price of machinery scrap per ton?

off-hand چاہئے fresh notice وزیر ریلوے۔مجھے اس کے لئے کچھ عرض نہیں کر سکتا۔

SUPPLY OF MILK BY THE CANTEEN OR RAILWAY STEEL SHOP TO RAILWAY OFFICERS

***3550. Khan Munawar Khan:** Will the Minister of Railways, be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that milk is supplied by the Canteen of Railway Steel Shop to the Railway Officers living in the Mayo Gardens and in other localities of Lahore;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that the work of supplying the milk has been entrusted to the railway collies working in the said Steel-Shop;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, reasons therefor;

(*d*) if answer to (*b*) above be in the negative, the names of the persons to through whom the said milk is supplied ?

Minister of Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman): (*a*) Yes. Milk is supplied on payment by the canteen of the Railway Steel Shop to some Railway Officers residing in Mayo Gardens and Canal Bank Colonies.

(*b*) No. The milk is delivered by canteen boys who are canteen employees and are paid from the canteen funds.

(*c*) In view of the reply to (*b*) above, this question does not arise.

(*d*) The names of the canteen boys are given below :—

(1) Khan Muhammad.
(2) Muhammad Hanif.
(3) Muhammad Ilyas.
(4) Muhammad Latif.

مسٹر منور خان ۔ کیا وزیر صاحب فرمائیں گے کہ بچوں کا نام انہوں نے بتایا ہے ان کی عمر کیا ہے ؟

وزیر ریلوے ۔ میں عمر کے متعلق کچھ عرض نہیں کر سکتا ، کیونکہ یہ سوال پوچھا نہیں گیا تھا ۔ اور عمر میرے خیال میں relevant بھی نہیں ہے یہ لاہور ہے ۔

مسٹر منور خان ۔ کیا یہ جو words canteen boys استعمال کئے گئے ہیں اس کے یہ معنی ہیں کہ یہ under sixteen years of age ہیں ۔

وزیر ریلوے ۔ میں نہیں عرض کر سکتا ۔ عمر یہاں دی نہیں گئی ۔ آپ نے دریافت بھی نہیں فرمایا تھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ ضمنی سوال جناب ۔ کیا وہ پچاس سالہ لڑکے تو نہیں ؟

Mr. Speaker : Disallowed.

Mr. Munawar Khan : I will explain to him, Sir.

یہ چار لڑکے کینٹین میں بھی کام کرتے ہیں ۔ دودھ پہنچانے کا بھی کام کرتے ہیں ۔ کیا اس سے کام میں حرج واقع نہیں ہوگا ۔ کام بھی کریں ۔ وہ بھی کریں (قہقہہ) ۔

Mr. Speaker : Please take your seat. Mr. Munawar Khan, please put your next Starred Question.

EMPLOYEES OF RAILWAY WORKSHOPS DOING PRIVATE JOBS FOR OFFICER IN THEIR BUNGALOWS

***3551. Khan Munawar Khan :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the gates of the Railway Steel Shop, Moghalpura open towards the residential colony which arrangement does not exist in the case of Carriage and Loco Shops;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that due to the said arrangements five to six Railway Coolies are employed in each of the bungalows of Manager, Steel Shop, Assistant Manager Steel Shop, Assistant Works Manager and Foreman and the Steel Shop carpenters other such workers have to do private jobs in these bungalows with the raw material taken from steelshop ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, reasons therefor ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خاں تمن) — (الف) جی ہاں ۔ ریلوے سٹیل شاپ کے گیٹ نمبر ۱۲، ۱۳ رہائشی کالونی کی طرف کھلتے ہیں رہائشی کالونی سٹیل شاپ کے ریلوے کی ملکیت میں لیئے جانے سے پہلے ہی موجود تھی ۔ سنڑل مکینیکل ورکس شاپ کے اندر کوئی رہائشی کالونی نہیں ہے ۔ لہذا سنڑل مکینیکل ورکس شاپ کے گیٹوں کا رہائشی کالونی کی طرف کھلنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

(ب) جی نہیں تلیوں ، ترکھانوں اور سٹیل شاپ کے دوسرے کارندے سٹیل شاپ مینجر سسٹنٹ ورکس منیجر اور فورمین کے بنگلوں میں کام کرتے اور نہ ہی سٹیل شاپ سے کوئی سامان وہاں لے جایا جاتا ہے ۔

(ج) حصہ (ب) بالا کے جواب کے پیش نظر یہ سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

PROVISION OF RAIL LINK BETWEEN CHAMAN AND SPIN BALDIK (AFGHANISTAN)

***3557. Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Pakistan Western Railway is providing rail Link between Chaman and Spin Baldik (Afghanistan);

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the length of above rail link; (*ii*) the estimated cost of the scheme; (*iii*) the approximate time by which the said work will be completed?

Minister for Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman): (*a*) There is a proposal for the construction of this rail link by Pakistan Western Railway on behalf of the Royal Government of Afghanistan. The cost of the project is to be financed by the United States Agency for International Development.

(*b*) (*i*) 7.42 miles.

(*ii*) The estimated cost of construction is Rs. 35,88,967.

(*iii*) The construction of the rail link will take about 1½ years, after the necessary formalities are fulfilled and funds are placed at the disposal of the Railway.

Moreover, the House will be interested to know that the total milage is 7·42 miles—Pakistan territory 2·25 miles and the Afghanistan territory 5·17 miles. Out of 2·25 miles in Pakistan territory, we have already laid 1·87 miles. Therefore, the total length to be constructed now is 5·55 miles. We have not received the operating Agreement yet. Its main points are understood to be that the link will be worked by the P.W.R. as a part of its own system. The rates will be fixed in accordance with the P. W. Railway rating policy. Pakistani truck owners will be allowed to ply their truck, between Spin Baldik and Qandhar for transport of Afghan inter-transit goods including fresh fruits. Pakistani Commission Agents will be allowed to open their offices at Spin-Baldik.

سردار محمد اسحاق خان ۔ کیا جناب وزیر ریلوے صاحب فرمائیں گے کہ ۵ء۱۷ میل ریلوے لائن جو افغان علاقہ . . . . کے اندر ہے ، اسکا کنٹریکٹ افغان کنڈیکٹر کو دیا گیا ہے یا پاکستانی کنڈیکٹر کام کریں گے ؟

وزیر ریلوے - جو ریلوے کا سسٹم ہے اسکے مطابق ہماری پاکستان ویسٹرن ریلوے ہی اس تمام لنک کو بنائے گی -

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: Will the Minister please state, whether he has taken into consideration the economic implications of this scheme and its effect on Peshawar, Quetta and Chamman and if he has taken it into consideration, would he let us know the alternate means provided for the citizens of Peshawar, Quetta and Chamman ?

Minister of Railways: That is an international agreement and in this matter, the Central Government is concerned and not the Provincial Government.

Mr. Speaker: The Question Hour is over.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: One more question, Sir. Will the Minister of Railways please take up this case with the Central Government I can assure him that I know about this case far more than many people. Its economic effect is going to be very bad on our area.

وزیر ریلوے - جناب والا - میں نے اسی لئے ہاؤس کی خدمت میں وہ تفاصیل پیش کر دی ہیں ، جن کا ذکر اور جن کے متعلق سوال میں نہیں پوچھا گیا تھا - بہر حال جو مجھے معلومات ہیں ان میں دو چیزیں ہیں - ایک یہ کہ ٹرک کے مالکان اپنے ٹرک قندھار تک ply کر سکتے ہیں - اور اسکے علاوہ پاکستانی کمیشن ایجنٹ کو بھی Spin Baldik پر کام کرنے کی اجازت ہوتی ہے ، اگر اس condition پر پوری طرح سے عمل کیا جائے تو میرے خیال میں زیادہ نقصان نہیں ہوگا ، لیکن اب اگر مالکان ٹرک کو اور کمشن ایجنٹ کو کام کرنے سے disallow کر دیا جائے تو چمن کی آبادی کو کافی نقصان ہوگا -

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: One hundred thousand people want this.

Minister of Railways: This is about Chamman and Spin Baldik and not about Peshawar, Sir.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak: Both.

SHORT NOTICE QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker: Now, we come to Short Notice Questions and the first one is from Chaudhri Muhammad Nawaz.

ALLOTMENT OF RESIDENCES IN G.O.R. II AND G.O.R. III

***2754. Chaudhri Muhammad Nawaz:** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration, be pleased to state:—

(*a*) (*i*) category-wise accommodation available in G.O.R. II and III at Lahore; (*ii*) class of Officers entitled thereto; (*iii*) names and designations of Officers on the waiting list for allotment of each category of accommodation there as on 31st May 1966, alongwith the date of enrolment of each officer on the said waiting list;

(*b*) whether any other officer mentioned in the lists stated in (*a*) above was transferred out of Lahore after his enrolment on the said waiting list, if so, reasons for continuing his name on the said waiting lists;

(*c*) whether any of the officers on the said waiting lists have applied for the requisitioning of residential accommodations for them in case no accommodation in G.O.R. II or G.O.R. III was available;

(*d*) if answers to (*c*) above be in the negative, whether Government would consider the advisibility of providing accommodation to such officers by requisitioning private houses?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din): (*a*) (*i*) Category-wise accommodation available in G.O.R. II and G.O.R. III is as under:—

	Numbers
G.O.R. II—	
S-Type houses	4
(B-type) houses	47
C-type houses	24
G.O.R. III—	
B-type houses	15
C-type houses	38
C-I type houses	8
Bachelor Flats	17

(*ii*) Officers drawing pay Rs. 2,000 and above are entitled to "S" Type houses, those drawing between Rs. 1,250 to 1,999 are entitled for "B" Type and those drawing between Rs. 750 to 1,249 are eligible for "C" Type houses. C-I Type and Bachelor Flats are meant for officers drawing pay less than Rs. 750.

(*iii*) Lists attached Annexures A, B and C.*

(*b*) The lists now furnished do not include the names of those officers who have either been transferred out of Lahore permanently, or retired or are dead, or have since been accommodated.

(*c*) Yes.

(*d*) Question does not arise.

جناب والا - اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ اس لسٹ کی چیکنگ کے دوران پتہ چلا ہے کہ دو نام غلطی سے فہرست میں درج ہو گئے ہیں - اب ان کی درستی کر دی گئی ہے - پہلی لسٹ جو ۷۵۰ روپے سے ۱۲۴۹ روپے والی ہے اس میں سیریل نمبر ۵ پر مسٹر اے - آر خان کا نام غلطی سے لکھا گیا تھا - یہ پہلے سے ہی وحدت کالونی میں رہ رہے ہیں - ان کا نمبر ۴۹ - بی وحدت کالونی ہے - مسٹر - اے - آر - خان کی رہائش وہاں تھی - اب ان کا نام فہرست سے کاٹ دیا گیا ہے -

* Please see Appendix II at the end.

جناب والا ۔ اسی طرح ایک اور نام اسی فہرست کے صفحہ ۲ پر ہے ۔ اس کا نام مسٹر آر ۔ ایچ ۔ شاہ ہے ۔ ان کا بھی نام غلطی سے لکھا گیا تھا ۔ وہ اس وقت بھی وحدت کالونی میں رہائش رکھتے ہیں ۔ ان کا نام بھی اب فہرست سے کاٹ دیا گیا ہے ۔

مسٹر سپیکر—اب فہرست مکمل ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری—جناب والا ۔ اب فہرست مکمل کر دی گئی ہے ۔ اب ہر فہرست میں جتنے نام ہیں ان کے سامنے ریمارکس دیئے گئے ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد — کیا میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ یہ غلطی کیوں ہوئی ہے ؟

چودھری محمد نواز—جناب والا ۔ جو فہرست دی گئی ہے اس میں کچھ غلطیاں ہیں لیکن خیر ۔ آپ سیریل نمبر ۹ پر مسٹر سعید احمد شیخ ، ڈائرکٹر اینیمل ہسبنڈری کو ملاحظہ فرمائیں ۔

مسٹر سپیکر—جو فہرست ۷۰۰ روپے تا ۱۲۴۹ روپے والی ہے اس کے سیرل نمبر ۹ پر ڈاکٹر مسز رفیقہ چودھری کا نام ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری—جو ہم نے آپ کو ابھی فہرست دی ہے اس میں یہ نام نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر—چودھری صاحب وہ فہرست تو پرانے سوال کی ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری—اس کے متعلق ہم نے لکھا ہے کہ ان کو requestioned house دیا ہے ۔

مسٹر سپیکر—آپ نے ریمارکس کے کالم میں لکھا ہے ۔

"Transferred and re-posted recently"

پارلیمنٹری سیکرٹری—اس کے متعلق جو آپ نے پڑھا ہے وہی میرے پاس بھی ہے ۔ ریمارکس کے کالم میں لکھا ہے "transferred and re-posted recently,, اس کے متعلق پوزیشن یہ

ہے کہ ان کی ٹرانسفر یہاں سے ہو گئی تھی - اب دوبارہ جو یہاں آئے ہیں انہوں نے نئے سرے سے درخواست دی ہے -

چوہدری محمد نواز—کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وہ کب یہاں آئے ہیں اور کب انہوں نے درخواست دی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری—اس کے متعلق نیا سوال دے دیں -

چوہدری محمد نواز—ان کی کب ٹرانسفر ہوئی تھی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری—اس کے متعلق تو مجھے پتہ نہیں ہے - میں نے یہ کہا ہے کہ ان کی پہلے ٹرانسفر ہوئی تھی اور وہ اب پھر دوبارہ واپس آئے ہیں -

مسٹر سپیکر—میاں صاحب آپ کا محکمہ جب مکان کی الاٹمنٹ کرتا ہے کیا وہ اس تاریخ کو ملحوظ خاطر رکھتا ہے ، جس تاریخ کو درخواست دی جائے - آپ پرانے سوال کی فہرست کا سیریل نمبر ۷۰ ملاحظہ فرمائیں - اس میں مسٹر قمر الرحمان مفتی ، اسسٹنٹ ڈائرکٹر سول ڈیفینس لکھا ہے - آپ نے ان کو جی - او - آر ۲ میں مکان الاٹ کیا تھا، ان کی date of application ۱-۱-۶۴ ہے - اس کے مقابلہ میں اس فہرست کا سیریل نمبر ۶۲ ملاحظہ فرمائیں - یہاں مسٹر شوکت رضا خان کا نام ہے، اس کی date of application ۲-۱۱-۶۳ ہے - اور ریمارکس کے کالم میں "Not yet allotted" لکھا ہوا ہے - اس کی کیا وجہ ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری—جناب والا - جو مکان الاٹ کئے جاتے ہیں ، ان کے متعلق دو تین چیزوں کا خیال رکھا جاتا ہے ، ایک تو یہ ہے کہ ان کی جو ٹرانسفر ہوئی ہے اس کے متعلق دیکھا جاتا ہے کہ وہ کہاں سے آئے ہیں - ان کے فیملی کے ممبر کتنے ہیں ، اور ان کی ضروریات کیسی ہیں - ان چیزوں کو مد نظر رکھتے ہوئے ایڈیشنل چیف

سیکرٹری صاحب الاٹمنٹ کرتے ہیں merits پر بھی ان چیزوں کا خیال رکھتے ہوئے الاٹ کرتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر—آپ یہ فرمائیں کہ اس فہرست کے سیریل نمبر ۴ پر مسٹر ایم ۔ اے ۔ ایچ قریشی ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ لکھا ہے ۔ ان کی درخواست ۲-۱۱-۵۹ کی pending ہے ۔ آپ نے ریمارکس کے کالم میں لکھا ہے کہ "Not yet been allotted any house"

پارلیمنٹری سیکرٹری—انہوں نے درخواست تو دی ہے لیکن شائد انہوں نے ہاؤس الاٹ کرنے کے متعلق خیال نہیں کیا ہے ۔

مسٹر سپیکر—۲-۱۱-۵۹ کو ان کی application pending ہے ۔ ۱۹۶۴ میں جو شخص درخواست دیتا ہے اس کو آپ GOR. II میں مکان دے دیتے ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری—جناب والا merit کے مطابق سمجھا گیا ہو گا کہ اس کو زیادہ ضرورت ہے اس لئے اس کو مکان دے دیا گیا ہوگا اور ان کا کہیں ایسا انتظام ہو گیا ہو گا جس کے لئے ان کو ابھی تک مکان نہیں ملا ہے ۔

ملک محمد اسلم خان—پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ درخواست دھندہ کو دیکھا جاتا ہے کہ ان کے فیملی ممبر کتنے ہیں ۔ کیا یہ درست ہے کہ اگر اس کے فیملی کے ممبر زیادہ ہوں ان کو مکان ملتا ہے اور جن کے کم ہوں ان کو مکان نہیں ملتا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری—جناب والا ۔ یہ درست نہیں ہے ۔ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ مکان دیتے وقت کچھ چیزوں کا خیال رکھا جاتا ہے .... (قطع کلامی) مکان ایڈیشنل سیکرٹری صاحب الاٹ کرتے ہیں اور وہ دیکھ لیتے ہیں کہ کن اصحاب کو merit پر مکان دیا جا سکتا ہے ۔

مسٹر سپیکر—میاں صاحب آپ یہ فرمائیں کہ یہ ایڈیشنل سیکرٹری کی مرضی ہے کہ وہ جس کو چاہیں مکان دیں ۔ جس کو چاہیں مکان نہ دیں ۔ اور آپ یہ بھی فرمائیں کہ کوئی اصول ، کوئی قاعدہ یا کوئی ضابطہ ہے ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ وہ arbitrarily تو نہیں دیتے ۔ ان کی discretion ضرور ہے ، لیکن وہ discretion arbitrarily استعمال نہیں کرتے وہ بہت ساری چیزوں کو دیکھتے ہیں، جو پہلے آ جائے all things being equal اس کا حق زیادہ ہوتا ہے ۔ یہ تو ہوا ایک factor ۔ اور اس کے متعلق دوسرا factor یہ ہے کہ اگر ایک شخص اکیلا ہے ، غیر شادی شدہ ہے اور اس کے مقابلے میں کوئی دوسرا ایسا آدمی آتا ہے جو بال بچے دار ہے اور اس کی لمبی چوڑی family ہے تو اس پر بھی غور کیا جاتا ہے ۔ اس کے علاوہ یہ بھی ہے کہ اگر ایک شخص مقامی ہے اور وہ اپنے رشتہ داروں کے پاس رہتا ہے اور اس کے مقابلے میں کوئی ایسا آدمی ہے جو کہ دور سے آیا ہو ۔ اور اس کے رہنے کا کہیں اور بندوبست نہ ہو تو ان تمام چیزوں پر غور کیا جاتا ہے ۔

All these factors are considered and then he makes allotments, although there is no doubt about it that it is his discretion, but he has to exercise his discretion for that taking into consideration all these factors which I have submitted.

چودھری محمد نواز—یہ جو ۱۹۶۵ء کی فہرست ہے ۔ اس میں ۶۵ نمبر پر ایس ۔ ایم اطہر صاحب کا نام دیا گیا ہے ۔ اور یہ لکھا گیا ہے کہ وہ پونچھ ہاؤس کالونی میں رہتے ہیں ۔ تو وہ جب ۱۹۵۶ء میں سپرنٹنڈنٹ تھے اس وقت سے اس مکان میں رہ رہے ہیں ۔ اور باوجودیکہ اب عرصے سے ان کی ترقی ہو چکی ہے ۔ وہ اسی مکان میں رہ رہے ہیں ۔ حالانکہ انہوں نے نئے مکان کے لئے درخواست بھی دی تھی تو اس پر ابھی تک عمل کیوں نہیں ہوا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری—آپ فہرست نمبر ۰ کو ملاحظہ فرمائیں ۔ اطہر صاحب پونچھ ہاؤس میں رہتے ہیں اور جو ریاض حسین شاہ ہیں وہ وحدت کالونی میں رہتے ہیں ۔ وہ بھی up grade ہو چکے ہیں ۔ اور فی الحال ان کے پاس بھی رہنے کے لئے مکان ہے ۔ ان کے علاوہ اے ۔ آر ۔ خان ہیں جو کہ 49-B وحدت کالونی میں رہتے ہیں اور وہ بھی

ترقی کر چکے ہیں تو جب بھی مکان مہیا ہوا ان تینوں صاحبان کو ان کے status کے مطابق مکان دے دیا جائے گا ۔

خان مدنگ خان—کیا یہ اطہر صاحب وہی ہیں جو اس وقت ہمارے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں ۔ اور جو کہ اسمبلی سیکرٹریٹ میں اسسٹنٹ سیکرٹری ہیں ۔ اور ان کو ان کے status کے مطابق مکان نہیں ملا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری - ان کے پاس پونچھ ہاؤس کالونی میں مکان موجود ہے ۔ البتہ ان کے لئے کوشش کی جا رہی ہے کہ ان کے عہدے کے لحاظ سے ہی ان کو مکان مل جائے تو جب بھی ہمیں ایسا کوئی مکان مل گیا ان کو دے دیا جائے گا ۔

چوہدری محمد نواز - جناب والا ۔ اطہر صاحب نے نئے مکان کے لئے ۷-۱-۶۳ کو درخواست دی تھی تو کیا ان چار سالوں میں ان کو مکان نہیں دیا جا سکا ۔

وزیر مال - جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ ایک فہرست ان افسروں کی بنائی جاتی ہے جو کہ مکان کے لئے درخواستیں دیتے ہیں ۔ اور جو کہ waiting list پر ہوتے ہیں پھر اس کے بعد جن افسروں کو ان کے گریڈ ، entitlement اور تنخواہ کے مطابق مکان دے دیا جاتا ہے تو ان کا نام اس فہرست سے خارج کر دیا جاتا ہے ۔ اسی طرح ایک شخص کی ضروریات کے پیش نظر یعنی اگر اسے فوری طور پر مکان کی ضرورت ہو تو اس کو دینا ہی پڑتا ہے ۔ لیکن جن افسروں کے مکان ان کے گریڈ ، ان کی تنخواہ اور ان کی entitlement کے مقابلے میں کم درجے کا دیا گیا ہو تو ان کی الگ فہرست بنائی جاتی ہے اور یہ فہرست ہم نے بنا رکھی ہے ۔ اور اطہر صاحب کا نام بھی اس فہرست میں ہے تو اگر ان کو اوروں کی طرح ان کی entitlement سے کم درجے کا مکان ملا ہو تو جب ہمیں مکان میسر آئے گا ۔ تو ہم انہیں ان کی حیثیت اور گریڈ اور

status کے مطابق دے دیں گے - جیسے اور افسروں کا حال ہوگا اطہر صاحب کا بھی ہو گا -

حاجی سردار عطا محمد - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ ارشاد فرمائیں گے کہ الاٹمنٹ کے لئے کوئی قاعدہ یا قانون بھی ہے ؟ یا ویسے ہی انصاف پر کرتے ہیں -

مسٹر سپیکر - خان صاحب نے اس کا جواب دے دیا ہے -

خان ملنگ خان - جناب والا - میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں - کہ چودھری محمد نواز صاحب نے بھی ابھی ابھی یہ انکشاف کیا ہے - کہ اطہر صاحب نے ۶۳ء میں درخواست دی تھی اور اب ۶۶ء ہے - تو کیا اس تین سال کے عرصہ میں ان کے status کے مطابق کوئی مکان نہیں مل سکا کہ ان کو الاٹ کر دیا جاتا -

وزیر مال - یہ تو کہنا مشکل ہے کہ ابھی تک ان کے status کے مطابق مکان ملا ہے یا نہیں اس کے لئے تو نیا سوال درکار ہو گا - البتہ یہ عین ممکن ہے کہ ان کی تنخواہ اور status کے برابر اور افسر بھی ہوں اور وہ بھی ان کی طرح مکان کے entitled ہوں اور ان کو ان کے نمبر کے مطابق پہلے دے دئے گئے ہوں اور پھر یہ بھی ممکن ہے کہ ایسے افسر بھی ہوں کہ جن کا حق بنتا ہو اور انہیں ابھی تک مکان نہ دیئے گئے ہوں اور اس طرح ان کو پہلے بسانا ہو ، اگر آپ ویسے ہی اس مسئلے کو یہاں پر طول دینا چاہیں تو اور بات ہے -

The poor fellow is being put in a embarrassing position because he is sitting here and he is the Assistant Secretary of this Assembly. We have every sympathy for him. You leave this matter in the hands of the authorities concerned and I can assure you that he will be provided with a House to which he is entitled as soon as possible.

ملک محمد اسلم خان - جناب والا - میرے خیال میں تو اس کا ایک بڑا ہی آسان حل ہے اور وہ یہ کہ جس طرح دو دو ممبران اسمبلی کو ایک ایک کمرے میں

رکھا جاتا ہے ۔ اسی طرح دو دو افسروں کو بھی ایک ایک مکان میں رکھا جائے ۔

وزیر مال ۔ ممبران اسمبلی تو چند دنوں کے لئے عارضی طور پر یہاں آتے ہیں اور وہ اپنے بال بچوں کو بھی ساتھ نہیں لاتے ۔ اس لئے ان کے سلسلے میں تو ایسا ہو سکتا ہے ، کہ ان کو ایک کمرے میں جگہ دی جائے ، لیکن افسروں نے تو اپنی family بھی ساتھ رکھنی ہوتی ہے ۔ اس لئے ان کو ایک مکان میں جگہ نہیں دی جا سکتی ، یعنی دو افسر ایک مکان میں نہیں رہ سکتے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا وزیر موصوف یہ ارشاد فرمائیں گے ۔ کہ ابھی ابھی سپیکر صاحب نے ایک افسر کے متعلق فرمایا تھا کہ اس نے ۹۰ء سے درخواست دے رکھی ہے ۔ اور ابھی تک حکومت کی طرف سے اس کی رہائش کے لئے کوئی بندوبست نہیں ہو سکا تو کیا وہ افسر غیر شادی شدہ ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کے لئے نیا سوال دیں ۔

REMOVAL FROM SERVICE OF FARHAT JAHAN, LADY TEACHER, M. C. PRIMARY GIRLS SCHOOL, DASKA

***3363. Dr. Sultan Ahmad Cheema**: Will the Minister of Basic Democracies and Local Government, be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that one Farhat Jahan, a Lady Teacher was appointed in M.C. Primary Girls School, Daska, on 19th October 1964 by Chaudhri Ghulam Rasool Azhar, S.D.M., Daska in his capacity as Chairman, Municipul Committee, Daska;

(*b*) whether it is a fact that the said lady teacher was served one month's notice on 2nd January 1965 about the termination of her services by the said official;

(*c*) whether it is a fact that the services of the said lady teacher were terminated with effect from 1st June 1965 after serving another notice on 30th May 1965;

(*d*) whether it is a fact that the said lady teacher made a complaint to the then Additional Chief Secretary, West Pakistan after the termination of the services alleging the reasons for termination of her services;

(*e*) whether it is a fact that the said Additional Chief Secretary directed the said lady teacher to report the matter to the Director, Anti-corruption, West Pakistan;

(*f*) whether it is a fact that the statement of the said lady teacher and other witnesses were recorded by the Anti-Corruption Establishment;

(*g*) whether it is a fact that an enquiry was also held by the then Deputy Commissioner, Sialkot in the matter;

(*h*) if answer to (*a*) to (*g*) above be in the affirmative, the result of the said enquiry and the action taken by the Government in the matter ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes. The notice was issued on 1st February 1965 and not on 2nd January 1965.

(*c*) The services of Miss Farhat Jahan, Teacher, Municipal Girls Primary School, Daska Kot were terminated with effect from the 30th May 1965, afternoon. No notice bearing the date of 30th May 1965 is on record.

(*d*) and (*e*) There is nothing on the record to corroborate these facts.

(*f*) Yes.

(*g*) Yes. The enquiry is being held by the Deputy Commissioner, Sialkot, who has recorded statements of the witnesses but certain record remains to be examined. The enquiry report is expected to be ready in about a month's time.

(*h*) Cannot be answered at this stage.

چوہدری محمد نواز - آپ فرماتے ہیں کہ اسے ایک ماہ کا نوٹس دیا گیا تھا تو اس کو یہ نوٹس دینے کی کیا وجہ تھی ؟

وزیر لوکل گورنمنٹ - جناب والا - ان کو اس بناء پر نوٹس دیا گیا تھا کہ وہ اپنے فرائض اچھے طریقے پر ادا نہیں کر رہی تھیں اور طالبات کو ٹھیک طریقے سے نہیں پڑھا رہی تھیں اس لئے ان کو نوٹس دیا گیا تھا اس کے بعد انہوں نے ایک representation دی تھی جس کے بعد انہیں کچھ عرصہ اور دیا گیا اور اس کے بعد ۳۰-۵-۶۵ کو فارغ کر دیا گیا -

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ - اصل واقعہ یہ ہے کہ یہ لڑکی امرتسر کے ایک سابق ڈاکٹر کی ....

مسٹر سپیکر - آپ کا ضمنی سوال کیا ہے وہ فرمائیں -

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ - میں ذرا اس کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں - کہ ۱۹۴۷ء میں اس لڑکی کا سارا خاندان شہید ہوا اور یہ لڑکی نارووال میں آ کر رہنے لگی - وہاں ایک استانی نے ہی اسے پالا - اور اس کی پرورش کی -

اور اسے پڑھا لکھا کر اسے ملازمت بھی دلوائی - تو یہ ایک لاوارث لڑکی تھی -

مسٹر سپیکر - آپ اطلاع حاصل کرنا چاہتے ہیں یا اطلاع دینا چاہتے ہیں ؟

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ - میں اس کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں -

مسٹر سپیکر - جب اس لڑکی کا کوئی قصور نہیں تھا تو اسے کیوں سبکدوش کیا گیا ؟

وزیر لوکل گورنمنٹ - اس چیز کے بارے میں جو سوال ہمیں ملا ہے ہم نے اس کا جواب دے دیا ہے کہ محکمہ اس کے کام سے مطمئن نہ تھا اس لئے اس کو نوٹس دے کر اس کی سروسز کو terminate کر دیا - ڈی سی سیالکوٹ انکوائری کر رہے ہیں ایک ماہ تک اس کا فیصلہ ہو جائیگا ، اگر اس فیصلہ سے معلوم ہوا کہ میونسپل کمیٹی نے غلط طور پر نوٹس دیا ہے اور اس کو نکالنے کا کوئی جواز نہیں تھا اور کس motive کے تحت اسے نوٹس دیا گیا ہے یا اس کے ساتھ بے انصافی ہوئی ہے تو آپ یقین رکھیں کہ پورا انصاف کیا جائے گا -

چودھری محمد نواز - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - جب یہ لڑکی اس استانی کے پاس تعلیم کے تمام مراحل طے کر چکی تو ایس - ڈی - ایم کے پاس اس نے سروس کے لئے درخواست دے دی - چنانچہ انہوں نے انٹرویو لے کر لڑکی کو ملازمت دے دی - اس کے بعد اس افسر نے غریب بچی کے ساتھ معاشقہ شروع کرنے کی کوشش کی -

مسٹر سپیکر - آپ کا پوائنٹ آف آرڈر کیا ہے ؟

چودھری محمد نواز - میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے - کہ جب وہ ناکام ہوا تو اس نے ایک ماہ کا نوٹس دے دیا - نوٹس دینے کے بعد دوبارہ کوشش کی تاکہ اس عرصہ میں کسی طرح وہ اس کے پنجے میں پھنس جائے جب وہ کامیاب نہ ہوا تو اسے نکال دیا گیا -

Mr. Speaker : What is your point of order ?

چودھری محمد نواز - اس کے بعد وہ ایڈیشنل چیف سیکرٹری کے پاس پہنچی ، انہوں نے یہ معاملہ محکمہ اینٹی کورپشن کے پاس بھیج دیا ، لیکن اس نے کوشش کر کے اس case کو ڈی - سی - کے پاس منتقل کرا لیا - اب ایک سال سے کوئی انکوائری نہیں ہو رہی ہے - میں یہ عرض کرتا ہوں کہ وزیر صاحب کو غلط اطلاع مہیا کی گئی ہے -

مسٹر سپیکر - آپ کا پوائنٹ آف آرڈر کیا ہے ؟

چودھری محمد نواز - جناب والا - میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ اس case کی انکوائری خود وزیر صاحب کرائیں تاکہ اس بچی کو انصاف مل سکے -

Mr. Speaker : This is not a point of order.

چودھری محمد ادریس - اس ایس - ڈی - ایم - کے خلاف کن charges کی انکوائری ہو رہی ہے - کیا وہ ہی charges ہیں جن کا ذکر نواز صاحب کر رہے ہیں ؟

وزیر لوکل گورنمنٹ - اس case کی انکوائری ان ہی charges کی بنیاد پر ہو رہی ہے ، جن کا ذکر کیا گیا ہے تحقیقات کے بعد اگر یہ درست پائے گئے تو یقیناً اس افسر کو قرار واقعی سزا دی جائے گی اور اگر اس لڑکی کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے تو اس کے ساتھ پورا پورا انصاف کیا جائے گا -

چودھری محمد ادریس - میرے سوال کا جواب نہیں دیا گیا کہ کن allegations کی بنا پر انکوائری ہو رہی ہے ؟-

وزیر لوکل گورنمنٹ - جو Supplementary material محکمہ کی طرف سے ملا ہے اس کے مطابق میں نے جواب دیا ہے - اس میں دیکھیں کہ لڑکی کے ساتھ ایک ایم - پی - اے ، ایک ایڈووکیٹ ، ایک ڈاکٹر اور ضلع سیالکوٹ کا ایک بی ڈی ممبر تھے - جو تفصیل مجھے دی گئی ہے - اس کے مطابق یہ بات درست نہیں اور Supplementary Information جو دی گئی ہے - یہ بات اس کے علاوہ ہے ، لڑکی نے جو بیان دیا ہے باقی اصحاب نے اسے corroborate کیا ہے - اس میں درج ہے -

She appeared before the Assistant Director, Directorate of Anti-Corruption Establishment, West Pakistan along with an M.P.A., an Advocate, a Doctor and a Member of the Basic Democraies, Sialkot District and made certain allegations against Chaudhri Ghulam Rasul Azhar, P.C.S., Chiarman, Municipal Committee, Daska. Her statement was recorded by the Assistant Director, Anti-Corruption Establishment, West Pakistan, Lahore. The M P.A. the Advocate, the Doctor and the Member, Basic Democracies, corroborated her statement and also levelled the following allegations against the Officer.

چوہدری محمد ادریس - وہ کیا allegations تھیں -

وزیر بنیاد ی جمہوریت - مزید allegations حسب ذیل تھیں :

1. The Chairman, Municipal Committee, Daska, got a Resolution passed to build an enclosure wall in the shape of a park and got it constructed in front of his kothi using it privately and exclusively at the cost of public money encroached upon the Municipal land.

2. He bought furniture from Mistri Muhammad Yunus, worth Rs. 1,200 but paid him only Rs. 600. Thus he misused his powers.

3. He used Government phone for his private purposes and had been making private calls on the Municipal phone.

4. He has kept two Belders at his bungalow for private work although they are paid from the Municipal Corporation funds.

5. He is keeping almost all the record of the Revenue Officials with him which relate to settlement cases for ulterior motives.

اس چیز کے متعلق تحریری بیانات ڈی - سی کے سامنے آ چکے ہیں اور اب ریکارڈ طلب کیا جا رہا ہے - انشاءاللہ ایک ماہ میں انکوائری مکمل ہو جائے گی - اس سے پہلے میں ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر انکوائری اس افسر کے خلاف ثابت ہو گئی تو اسے پوری سزا دی جائے گی اور اس استانی کو اگر جان بوجھ کر نقصان پہنچایا گیا ہے تو یقیناً اس کے لئے حکومت پورے طور پر انصاف کرے گی -

سید عنایت علی شاہ - جناب عالی - وزیر صاحب نے (ہی) میں فرمایا ہے کہ یکم فروری کو ایک ماہ کا نوٹس دیا گیا تھا - چاہئے تو یہ تھا کہ یکم مارچ کو اس نوٹس پر عمل درآمد ہوتا ، لیکن اس پر مئی میں جا کر عمل درآمد ہوا ہے - تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ یہ تین ماہ کس سلسلہ میں گزر گئے -

وزیر لوکل گورنمنٹ - جو اطلاع مجھے دی گئی ہے اس کے مطابق یہ ہے کہ اس استانی نے representation

دی تھی - یہ representation اس نے متعلقہ چیئرمین کے پاس بھیجی تھی - اور چیئرمین نے اس پر ۳۰-۵-۶۵ تک کی میعاد دے دی - اس کے بعد اس کی سروس terminate کی گئی لیکن انکوائری میں میرے خیال میں یہ ساری چیزیں وضاحت سے آ جائیں گی اور انکوائری کے نتیجہ کے بعد اس کے مطابق عمل درآمد کیا جائے گا -

چودھری منظور حسین - میں یہ عرض کرونگا کہ اس انکوائری کے دوران ایس ڈی ایم کو وہاں سے ٹرانسفر کیا جائے تاکہ صحیح انکوائری ہو سکے -

Mr. Speaker : That is a suggestion for action.

خان اجون خان جدون - کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ اتنی serious allegations کے باوجود اور اتنا عرصہ گزرنے کے باوجود اس ایس ڈی ایم کو وہاں سے ٹرانسفر کیوں نہیں کیا گیا -

وزیر لوکل گورنمنٹ - اس کے متعلق مجھے افسران محکمہ سے اطلاع حاصل کرنے کی اجازت دی جائے کہ واقعی اسے وہاں سے ٹرانسفر کیا گیا ہے یا نہیں -

خان محمد یوسف خان - پوائنٹ آف آرڈر - ان سوالات کے جوابات سے ظاہر ہو چکا ہے اور ہم سمجھ چکے ہیں کہ یہ جوڈیشل انکوائری نہیں بلکہ executive طور پر ہو رہی ہے - ہاوس کو پورا حق حاصل ہے کہ معزز ممبران کے سوالات کے جوابات پوری وضاحت سے دئے جائیں - لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ محترم وزیر صاحب پوری وضاحت سے جواب نہیں دے رہے - بلکہ کوشش کر رہے ہیں کہ اس معاملہ کو shelve کیا جائے

مسٹر سپیکر - مثلاً کس کے متعلق -

خان محمد یوسف خان - مثلاً allegations کے متعلق - معزز ممبر نے دو دفعہ پوچھا ہے اور جواب نہیں دیا گیا - پھر یہ کہا گیا کہ اسے انکوائری کے دوران تبدیل کیا جائے اس کا بھی انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا -

وزیر لوکل گورنمنٹ - فاضل ممبر نے فرمایا ہے کہ جو کچھ میں نے کہا وہ نا درست ہے -

Mr. Speaker: I don't agree with the Member. I rule out his point of order. The Minister concerned is not evading the answer; rather he is giving all answers.

Khan Muhammad Yusaf Khan: I bow before your ruling, Sir, but I would request you to know from the Members if they are satisfied with this reply.

Mr. Speaker: That is a separate question. The Members may not be satisfied with the Ministers reply but he is not evading the answers.

وزیر لوکل گورنمنٹ—جناب والا - دوسری بات یہ ہے کہ جہاں تک اس ایس - ڈی - ایم کا تعلق ہے جیسا کہ آپ کو علم ہے کہ یہ سوال جو فاضل ممبر نے دیا ہے اس کا تعلق سروسز جنرل اینڈ ایڈ منسٹریشن سے ہے لیکن میونسپل کمیٹی یا لوکل باڈیز کی ایک استانی ہونے کی وجہ سے یہ ہماری طرف منتقل کر دیا گیا ہے تو ایس - ڈی - ایم کی پوزیشن یہ ہے کہ وہ انکوائری کر رہے ہیں اور یہ انکوائری سروسز اینڈ جنرل ایڈ منسٹریشن سے متعلق ہے - چونکہ آج آخری دن ہے اور اس میں ممکن ہے delay ہو جاتی اس لئے جو کچھ انفارمیشن مل سکتی تھی وہ انفارمیشن لے کر میں نے عرض کر دی مگر جہاں تک ان کے transfer کا سوال ہے مجھے اس بات کا علم نہیں ہے کہ ان کا transfer ہو گیا ہے یا نہیں ہوا ہے لیکن ہم نے یہ کوشش کی ہے کہ ہمیں یہ اطلاع مل جائے کہ ان کا transfer ہو گیا ہے یا نہیں ہوا ہے -

Chaudhri Anwar Aziz: Point of order, Sir. This point has come up so many times in this House that when the matter is referred to one particular Department it is usually said that a part of it is the concern of another department. Therefore, a comprehensive answer cannot be given. Sir, I would like you to give a ruling to the effect whether there is a question of joint responsibility of the Cabinet or not. If there is joint responsibility, then every answer given by any Minister is the responsibility of the whole Cabinet, and they stand committed to it. And if it is not the joint responsibility of the whole Cabinet, then only that particular Minister concerned has to deal with the question. So Sir, it is understood that the Cabinet stands or falls as a whole.

Mr. Speaker: Does Mr. Anwar Aziz, mean to say that when he gave notice of a question and that question was sent to a particular department, then the whole Cabinet sat over it, prepared the answer and then the Minister gave the answer in the House?

Chaudhri Anwar Aziz : No Sir. That is exactly the point on which I want to ask for your ruling and your clearance. Sir, a question is referred to one department, then the answer is prepared by that particular department, and if a part of it relates to another department, it is the duty of that department to get all the facts.

Mr. Speaker : No, not at all. It is the Member's duty to refer to the answer to that question and put another question to the other department.

Chaudhri Anwar Aziz : If one question relates to two departments, then where should I go ?

Mr. Speaker : First the Member should give a notice to the particular department, which in this case is the Basic Democracies Department, and if from the answer of the Minister of Basic Democracies there comes something, which concerns another department, he should refer that question and give fresh notice to the other department, which is the department concerned—in this case, the Department of Services and General Administration.

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, I must bow down before your ruling but for your information I would say that the Cabinet always has a joint responsibility or all the answer given in the House.

Mr. Speaker : In that case, does the Member say that while giving answer to that question by the Minister of Basic Democracies, the Minister of Communications and Works, the Minister of Food and Agriculture, the Minister of Health, all of them should be prepared for that? Is there any notice to them?

Chaudhri Anwar Aziz : They are not prepared. The notice is always to the whole Cabinet.

Mr. Speaker : Notice is not given to the whole Cabinet. Your point of order is ruled out of order.

Minister of Basic Democracies and Local Government : The Member should read the Rules of Business; it is the department concerned.

چودھری محمد ادریس—جناب والا ۔ اس ایس ۔ ڈی ۔ ایم کے خلاف جو بیانات دئے گئے ھیں ان کی ایک ایم ۔ پی ۔ اے ۔ ایک بنیادی جمہوریت کے ممبر ، ایک ڈاکٹر اور ایک ایڈووکیٹ نے تصدیق کی ھے اور اس ایس ۔ ڈی ۔ ایم نے جو love letters لکھے ھیں وہ بھی موجود ھیں لہذا اس کو فوری طور پر transfer کرنا چاھئے جو ابھی تک transfer نہیں ھوا ھے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ—میں متعلقہ محکمہ تک M.P.As. کے sentiments پہنچا دوں گا ۔

چودھری محمد ادریس—جناب والا ۔ جیسا کہ خان محمد یوسف صاحب نے فرمایا ھے کہ منسٹر صاحب نے اب تک یہ نہیں فرمایا کہ اس افسر کے خلاف کیا specific allegations تھیں انہوں نے بتایا کہ کچھ allegations تھیں جن کے متعلق رپورٹ ھوئی اور اینٹی کرپشن والوں نے شہادتیں لیں ۔

مسٹر سپیکر—وہ ان کے پاس نہیں ہے اس کے لئے علیحدہ نوٹس دے دیجئے۔

وزیر لوکل گورنمنٹ—جناب والا۔ اس میں یہ نہیں پوچھا گیا تھا کہ specific allegations بتائی جائیں جو statement ریکارڈ ہوا ہے وہ میرے پاس تھا اور وہ میں نے ہاؤس میں پیش کر دیا۔

چودھری محمد ادریس—جناب وزیر صاحب نے میرے سوال کے جواب میں فرمایا ہے کہ وہ اس ہاؤس کے sentiments متعلقہ محکمہ تک پہونچا دیں گے۔ جناب والا۔ ہم یہ assurance چاہتے ہیں محکمہ متعلقہ سے کہ متعلقہ محکمہ اس کو ٹال نہ دے۔

وزیر لوکل گورنمنٹ—جناب sentiments پہونچانے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ ان کا احترام کیا جائے۔

چودھری انور عزیز—میں جناب حسین وٹو صاحب سے یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا انہیں معلوم ہے کہ سیالکوٹ کا بچہ بچہ اس case کی ہسٹری سے واقف ہو چکا ہے اور ہمیں ان کے سامنے جاتے ہوئے خاصی ندامت ہوتی ہے۔

وزیر لوکل گورنمنٹ—مجھے اس بات کا علم نہیں ہے کہ سیالکوٹ کا بچہ بچہ اس واقعہ کو جانتا ہے اگر میرے فاضل دوست یہ ارشاد فرماتے ہیں تو میں تسلیم کرتا ہوں مگر میرے خیال میں ندامت نہ ہونی چاہئے اور جواب اس کا یہ ہونا چاہئے کہ گورنمنٹ کی طرف سے اس کی انکوائری ہو رہی ہے اور ایک مہینے کے اندر نتائج آ جائیں گے میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر انکوائری میں کوئی آدمی ذمہ دار نکلا تو جس کے ساتھ یہ نا انصافی ہوئی ہے اس کے ساتھ پورا انصاف کیا جائے گا۔ اس کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو نادم نہ ہونا چاہئے اور آپ کو اس سلسلے میں یہ بتانا چاہئے کہ حکومت کیا کچھ کر رہی ہے۔

Mr. Speaker : Next question; no more supplementaries.

حاجی سردار عطا محمد—پوائنٹ آف آرڈر ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ جناب یاسین وٹو صاحب کیا یہ زحمت کریں گے کہ ایک مہینہ کے بعد اگر کوئی ممبر اس کے متعلق لکھے تو وہ بتا دیں گے ۔

مسٹر سپیکر—یہ پوائنٹ آف آرڈر پر نہیں پوچھا جاتا بلکہ اس کے متعلق آپ سوال کریں ۔

حاجی سردار عطا محمد—کیا ایک مہینے کے بعد تحریری طور پر یہ ہمیں بتا دیں گے یا نہیں ۔

مسٹر سپیکر—یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ—جناب اس وقت تو یہی عرض کروں گا کہ چونکہ اس کا جنرل ایڈمنسٹریشن کے محکمہ سے تعلق ہے اس لئے میں یہ بات بھی محکمہ تک پہونچا دوں گا کہ وہ کوشش کرکے ایک مہینے میں انکوائری کے نتائج اکٹھا کریں پھر اگر فاضل ممبر متعلقہ محکمہ کو لکھیں گے تو ان کو جواب جلد مل جائے گا ۔

AMOUNT OF CO-OPERATIVE DEPARTMENT OUTSTANDING AGAINST SHEIKH ABDUR REHMAN OF BAHAWALNAGAR.

***3570. Pir Muhammad Zaman Chishti**: Will the Minister of Co-operation be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Sheikh Abdur Rehman of Bahawalnagar owes Rs. 24,000 to the Co-operative Department and is avoiding to pay the said amount since long ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the steps Government intend to take to recover the said amount ?

Minister of Co-operation (Mr. Muhammad Khan Junejo) : Sh. Abdur Rehman is one of the four partners of the firm.

مسٹر ذوالفقار محمد خان گاکوکا—جناب میں وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یہ اردو میں جواب دیں ۔

وزیر امداد باہمی—جناب انکے جو سپلیمنٹری سوالات ہونگے انکا جواب اردو میں دے دونگا میرے پاس یہ جواب انگریزی میں لکھا ہو ہے ۔ اردو میں نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر—نوٹس دیتے وقت کیا جواب کیلئے لکھا گیا تھا کہ اردو میں جواب دیا جائے ۔

Minister for Co-operation : Not to my knowledge.

چودھری محمد سرور خان—پوائنٹ آف آرڈر—اگر لکھنے کے بجائے کوئی آدمی اپنا سوال اردو میں دیتا ہے تو اسکا جواب بھی اردو میں آنا چاہئے ایسی صورت میں کیا یہ ضروری ہے کہ لکھا جائے کہ جواب اردو میں دیا جائے ۔

مسٹر سپیکر—آپ کا خیال ہے کہ ہم presume کریں کہ جواب اردو میں آئے ۔

چودھری محمد سرور خان—جی ہاں ۔

مسٹر سپیکر—جب کہ واضح ہدایات دی جاچکی ہیں کہ یہ لکھنے کی تکلیف گوارا فرمائی جائے کہ جواب اردو میں چاہئے ہے یا انگریزی میں تو میرے خیال میں ایک سطر لکھنے کی تکلیف گوارا کرلینی چاہئے ۔

وزیر امداد باہمی—جہاں تک اس سوال کا تعلق ہے مجھے یاد ہے کہ آپ نے لکھا تھا کہ اردو میں جواب دیا جائے ۔

چودھری محمد نواز—پوائنٹ آف آرڈر جناب والا — جس معزز ممبر نے یہ سوال کیا ہے وہ انگریزی بالکل نہیں جانتے اور نہ سمجھتے ہیں اور منسٹر صاحب نے جو جواب دیا ہے وہ انگریزی میں دیا ہے تو اسکا مطلب یہ ہوگا کہ وہ ضمنی سوال بھی نہیں کر سکیں گے جبکہ وہ انگریزی سمجھتے ہی نہیں ہیں ۔

مسٹر سپیکر—میں ایوان کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ ابھی ابھی اسمبلی سیکریٹریٹ کیطرف سے اطلاع دیگئی ہے کہ فاضل ممبر نے جو سوال اس اسمبلی سیکریٹریٹ کو دیا تھا وہ انگریزی میں تھا ۔

ملک محمد اسلم خان—وہ تو خود کہتے ہیں کہ ہمیں انگریزی نہیں آتی ۔ انہوں نے جو سوال انگریزی میں بھیجا ہے وہ کسی سے لکھوا کر دیا ہے ۔

مسٹر سپیکر—کیا آپ کو معلوم ہے کہ کس صاحب نے سوال کیا ہے ۔

ملک محمد اسلم خان—چشتی صاحب نے -

مسٹر سپیکر—میرا خیال ہے کہ چودھری محمد نواز کو کرنا چاہئے تھا -

ملک محمد اسلم خان—اگر ممبر صاحب یہ کہہ دیں کہ سوال کا جواب اردو میں دیا جائے تو کیا وزیر موصوف مان جائیں گے -

مسٹر سپیکر—وہ انگریزی میں جواب دے سکتے ہیں کسی رول کی خلاف ورزی نہیں کی گئی -

پیر محمد زمان چشتی—جناب میں نے اردو میں سوال لکھ کر دیا ہے اور جونیجو صاحب نے کہا ہے کہ انگریزی میں ٹائپ کراکر دیں -

وزیر بنیادی جمہوریت—فاضل ممبر کو چاہئے کہ آئندہ وہ چودھری محمد نواز سے نہ لکھائیں -

ملک محمد اسلم خان—اس سوال کا جواب اگر وٹو صاحب دیتے تو زیادہ مناسب تھا وہ اردو اچھی طرح سمجھتے ہیں -

وزیر امداد باہمی- میں نے اردو میں اس کا ترجمہ نہیں کرایا ہے -

Mr. Speaker : Yes please read the answer.

Minister of Co-operation (Mr. Muhammad Khan Junejo): (a) Sh. Abur Rehman is one of the four partners of the firm, Bahawalpur Cotton Company Limited, Bahawalnagar. This firm got a loan of Rs. 40,000 from the Bahawalnagrar Co-operative Commission Shop, Limited, in the year 1952-53 against hypothication of raw cotton and cotton bales. The cotton bales were not allowed to be removed by one of the partners and later when sold fetched a price of Rs. 19,225·19 only.

For recovery of the balance, the Co-operative Commission Shop filed a Civil Suit on 30th August 1953.

It got a decree of Rs. 25,405·84 on 30th April 1958. Mr. Abdur Rehman and his brother Mr. Aziz-ur-Rehman, another partner of the same firm, filed an appeal against the decree with the High Court. The case was decided by the High Court on 24th February 1962 and the amount of decree amended as Rs. 23,387·66 (interest was excluded).

(*b*) The decree against the firm noted above has been executed in the Court of Collector, Bahawalnagar (Assistant Registrar, Co-opeative Societies, Bahawalnagar). Proceedings against all the four partners are going on.

ملک محمد اسلم خان—جناب - والا شیخ عبدالرحمان جنکا سوال میں ذکر ہے ان کے خلاف بہاولنگر ترقی کا نوٹس جاری ہو

گیا تھا لیکن اس کے بعد ان کو لاهور سے stay order مل گیا تو کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ کن وجوهات کی بنا پر ان کو stay order ملا تھا ۔

وزیر امداد باهمی—جب شیخ عبدالرحمان کے خلاف یہ degree نکلی تو اپیل میں وہ گورنمنٹ کے پاس آئے اور گورنمنٹ نے ان کو stay order دیا اور پھر فریقین کو یہاں بلایا اور ان کی سماعت کی اور ان کو حکم دیا کہ stay order تو withdraw کر لیا جائے لیکن effective recovery کی جائے ۔

نوابزاده غلام قاسم خان خاکوانی—کیا وزیر صاحب یہ فرمائیں گے کہ قانون کے تحت یہ ضروری ہے کہ پہلے اسسٹنٹ رجسٹرار اس بات کا تعین کرے اور اس کے بعد recovery کی کارروائی ہو اور ابھی اس کا تعین نہیں ہوا ۔

وزیر امداد باهمی—جناب جہاں تک آپ کے سوال کا تعلق ہے یہ رقم انہوں نے ہی متعین کی ہے ۔ اور اس کے بعد recovery شروع کی ہے ۔ ہمارے پاس کوئی ایسی بات نہیں ہے ریکارڈ میں موجود نہیں ہے کہ تعین کرنے کے بغیر ہی انہوں نے recovery شروع کر دی ۔

نوابزاده غلام قاسم خان خاکوانی—جناب والا ۔ اگر میں آپ پر یہ ثابت کر دوں کہ انہوں نے متعین کرنے کا نوٹس ہی نہیں لیا تو کیا آپ متعلقہ افسران کے خلاف کارروائی فرمائیں گے ۔

وزیر امداد باهمی—اگر آپ ایسی کوئی بات ثابت کر دیں ہم اس کی تفتیش کریں گے ۔

مسٹر سپیکر—لیکن خاکوانی صاحب آپ کا خیال ہے کہ جن مقدمات میں عدالت کی ڈگری ہو جائے تو اس کے متعلق بھی رجسٹرار کو پوچھا جا سکتا ہے ۔

نوابزاده غلام قاسم خان خاکوانی—جناب والا — ہائی کورٹ میں جو ڈگری ہوئی ہے اس میں انہوں نے یہ کہا ہے کہ بغیر سود کے ان سے رقم لی جائے ۔ پہلے کوآپریٹو والوں نے سود شامل کرکے یہ رقم ڈیمانڈ کی لیکن ہائی کورٹ نے حکم دیا کہ رقم بغیر سود کے ہونی چاہئے تو ان کا مطلب یہ ہے کہ رجسٹرار اس بات کا تعین کرے کہ اس طرح سے کتنی رقم بنتی ہے ۔

مسٹر سپیکر—ہائی کورٹ کی ڈگری کے بعد رجسٹرار اس چیز کو determine کرے۔

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی—جی جی! جناب والا— اس لئے کہ ہائی کورٹ نے سود چھوڑ دینے کا حکم دیا تھا۔ تو سود نکال کر رقم کا تعین کرکے اس پارٹی کو نوٹس دینا چاہئے۔ یہ تو ایک سادہ سا معاملہ ہے۔

وزیر امداد باہمی—جب ہائی کورٹ نے اس بات کا تعین کیا کہ سود کے بغیر رقم ہونی چاہئے تو سود چھوڑ کر باقی جو فیصلہ ہے اس کے سلسلہ میں ایکشن لینا شروع کیا ہے اور میں نے جواب میں بھی یہ کہہ دیا ہے کہ The amount of decree amended is Rs. 23,387·66. تو ہم سود کو چھوڑ کر رقم کی وصولی کر رہے ہیں۔

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی—میں وزیر صاحب سے یہ گذارش کروں کہ حکومت نے یہ یقین دہانی کی تھی کہ کوئی political victimisation نہیں ہوگی۔ اور اگر شیخ عبدالرحمان نے انیس ہزار روپیہ پہلے داخل کر دیا ہے اور اس کے بعد اسکے تین partners کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہو رہی صرف شیخ عبدالرحمان کے گھر میں بعد غروب آفتاب raid کی جا چکی ہے اور ان کو harass کیا جا رہا ہے۔

وزیر امداد باہمی—مجھے بڑے افسوس کیساتھ جواب دینا پڑتا ہے کہ ایک طرف ہمارے لاکھوں روپے چند لوگوں کے ہاتھوں میں پڑے ہوئے ہوں اور جب ہم روپیہ کی وصولی پر آتے ہیں تو ممبر صاحب کہتے ہیں کہ political victimisation ہوتی ہے یہ چالیس ہزار پندرہ سال پہلے اس فرم کے پاس ہیں اور جب ہم recovery کرتے ہیں تو یہ کہتے ہیں کہ political victimisation ہوتی ہے ابھی ۱۰ ہزار کے قریب ہم نے شیخ عبدالرحمان سے لینے ہیں تو وہ ہم ضرور لیں گے اس میں victimisation کی کیا بات ہے۔ لیکن ہم پیسے ان سے ضرور لیں گے۔

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی—میں وزیر موصوف کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ جناب نے اپنے جواب میں یہ فرمایا ہے کہ روپیہ کی وصولی کیوقت ایک پارٹی نے رکاوٹ کی اور جس نے رکاوٹ کی اس کا نام بھی یہاں پر نہیں ہے اور جس نے

روپیہ کی ادائیگی کی خواہش کی تھی وہ صرف شیخ عبدالرحمان ہی تھا ۔ دوسرے میں عرض کر دوں کہ دیر ہو گئی ہے میں پوچھتا ہوں کہ ہائی کورٹ کا فیصلہ کب ہوا ۔

وزیر امداد باہمی—میں عرض کر رہا ہوں کہ ہائی کورٹ کا فیصلہ ابھی سن ۶۴ میں ہوا ہے ۔ دو تین سال مقدمہ عدالت میں پڑا تھا تو اب ہم نے recovery کی ہے لیکن میں ممبر صاحب کی تسلی کے لئے عرض کردوں کہ یہ جو شیخ عبدالرحمان ہیں ان کا جتنا share بنتا ہے اتنے پیسے ضرور ہم ان سے لے رہے ہیں زیادہ نہیں لیں گے ۔

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی—میں جناب کی خدمت میں گذارش کر رہا ہوں کہ شیخ عبدالرحمان کے گھر پر شام کے بعد raid کی گئی اور باقی تین partners کو چھوڑ دیا گیا حالانکہ آپ تسلیم کرتے ہیں کہ شیخ عبدالرحمان پیسے بھی دے چکا ہے تو باقیوں کا نام یہاں سوال میں بھی نہیں ہے صرف نام اگر ہے تو شیخ عبدالرحمان کا ہے Is he not being victimised.

Chaudhri Anwar Aziz : Point of order. I hope the Minister is aware that when a partnership owes some money to anybody it can realise that money jointly. In this particular case if the department thinks that it is realising money from one particular person there is absolutely no legal hitch to it and there is also no moral embargo. I think that should have been the answer to the question put.

Mr. Speaker : And that is an answer to Mr. Khakwani's question and not a point of order.

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی—میں جانتا ہوں کہ severally & jointly یہ ہو سکتا ہے مگر میں عرض کر رہا ہوں کہ شیخ عبدالرحمان کو خاص طور پر victimise کیا جا رہا ہے اور باقی جو ان کے تین partners ہیں نہ تو ان کے نام سوال میں آئے ہیں اور نہ ہی ان کے گھروں پر raid ہوئے ہیں ۔

Mr. Speaker : Repetition. Next supplementary.

Khan Muhammad Yusuf Khan : Sir, may I know from the Minister whether it is a limited concern? He is entitled only to recover from Sh. Abdur Rehman the amount which is according to his share and is due and not all the amount.

مسٹر ہمزا—کیا جناب وزیر موصوف یہ بتائیں گے کہ دوسرے جو تین حصہ دار ہیں ان کے خلاف آج تک کیا کارروائی

ہوئی ہے اور آئندہ وہ ان کے خلاف کیا کارروائی کرنا چاہتے ہیں اور انہوں نے خاص طور پر اسی شخص کو کیوں نشانہ بنایا ہے۔

وزیر امداد باہمی—ہم سب کے خلاف یہ کارروائی کر رہے ہیں پہلے اس کے اوپر ہاتھ ڈالا ہے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ کوئی victimisation نہیں ہوگی۔ مگر جتنے defaulters ہیں ان سے پیسے ضرور لیں گے۔

خان محمد یوسف خان—جناب میں نے victimisation کے متعلق سوال نہیں کیا میں تو عرض کر رہا ہوں کہ اگر وہ limited concern ہے تو کیا اس شخص نے اپنے limited share کے مطابق قرضہ واپس دے دیا ہے یا نہیں

Minister of Cooperation: That aspect I have not examined.

Mr. Speaker : It is not a supplementary. Next question is 3672. Yes Mr. Hamza.

اس میں کچھ confusion ہے ہم یہ سوال بعد میں لیں گے۔

CASE OF ABDUCTION OF A WOMAN REGISTERED IN POLICE STATION, THERI, DISTRICT KHAIRPUR

*3677. **Sardar Haji Atta Muhammad Lund :** Will the Parliamentary Secretary, Home, be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that Gul Muhammad Sanjrani of Taluka Mirwah, District Khairpur, lodged a report on 9th March 1966 under sections 360/397, P. P. C., in Police Station, Theri, regarding the abduction of a woman by 16 persons;

(*b*) whether it is a fact that Sub-Inspector in Charge of the said police station had registered the said case under section 366, P.P.C. only and afterwards the Police Inspector made necessary correction; if so, reasons for not mentioning section 397 by the Sub-Inspector;

(*c*) whether it is a fact that the said woman was recovered by the Police on 11th March 1966 but the said Sub-Inspector kept her with himself without any order from higher authorities and her statement under section 164, P.P.C., was got recorded on 18th March 1966; if so, reasons for keeping her from 11th to 17th March 1966 by the Sub-Inspector;

(*d*) whether it is a fact that the said Police Inspector wrote in the Diary on 13th March 1966, directing the said Sub-Inspector to produce the said woman in the Court on 14th March 1966 for recording of her statement under section 164; if so, reasons for producing the said woman in the Court after 18th March 1966 instead of 14th March 1966 for giving her statement under section 164, Cr.P.C.;

(*e*) whether it is a fact that the said Gul Muhammad Sanjrani made complaint against the acts of the said Sub-Inspector referre to in clauses (*b*), (*c*) and (*d*) above to Superintendent of Police concerned but no action was taken by the Superintendent of Police;

(*f*) whether it is a fact that out of 16 persons named in the F.I.R. and in the statement under section 164, Cr. P.C. mentioned above, Usman and Dilawar have not so far been challaned;

(*g*) whether it is a fact that on the complaints of the people the said Sub-Inspector was transferred to some other Police Station, but no enquiry has been held against him with regard to charges against him;

(*h*) if answers to (*a*) to (*f*) above be in the affirmative, reasons therefor and whether Government intend to take action against the officials concerned if they had failed to discharge their duties properly;

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج دین) :—(الف) کیس ایف۔آئی۔آر نمبر ۲۰ مورخہ ۶۶-۳-۹ زیر دفعہ ۳۴/۳۵۲/۳۶۶ مجموعہ تعزیرات پاکستان تھانہ میرواہ کے مقام پر درج کیا گیا تھا نہ کہ تھیری کے مقام پر شکایت کنندہ کا وہی نام ہے جو سوال میں بیان کیا گیا ہے ۔ ایف۔آئی۔آر مذکور میں ایسی کوئی وجہ موجود نہیں تھی جس سے کیس کا اندراج زیر دفعہ ۳۹۷ کیا جاتا ۔

(ب) جی نہیں ۔ ایس ۔ ایچ۔او نے کیس مذکور کا اندراج مجموعہ تعزیرات پاکستان کی مندرجہ بالا دفعات کے تحت کیا تھا اور انسپکٹر نے کوئی تصحیح نہیں کی تھی ۔ تاہم مجموعہ ضابطہ پاکستان کی دفعہ ۱۶۴ کے تحت عورت کے بیان کے بعد دفعہ ۳۹۰ مجموعہ ضابطہ پاکستان کا اضافہ کیا گیا تھا لیکن چونکہ تفتیش کے دوران میں اسے ثابت نہیں کیا جا سکتا تھا اس لئے اسے حذف کر دیا گیا تھا ۔

(ج) عورت مذکور ۶۶-۳-۱۳ کو برآمد کی گئی تھی نہ کہ ۶۶-۳-۱۱ کو اسے ایس ۔ ایچ ۔ او نے اپنے پاس نہیں رکھا تھا بلکہ اس کے رشتہ داروں کے حوالے کر دیا تھا ۔ تاہم زیر دفعہ ۱۶۴ بیان ۶۶-۳-۱۸ کو قلمبند کیا گیا تھا کیونکہ اس تاریخ سے قبل عورت مذکور پورے واقعات بیان کرنے پر تیار نہیں تھی ۔ اسے ۶۶-۳-۱۶ کو سپرنٹنڈنٹ پولیس خیرپور کے سامنے بھی پیش کرنا پڑا تھا ۔

(د) جی نہیں ۔ انسپکٹر نے مندرجہ بالا وجوہ کی بنا پر اس قسم کے کوئی احکام جاری نہیں کئے تھے ۔

(ہ) گل محمد نے تفتیش کے غیر تسلی بخش ہونے کے سلسلے میں ایک درخواست دی تھی اور سپرنٹنڈنٹ پولیس نے سب ڈویژنل انسپکٹر میرواہ کو اسکی تفتیش بذات خود کرنے کے احکامات جاری کر دئے تھے - ایس - ایچ - او کے خلاف کوئی مخصوص الزامات نہیں تھے اور نہ ہی اسکے خلاف کوئی امر ظاہر ہوا - چنانچہ کوئی کارروائی ضروری نہیں تھی -

(و) ایف-آئی-آر میں صرف ۱۲ اشخاص کے نام تھے اور تفتیش کے دوران میں مزید ایک شخص کے نام کا اضافہ کیا گیا تھا - عدالت سیشن خیرپور نے عثمان کو ضمانت قبل از گرفتاری پر رہا کر دیا تھا جبکہ دلاور کو جسے ایس - ایچ - او نے گرفتار کیا تھا سب ڈویژنل انسپکٹر نے ضمانت پر چھوڑ دیا تھا کیونکہ اس کے خلاف کافی شہادت مہیا نہیں تھی - تاہم عثمان اور دلاور خان کے نام چالان کے خانہ نمبر ۲ میں مذکور ہیں -

(ز) جی نہیں - سب انسپکٹر کا تبادلہ شکایت پر نہیں بلکہ مفاد عامہ کے پیش نظر کیا گیا تھا - چنانچہ اس کے خلاف کوئی کارروائی کرنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا -

(ح) سوال پیدا نہیں ہوتا -

Mr. Speaker : The House is adjourned for tea break for twenty minutes.

The Assembly then adjourned for twenty minutes.

The Assembly met at 11-00 a.m. Mr. Speaker in the chair.

حاجی سردار عطا محمد — آپ نے (ہ) کے جواب میں فرمایا ہے - کہ گل محمد نے تفتیش کے غیر تسلی بخش ہونے کے متعلق درخواست دی تھی - اس لئے S.P. نے سب ڈویژنل انسپکٹر میرواہ کو تفتیش کے لئے بھیجا اور پھر احکامات جاری کئے -

تو آپ بتائیں - کہ کیا وہ سب انسپکٹر کی درخواست نہیں تھی -

پارلیمنٹری سیکرٹری - حاجی صاحب نے غالباً سارے جواب کو نہیں پڑھا - جواب میں کہا ہے - کہ گل محمد نے درخواست

دی تھی - اس پر S.P. نے سب ڈویژنل انسپکٹر کو تعینات کیا تھا - کہ وہ case کی انکوائری کرے - چونکہ اس کے خلاف کوئی allegation ثابت نہیں ہوسکی - اس لئے اس کا سوال پیدا نہیں ہوتا -

حاجی سردار عطا محمد — کیا آپ بتا سکتے ہیں - کہ گل محمد نے درخواست میں کیا شکایت کی تھی -

پارلیمنٹری سیکرٹری — گل محمد نے ایس - پی صاحب سے یہی شکایت کی تھی - کہ انکوائری حسب منشا نہیں ہوئی - اس لئے سب ڈویژنل انسپکٹر کو انکوائری کے لئے تعینات کیا گیا - لیکن پولیس کوئی case ثابت نہیں کرسکی -

حاجی سردار عطا محمد — کیا یہ صحیح نہیں کہ درخواست میں لکھا تھا کہ وہ عورت دس دن تک پولیس کے قبضہ میں رہی -

پارلیمنٹری سیکرٹری — یہ بالکل غلط ہے جیسا کہ جواب کے حصہ (ج) میں بتایا گیا ہے - کہ عورت ۱۱ تاریخ کو برآمد نہیں ہوئی تھی بلکہ ۱۳ تاریخ کو برآمد کی گئی تھی اسی دوران میں عدالت سے سپرد داری لے کر اس عورت کو اس کے خالو جو ایڈووکیٹ ہیں کے سپرد کر دیا اور اس کی والدہ بھی وہاں موجود تھی -

حاجی سردار عطا محمد — آپ کیسے کہتے ہیں کہ میں نے ٹھیک نہیں کہا - اور اس نے درخواست نہیں دی تھی -

پارلیمنٹری سیکرٹری — آپ نے جو سوال پوچھا تھا - اس کا جواب دے دیا ہے -

حاجی سردار عطا محمد — آپ یہ بتائیں - کہ آپ کیسے کہتے ہیں - کہ میں نے جھوٹ کہا ہے - کہ گل محمد نے درخواست نہیں دی تھی - کن وجوہ پر آپ اسے غلط کہہ رہے ہیں -

پارلیمنٹری سیکرٹری — محکمہ نے مجھکو جو اطلاع دی ہے میں اسکے تعلق عرض کر رہا ہوں - رپورٹ تفتیش

میرے پاس نہیں ہے جو سوال آپ نے کیا اسکا جواب میں دے رہا ہوں کہ لڑکی سب انسپکٹر کے پاس نہیں رہی بلکہ اپنے خالو کے پاس رہی ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد — کیا یہ آپ کسی تحریری اطلاع کے مطابق جواب دے رہے ہیں یا بچہ صاحب جو بتا رہے ہیں اسکے مطابق جواب دے رہے ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری — یہ بچہ صاحب نہیں بتا رہے ہیں ۔ بلکہ میرے پاس وہاں کے سپرنٹنڈنٹ پولیس کی اطلاع آئی ہے اسکے مطابق عرض کر رہا ہوں ۔

خان ملنگ خان — پوائنٹ آف آرڈر ۔ سردار گل زمان خان کے سوال جسمیں انہوں نے ایبٹ آباد ۔ مری روڈ کے پرمٹ holders کے ناموں کے متعلق دریافت کیا تھا اگر وہ نام بتا دئے جائیں تو اچھا ہے ۔

مسٹر سپیکر — پہلے شارٹ نوٹس کوئسچن ختم ہو لینے دیجئے ۔

خان ملنگ خان — بہتر جناب ۔

CIVIL JUDGES ALLOTTED REQUISITIONED HOUSES IN RAWALPINDI

***3681. Major Muhammad Aslam Jan:** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration please refer to answer to my starred question No. 2977, given on the floor of the House on 24th June, 1966 and state :—

(*a*) the names of the Civil Judges who have been allotted requisitioned houses in Rawalpindi;—

(*b*) the amount of compensation and the date since when the same is being paid by the Government to the owners of the said requisitioned houses;

(*c*) the names and addresses of the owners of the said requisitioned houses;

(*d*) the amount prescribed by Government for the maintenance of gardens attached to residences of Commissioners and Deputy Commissioners at Pashawar, Rawalpindi, Lahore, Lyallpur and Multan?;

اگر جناب یہ صرف پارٹ (اے) کے متعلق پڑھ دیں تو میں سپلیمنٹری سوال کر لوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب آپ نے کل سوال ہاؤس میں پڑھ دیا تھا اب صرف آپ revised answer پڑھیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج دین) - جناب کل میجر صاحب نے جو کچھ فرمایا تھا میں نے اس کے متعلق کچھ نہیں پڑھا تھا اور نہ جواب دیا تھا لیکن جواب ان کے پاس پہنچ چکا تھا - اس میں میں نے کہا تھا کہ راولپنڈی . . .

مسٹر سپیکر : میاں صاحب آج کا revised جواب پڑھئے گا -

پارلیمنٹری سیکرٹری- (میاں معراج دین) (الف) مندرجہ ذیل سول ججوں کو راولپنڈی میں حاصل کردہ مکان الاٹ کئے گئے تھے :-

(۱) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راولپنڈی - ان کے زیر قبضہ مکان نمبر ۳۸ - اے سول لائنز راولپنڈی ہے -

(۲) قاضی محمد لطیف سول جج راولپنڈی - انہیں مکان نمبر کیو - ۲۳ ۷ کرتار پورہ راولپنڈی الاٹ کیا گیا تھا .. یہ مکان ۵ جنوری ۱۹۶۳ء سے ۲۳ دسمبر ۱۹۶۳ء تک ان کے زیر قبضہ رہا اور انہوں نے کمشنر کو بغیر کوئی اطلاع دیئے اسے خالی کر دیا -

(۳) میاں عبدالمجید ایڈمنسٹریٹو سول جج راولپنڈی انہیں مکان نمبر ۱۰۴۴—بی سٹیلائٹ ٹاؤن راولپنڈی الاٹ کیا گیا تھا - یہ مکان یکم مارچ ۱۹۶۵ سے ۲ مئی ۱۹۶۵ تک ان کے زیر قبضہ رہا اور اسے انہوں نے زیادہ کرایہ یعنی ۲۵۰ روپے ماہانہ کی وجہ سے چھوڑ دیا -

(ب) (۱) مکان نمبر ۳۸—اے سول لائنز راولپنڈی جو تاحال ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راولپنڈی کے زیر قبضہ ہے کے لئے سب سڈی بحساب ۵۰۰ روپے ماہانہ ستمبر ۱۹۶۲ء سے ادا کی جا رہی ہے - دسمبر ۱۹۶۵ء تک اس ضمن میں ۱۹،۵۰۰ روپے کی رقم ادا کی جا چکی ہے -

(۲) مکان نمبر کیو - ۲۳ ۷ کرتار پورہ راولپنڈی جس عرصہ کے دوران یہ مکان قاضی محمد لطیف صاحب کے زیر قبضہ رہا کوئی سب سڈی ادا نہیں کی گئی -

(۳) مکان نمبر ۱۰۴۴ - بی سٹیلائٹ ٹاؤن راولپنڈی کے لئے ۲ مارچ ۱۹۶۵ء سے ۲ مئی ۱۹۶۵ تک کی مدت کے لئے سب سڈی بحساب ۲۵۰ روپے ماہانہ یعنی کل ۵۰۰ روپے کی گئی -

(ج) (۱) مکان نمبر ۳۸-اے سول لائنز راولپنڈی کی مالکہ مسمات رضیہ بیگم زوجہ شاہ عبدالرحیم معرفت ایس۔ عنایت اللہ اینڈ سنز میسی گیٹ، راولپنڈی ہے۔

(۲) مکان نمبر کیو-۲۳ے کرتار پورہ، راولپنڈی کا مالک مسمی میر عالم شاہ، موضع و ڈاکخانہ جھنگی سیداں، ضلع راولپنڈی ہے۔

(۳) مکان نمبر ۱۰۴۳-بی سٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی کا مالک مسٹر غلام رسول ۱۱۳-بی-فنانس روڈ، راولپنڈی ہے۔

(د) کمشنروں/ڈپٹی کمشنروں کو ایک مالی - اور - بیج وغیرہ کے لئے ۲۵۰۰ روپے ماہانہ خرچ کی اجازت ہے۔ اس طرح جو خرچ عائد ہوتا ہے وہ مد سائر خرچ سے واجب الادا ہوتا ہے۔ تاہم لاہور کے کمشنر/ڈپٹی کمشنر کو جنہیں جی-او-آر میں سرکاری رہائش گاہیں مہیا کی گئی ہیں یہ سہولت نہیں دی گئی ہے، کیونکہ ان کی رہائش گاہوں سے منسلکہ باغات/لان کی نگہداشت حکومت کی طرف سے کی جاتی ہے جیسا کہ اسٹیٹ کی دوسری رہائش گاہوں کی صورت میں ہوتا ہے۔

مسٹر سپیکر—میاں صاحب کیا revised answer اسمبلی سیکرٹریٹ کو آپ نے دیا تھا۔

پارلیمنٹری سیکرٹری—جی ہاں۔

مسٹر سپیکر — میجر صاحب کیا آپ کو بھی اس کی کاپی پہنچ چکی ہے؟

میجر محمد اسلم جان—جی ہاں پہنچ گئی ہے۔

جناب والا — یہ سوالات تین دفعہ دہرائے گئے ہیں۔ پہلا جواب ۲۴ جون کو دیا گیا تھا، اس کے متعلق میں نے شارٹ نوٹس سوال دیا۔ جب اس کا جواب کافی دنوں تک نہ ملا تو اس کے متعلق میں نے ۶ جولائی کو آپ کے سامنے عرض کی کہ آیا شارٹ نوٹس سوال کا جواب دینے کے لئے پارلیمنٹری سیکرٹری کو اپنے ڈیپارٹمنٹ سے اجازت لینے کی ضرورت ہے۔ آپ کو احکام کے بعد میرے سوال کا جواب

۱۱ جولائی کو دیا گیا ، مگر بعد میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا کہ وہ اس جواب سے مطمئن نہ تھے کیونکہ وہ درست جواب نہ تھا ۔ اس لئے یہ revised جواب آج دیا گیا ہے ۔ اب اس جواب کے متعلق تو میں بعد میں عرض کروں گا ، لیکن فی‌الحال میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے میاں معراج دین صاحب سے پوری پوری ہمدردی ہے کہ ان کے ڈیپارٹمنٹ نے ان کو صحیح جواب نہیں دیئے اور نہ ہی ڈیپارٹمنٹ کو لوکل ایڈمنسٹریشن نے صحیح جواب دیئے ہیں ۔ اور اس سوال کے آج تک تین مرتبہ تین مختلف جوابات دیئے گئے ہیں ۔ جس کی وجہ سے ان کی پوزیشن بڑی awkward ہو گئی ہے ۔

مسٹر سپیکر — اس شکایت سے پیشتر آپ اس کے متعلق سپلیمنٹری فرمائیے کیونکہ یہ revised answer ہے ۔

میجر محمد اسلم جان — جناب میں اس کے متعلق تو بہت سپلیمنٹری پوچھوں گا مگر وہ ان کا جواب دینے سے گریز نہ کر جائیں اور جب میں سپلیمنٹری پوچھوں گا تو مجھے ڈر ہے کہ وہ کہہ دیں گے کہ انہیں fresh notice چاہئیے اس لئے میں نہایت آسان آسان ضمنی سوالات پوچھتا ہوں تاکہ انہیں جواب دینے میں پریشانی نہ ہو ۔ میرا پہلا ضمنی سوال یہ ہے کہ ۔

ڈپٹی کمشنروں اور کمشنروں کی کوٹھیوں سے attached جو باغات ہیں انہیں سرکاری طور پر ایک ایک مالی بھی دیا جاتا ہے تو ان مالیوں کی کیا تنخواہ ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ مالی کی تنخواہ ۹۰ روپے ماہوار ہے ۔

میجر محمد اسلم جان — جناب والا — آپ کے جواب کے مطابق ڈپٹی کمشنر اور کمشنر صاحبان کو مفت مکان دئے جاتے ہیں عام طور پر اگر بڑے شہروں میں ان کا کرایہ لگایا جائے تو تین چار ہزار روپے سے کم فی کوٹھی کرایہ نہیں ہوتا ، اس کے علاوہ مفت ٹیلیفون ، مالی ، باغ کے بیجوں کے واسطے ۲۵ روپے ماہوار اس کے علاوہ مفت بجلی

پانی ، فرنیچر ، ٹرانسپورٹ ، نوکر اور چپراسی وغیرہ اور پھر کمشنر صاحبان کو دوسو پچاس روپے ماہوار ضیافتوں کے لئے الاؤنس اور اسی طرح ڈپٹی کمشنر کو سو روپے ماہوار الاؤنس ملتا ہے ، اگر ان سب سہولتوں اور مراعات کو ملایا جائے تو ان افسران کو تنخواہ کے علاوہ کم از کم چار پانچ ہزار روپے ماہوار کی مراعات اور سہولتیں مہیا کی جاتی ہیں ، جو ایک ہائی کورٹ کے جج کی تنخواہ سے بھی زیادہ ہیں - کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ایک ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کو ان میں سے سوائے اس کی تنخواہ کے کوئی مراعات دی جاتی ہیں ، یا جیسے کہ ہمارے یہاں راولپنڈی میں حالت ہے کہ ان کو رہنے کے لئے مکان تک مہیا نہیں کیا جاتا اور جیسا کہ آپ نے خود مان بھی لیا ہے کہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راولپنڈی اپنے کورٹ کے ریٹائرنگ روم میں جس کا رقبہ ۱۲′ × ۱۰′ یا ۱۴′ × ۱۰′ فٹ کے قریب ہے- رہتے ہیں اور ان سے توقع کی جاتی ہے کہ اس تپتی ہوئی گرمی اور لو میں وہ اس کوٹھڑی میں بیٹھ کر زندگی اور موت کے فیصلے لکھیں ، اور راولپنڈی کا سینئر سول جج جو بدقسمتی سے ایماندار ہے اور اپنی تنخواہ اور حیثیت سے بڑھ کر کرایہ کا مکان نہیں لے سکتا اور سرکاری مکان نہ ہونے کی وجہ سے اپنی بیوی بچوں سے دور آج تقریباً دو برس سے اپنی عدالت کے ریٹائرنگ روم میں رہ رہا ہے - آخر ان سے یہ سلوک کیوں کیا جا رہا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - اس کے متعلق جناب پوزیشن یہ ہے اور پچھلی دفعہ میں نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے متعلق عرض کیا تھا کہ ان کے لئے بھی حکومت غور کر رہی ہے کہ ان کو بھی یہ سہولتیں دی جائیں -

میجر محمد اسلم جان - جناب والا— یہ vague جواب ہے کہ حکومت غور کر رہی ہے - آپ یہ فرمائیے کہ حکومت ان کو کون سی مراعات دے گی ؟ آیا مکان دے گی یا مالی دے گی - یا ۲۰ روپے ماہوار بیچ کے واسطے دے گی - یا مفت فرنیچر دے گی یا ڈھائی سو روپے ماہوار ضیافتوں کے لئے الاؤنس دے

گی ۔ یا مفت ٹیلی فون دے گی ان سب مراعات میں سے گورنمنٹ کون کون سی مراعات اور سہولتیں انہیں دینے کے لئے سوچ رہی ہے ؟

مسٹر سپیکر ۔ اس کے متعلق انہوں نے فرمایا ہے کہ یہ معاملہ زیر غور ہے اور ابھی فیصلہ نہیں ہوا ہے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا چیز زیر غور ہے ، اگر میں نے دسمبر کے سیشن میں یہ سوال دھرایا تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ پھر بھی یہی جواب ملے گا کہ یہ چیزیں زیر غور ہیں ۔جناب والا ۔ یہ میرا کوئی ذاتی معاملہ نہیں ہے یہ تو national interest کا سوال ہے جسے جتنی جلد طے کیا جا سکے ہم سب کے لئے بہتر ہو گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ یہ فیصلہ کب ہو گا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ کوشش کی جا رہی ہے کہ جلد ی ہو جائے ۔

خان ہانگ خان ۔ کیا آئندہ جو سیشن ہوگا اس وقت تک امید کی جا سکتی ہے کہ یہ معاملہ ختم ہو جائیگا یا ہم امید کریں کہ اس وقت تک آپ کچھ کر لیں گے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ کوشش ضرور کی جائے گی اور انشاءاللہ تعالیٰ اس کا فیصلہ ہو جائیگا، لیکن میں وعدہ نہیں کر سکتا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جیسا کہ پارلیمانی سیکرٹری صاحب کے جواب سے ظاہر ہے کہ ڈپٹی کمشنر صاحبان کو سول ججوں کے مقابلہ میں بہت سی مراعات حاصل ہیں ۔ کیا اس کی وجہ یہ نہیں ہے کہ ڈپٹی کمشنران بہت مفید مطلب کام کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ جب سے ہماری حکومت برسر اقتدار آئی ہے سول ججوں کے اختیارات دن بدن محدود کئے جا رہے ہیں ۔ میں پوچھتا ہوں کہ اس بنیادی فرق کی کیا وجہ ہے ؟ کیا یہ وہی چیز نہیں ہے جو میں نے پہلے عرض کی ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری - یہ بالکل درست نہیں ہے - یہ غلط ہے - اگر ڈپٹی کمشنران اپنے اختیارات استعمال کرتے اور اگر حکومت چاہتی تو آج آپ یہاں منتخب ہو کر نہ آتے -

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - یہ انہوں نے سخت قابل اعتراض بات کی ہے (شور)

Mr. Speaker : Order, order, the member may please take his seat.

خان اجون خان جدون - کیا پارلیمانی سیکرٹری صاحب یہ بتائیں گے کہ سول ججوں اور ایڈیشنل سول ججوں کو جو مراعات دی جانے والی ہیں ؟ یہ مسئلہ کب سے زیر غور ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - اس کے متعلق جناب مجھے fresh notice چاہئے ، لیکن یہ زیر غور ضرور ہے -

میجر محمد اسلم جان—جناب والا - انہوں نے اپنے جواب میں بتایا ہے کہ سول ججوں کی تنخواہ ۴۰۰ روپے ماہوار ہے - یہ جواب جو انہوں نے دیا ہے یہ بالکل درست نہیں ہے ، کیونکہ پہلے دو سال ان کو ۳۳۷ روپے ماہوار تنخواہ ملتی ہے ، بہر حال اگر ان کی تنخواہ ۴۰۰ روپے ماہوار مان بھی لی جائے جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے تو ان کے جواب کے مطابق ہی راولپنڈی میں ایک اوسط درجہ کا مکان جو ایک فرسٹ کلاس افسر کے لئے موزوں ہے اس کا اوسط کرایہ ۳۰۰ روپے ماہوار سے کم نہیں ہے - اب دیکھئے کہ آپ نے پنڈی میں کسی سول جج کو requisitioned مکان نہیں دیا اور اس کے برعکس ۱۰ میں سے ۹ مجسٹریٹوں کو requisitioned مکانات دیئے ہیں - بہر حال مجھے امید ہے کہ آپ مجھ سے اتفاق کریں گے کہ ایک سول جج یا اس درجے کے افسر کے پاس جس کی تنخواہ ۴۰۰ روپے ماہوار ہے - ۳۰۰ روپے ماہوار مکان کا کرایہ دے کر اور بجلی ، پانی اور فرنیچر کا بل ادا کرنے کے بعد اس کے پاس کچھ نہیں رہ جاتا - اب وہ کھائے کہاں سے ، پہنے کہاں سے ، بیوی بچوں کو کہاں سے لا کر پالے ، بچوں کی تعلیم کہاں سے دے ، بیماری کے لئے دوا دارو کہاں سے لائے ؟ دفتر یا عدالت تک پہنچنے کے لئے کرایہ کہاں سے لائے - کیا اس طرح کم تنخواہیں دے کر ہم indirectly نہیں بلکہ

directly ان لوگوں کی حوصلہ افزائی نہیں کر رہے کہ وہ رشوت لیں اور بددیانتی کریں ۔

Mr. Speaker: Actually this is an expression of opinion. What information does the Member want ?

میجر محمد اسلم جان : جناب والا ۔ انفارمیشن تو بہت سی چاہتا ہوں ، مگر کیا کروں ۔ بہر حال اگر وہ انفارمیشن دے سکتے ہیں تو میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ یہ فرمائیں کہ کیا یہ درست ہے کہ پچھلی دفعہ ضمنی سوال اس وجہ سے نہیں ہو سکے تھے کیونکہ میرے سوالات کے جوابات غلط تھے اور اسی وجہ سے میں نے شارٹ نوٹس سوال دیا تھا ، کیونکہ ۲۴ جون کو جو جواب دیا گیا تھا وہ غلط تھا ، پھر ۱۱ جولائی کو جو جواب دیا گیا اس سے پارلیمنٹری سیکرٹری خود مطمن نہ تھے ، کیونکہ ان دونوں جوابوں میں فرق تھا ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کس کے متعلق سپلیمنٹری پوچھتے ہیں ؟

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ میں جس کے متعلق ضمنی سوالات پوچھنا چاہتا ہوں امید ہے اس میں جو فرق تھا اس کے متعلق انہوں نے صحیح معلومات اب تک حاصل کر لی ہونگی اور مجھے امید ہے کہ اب آپ درست جواب دیں گے ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ فرمائیں کہ راولپنڈی میں جو سول جج تعینات ہیں ان کو آپ نے کیا واقعی requisitioned مکانات دیئے ہوئے ہیں اور جن کے آپ نے جواب میں نام دیئے ہیں ۔ کیا وہ سول جج واقعی راولپنڈی میں تعینات ہیں ؟ مثلاً آپ نے ایک سول جج کا نام قاضی محمد لطیف لیا ہے اور فرمایا ہے کہ ان کو ایک مکان دیا ہوا ہے ، لیکن جہاں تک مجھے علم ہے اس نام کا کوئی سول جج راولپنڈی تو کیا تمام ضلع میں نہیں ہے ۔ شاید ۱۹۶۳ء میں آج سے تین سال قبل یہ سول جج وہاں تھا ۔ مگر میں نے تو آپ سے آج کا پوچھا تھا کہ اس وقت پنڈی میں کتنے سول جج ہیں ، جنہیں requisitioned مکانات سرکاری طور پر دیئے گئے ہیں ۔ ۲۴ جون کو جب میں نے سول ججوں کے نام پوچھے تھے جو پنڈی میں تعینات ہیں تو آپ نے فرمایا تھا کہ آپ کو fresh notice چاہئے ۔ میں سمجھتا

ہوں کہ اب تک آپ کے پاس ان کے نام آ گئے ہوں گے۔ ذرا مجھے سنائیں تو سہی کہ پنڈی میں کون کون سول جج تعینات ہیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - میں نے جو سول ججوں کے نام بتائے ہیں جن کے پاس مکان ہیں تو اس میں میں نے یہ نہیں کہا وہ ان میں اس وقت رہ رہے ہیں - میں نے تو صرف یہ کہا تھا کہ ان کو مکانات دیئے گئے تھے - سوال میں تو یہی ہے کہ جو مکانات دئے گئے تھے -

مسٹر سپیکر - آپ نے کون سے سن سے لیکر یہ اطلاع بہم پہنچائی ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری- یہ جناب کمشنر راولپنڈی نے اطلاع بہم پہنچائی ہے -

مسٹر سپیکر - کون سے سن کی -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب مجھے سن یاد نہیں ، اگر یہ سن کا پوچھ لیتے تو وہ بھی بتایا جا سکتا تھا -

مسٹر سپیکر - لیکن میاں صاحب یہ جو اطلاع آپ نے حاصل کی ہے قاضی محمد لطیف یا دوسرے سول جج صاحبان کے متعلق یہ کون سے سن سے شروع ہوتی ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - میں نے جناب جو عرض کیا ہے اس کے متعلق یہی جواب میں لکھا ہے، جو میں نے عرض کیا ہے کہ قاضی محمد لطیف سول جج کو مکان نمبر ۲۳ ، محلہ کرتار پورہ میں الاٹ کیا گیا تھا - یہ مکان ۱۹۶۳-۱-۵ سے لیکر ۱۹۶۳-۱۲-۲۳ تک ان کے زیر قبضہ رہا اور انہوں نے کمشنر کو بغیر کوئی اطلاع دیئے ہوئے اس کو خالی کر دیا -

مسٹر سپیکر- یہ جتنے مکانات آج تک سول جج صاحبان کو پنڈی میں دیئے ہیں ، ان کی تفصیل آپ نے دے دی ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جی ہاں - میں نے عرض کیا ہے -

مسٹر سپیکر - یعنی تقسیم کے وقت سے سن ۴۷ء سے لیکر.....

پارلیمنٹری سیکرٹری - میرا خیال تو یہی ہے -

میجر محمد اسلم جان - جناب والا - میں نے بڑا ہی سادہ اور سیدھی سادھی آسان انگریزی میں سوال کیا تھا - میرا سوال تھا -

State the names of the Civil Judges, who have been allotted requisitioned houses in Rawalpindi.

اب یا تو آپ انہیں انگریزی دوبارہ پڑھوائیے تاکہ انہیں have اور had کا فرق معلوم ہو جائے یا پھر یہ اورکمشنر صاحب راولپنڈی فرمائیں تو ہم آئندہ اپنے سوالات صرف اردو میں دیا کریں تاکہ ,,ہے،، اور ,,تھے،، یعنی حال اور ماضی کا فرق معلوم ہو جائے اور سوال صحیح طور پر سمجھ میں آ جائے اور درست جواب مہیا ہو جائے اور غلطی کی کوئی گنجائش نہ رہے - بہر حال یہ تو چیز ایک طرف رہی - جناب والا - میں پھر عرض کرتا ہوں کہ راولپنڈی میں کسی سول جج کو کوئی requisitioned مکان الاٹ نہیں ہوا - اس سلسلہ میں ۲۴ جون کو وزیر بنیادی جمہوریت نے جو جواب دیا تھا وہ غلط تھا - میں بار بار عرض کرتا رہا کہ جواب غلط ہے - تین سول ججوں کو تو کیا ایک سول جج کو بھی مکان الاٹ نہیں ہوا ، مگر وہ بضد تھے کہ ان کا جواب درست ہے - پھر وزیر بنیادی جمہوریت جناب محمد یاسین خان وٹو نے فرمایا تھا کہ اگر جواب غلط ہوا تو وہ اس کے متعلق انکوائری فرمائیں گے تو کیا انہوں نے کوئی انکوائری فرمائی ہے کہ غلط جواب کیوں دیا گیا ہے ؟ اب جس سول جج کا نام لیا جا رہا ہے وہ تو راولپنڈی میں ہے ہی نہیں - میں تو صرف ان سول ججوں کے نام پوچھنا چاہتا ہوں جو راولپنڈی میں موجود ہیں - اس وقت تعینات ہیں - اس سال میں موجود ہیں نہ کہ جو کبھی تھے -

مسٹر سپیکر - میاں صاحب کیا یہ حقیقت ہے کہ پنڈی میں جو سول جج تعینات ہیں ان کے پاس کوئی requisitioned house نہیں ہے ؟

چودھری محمد نواز - جناب والا - میری گذارش ہے کہ بی - ڈی کے منسٹر صاحب سے بھی پڑتال کرالی جائے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - جب پچھلی دفعہ میاں صاحب جواب دے رہے تھے تو ان میں فاضل ممبر کو یہی عرض کر دیا تھا -

مسٹر سپیکر - میاں صاحب آپ پچھلی دفعہ کے جوابات کو justify نہیں فرمائیے گا - آپ نے اب جو فرما دیا ہے کہ کسی سول جج کے پاس مکان نہیں ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - ماسوائے سیشن جج کے -

خان محمد یوسف خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - اس سے ظاہر ہو چکا ہے کہ کسی سول جج کو مکان الاٹ نہیں ہوا اور جو جوابات انہوں نے دیئے تھے وہ بالکل غلط تھے اور واقعات کے خلاف تھے تو میں عرض کرتا ہوں اور کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ گورنمنٹ کا کام افسران کی وکالت کرنا ہے یا ہمیں اطلاع دینا ہے -

مسٹر سپیکر - یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں بلکہ سپلیمنٹری شمار ہو سکتا ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - پہلے جواب میں اور آج کے جواب میں فرق تھا - اس لئے میں نے عرض کیا تھا کہ میں اس کا جواب نہیں دیتا اور کہا تھا کہ اس کا بعد میں جواب دوں گا - تو آج کمشنر صاحب راولپنڈی سے پوچھا گیا تو جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ، انہوں نے فرمایا ہے کہ جنہوں نے غلط جواب دیا ہے ، وہ یقیناً ان کے خلاف انکوائری کریں گے -

مسٹر حمزہ - کیا اس سوال کے جواب سے یہ ظاہر نہیں ہو گیا کہ نہ یہاں ٹھیک اطلاع بہم پہنچائی گئی ہے اور نہ جناب پارلیمانی سیکرٹری صاحب کو وکالت کرنی آتی ہے -

میجر محمد اسلم جان - یہ جو آپ کا بعد کا جواب ہے اور آپ نے خود کہا ہے اور آپ نے خود مان لیا ہے کہ کمشنر راولپنڈی نے یہ غلط جواب دیا ہے اور ہر دفعہ

غلط جواب دیا ہے تو کیا انہوں نے بدنیتی سے اور جان بوجھ کر اس معزز ایوان کی توہین کرنے کے لئے ہر تین بار غلط جواب دیئے ہیں ۔ یا کمشنر راولپنڈی نااہل ہیں ۔ نالائق ہیں اور یا لاپروا ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ سپلیمنٹری نہیں ہے ۔

سید عنائت علی شاہ ۔ کیا پارلیمانی سیکرٹری صاحب مجھ سے اتفاق کریں گے کہ سول ججوں کو تنخواہ پر ساڑھے سات فیصد کے حساب سے ہاؤس الاؤنس دیا جاتا ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہ تو ۲۰ فیصد ان کی تنخواہ پر دیا جاتا ہے ۔

میجر محمد اسلم جان — گورنمنٹ آفیشلز کو جو مکانات مہیا کئے جاتے ہیں ان کیلئے انکی تنخواہ میں سے ساڑھے سات فیصد کے حساب سے کرایہ کاٹا جاتا ہے آپکا آج کا جواب بھی پہلے جوابات کی طرح غلط ہے ۔ میں اسکا آخری پیراگراف پڑھتا ہوں ۔

Mian Abdul Majid, Administrative Civil Judge, Rawalpindi; he was allotted house No. 1044-B, Satellite Town, Rawalpindi. This house remained in his possession from 1st of March, 1965 to 2nd of May, 1965, and he left it on account of high rent, i. e., Rs. 250/— per month. That had to be paid by him.

اب جناب اگر تنخواہ کا ساڑھے سات فیصد کا حساب لگایا جائے اور انکا جواب دیکھا جائے کہ ایڈمینسٹریٹو سول جج کو ۲۰۰ روپے ماہوار کرایہ ادا کرنا پڑتا تھا تو اس حساب سے ان کی تنخواہ تقریباً ساڑھے تین ہزار روپے ماہوار ہونی چاہیئے ۔ کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ صحیح جواب کیا ہے ۔ کیا یہ صحیح ہے کہ ایڈ منسٹریٹو سول جج کی تنخواہ ساڑھے تین ہزار روپے ماہوار ہے یا آج پھر کمشنر صاحب راولپنڈی نے غلط جواب دیا ہے ۔ جناب والا ۔ مجھے امید ہے کہ انہیں بخوبی علم ہے کہ غلط جوابات سے اس معزز ایوان کی توہین ہوتی ہے اور یہ breach of the privilege ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری— جناب والا ۔ یہ حساب کتاب کا معاملہ جو انہوں نے بتایا ہے اسکے متعلق میں کچھ نہیں کہہ سکتا ۔ میری اطلاع یہ ہے کہ ۲۰۰ روپے ماہوار جو

کرایہ تھا اسے زیادہ سمجھتے ہوئے انہوں نے وہ مکان چھوڑا ہے - تو یہ جناب تنخواہ کا بیس فی صد بطور کرایہ حکومت کی طرف سے دیا جاتا ہے اور ساڑھے سات فی صد افسر خود ادا کرتے ہیں - یہ ضروری نہیں کہ اس حساب سے ۲۵۰ روپے لگائے گئے ہوں -

میجر محمد اسلم جان — جناب والا - انکے جواب کے الفاظ یہ ہیں - Rs. 250 per month that had to be paid by him اسکا تو مطلب صاف یہ ہے کہ ۲۵۰ روپے ماہوار جو انہیں خود ادا کرنے پڑتے تھے - یعنی یہ ۲۵۰ روپے ماہوار ایڈ منسٹریٹو سول جج صاحب کو اپنی جیب میں سے کرایہ دینا پڑتا تھا - اب حساب بالکل آسان ہے کہ جو سرکاری افسر ساڑھے سات فیصد کے حساب سے اڑھائی سو روپے ماہوار کرایہ دیتا ہے انکی تنخواہ تقریباً ساڑھے تین ہزار روپے ماہوار ہونی چاہیئے -

مسٹر سپیکر — میاں صاحب یہ ۲۵۰ روپے جو ہیں یہ آپکی subsidy کے علاوہ ہیں یا اس میں سب سڈی شامل ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری — یہ اسکے علاوہ ہیں -

مسٹر سپیکر - اسکے علاوہ ہیں تو اسکا مطلب ہے کہ ساڑھے سات فی صد خود انکی تنخواہ سے کاٹا جاتا تھا -

پارلیمنٹری سیکرٹری — اگر وہاں پر صحیح کرایہ نہ ہو تو ہم ۲۰ فی صد بڑھا دیتے ہیں -

مسٹر سپیکر — کیا اس ۲۵۰ روپے میں سب سڈی شامل ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری — بیس فی صد کرایہ ہمیں دینا ہوتا ہے - اگر مناسب کرائے پر مکان نہ مل رہا ہو - اس لیے وہ چھوڑ گئے ہیں کیونکہ کرایہ انکی تنخواہ کے مطابق نہ تھا -

مسٹر سپیکر — کیا انہوں نے اپنے طور پر یہ مکان لیا ہوا تھا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری — نہیں جناب ..... میں اسکے متعلق محکمہ سے انفارمیشن لے لوں اگر اجازت ہو تو۔

خان محمد یوسف خان — جناب اگر اطلاع غلط ہو تو ہمیں گورنمنٹ کی وکالت نہیں کرنی چاہیئے۔ میرا یہ مطلب ہے کہ واقعات ایسے ہیں کہ راولپنڈی کے کسی سول جج کو کوئی مکان الاٹ نہیں ہوا۔

مسٹر سپیکر — بہتر یہ ہوگا کہ آپ تشریف رکھیں۔ آپ سنا کس کو رہے ہیں۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب تو اپنی جگہ پر موجود ہی نہیں ہیں۔

خان محمد یوسف خان — انکے سیکشن افسر تو موجود ہیں خان جو غلط جواب دیتے ہیں۔

پارلیمنٹری سیکرٹری — میں نے جناب جو عرض کیا ہے وہ صحیح ہے۔ ہم ۲۰ فی صد تنخواہ کا دیتے ہیں۔ اگر کوئی افسر مکان کرایہ پر لینا چاہے۔ دو صد۔ ڈیڑھ صد کا مکان مل سکتا ہے بقایا وہ اپنی جیب سے دے۔ ۲۰ فی صد ہم دیتے ہیں اڑھائی فی صد روپیہ انہیں اپنی جیب سے دینا پڑتا ہے۔

مسٹر سپیکر — کیا اس میں سب سڈی کی رقم شامل ہے۔

خان محمد یوسف خان — واقعات کی روشنی میں یہ ثابت ہو چکا ہے۔ کہ سول جج جو ہیں وہ عدالتوں کے غسل خانوں میں رہائش رکھتے ہیں۔ یہ نہایت ہی افسوس ناک چیز ہے اب یہ چیز حکومت کے نوٹس میں آچکی ہے کیا اب حکومت ان کو جلد از جلد مکانات دینے کے لئے تیار ہے۔

پارلیمنٹری سیکرٹری — اسکے متعلق غور و خوض ہو رہا ہے۔ بہت جلد انتظام کر دیا جائے گا۔

میجر محمد اسلم جان — جناب والا—وہ فرما رہے ہیں کہ غور و خوض ہو رہا ہے افسوس یہ ہے کہ یہ غور و خوض ہی ہوتا رہے گا جب تک کہ پانچ برس گزر جائیں گے۔ جناب

والا - میں scandalise کرنے کے لئے یا خواہ مخواہ محکموں کو تنگ کرنے کے لئے یہ سوالات نہیں کر رہا بلکہ اس قسم کے حالات کو دیکھ کر مجھے ذہنی کوفت اور انتہائی دلی رنج ہوتا ہے - مگر حقیقت یہ ہے کہ ایک طرف تو جوڈیشری کے افسران کو رہنے کو مکان تک نہیں اور دوسری طرف مجسٹریٹ صاحبان کو کوٹھیاں جنکا کرایہ ہزار ہزار ڈیڑھ ڈیڑھ ہزار حکومت ادا کرتی ہے - اور یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ گزشتہ چند برس سے ہمارے یہاں جو مجسٹریٹ آتا ہے وہ سال ڈیڑھ سال بعد خود ہی اپنے لئے ایک کوٹھی بنا لیتا ہے - اور ایڈمنسٹریٹو سول جج اور ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اپنے کورٹ کے ریٹائرنگ روم میں جو ایک غسل خانہ کے برابر ہیں تقریباً دو برس سے رہ رہے ہیں کیا یہ شرمناک حالات نہیں ہیں ؟

مسٹر سپیکر - جان صاحب آپکا سپلیمنٹری کیا ہے ؟

میجر محمد اسلم جان — میرا سپلیمنٹری یہ ہے کہ جناب والا یہ اس قسم کے غلط اور افسوسناک حالات ہمارے یہاں ہو رہے ہیں اور جوڈیشری سے اس قدر غلط رویہ رکھا گیا ہے - اور اس پر طرہ یہ کہ ہمارے سوالات کے وہ غلط جوابات یہاں دیتے ہیں اور پھر فرماتے ہیں کہ وہ غلط جوابات کمشنر صاحب راولپنڈی نے دیئے ہیں - میری ناچیز رائے اور خیال یہ ہے کہ یہ ہمارا اس معزز ایوان میں منہ چڑاتے ہیں - یہ اس معزز ایوان کی توہین کرتے ہیں اور سامنے بیٹھے ہوئے مسکراتے ہیں - میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کمشنر صاحب راولپنڈی جنہوں نے آپکو ہر بار غلط جوابات دیئے ہیں کے خلاف کیا کارروائی کریں گے — جناب والا - یہ پہلی بار نہیں ہے کہ کمشنر راولپنڈی نے میرے سوالات کے غلط جوابات دیئے ہیں - انکے غلط جوابات کی وجہ سے میں اس معزز ایوان میں privilege motion پیش کر چکا ہوں - آخر اسکی کیا وجہ ہے کیوں نہ ان سے اسکے متعلق پوچھا جائے - مگر آپ دیکھئے گا کہ جب اسکے متعلق تفتیش ہو گی تو بلا کسی غریب کلرک کے ذمہ تھوپ دی جائے گی -

Minister of Revenue (Khan Habibullah Khan): Sir, I think, this question has been thrashed out very thoroughly and it must have opened the eyes of the appropriate auhorities and they must have realised the difficulties and hardships which the Sub-Judges are experiencing in Rawalpindi. So far as Rawalpindi is concerned we have come to know the difficulties which the Sub-Judges are facing there because it is said that some of them are living in retiring rooms and even in bath rooms. I can assure the House that I will move the appropriate authorities to do some thing in the matter and whatever is humanly possible, because there are certain factors over which we have no control, for example, you cannot raise the pay of Sub-Judges beyond certain limits, will be done. You cannot reduce the rates of rents in Pindi. It is a growing city and, comparatively speaking, rents in Pindi are definitely higher than those prevailing in other cities. This is a complicated question but I can assure the House that all efforts will be made, and no efforts will be spared, to provide accommodation to the Sub-Judges as soon as possible. So far as the other question raised by Mr. Aslam Jan that we should take some action against the Commissioner for supplying wrong information is concerned, I would say, it was not a question but it was a suggestion. I do not know whether these answers have been supplied by the Commissioner or by a subordinate or by somebody so mewhere else but this is a suggestion about which no body can make a commitment during supplementaries. But I can assure the House that the Commissioner must know about these questions and supplementaries.

Major Muhammad Aslam Jan: Point of order, Sir. As far as the supplying of these answers is concerned, the Parliamentary Secretary has himself said that these wrong answers were supplied to him by the Commissioner, Rawalpindi. Had he said that these were supplied by a clerk or by a subordinate it would have been a different thing. My submission is that it is always very easy to go and just hold up an official in the lower staff and dismiss him. The thing is when it comes to the highest official that is the man who should suffer so that it could be a lesson for others that they do not give wrong answers to this honourable House.

Mr. Speaker: That is not a point of order.

Mr. Speaker: Dr. Sultan Ahmad Cheema.

Dr. Sultan Ahmed Cheema: Will the Minister for Health, be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that services of the staff of the Anti-Malaria Unit—Sanitary Petrol, Sanitary Supervisor, Antomological Officer—serving in the Lahore Region under the Health Department of the Government of West Pakistan were lent to the Malaria Eradication Programme, if so, the date thereof;

(*b*) whether it is a fact that their lien was retained in the Health Department so that on the abolition of the Malaria Eradication Programme they would automatically be utilized in one way or the other in their permanent organizations;

(*c*) whether it is a fact that they were entitled to T.A. and D.A. in the Health Department, if so, the rates thereof for these categories of the said staff;

(*d*) the rates of T.A. and D.A. allowed to them in the Malaria Eradication Programme and if no T. A. is paid to them the reasons thereof;

(*e*) if the rates of T.A. and D.A. allowed to the staff under the Health Department and the Malaria Eradication Programme are different, the reasons; therefor;

(*f*) whether these employees were transferable outside their districts while serving in the Health Department;

(*g*) whether the said staff is now transferable outside their district, while under the Malaria Eradication Programme, if so, the reasons thereof ?

Parliamentary Secretary, Health (Sardar Muhammad Ashraf Khan) (*a*) Yes. The staff was released from this department on the following dates:—

Lahore	..	On 28th December 1965.
Sheikhupura	..	On 16th December 1965.
Gujranwala	..	On 3rd January 1966.
Sialkot	..	On 1st January 1966.
Gujrat	..	On 8th December 1965.
Jhelum	..	On 14th December 1965.
Rawalpindi	..	On 1st January 1966.
Campbellpur	..	On 14th December 1965.

(*b*) The question of keeping their lien is still under the consideration of the Government.

(*c*) They were entitled to fixed T.A. as under:—

		Rs.	
Sanitary Petrol	..	10	p. m.
Sanitary Supervisor	..	15	p. m.
Antomological Assistant	..	47	p. m.

(*d*) and (*e*) The issue regarding the payment of these allowances had not yet been finally decided by the Malaria Eradication Board.

(*f*) According to the West Pakistan Health Department Sanitation Subordinate Services Rules, 1964, received on 28th November 1964, their services were liable to be transferred anywhere in West Pakistan.

(*g*) Yes. Officials of Class IV are, however, absorbed in their home districts or the districts where they were serving before their transfer to the Malaria Eradication Programme as far as possible.

Dr. Sultan Ahmed Cheema : The employees of the Health Department who have joined the services in the Anti-Malaria Department filed a writ petition in the court in which the Government has given report which shows that their services were transferred to that department and their liens are kept there. I would like to read one paragraph out of it which says—

> "The position has already been explained in the foregoing paragraph. Their services are only temporarily lent to the M. E. P. and their lien in the Department of Provincial Health is not going to be affected if and when they rejoin after abolition of the M. E. P. All privileges, pension, gratuity, etc. would be given. Their services are only lent services to the M. E. P."

I think, the reply to part (*e*) of the question is—

> "The question of keeping their lien is still under consideration of the Government."

I want to know why there is a difference in the report of the Government and the reply supplied to part (*e*) of the question?

Minister of Health (Khan Muhammad Ali Khan) : On the introduction of this Malaria Eradication Programme in the Province, the Services of the Malaria Control Staff in the districts became surplus and it was decided that in order to effect economy and avoid duplication of work this cadre of service be abolished. This decision was taken when the maintenance phase was not yet put into operation. When that proposal was received by the Government it was decided that the services of the Malaria Control Staff, in various districts, be lent to the M. E. P. This proposal was submitted to the Finance Department regarding their leave salaries, pensions, etc. It is in the correspondence stage between the Malaria Eradication Board and the Finance Department. We are trying to lend their services to the M. E. P. and they will be entitled to the same scale of pay, which they were entitled to under this Malaria Control Staff. We are trying to fix them up in their places of previous service, that is to say, where they were serving before they were brought into the M. E. P. As far as possible some of them would be serving in their home districts.

Mr. Speaker : What Dr. Cheema wants to point out is that in the writ petition filed by that staff the department took the stand that their lien will be kept in the original department.

Minister of Health : Yes, Sir. Lien is being kept in the Health Department. They are not given any further allowances but they are only given their own pay.

Mr. Speaker : But their lein is there ?

Minister of Health : Yes. Lien is there.

Mr. Speaker : But the answer given by the Minister says that that is under consideration of the Government.

Minister of Health : The proposal is yet to go to the Council-of-Ministers. We have proposed that their lien be kept.

Mr. Speaker : Then the Minister assures the House ?

Minister of Health : I assure you on the Floor of the House that their lein would be kept with the Health Department.

Dr. Sultan Ahmed Cheema : When the conditions of service with the Health Department and with the Anti-Malaria Department were accepted as the same then what is the need for consideration ? Why they should not be given the same facilities which they were given in the Health Department?

Mr. Speaker : Which facilities ?

Dr. Sultan Ahmed Cheema : Facilities of T. A. and D. A. which they were getting in the Health Department.

Minister of Health : I would submit that they, are entitled to the same scale of pay which they were drawing in the Malaria Control Staff and they are given the same T. A, and D. A. which they used to get, that is to say, Rs. 10 for the Sanitary Patrol, Rs. 15 for the Sanitary Supervisor and Rs. 47 for Entomological Assistant.

Mr. Speaker : Are they getting this allowance ?

Minister for Health : They are getting. And these things have yet to be finalised by the Malaria Eradication Board.

Mr. Speaker : That means they are not getting it at present.

Minister for Health : Sir, they are getting Rs. 47.

Mr. Speaker : And what about Sanitary Patrol and Sanitary Supervisors ?

Minister for Health : Sir, it is yet under consideration of the Malaria Eradication Programme and we have asked them to finalise it as soon as possible.

Dr. Sultan Ahmed Cheema : They were taken in the Malaria Eradication Department for the last so many months but they have not been given their allowances, etc., uptil now. Will they not suffer for these months, or will they get from previous date ?

Minister for Health : The decision of the Malaria Eradication Board is still awaited and I would assure the Member that we are taking all steps to expedite it.

Mr. Speaker : Does the Minister mean that he will recommend that they should be given all these allowances with retrospective effect from the date they were transferred to this Department.

Minister for Health : We will do whatever is possible.

Mr. Speaker : Now the question from Mr. Hamza, i. e., No. 3672.

میاں صاحب ۔ جو سوال آپکے محکمے کو اس اسمبلی سیکرٹریٹ کی طرف سے بھیجا گیا تھا ۔ اس میں پارٹ اے، بی ، سی، ڈی اور ایف تک ہی تھا ۔ اور اس میں پارٹ (جی) تو نہیں تھا ۔ حمزہ صاحب نے جو اوریجنل سوال دیا تھا ۔ اس میں پارٹ (جی) تھا ۔ لیکن میں نے جو سوال اسمبلی سیکرٹریٹ میں admit کیا تھا ۔ اس میں پارٹ (جی) نہیں تھا ۔ لیکن حمزہ صاحب کو آپکے محکمے نے جو جواب مہیا کیا ہے ۔ اور جسے حمزہ صاحب پڑھ رہے تھے ۔ کیا آپ یہ بتا سکتے ہیں ۔ کہ اس سوال میں پارٹ (جی) آپ کے محکمے نے کہاں سے شامل کر دیا ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری — جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے ۔ کہ حمزہ صاحب نے جو سوال دیا تھا ۔ اس میں صرف اے سے لیکر ایف تک ہی جز تھے ۔ ہو سکتا ہے ۔ کہ محکمہ ایک کاپی ان سے لے گیا ہو ....

مسٹر سپیکر — جب ہم کسی سوال کو admit کر کے بھیج دیتے ہیں ۔ تو پھر محکمے کا کیا interest باقی رہ جاتا ہے کہ وہ ممبر متعلقہ سے کاپی لیکر اس سوال کا جواب دے ۔

خان ملنگ خان — جناب والا ۔ ان کو کیسے پتہ چلا کہ اس سوال میں پارٹ (جی) بھی ہے ۔ جب کہ آپ نے اسے allow ہی نہیں کیا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری — میں بھی تو عرض کر رہا ہوں ۔ کہ یہ اس جواب میں کس طرح آ گیا ہے ۔ بہر حال اب تو یہ آ چکا ہے ۔ اور . . . . . .

Mr. Speaker : This is something very serious.

اگر کوئی محکمہ ہماری طرف سے admit کئے ہوئے سوال میں کوئی تبدیلی یا اضافہ کر کے جواب دیتا ہے ۔ تو اسکا مطلب یہ ہوا ۔ کہ وہ بذات خود ہی ایک سوال بناتا ہے ۔ اور خود ہی اسکا جواب بھی فراہم کرتا ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری — جناب والا ۔ آئندہ کے لئے اس سلسلہ میں ہدایات کر دی جائینگی ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی — پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر اس ایوان میں یہ دیکھا گیا ہے ۔ کہ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کی طرف سے جو بھی جوابات آتے ہیں ۔ ان پر اکثر نکتہ چینی کی جاتی ہے ۔ اس لئے ان کے محکمے سے تو یہ توقع بھی کی جا سکتی ہے ۔ کہ کسی سوال میں جز اے سے زیڈ تک بھی وہ پہنچ جائیں ۔ ہمیں تو اس صورت میں بھی ان سے شکایت نہیں کرنی چاہیئے ۔ کیونکہ انکی تو اس ایوان میں یہ practice رہی ہے ۔ کہ وہ سوالات کے جوابات ہمیشہ غلط دیتے ہیں ۔ اور انکی طرف سے کوشش یہی کی جاتی ہے ۔ کہ جوابات درست نہ دئے جائیں ۔ اس لئے میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ اس محکمے یا پارلیمنٹری سیکرٹری کے متعلق ایک کمیٹی مقرر کی جائے ۔ یا اس محکمے کے لئے کوئی دوسرا پارلیمنٹری سیکرٹری بھی ان کے ساتھ attach کر دیا جائے ۔ تا کہ مکمل جوابات آ سکیں ۔

مسٹر سپیکر — جہاں تک اس محکمے کی کار کردگی کا تعلق ہے ۔ میں خود بھی اس سے مطمئن نہیں ہوں ۔ اور میں نے کل بھی کہا تھا ۔ کہ میں یہ امر گورنر صاحب کے نوٹس ضرور لاؤنگا ۔ جو کہ اس محکمے کے انچارج ہیں ۔ اور جہانتک اس سوال کا تعلق ہے ۔ تو اسکے متعلق یہ عرض ہے ۔ کہ جب سوال ہمارے سیکرٹریٹ میں آیا تھا ۔ تو اسکی شکل دوسری تھی ۔ ہم نے اسے admit کر کے جب متعلقہ

محکمے کو بھیجا ۔ تو اسکا جواب کسی اور ہی شکل میں دیا گیا ہے ۔ میں یہ بات بھی ان کے نوٹس میں لاؤنگا ۔

خان اعون خان جدون ۔ جناب والا ۔ اس سوال میں نہ صرف یہ کہ جز (جی) کو شامل کیا گیا ہے ۔ بلکہ اس سوال کے الفاظ بھی اصل سوال سے مختلف ہیں ۔

Mr. Speaker: Yes. The Member is right.

خان ملنگ خان — جناب والا ۔ میرے خیال میں اسکی دو وجوہات ہیں ۔ کہ یا تو حمزہ صاحب نے ہی اوریجنل سوال محکمہ متعلقہ کو دے دیا ہوگا ۔ اور ان سے جواب منگوا لیا ہوگا ۔ یا جو بھی صورت ہے ۔ اسکے متعلق تو حمزہ صاحب ہی بتا سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker: But that is not possible.

Mr. Hamza: On a point of personal explanation, Sir.

جناب سپیکر ۔ ویسے تو مجھے پہلی بار یہ شرف حاصل ہوا ہے کہ میرا قلیل‌المہلت سوال کسی پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یا کسی وزیر صاحب نے قبول کیا ہے ۔ لیکن میرا خیال ہے ۔ کہ عام طریق کار یہ ہے ۔ کہ جب کوئی قلیل‌المہلت سوال دیا جاتا ہے ۔ تو متعلقہ وزیر صاحب سے اسکی اجازت پہلے ہی لے لی جاتی ہے ۔ اور اسی صورت میں ہی اسے قلیل‌المہلت سوال تصور کیا جا سکتا ہے ۔ اور اسکے بعد اس سوال کی ایک نقل متعلقہ وزیر صاحب کو دی جاتی ہے ۔ میں نے بھی اس سوال کی تین کاپیاں بنائی تھیں ۔ ایک کاپی میں نے اپنے پاس رکھی تھی ۔ ایک کاپی آپ کے دفتر کو فراہم کی تھی اور ایک کاپی جناب غلام نبی میمن صاحب کو انکے ارشاد کے مطابق دی تھی ۔ اسی طرح میں نے ایک قلیل‌المہلت سوال محکمہ تعلیم کے متعلق بھی دیا تھا ۔ تو اسکے متعلق بھی جناب ملک خدا بخش بچہ صاحب نے فرمایا تھا کہ اسکی ایک کاپی ان کو بھی دی جائے ۔ میرا خیال ہے ۔ کہ معمول یہی ہے ۔ کہ جب کوئی قلیل‌المہلت سوال پوچھا جائے ۔ تو اسکی ایک کاپی پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یا وزیر متعلقہ جو کہ اس سوال کو قبول کرتے ہیں ان کو بھی دی جائے ۔ کیونکہ میرے

خیال میں اس سوال کو پوری طرح process کرنے میں اسمبلی سیکرٹریٹ میں دیر لگتی ہے ۔ مجھے اسکا علم تو نہیں کہ یہ کسطرح ہوتا ہے ۔ لیکن تاہم جو معاملہ میرے ساتھ پیش آیا ہے ۔ اور چونکہ اس سلسلے میں ایک معزز رکن نے میرا نام لے لیا تھا ۔ اس لئے میں نے اسکی وضاحت معزز ایوان کے سامنے پیش کر دی ہے ۔

مسٹر سپیکر — صورت یہ ہے ۔ کہ جو قلیل‌المہلت سوال قبول کیا جاتا ہے ۔ اور اسکے بعد وہ اسمبلی سیکرٹریٹ میں vhet ہو کر میرے پاس آتا ہے ۔ تو یہ بھی ممکن ہو سکتا ہے ۔ کہ شائد میں اس سوال کے پوچھنے کی اجازت ہی نہ دوں ۔ اور آپ نے اکثر دیکھا ہوگا ۔ کہ جو سوالات معزز اراکین ارسال کرتے ہیں ۔ انکی form کو درست کرنے کیلئے ان میں ردو بدل بھی کیا جاتا ہے ۔ اس لئے یہ ہو سکتا ہے کہ آپ نے جس form میں سوال بھیجا تھا ۔ وہ وزیر صاحب نے قبول کر لیا ہو ۔ لیکن بہر حال اس سوال کا اسی شکل میں جواب دیدینا مناسب نہیں ہے ۔ اور اگر آپ کا کہنا یہ ہے کہ آپ کے سوال کا جواب ویسے کا ویسے ہی میمن صاحب نے دیدیا تھا جس شکل میں کہ انہوں نے S & G. A. D. کو وہ سوال بھجوایا تھا ۔ تو ان کو بھی اس اوریجنل سوال کا جواب نہیں دینا چاہیئے تھا ۔ اور ان کو اس سوال کا جواب دینا چاہیئے تھا ۔ جس شکل میں کہ اسمبلی سیکرٹریٹ نے ان کو سوال بھجوایا تھا ۔

مسٹر حمزہ — آپ نے جو کچھ فرمایا ہے ۔ وہ درست ہے ۔ لیکن چونکہ میرا نام بھی اس سلسلے میں لیا گیا تھا اس لئے میں نے مناسب سمجھا ۔ کہ میں اسکی وضاحت کر دوں ہو سکتا ہے ۔ کہ اس طرح یہ معمہ حل ہو جائے ۔

میجر محمد اسلم جان — جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ بتا سکتے ہیں ۔ کہ چونکہ کل یہ سوال آج کیلئے defer ہوا تھا ۔ تو کیا انہوں نے کل سے آجتک اس معاملے میں اپنے محکمے سے کوئی گفتگو کی تھی ۔ یا جو ڈپٹی سیکرٹری اس کام کے انچارج ہیں ۔ ان سے بھی انہوں نے اس بارے میں

کوئی بات کی تھی تا کہ یہ معلوم ہو سکتا کہ اس کا جواب کیا ہے ۔

مسٹر سپیکر — پہلے انہیں جواب پڑھنے دیں ۔

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ لیکن پہلے مجھے سوال تو پڑھنے کی اجازت دیں ۔

مسٹر سپیکر — کیا آپ نے پورا سوال نہیں پڑھا تھا ۔

مسٹر حمزہ — جی نہیں ۔

مسٹر سپیکر — تو پھر آپ وہ سوال پڑھیں جو سوال جس form میں admit ہوا تھا ۔ ہم آپ کو اسکی ایک کاپی مہیا کر رہے ہیں۔

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ ویسے تو میں برا نہیں مناتا کیونکہ یہ حکومت سازشوں کی پیداوار ہے ۔ اور انکی سازشوں کا خمیازہ ہمیں بھگتنا پڑتا ہے ۔

Mr. Speaker : The member may please read the question.

POSTS OF DEPUTY SECRETARIES IN CIVIL SECRETARIAT

***3672. Mr. Hamza** : Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration, please refer to answer to Short Notice Question No. 3436, given on the floor of the Assembly on 25th June, 1966 and state :—

(*a*) whether the posts of Deputy Secretaries in the Civil Secretariat earmarked for the Section Officers have been filled in by appointment of the members of other Services ; if so, reasons therefor ;

(*b*) whether any Section Officer has so far been selected for promotion and appointment as Deputy Secretary; if not , reasons therefor ;

(*c*) the date on which the posts mentioned in (*a*) above have fallen vacant ;

(*d*) whether it is a fact that steps were not taken to fill in the vacancies mentioned in (*a*) as required by the Services and General Administration Department's Circular letter No. S. O. X-III-311-64, dated the 24th December, 1964 ;

(*e*) whether it is incumbent upon Government to consult the Public Service Commission before making promotions to Class I posts, if so, whether it is being done in the case of promotions to the posts of Deputy Secretaries ; if not, reasons therefor ;

(*f*) whether it is a fact that the Public Service Commission has been objecting in the Annual Reports to the promotions of officers against the posts which are required to be filled in consultation with them and in those cases where the said appointments were known to last for more than six months ; if so, reasons for not taking steps to stop commission of such irregularities ?

پارلیمنٹری سیکریٹری (میاں معراج دین) : پیشتر اس
گے کہ میں جواب عرض کروں ۔ جیسا کہ حمزہ صاحب
نے فرمایا ہے ۔ کہ لا منسٹر صاحب نے اسے accept کیا تھا ۔
میرے علم میں یہ بات نہیں تھی ۔ (G) کے متعلق جو سوال
سیکرٹریٹ چلا گیا ۔ اس کے متعلق بھی علم نہیں ۔ یہ غلطی
ہو گئی ہوگی ۔ یا غلط کیا گیا ہے ۔ چونکہ لا منسٹر صاحب
نے اسے aceept کر لیا ۔ تو اسمبلی سیکریٹریٹ نے اپنے
routine کے مطابق اس پر action لے لیا ۔ جس پر معزز ممبر
نے point raise کیا ۔ کہ پارلیمنٹری سیکریٹری کے لئے ضروری
ہے ۔ کہ وہ اپنے محکمہ کے پیچھے بھاگے ۔ یا فلاں فلاں
اطلاع حاصل کرنے کے لئے اس کا فرض ہو جاتا ہے ۔ میں نہیں
کہتا ۔ کہ یہ کس کی غلطی ہے ۔ لیکن میں اپنی غلطی
ماننے کو تیار نہیں ہوں ۔

مسٹر سپیکر — اس کا مطلب یہ نہیں کہ آپ محکمہ
کے پیچھے بھاگیں بلکہ محکمہ کو چاہئیے کہ وہ آپ کے پیچھے
بھاگے ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری— اس بات کے پیش نظر میں نے
کل سوا نو بجے صبح جواب دینے سے انکار کر دیا تھا ۔

پیر محمد زمان چشتی — تو کیا آپ ایک لیٹر بکس
کی مانند ہیں ۔

Mr. Speaker: Mian Sahib may please read the answer now.

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din): (*a*) No.

(*b*) Yes.

(*c*) & (*d*) Two posts fell vacant on 9th June 1966 consequent upon the retirement of M/s. M. R. Gallyot and Azizuddin Naik. A third post fell vacant on the same date consequent on the retirement of Mr. Sikandar Khan, who was on deputation to the West Pakistan Agricultural Development Corporation. Two posts of Deputy Secretaries in the West Pakistan Secretariat have been filled by promotion from among the Section Officers of the West Pakistan Secretariat Service. Another Section Officer has been promoted to a post in the rank and status of Deputy Secretary in a semi autonomous Body.

(*e*) No.

(*f*) Does not arise.

(*g*) Does not arise in view of answer to (*e*) above.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ جس سوال کا حوالہ دیا
گیا ہے ۔ وہ ۳۴۳۶ تھا اس میں بتایا گیا تھا ۔ کہ

41 cadre post تھیں ۔ ان میں سے سات سیکریٹریٹ کے لئے ہیں ۔ اور انہیں ڈپٹی سیکریٹری بنایا جائے گا ۔ یہ بھی فرمایا تھا ۔ کہ تین سیکشن افسروں کو ڈپٹی سیکریٹری بنا یا گیا ہے باقی جو ۴ posts تھیں یہ آسامیاں بھی سیکشن افسروں کو promote کر کے پر کی جائیں گی ۔ اب یہ کہتے ہیں ۔ کہ تین ہیں ۔ دو تو retirements کی وجہ سے خالی ہوئیں تیسری وہ ہے ۔ جو سکندر خان کے ریٹائر ہونے پر پیدا ہوئی ۔ پہلے چار تھیں اب تین ہو گئیں اس پر مجھے اعتراض ہے ۔ کہ دونوں جوابات میں تضاد ہے ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری — پچھلی دفعہ جیسا کہ ہم نے عرض کیا تھا ۔ سات posts تھیں جیسا کہ حمزہ صاحب نے فرمایا ہے ان میں سے چار رہ گئیں ۔ ان چار میں سے تین posts تو لے لی گئیں ۔ چوتھی کے متعلق شیر محمد کا نام تھا ۔ اس وقت وہ پاکستان کے سفارت خانہ کے دفتر میں مستعارالخدمت ہے اس کو letter لکھ دیا ہے ۔ محکمہ اگر اس کو نہیں چھوڑے گا ۔ تو اسے وہاں ترقی دے دی جائیگی ۔ اور یہاں ایک چوتھے سیکشن افسر کو ترقی دے دی جائے گی ۔ وہاں سے ابھی consent نہیں آئی ۔ اس لئے چوتھے آدمی کو ترقی نہیں دی ۔

مسٹر حمزہ — جناب والا ۔ زیادتی کی وجہ یہ ہے ۔ کہ ان cadre posts کے لئے پوچھا تھا ۔ تو کہتے ہیں ۔ کہ ۱۴ ہیں اس کے $\frac{1}{6}$ حصہ کو ڈپٹی سیکریٹری کے عہدہ پر ترقی دینا ہوتا ہے ۔ لیکن جب یہ گنتی کرتے ہیں ۔ تو Semi Autonomous Bodies اور سفارت خانوں میں گئے ہوئے ملازمین کو بھی گن لیتے ہیں ۔ یہ تو اسی صورت میں تھا ۔ کہ اگر cadre posts میں تمام کے تمام ڈپٹی سیکریٹری کے عہدوں پر فائز ہوتے اور جو لوگ دوسرے محکموں میں deputation پر گئے ہوتے ہیں ۔ ان کو ادھر شمار کرنا چاہیے تھا ۔ در اصل صورت حال یہ ہے ۔ کہ جو لوگ deputation پر چلے گئے ہیں ۔ ان کے بعد سیکریٹریٹ میں جو senior most ہیں ان کو ڈپٹی سیکریٹری کے عہدہ پر ترقی دینا چاہئیے تھی ۔ میں آپ سے دریافت کرتا ہوں ۔ کہ جو لوگ Semi Autonomous Bodies یا سفارت خانوں میں ہیں ۔ یا جو

لوگ on deputation گئے ہوئے ہیں - ان کو اس میں شمار کیا گیا ہے - اور سیکشن افسر کو جو ڈپٹی سیکرٹری کے عہدہ پر ترقی دی جانی تھی - ان کے ساتھ جو زیادتی ہوئی ہے - اس کا ذمہ دار کون ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری—جناب والا - جب کوئی افسر on deputation جاتا ہے - تو اس کو جو ترقی ملتی ہے - وہ اس کے نمبر آنے پر اس کو دی جاتی ہے - یہ جو شیر محمد صاحب باہر گئے ہوئے ہیں - ان کو letter لکھدیا گیا ہے - اگر ان کا محکمہ ان کو واپس بھیجنے کو تیار نہیں ہو گا - اور وہیں رہینگے تو پھر چوتھے آدمی کو ترقی دی جائے گی - نہیں تو اسے سیکریٹریٹ واپس لایا جائے گا -

مسٹر حمزہ — جب ایک آدمی کسی محکمہ میں on deputation جاتا ہے - خواہ سفارت خانہ میں ہو یا کسی Semi Autonomous Body میں ہو تو کیا یہ آپ کا فرض نہیں کہ فوری طور پر اس کے بعد جو senior most ہو اسے ترقی دی جائے -

پارلیمنٹری سیکرٹری — یہ تو پھر حق تلفی ہوگی - اگر ایک شخص باہر گیا ہوا ہے - اور deserve کرتا ہے - تو اسے ترقی کیوں نہ دی جائے -

مسٹر حمزہ — جب وہ واپس محکمہ میں آئے گا - تو جو کوئی ان میں سے junior most ہوگا - وہ revert ہو جائے گا -

پارلیمنٹری سیکرٹری — یہ تو نہیں ہو سکے گا -

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر — میرے سوال کے حصہ "E" کے متعلق انہوں نے فرمایا ہے کہ پبلک سروس کمیشن سے اجازت حاصل کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے میں نے اپنے سوال میں حوالہ دیا تھا کہ—

Regulation 4 of the West Pakistan Public Service Commission (Limitation of Functions) Regulation 1957, read with the Explanation One, Government is required to consult the Public Service Commission immediately before promotion to Class I.

تو میں آپ سے دریافت کرتا ہوں کہ جب اس کا جواب نفی میں ہے یا جس ریگولیشن کا میں نے حوالہ دیا ہے ان میں کوئی ترمیم ہوئی ہے اور اگر ہوئی ہے تو کب ہوئی ہے اور کب اس کی

circulation کی گئی ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری — اس کے متعلق پوزیشن یہ ہے کہ جب سیکشن آفیسر کو بطور ڈپٹی سیکرٹری ترقی دی جاتی ہے تو اس میں پبلک سروس کمیشن کی رائے لینا لازمی نہیں ہے کیونکہ ریگولیشن ۴ کا اطلاق جیسا کہ سوال میں دیا گیا ہے صرف ان آسامیوں پر ہوتا ہے جو class first ہوتی ہیں ۔ لیکن آفیسر کی آسامیاں unclassified ہیں ۔ classified سے مطلب کلاس (۱) اور کلاس (۲) ہیں ۔ جب اسسٹنٹ سے سپرنٹنڈنٹ اور سپرنٹنڈنٹ سے بطور سیکشن آفیسر ترقی دی جاتی ہے تو ان دونوں صورتوں میں پبلک سروس کمیشن سے رائے لیجاتی ہے کیونکہ اس سلسلے میں رول میں خاص طور سے ترمیم کر دی گئی ہے ۔

میجر محمد اسلم جان — پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے جب میں نے اسی قسم کا سوال کیا تھا تو انہوں نے اپنے محکمہ سے رجوع کیا تھا اور محکمہ نے بھی جواب دیا تھا ۔

Mr. Speaker : This is not a point of order.

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب میں نے سپلیمنٹری سوال کیا تھا ۔

Mr, Speaker : This is not a point of order ; The Member may please resume his seat now.

مسٹر حمزہ—پوائنٹ آف آرڈر—میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ جمعہ کے روز جب میں نے اس ایوان میں یہ سوال کیا تھا کہ مولانا غلام اللہ کو ضلع راولپنڈی کی حدود سے کیوں بدر کیا گیا ہے تو اس کے بارے میں جناب وزیر محمد یسین صاحب نے جواب میں فرمایا تھا کہ اس کا جواب دینا مفاد عامہ کے نقطہ نظر سے مناسب نہیں ہے ۔ تو آپ نے ان سے فرمایا تھا کہ وہ اس کی وجوہات بتا دیں لیکن کل میں ان کو ڈھونڈھتا رہا آج ان کو خیال پیدا ہوا کہ حمزہ اس پر پوائنٹ آف آرڈر raise کرے گا وہ تشریف لے گئے جس سے ان کی قابلیت کا اندازہ ہوتا ہے لیکن مجھے اس کا جواب نہیں ملا ۔

مسٹر سپیکر ۔ جونیجو صاحب آپ وٹو صاحب سے فرمائیے گا کہ وہ اس کے reasons مہیا کر دیں ۔

Minister of Communications and Works : Right Sir.

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب آپ نے فرمایا ہے کہ اس ڈیپارٹمنٹ نے غلط جوابات جو دئیے اس کو آپ گورنر صاحب کے نوٹس میں لائیں گے تو میری عرض ہے کہ یہ معاملہ بھی اور میرے سوالات کے معاملہ میں بھی آپ کو معلوم ہے یہ کہ کس طریقہ سے تین دفعہ سوالات دھرائے گئے اور ہر بار غلط جوابات دئیے گئے ہیں برائے مہربانی اس معاملہ کو بھی ان کے نوٹس میں لے آئیے گا کہ کس طرح غلط جوابات دئیے جاتے ہیں اور ہمیں پریشان کیا جاتا ہے ۔

Mr. Speaker : I will look into it.

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو) : جناب آپ نے ایک کوئسچین کے سلسلے میں فرمایا تھا کہ کس کس کو پرمٹ ملے ہیں ان کے نام بتا دئیے جائیں ۔

Mr. Speaker : Yes please ; You may give their names.

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) : مندرجہ ذیل ۵ پرمٹ issue کئے گئے ۔

1. Ashraf Bus Service, Peshawar.
2. Mir Zaman, s/o Amin Khan, Abbottabad.
3. Fazlur Rehman, s/o Haji Ghulam Muhammad Khan.
4. Hazara Commercial Transport Company Ltd., Haripur.
5. Hazara Co-operative Socities Ltd. Abbottabad.

خان ملنگ خان — اگر اس کے متعلق مجھے اجازت دی جائے تو میں سپلیمنٹری پوچھ لوں ۔

Mr. Speaker : Yes.

خان ملنگ خان — کیا یہ درست نہیں ہے کہ اشرف بس سروس ہزارہ کمرشل ٹریڈنگ کمپنی اور ہزارہ کوآپریٹو کمپنی نے یہ پرمٹ محض اسلئے حاصل کئے تھے کہ وہ دوسروں کے ہاتھ فروخت کر کے منافع حاصل کریں اور بسیں نہ لیں اور اس روٹ پر نہ چلائیں ۔

وزیر مواصلات — یہ بات درست نہیں ہے ۔

خان ملنگ خان — اگر یہ درست نہیں ہے ۔ تو کیا ان کو صرف پرمٹ لینے کا شوق تھا اور اگر ایسا نہیں ہے تو انہوں نے اس وقت تک بسیں کیوں نہیں لیں ۔ اور اس کی وجوہات کیا ہیں ۔

وزیر مواصلات — جناب انہوں نے بسوں کے خریدنے

کو ٹائم کی extension کے لئے apply کیا تھا ۔ اب یہ آر ۔ ٹی ۔ اے کا کام ہے کہ وہ determine کرے کہ انہوں نے اس وقت تک بسیں کیوں نہیں چلائیں اور اس دوران میں کتنا عرصہ گذر گیا ۔

سردار گل زمان خان — جناب جس کو پرمٹ دئیے گئے ہیں ۔ وہ پشاور کا رہنے والا ہے کیا اس کی پشاور میں بھی بسیں چل رہی ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری — جناب کو پتہ ہے کہ اشرف بس سروس پشاور کی کمپنی ہے تو جب یہ اس کی بس سروس ہے تو اس کی بسیں اور بھی چلتی ہوں گی ۔

خان ملنگ خان — میں نے پہلے بھی اس سوال کے ضمن میں یہ عرض کیا تھا ۔ کہ کیا کسی روٹ پر مقامی لوگوں کو ترجیح دیجاتی ہے اور پرمٹ دئیے جاتے ہیں یا باہر کے لوگوں کو پرمٹ دئیے جاتے ہیں ۔

وزیر مواصلات — یہ آر ۔ ٹی ۔ اے کا کام ہے کہ وہ روٹ پر مقامی لوگوں کو ترجیح دے یہ نسبت پشاور اور لاہور کے لوگوں کے ۔ اور یہ آر ۔ ٹی ۔ اے پر موقوف ہے کہ جس کو وہ چاہے priority دے اور جس کو چاہے priority نہ دے ۔

حاجی سردار عطا محمد — جناب سپیکر میں نے ۷ تاریخ کو ایک شارٹ نوٹس سوال دیا تھا اور پارلیمنٹری سیکرٹری نے اس کا اب تک جواب نہیں دیا ہے ۔

مسٹر سپیکر — وہ کون سے پارلیمنٹری سیکرٹری تھے ۔

حاجی سردار عطا محمد — امور داخلہ کے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین) : حاجی صاحب آپ سے ۱۳ تاریخ کے لئے تو کہا تھا ۔

حاجی سردار عطا محمد — چونکہ آپ کو معلوم تھا کہ سیشن ۱۲ تاریخ کو ختم ہو جائیگا اس لئے آپ نے ٹالنے کے لئے یہ تاریخ رکھی ہے کیا آپ اپنی طرف سے کوئی جواب دیجئے گا ۔

Mr. Speaker: No, that is not the way.

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

Construction of Roads in Khairpur Division

*3586. **Haji Rais Darya Khan Jalbani :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there are only a few metalled roads in Khairpur Division ;

(*b*) whether provision of funds for constructing more roads in the said division during 1966-67 has been made ; if so, the names of the roads proposed to be constructed there during the said period ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو):

(الف) خیر پور ڈویژن میں تربپن (۵۳) پختہ سڑکیں ہیں جن کی کل لمبائی ۷۶۳٫۶۲ میل ہے ۔ اس ڈویژن کا کل رقبہ ۲۰۲۹۳ مربع میل ہے ۔ اور فی سینکڑہ مربع میل علاقے کے لئے تخمینہ سڑکوں کی لمبائی کا تناسب ۳٫۷۶ ہے یہ تناسب حیدر آباد کوئٹہ ۔ قلات کراچی اور بہاولپور ڈویژن کے تناسب سے زیادہ ہے ۔ اور مغربی پاکستان کے اوسط تناسب ۳٫۱۵ سے بھی زیادہ ہے ۔

(ب) خیر پور ڈویژن میں زیر تعمیر سڑکوں کے لئے سال ۱۹۶۶-۶۷ء میں جو رقوم مہیا کی گئی ہیں ان کی تفصیل حسب ذیل ہے :—

نمبر شمار	سڑک کا نام	۱۹۶۶-۶۷ء کی مہیا شدہ رقم
۱	چھٹ پٹ اوستہ محمد روڈ	۱۶۵۰۰ لاکھ
۲	گمبر ڈرگ روڈ	۱۶۸۰۰ لاکھ
۳	گمبر شہداد کوٹ روڈ	۳۶۵۰۰ "
۴	ھلیانی ۔ مہراب پور روڈ	۱۶۵۰۰ "
۵	رقی ڈھڑو گھڑی یاسین روڈ	۲۶۳۰۰ "
۶	لاڑکانہ میرو خان روڈ	۵۶۷۵۰ "
۷	ضلع نواب شاہ سانگھڑ کے ریگستانی علاقوں میں سڑکوں کو بہتر کرنے کے لئے ۔	۱۶۵۰۰ "

نمبر شمار	سڑک کا نام	۱۹۶۶-۶۷ء کی مہیا شدہ رقم	
۸	لاڑکانہ نو ڈھیرو روڈ	۵۰۰	"
۹	لاڑکانہ ڈورکی ایجرا موہنجو ڈھاڑو روڈ ۔	۱۰۵	"
۱۰	کشتیوں کا پل بمعہ کشتیں دریا انڈس ضلع دادو اور نواب شاہ	۸۰۰	"
۱۱	تعمیر سڑک رتو ڈھیرو شیر محمد تاھم	۳۰۰	"
۱۲	گڑھی یاسین تا شکار پور سڑک اور بائی پاس شکار پور تک	۳۵۰۰	"
۱۳	نصیر آباد وارہ روڈ	۲۵۰۰	"
۱۴	ویسٹ پاکستان ھائی وے کی دوبارہ مرمت جو کہ نواب شاہ ، حیدرآباد سکھر اور خیرپور کے ضلعوں سے گزرتی ہے ۔	۱۵۰۰	"
۱۵	بابر لوئی پیرا لوئی سڑک کی پختہ کے لئے	۵۵۲	"
۱۶	سڑک کو پختہ کرنے کے لئے ستھا جانا جتوئی	۲۵۰۰	"
۱۷	ویسٹ پاکستان ھائی وے کینٹ ھارو کالٹن پر تا ضلع نواب شاہ کی حد تک	۳۰۰	"
۱۸	سڑک سبھو ڈیڑہ کی پختگی کے لئے	۵۲۰	"
۱۹	کوٹ ڈھی پیروسن روڈ	۵۳۶	"
۲۰	ھنگھورجا تا سگوان (پی ۔ آڑ ۔ ایف) کی تعمیر	۵۳۰	"
۲۱	دوبارہ مرمت ویسٹ پاک انڈس ھائی وے ضلع لاڑکانہ اور حیکپٹ آباد	۲۵۰۰	"

PROMOTION OF OVERSEERS TO THE POSTS OF SUB-DIVISIONAL OFFICERS

*3597. **Mr. Muhammad Yusuf Khan :** Will the Minister of Communications and Works, be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that according to Government Policy, Overseers

promoted as Sub-Divisional Officers in Buildings and Roads Department are required to quilify the Departmental Examination within 3 years of their promotion failing which they are liable to be reverted ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that a number of Overseers of Building and Roads Department promoted as Sub-Divisional Officers more than 3 years ago who did not qualify in the departmental examination are being continued as Sub-Divisonal Officers ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, reasons for retaining them as Sub-Divisional Officers after the expiry of the said period ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو): مطلوبہ اطلاع فراہم کی جا رہی ہے - اور کسی بعد کی تاریخ پر اسمبلی کی خدمت میں پیش کر دی جائے گی -

---

POSTING OF WATCH AND WARD STAFF ON SPECIAL GATES IN THE RAILWAY STEEL SHOP MUGHALPURA, LAHORE

***3599. Mr. Munawar Khan :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that watch and ward staff of the Railway Department is not posted on special gates in the Railway Steel Shop, Mughalpura, Lahore opening towards residences of Officers and Senior Subordinates of the said shop ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, reasons therefor ;

(*c*) if answer to (*a*) above be in the negative, the names of Watch and Ward Staff of the said shop who were on duty at the gates mentioned in (*a*) above (*i*) on the night between 28th and 29th January, 1966 when the theft in the said shop was committed ; (*ii*) on the day in the month of February, 1966 when a dacoity took place in the said shop ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان ٹمن): (الف) جی نہیں واچ اینڈ وارڈ کا عملہ ایسے تمام دروازوں پر متعین ہیں جو افسران اور سینئر سبارڈینیٹ کی کالونی کی طرف کھلتے ہیں -

(ب) حصہ (الف) بالا کے جواب کے پیش نظر یہ سوال پیدا نہیں ہوتا -

(ج) (i) واچ مین محمد آزاد ۲۸ جنوری ۱۹۶۶ء کو شام کے چار بجے سے رات کے بارہ بجے تک ڈیوٹی پر تھا - جس دوران میں درآمدی اسٹیل پلانٹس کی چوری کی نا کام کوشش اسٹیل شاپ مغلپورہ میں کی گئی تھی - واچ مین نذیر احمد ۲۹ جنوری ۱۹۶۶ء کو رات کے بارہ بجے سے صبح آٹھ بجے تک ڈیوٹی پر تھا -

(II) سوال میں جو اطلاعات پوچھی گئی ہیں ان کے جواب کا سوال پیدا نہیں ہوتا کیونکہ مغلپورہ اسٹیل شاپ میں فروری ۱۹۶۶ء کے دوران ڈاکہ زنی کی کوئی واردات نہیں ہوئی۔

COST PER TON OF MELTING OF CAST IRON

*3601. **Khan Munawar Khan:** Will the Minister of Railways be pleased to state the difference between the cost per ton melting of Cast Iron in the Electric Furnace in Steel Shop, Moghalpura, and on a Coupola in the Loco Shop, Moghalpura separately?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان ٹوانہ)—اسٹیل شاپ کی بھٹیاں فولاد کے لئے استعمال کی جاتی ہیں جب کہ عام لوہا مغلپورہ لوکو شاپ میں تیار ہوتا ہے لوہے کی عمدہ قسم جو وہاں تیار نہیں ہو سکتی اسے اسٹیل شاپ کی بھٹی میں تیار کیا جاتا ہے۔

کیونکہ خاص لوہے کی تیاری کبھی کبھار ہوتی ہے لہذا اس پر جو خرچ آتا ہے اس کا علیحدہ حساب نہیں رکھا جاتا البتہ خاص قسم کا لوہا جو ریلوے اسٹیل شاپ کی بھٹیوں میں بنتا ہے اس کی اندازاً قیمت ۱۷۵ روپے فی ٹن ہے جب کہ عام لوہا جو لوکو شاپ میں بنتا ہے اس کی قیمت ۸۳۵ روپے فی ٹن ہے۔

P. W. D. REST HOUSES IN THARPARKAR DISTRICT

*3632. **Rana Chander Singh:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(a) the total number of P. W. D. Rest Houses at present in Tharparkar District;

(b) the main purpose for which the rest houses were built and are being used;

(c) whether it is a fact that some of the said rest houses have been occupied by some officers for their normal residence; if so, location of said rest houses and action Government intend to take to provide residential accommodation for touring officers at those places;

(d) whether Government intend to provide residential accommodation to those officers who have occupied the said Rest Houses; if so, the time by which other residential accommodation will be provided to them?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جونیجو):
(الف) ضلع تھرپارکر میں کوئی بی - ڈبلیو - ڈی ریسٹ ہاؤس نہیں ہے -

(ب)
(ج) سوال ہی پیدا نہیں ہوتا -
(د)

INSTALLATION OF WATER COOLERS ON RAILWAY STATIONS

*3661. **Rais Atta Muhammad Khan Mari Baloch:** Will the Minister of Railways be pleased to state the number of water coolers proposed to be installed at various Railway Stations during the financial year 1966-67 alongwith the names of the Railway Stations in the Province where water coolers are proposed to be installed ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن): پروگرام بنایا گیا ہے جس کے تحت بیس ٹھنڈے پانی کی مشینیں مندرجہ ذیل ریلوے سٹیشنوں پر ۱۹۶۶-۶۷ء کے دوران لگائی جائیں گی -

۱—سیالکوٹ، ۲—پتوکی، ۳—رائے ونڈ، ۴—گجرات، ۵—حافظ آباد، ۶—کیمبل پور، ۷—میانوالی، ۸—سرگودھا، ۹—پشاور سٹی، ۱۰—ملتان شہر، ۱۱—ڈیرہ نواب صاحب، ۱۲—چیچا وطنی روڈ، ۱۳—میاں چنوں، ۱۴—رحیم یار خان، ۱۵—صادق آباد، ۱۶—ہڈیدن، ۱۷—خیر پور، ۱۸—ٹنڈو جام، ۱۹—ٹنڈو آدم، ۲۰—جھڈو -

ان مشینوں کے ۱۹۶۶-۶۷ء میں لگنے کا انحصار ان آرڈروں کے تحت مشینوں کی آمد پر منحصر ہے جو اس وقت دئے جا رہے ہیں جیسے ہی یہ کولر موصول ہو جائیں گے انہیں ان سٹیشنوں پر لگا دیا جائے گا -

---

PROVISION OF FANS AND WATER TO RAILWAY PASSENGERS

*3666. **Rais Haji Darya Khan Jalbani:** Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(a) whether it is a fact that the passengers travelling on branch lines in former Sind area are put to inconvenience on account of the (i) non-availability of fans and water in the trains and (ii) their late running;

(b) whether government is aware of the fact that most of the passenger travelling by the said trains do not purchase tickets and they travel by paying less than the actual from to the railway policeconstables on duty in the said trains ;

(c) whether Government intend to ensure the avilability of fans and water to the passengers and take action against those who travel without tickets?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) : (الف) —

(i) جی نہیں ۔ قدیم سندھ کے علاقے میں برانچ لائنوں پر چلنے والی مسافر گاڑیوں کے ڈبوں میں کافی مقدار میں پانی مہیا کیا جاتا ہے سوائے ان موقعوں کے جبکہ مسافر پانی ضائع کر دیتے ہیں ۔ سوائے پرانے ڈبوں کے باقی سب ڈبوں میں جو ان گاڑیوں میں لگتے ہیں ۔ پنکھے نصب ہیں ۔

(ii) جی نہیں ۔ برانچ لائن گاڑیاں عام طور پر صحیح وقت کے مطابق چلتی ہیں ۔

(ب) صحیح صورت حال یہ ہے ۔ کہ ان برانچ لائنوں پر کچھ مسافر ریلوے پولیس کے سپاہیوں اور ڈیوٹی پر موجود ریلوے عملہ کو ساتھ ملا کر بلا ٹکٹ سفر کرتے ہیں ۔ لیکن ایسے مسافر بہت کم ہیں کیونکہ عام طور پر مسافر ٹکٹ خرید کر سفر کرتے ہیں ۔

(ج) ۔ جیسا کہ حصہ (الف) (i) بالا میں کہا گیا ہے ۔ قدیم سندھ کے علاقہ میں برانچ لائن مسافر گاڑیوں کے ڈبوں میں پانی موجود ہوتا ہے ۔ سوائے نچلے درجہ کے پرانے ڈبوں کے باقی میں پنکھے پہلے سے ہی نصب ہیں پرانے ڈبوں کو رفتہ رفتہ جیسے جیسے اخراجات اجازت دیتے ہیں نئے ڈبوں سے بدل دیا جاتا ہے ۔ جن میں پہلے ہی پنکھے نصب ہیں لہذا کچھ عرصہ بعد تمام ڈبے پنکھوں والے ہو جائیں گے ۔ تمام ریلوے پر مجموعی طور پر بلا ٹکٹ سفر کو روکنے کے لئے سخت انتظامات کئے جا رہے ہیں ۔

REPAIR OF PORTION BETWEEN RUKKAN BURIRO AND SINJORO ON SHAHDADPUR SINJORA ROAD

***3670. Rais Atta Muhammad Khan Mari Baloch:** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

